INDIA WINS FREEDOM

مولانا آزاد کی یہ خود نوشت لفظی اور معنوی حیثیت سے ایک اہم دستاویز ہے۔ اس میں کانگرس اور کانگرسی رہنماؤں کے پوست کندہ حالات درج کئے گئے ہیں ــ یہ کتاب مستقبل کے مورخ کے لئے کتاب حوالہ کا کام دے گی۔

رئیس احمد جعفری نے سلیس اور شگفتہ انداز میں کتاب کے تمام اہم حصص کو اردو میں منتقل کیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ مسلم لیگ، پاکستان اور قاعد اعظم سے متعلق مولانا نے جو غلط بیانیاں کی تھیں ان کا شافی اور کافی، مدلل اور مفصل جواب بھی دیا ہے ــ

اس طرح تصویر کے دونوں رخ سامنے آ گئے ہیں ــ پوری دلکشی اور رعنائی کے ساتھ ــ

ہے دیکھنے کی چیز اسے بار بار دیکھ

سرورق رحیم آرٹ پرنٹرز، لاهور میں چھپا

مولانا ابوالکلام آزاد کی خودنوشت

"INDIA WINS FREEDOM"

آزادئ ہند

ترجمہ۔ تلخیص۔ تبویب، استدراک

رئیس احمد جعفری

ناشر

مقبول اکیڈمی۔ پوسٹ بکس ع۲۶۹ شاہ عالم مارکیٹ۔ لاہور

اہتمام
ملک مقبول احمد

دوسرا ایڈیشن : ـــــ جولائی ۱۹۵۹ء
قیمت : ـــــ دس روپے
مطبوعہ : ـــ اشرف پریس لاہور

مترجم کا تعارف

چیف ایڈیٹر روزنامہ خلافت بمبئی (سنہ ۱۹۳۴ء تا سنہ ۱۹۳۹ء)

مینجنگ ایڈیٹر روزنامہ ہندوستان بمبئی (سنہ ۱۹۳۹ء تا سنہ ۱۹۴۲ء)

چیف ایڈیٹر روزنامہ انقلاب بمبئی (سنہ ۱۹۴۲ء تا سنہ ۱۹۴۷ء)

چیف ایڈیٹر روزنامہ خورشید کراچی (سنہ ۱۹۴۸ء)

ایڈیٹر ماہنامہ ریاض کراچی (سنہ ۱۹۵۳ء تا سنہ ۱۹۵۴ء)

چیف ایڈیٹر روزنامہ زمیندار لاہور (سنہ ۱۹۵۴ء تا سنہ ۱۹۵۵ء)

مصنف و مؤلف

سیرت محمد علی (رئیس الاحرار مولانا محمد علی مغفور کی مکمل سوانح عمری)

حیاتِ قائد اعظم محمد علی جناح (قائد اعظم محمد علی جناح کے حیات و سوانح اور ان کے لازوال سیاسی کارناموں کا غیر فانی مرقع)

بمبئی کے سابق وزیر داخلہ، پھر وزیر اعلیٰ اور اب حکومت ہند کے وزیر مالیات

مرارجی ڈیسائی کے نام

جو میری آتش نوائی کا مقابلہ نہ کرسکے جنھوں نے سر فرانسس لو ایڈیٹر ٹائمز آف انڈیا اور سید عبداللہ بریلوی ایڈیٹر بمبئی کرانیکل کے سامنے نہایت تلخ اور درشت لہجے میں مجھ سے کہا:

"آپ کی جگہ ہندوستان میں نہیں پاکستان میں ہے۔ اور جس قدر جلد آپ چلے جائیں آپ کے لئے بہتر ہوگا۔"

شکر و سپاس

اگرچہ یہ کام بڑا کٹھن، دشوار اور صبر آزما تھا لیکن الحمدللہ
ہم بھی فارغ ہوئے شتابی سے، خدا کا شکر ہے تقریباً
۲۵ دنوں کی شبانہ روز محنت کے بعد یہ اختتام کو پہنچا۔
اس سلسلے میں اپنے مددگار ذاتی دوست احمد رضا کا شکریہ
ادا کرنا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں جن کی مخلصانہ رفاقت
نے اس کار دشوار کے انجام دینے میں مجھے بہت سہولت
پہنچائی، کاپیوں اور پروفوں کی تصحیح میں انہوں نے
بھی دن رات ایک کر دیا۔ جب میں لکھتے لکھتے تھک
جاتا تو خود بولتا جاتا، وہ لکھتے جاتے۔

اپنے عزیز اور مخلص دوست مسٹر حلیم کا بھی میں شکر
گزار ہوں، ان کی عنایت سے یہ کتاب مجھے ملی۔
جس کا ترجمہ آپ کے سامنے ہے۔

رئیس احمد جعفری

فہرستِ مضامین

آزادیٔ ہند کے مباحث

گاندھی جی تیار ۔

۵ : کانگرس اور گاندھی جی سے میرے اختلافات ،

زبان زہر آلود ۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے نقائص ۔ کانگرس کا اختلاف ۔ کانگرس کی قیادت کا باہمی اختلاف ۔ تاریخی فیصلہ ۔ دوسری عالمگیر جنگ ۔

۶ : کرپس مشن ،

کرپس ہندوستان میں ۔ وزارتِ جنگ کا فیصلہ ۔ سر کرپس سے پہلی ملاقات ۔ مجوزہ ایگزیکٹیو کونسل ۔ سوال و جواب ۔ گاندھی جی سے نوک جھونک ـــــ گاندھی جی حق خود ارادیت کے مخالف ۔ کرپس مشن کی ناکامی کا سبب ۔ حق خود ارادیت پر غصہ ـــــ ہندو مسلم اتحاد آزادی کا ضامن ہے ۔ مشن ناکام ہو گیا ۔

۷ : شملہ کانفرنس ،

لارڈ ویول کا سفر لندن ۔ مسٹر ایمرے کا بیان ۔ عام تاثر ۔ ویول تجاویز ـــــ تاریخ ہند میں پہلی مرتبہ ۔ سببِ اختلاف ۔ فہرست مرتب ہو گئی ـــــ یہ تھا ثبوت ـــــ

۸ : کابینہ وفد کے سفارشات ،

نئی کوشش ـــــ وفاقی اسکیم ۔ پاکستان کے خلاف ۔ سفارشات ـــــ صوبوں کی گروپ بندی ـــــ سیکشنوں کی تفصیل ۔ کانگرس کیلئے قابلِ قبول ۔ لیگ کانگرس اتفاق ۔ قبل از وقت خوشی ۔ پہلے منظور پھر نامنظور ـــــ نیا سوال ۔

۹ : مرکز میں عارضی حکومت کا قیام ،

وائسرائے کی پیمان شکنی ـــــ مسلم لیگ کی مایوسی ـــــ لیگ کی شرکت ضروری ہے ۔ لیگ کی شرکت سے مشکلات میں اضافہ ۔ میری وزارت میں شرکت ۔

۱۰: تقسیمِ ہند کا پیش خیمہ،

صدارت سے دستبرداری ــــ جواہرلال اور پٹیل ــ میرا فیصلہ غلط تھا ــــ عوام مجھے صدر رکھنا چاہتے تھے ــــ کابینہ پلان میں نے منظور کرایا ــ لارنس اور کرپس کی تہنیت ــــ جواہرلال نے کابینہ پلان درہم برہم کر دیا ــ جواہرلال کا بیان غلط تھا ــــ لیگ کونسل کی منظوری ــــ بم کا گولہ ــــ مسلم لیگ نے پلان مسترد کر دیا ــــ میری پریشانی ــــ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا تذبذب ــــ نئی تجویز ــــ مسٹر جناح کا بیان ــــ وائسرائے کا رویہ ــ جواہرلال کی جناح سے ناکام ملاقات ــ لیگ کا یوم راست اقدام ــ یوم سیاہ ــ تاریخ ہند کا سب سے بڑا المیہ ــــ جواہرلال کی جذباتیت ــ

۱۱: مسلم لیگ کی سیاست اور پاکستان کی تحریک

شملہ کانفرنس ــــ مسٹر جناح کا مطالبہ ــــ پنڈت جناح گفتگو ــــ مسلم لیگ کے تین دَور ــ مسلم لیگ کا پہلا دَور ــ مسلم لیگ کا دوسرا دور ــ مسلم لیگ کا تیسرا دور ــــ مسٹر جناح کا غیر مصالحانہ رویہ ــــ مسلم لیگ مسلمانوں کی نمائندہ نہیں ــــ نئے انتخابات کے نتائج ــــ پاکستان سے نئے مسائل پیدا ہو جائیں گے ــــ لفظ پاکستان سے اختلاف ــــ وطن اِبہود اور پاکستان ــ دو قومی نظریہ ــــ پاکستان بن جانے کے بعد ــ پاکستان مسلمانوں کے لئے بھی مضر ہے ــــ ہندوؤں سے شکایت ــــ وفاق کا فارمولا ــــ فرقہ وارانہ تلخی عارضی ہے ــــ کابینہ وفد پاکستان کا مخالف ــــ وفاق ہی بہترین حل ہے ــــ مسلم لیگ نے کابینہ پلان تسلیم کر لیا ــــ جواہرلال کا شکوہ یوپی مسلم لیگ سے میرا سمجھوتہ ــــ جواہرلال نے میرا فیصلہ بدل دیا ــ

مسلم لیگ میں نئی زندگی ـــــ ٹنڈن جی نے جواہر لال کو ہتا ثر کیا ۔ قائد اعظم کی فہرست پر اعتراض ـــــ ناظم الدین اور اسمٰعیل خاں کا ذکر ۔ ناظم الدین اور اسمٰعیل خاں کی مایوسی ۔ جوگندر ناتھ منڈل ۔ رفیع احمد قدوائی کا لطیفہ ۔ پٹیل بہت خوش ہوئے ـــ چوہدری محمد علی کا ذکر ۔ مسٹر اٹیلی کی ہندوستان سے واپسی ۔ لارڈ ویول کی نصیحت ۔ اٹیلی بھی ناکام ہوئے ۔ لیگی وزراء دردِ سر بن گئے ۔ تقسیمِ ہند کے حالاتِ مابعد پر تبصرہ ۔ غلط فہمی کس کی تھی ؟

١٢ : منقسم ہندوستان ،

بغاوت کی چھچیں ـــــ کانگرس نے کھلے دل سے تقسیم قبول نہیں کی ۔ یوم نشاط و ماتم ۔ ہلاکت اور بربادی کا دور ۔

١٣ : دلی کا قتلِ عام ،

ہولناک کشت و خون ۔ ہندو فوج بھی فسادیوں کے ساتھ تھی ـــ جنوبی ہند فوج کو طلبی ۔ مسلمانوں کا حالِ زار ـــ دولت مند مسلمانوں کی بربادی ـــ زبردستی مسلمان گھروں سے نکالے گئے ۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کا دردناک بیان ۔

١٤ : پردہ گرتا ہے ،

چند آنسو ۔ گاندھی جی کا قتل ـــ پٹیل پر الزام ـــ ذمہ داری پٹیل کی تھی ۔ سردار پٹیل کا بیان صفائی ـــــ تقریبِ قتل پر سٹریٹی کی تقسیم ۔ گاندھی جی کا قاتل ہیرو بن گیا ۔ آزادیٔ ہند کی قیمت ۔ پاکستان کی نئی حکومت ـــ اسلام ناکام رہا ۔ پاکستان ایک قوم نہیں بن سکتا ۔

(٢)

آزادیٔ ہند کا البم ـــ "چند تصویریں" ـــ (بترتیب حروفِ تہجی)

الف ـ (١) اینجی جیک ـــــ گرفتاری کی اطلاع ـــ گرفتاری کا منظر ـ

اطمینان اور سکون ۔ گرفتاری کا زندہ دلی کے ساتھ خیر مقدم ۔ قیدی کا فرمان ۔ طبّی معائنے سے انکار ۔ زندہ دل قیدی ۔ بہن کا انتقال ۔ وزارت قبول کرنے سے انکار دستور ساز اسمبلی کی صدارت سے انکار ۔ انگریز کی خوبی کا اعتراف ۔ تقسیم ہند کی تجویز ۔ سب سے بڑا المیہ ۔ سردار پٹیل بگڑ بیٹھے ۔ کانگرسی کارناموں کی نفی کانگریسیوں کے ہاتھوں ۔ گاندھی جی کی اپیل بھی زیادہ کامیاب نہ ہوئی ۔ کانگرسی ممبر مسلمانوں کے انتقام کے درپے تھے ۔ ہندوؤں کا بدلہ مسلمانان ہند سے لیا جائے گا ۔ وحشت اور درندگی سے بھرپور تخیل ۔

(۲) سر اسٹیفرڈ کرپس

والیانِ ریاست سے کرپس کی غدّاری کے لبوں سے راز نیاز ۔ کرپس ہمارے پرانے دوست ہیں ۔ کرپس کے نام نجی خط ۔ کرپس نے عارضی حکومت بنا دی ۔

(۳) مسٹر ایٹلی

مبارکباد کا تار ۔ اٹیلی کی یقین دہانی ۔ لیبر پارٹی سے امیدیں ۔ مسٹر ایٹلی کا شاندار بیان ۔ مسٹر ایٹلی کے بیان کے اہم نکات ۔ لیبر پارٹی نے ہندوستان کو آزادی دے کر انتقام لیا ۔

(۴) آصف علی

قیدیوں کی تبدیلی ۔ آصف علی کا تبادلہ ۔ آصف علی کی علالت ۔ بیوی سے محبت ۔ آصف علی کابینہ وزارت میں ۔

(۵) ارونا آصف علی

کانگرس ورکنگ کمیٹی، جلسہ ۔ نو گرفتاریوں کا قافلہ ۔ جواہر لال، آصف علی، سید محمود ۔ بہادر عورت ۔ بیگم آصف علی کا کردار ۔ صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں ۔ لارڈ ویول سے رہائی کی سفارش ۔ ارونا آصف علی پر وائسرائے کا طنز

بحریہ کی بغاوت میں اروناکا حصہ۔

(۶) خان بہادر اللہ بخش

نیشنلسٹ مسلم کنونیشن۔ توہین آمیز برتاؤ۔

(۷) لارڈ آکینلک

بحریہ کے ہندوستانی افسروں کی شورش۔ کمانڈر انچیف کا شریفانہ برتاؤ۔

(۸) سر ایون جنکنس

وائسرائگل لاج کا مشورہ۔ عربی داں لیڈی۔ لطیفہ۔

(۹) مسٹر آرتھر مور

مسلمانوں کی مظلومیت۔ ایک انگریز ہندوستانی۔

(۱۰) بھولا بھائی ڈیسائی

ورکنگ کمیٹی کے ممبروں کو کرپس سے ملنے کی ممانعت۔ بھولا بھائی سے ملنے کا اشتیاق۔ بھولا بھائی کے اخراج کا سبب۔ کانگرس کے پرانے ممبر بھولا بھائی سے جلتے تھے۔ ورکنگ کمیٹی سے علیحدہ رکھے گئے۔ بھولا بھائی نے لیاقت علی سے ملاقات گاندھی جی سے مشورہ کا فیصلہ۔ گاندھی جی کی تحریری رضامندی۔ تجویز مفاہمت منڈھے نہیں چڑھی۔ حریف بازی لے گیا۔ گاندھی جی کے حاشیہ نشین۔ بھولا بھائی کا بیان صفائی۔ کانگرس کا ٹکٹ نہیں دیا گیا۔ مرض قلب کا حملہ۔ اسی غم میں انتقال۔ خدمت کا صلہ عتاب۔

(۱۱) جواہر لال نہرو

جواہر لال انگریز کے ہمدرد تھے۔ جواہر لال کرپس تجاویز کے مخالف تھے۔ مفادِ ہند کے خلاف جواہر لال کا رویہ۔ جواہر لال جھک گئے۔ ذہنی بوجھ۔ ڈسٹی جاسج کا حکم۔ جواہر لال کا جذبۂ بیباک۔ پولیس کمشنر کی معذرت

جواہرلال کا ذوقِ آرائش ۔ میرا کارنامہ ۔ جواہرلال اور میں ۔ نہرو خاندان کے کچھ لوگ میرے مخالف تھے ۔ جواہرلال مجھ سے بگڑ بیٹھے ۔ میرا اقتدار لوگوں کو نہ بھایا ۔ جواہرلال کا مجھ پر سنگین الزام ۔ یونینسٹ پارٹی کے جواہرلال مخالف تھے جواہرلال نے غلطی تسلیم کرلی ۔ کشمیر میں جواہرلال کی گرفتاری ۔ جواہرلال نے غلطی کی ۔ جواہرلال کی فطرت ۔ اپنے فیصلے پر جواہرلال اٹل رہے ۔ ماؤنٹ بیٹن اور جواہرلال ۔ لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا اثر جواہرلال پر ۔ کرشنا مینن اور جواہرلال ۔ جواہرلال تقسیم ہند کے مبلغ بن گئے ۔ جواہرلال سے میرا اختلاف ۔ جواہرلال اور دلی کا قتل عام ۔ فسادات بہار اور جواہرلال ۔

(۱۲) چیانگ کائی شیک ،

ہندوستان سے چیانگ کی ہمدردی ۔ جواہرلال اور چیانگ کائی شیک ہندوستان کے مطالبۂ آزادی سے چیانگ کی ہمدردی ۔ چیانگ کائی شیک ہندوستان میں ۔ چیانگ کائی شیک کا مشورہ ۔

(۱۳) سر خضر حیات خاں ،

مسلم لیگ کے خلاف کانگرس سے خضر حیات کا تعاون ۔ خضر حیات کے نام سے جناح کا اختلاف ۔ کانگرس خضر حیات کے ساتھ تھی ۔ میری حکمت عملی نے خضر حیات کو وزیر اعلیٰ بنادیا ۔ میں نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا ۔ خضر حیات کانگرس کے زیر اثر آگئے ۔

(۱۴) ڈاکٹر خان صاحب ،

ڈاکٹر خان صاحب کی کوتاہیاں ۔ خان برادران کی کنجوسی ۔ دولت مند لیکن بخیل ۔ خان برادران کے بخل نے مجھ کو دشمن بنادیا ۔ ایک دلچسپ اور سبق آموز واقعہ ۔

سیاہ جھنڈیوں سے جواہر لال کا استقبال ——— ڈاکٹر خان صاحب کا
پول کھل گیا ——— کچھ در پردہ حقائق ——— ڈاکٹر خان صاحب کا
پختونستان ——— خان بھائی سرحد میں بالکل بے اثر تھے۔

س

(۱۵) بابو راجندر پرشاد

فوج کی تقسیم کا سوال ——— مشترکہ فوج کی تجویز ———
راجندر بابو کا اصل روپ ——— فوج بھی شریکِ قتل و غارت ہو گئی۔

(۱۶) راجگوپال اچاری

ماڈریٹ القاب لاپسند ——— پاکستان کی تائید کرنے والا کانگرسی لیڈر
راجہ جی کی خودسری ——— راجہ جی کا استعفا ——— گاندھی جی کا
امرانہ حکم۔

ش

(۱۷) زلیخا بیگم ابوالکلام

مرض مرض ——— تشویشناک اطلاعات ——— وفات
میری رہائی ——— یادِ ماضی ——— سبزۂ نورستہ اس گھر کی
نگہبانی کرے ——— جان ہار بیوی ——— خاموش گفتگو۔
خدا حافظ ——— افکار و عقائد میں شریک اقدام و عمل میں مددگار۔
علالت کی پہلی اطلاع ——— ریڈیو اور اخبارات سے اطلاع۔
سپرنٹنڈنٹ کی ہمدردی ——— میرا سکون جاتا رہا ——— ظاہر اور باطن کی
کشمکش ——— صبر کا دکھاوا ——— ضبط کی نمائش ——— مرثیہ۔
یہ تھیں زلیخا بیگم ——— فرض شناس بیوی ——— وہ انداز جواب۔

دل بجھ گیا ـــــ شوہر پرست بیوی ـــــ ستی ستونتی ـــــ
کمسنی کی شادی کا اثر ـــــ بسترِ مرگ پر شوہر کی یاد ـــــ باوفا بیوی کی یاد
معصوم اور فرشتہ صفت بیوی ـــــ غمِ جانکاہ ۔

س

(۱۸) سی آر داس

رنیان کے ساتھ بدسلوکی کا ذکر ـــــ سی آر داس حقیقت پسند تھے ۔
داس کی غیر معمولی صلاحیتیں ـــــ مسٹر داس کی وسعتِ قلب ـــــ
اجمال کی تفصیل ـــــ کانگرسی داس سے خفا ہو گئے ـــــ
تقسیم ہند کا پہلا بیج ۔

(۱۹) سوبھاش چندر بوس

بوس کی روپوشی ـــــ جاپان کے مرعوب کن فتوحات ـــــ
گاندھی جی جاپان کی فتح کا یقین رکھتے تھے ـــــ گاندھی جی بوس سے
مرعوب ہو گئے ۔

(۲۰) سر سکندر حیات خاں

سر سکندر سے کرپس کی امیدیں ـــــ سر سکندر سے میری ملاقات ـــــ
پتے کی بات ۔

ع

(۲۱) خان عبد الغفار خاں

سرحد سے زیادہ بھروسہ ـــــ سرحد میں مسلم لیگ کا زور ـــــ
عبد الغفار خاں کی فریب کاری ـــــ مسلم لیگ کے رحم و کرم پر ـــــ
کانگرس نے ہمیں بے یار و مددگار چھوڑ دیا ـــــ ماؤنٹ بیٹن سے سفارش ۔

عبدالغفار کی مسٹر جناح سے ملاقات ـــــ آزاد سرحد کا نعرہ ـــــ
کانگرس نے پٹھان اسٹیٹ کی تائید کی ـــــ اے کاش . . . ! ـــــ
لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی وضاحت ـــــ تقسیم کے بعد خان برادران نے پلٹا
کھایا ـــــ خان برادران کا مطالبہ معقول تھا ـــــ خان عبدالقیوم
خاں کی استبداد پسندی ـــــ عبدالغفار خاں سے عوامی ہمدردی ـــــ

(۲۲) شیخ عبداللہ

ک

(۲۳) کرن شنکر رائے

ناکردہ گناہوں سے انتقام ـــــ انتقام و یرغمال کا فتنہ ـــــ
بدترین خدشات پورے ہوئے ۔

گ

(۲۴) گاندھی جی

پرنس آف ویلز کی آمد ـــــ حکومت کی طرف سے گول میز کانفرنس کی تجویز ۔
مالوی گاندھی ملاقات ـــــ گاندھی جی نے بہترین موقع کھو دیا ـــــ
گاندھی جی کی بے تدبیر سیاست ـــــ گاندھی جی کی ایک اور زبردست غلطی ۔
پیچیدہ شخصیت ـــــ گاندھی جی جنگ کے زمانے میں تحریک چلانے کے سخت مخالف تھے ۔
۱۹۴۲ء میں تیار ہو گئے ـــــ سردار پٹیل کا گاندھی جی پر اثر ـــــ "ہندوستان خالی کردو"
گاندھی جی کی گول مول باتیں ـــــ بغاوت کا اعلان ـــــ صلح کی کوشش ـــــ
گاندھی جی کی خود اعتمادی متزلزل ہوگئی ـــــ گاندھی جی ضرورت کے وقت
بھول بھی جاتے تھے ـــــ میرا اور گاندھی جی کا اختلاف ـــــ "مستعفی ہو جاؤ"
گاندھی جی کا مجھ سے مطالبہ ـــــ پٹیل نے گاندھی جی کو سمجھایا ـــــ

گاندھی جی نے توبہ کرلی ــــ گاندھی جی کا دماغی توازن ــــ میں گاندھی جی سے اتفاق نہ کرسکا ــــ گاندھی جی کی رہائی ــــ گاندھی جی کا عجیب و غریب بیان ــــ گاندھی جی کی قلابازیاں ــــ گاندھی جی تشدد اور عدم تشدد کو نظر انداز کر گئے ــــ گاندھی جی کی شاباش ــــ گاندھی جی وفاقی دستور کے پُرزور حامی ــــ گاندھی جی نے میری طرف سے جواب دیا ــــ گاندھی جی کس آسانی سے رائے بدل لیتے تھے ــــ کابینہ وفد کی سفارشات کی پُرزور تائید ــــ گاندھی جی نے پھر رائے بدل دی ــــ "مولانا کیا آپ میرا ساتھ دیں گے؟" ــــ "مولانا میں آپ کا ساتھ نہیں دوں گا" ــــ سردار پٹیل کا کرشمہ ــــ گاندھی جی کا مرن برت ــــ برت توڑنے کے لئے گاندھی جی کے شرائط ــــ عوام کی گاندھی جی سے ہمدردی ــــ گاندھی جی نے برت توڑ دیا۔ گاندھی جی کو دھمکیاں ــــ پرارتھنا کے جلسے میں بم ــــ گاندھی جی کی حفاظت سے پٹیل کی بے پروائی ــــ گاندھی جی پر پہلا وار۔ گاندھی جی مر گئے!

(۲۵) گاندھی جی سے اندھی عقیدت رکھنے والے رہنما

راجگوپال اچاری ــــ راجندر پرشاد ــــ سردار پٹیل۔ نکتہ چینیوں کی کامیابی ــــ اچاریہ کرپلانی ــــ کیا گاندھی جی جادوگر تھے ــــ آنکھ بند کر کے گاندھی جی کی پیروی ــــ خاموش! ــــ

ل

(۲۶) لیاقت علی خاں

۴

(۲۷) قائدِ اعظم محمد علی جناح

(۲۸) لارڈ ماؤنٹ بیٹن

آزادیٔ ہند کی قیمت ——— ہندو فوجیوں کے کارنامے ۔

(۲۹) مسٹر ایم این رائے

میرا حریف ناکام ——— کمیونسٹوں کی پُر فریب تکنیک ——— کمیونسٹ برطانیہ کی گود میں چلے گئے ——— روپیہ بھی وصول کیا کمیونسٹوں کی موقع پرستی ———

(۳۰) ڈاکٹر سید محمود

ایک غیر متوقع حادثہ ——— ہیضہ پھوٹ پڑنے کا اندیشہ ——— بیماری کے زمانے میں کیوں رہا نہ ہوئے ——— رہائی کے وقت تندرست تھے ——— رہائی کی اصل علت ۔

ن

(۳۱) بیچارہ قمر یمان

کانگرس کی فرقہ پرستی ——— جواہر لال نے اپیل مسترد کردی گاندھی جی کی ناکام مداخلت ——— پٹیل تحقیقات میں رکاوٹ بن گئے زیمان کی پبلک زندگی ختم ہو گئی ——— کانگرس نے غلطی کی جسکا تدارک نہ ہو سکا۔

و

(۳۲) لارڈ ویول

کرپس کا مشورہ، ملاقات ——— سپاہی یا سیاست داں ـ
ہمخا ہوا سیاست داں ——— ویول کی مجھ پر مہربانیاں ———
سیاست داں نہیں سپاہی ! ——— ویول کے طلسمی الفاظ ـ
یں ویول پیش کش کا موید تھا ——— وائسرائے کا ہمت افزا جواب ـ
ویول سے سیر امطالبہ ——— مسٹر جناح سے ویول کی مایوسی ۔
ویول کی تعریف ——— عفو عمومی کا اعلان وائسرائے کی طرف
سے ——— میرے لئے ویول کی ہدایت ——— نیشنل
آرمی کے ماخوذین سے ویول کا شریفانہ رویہ ———
جواہر لال کے لئے ویول کا خاص طیارہ ——— ویول اور
ایٹلی کا اختلاف ——— ایٹلی نے ویول کی بات نہیں مانی ـ
ویول کے استعفے کا سبب ——— تاریخ ویول کے سامنے ہے ـ
جواہر لال ویول کے خلاف تھے ——— منظر سے پس منظر میں
ویول کے خلوص سے انکار نہیں کیا جا سکتا ——— میرے بارے
میں ویول کے تاثرات ——— آخری اثر انگیز تقریر ———
ویول کی رخصت کا منظر ———

(۳۳) سردار ولبھ بھائی پٹیل

پٹیل کے بیٹے کا دوست مرکز کا وزیر ——— تقسیم کی تجویز سب
سے پہلے پٹیل نے منظور کی ——— لیاقت علی کی وجہ سے پٹیل کو
تقسیم پر ایمان لانا پڑا ——— سردار پٹیل اخروٹ کی طرح تھے ـ
پٹیل نے دو قومی نظریہ بھی مان لیا ——— پٹیل کو یقین تھا پاکستان

نہیں چل سکے گا ـــــ دلّی کا قتل عام ـــــ ہم باہم مختلف تھے ۔ دلّی کا بے حس مسلمان چیف کمشنر ـــــ سکھ ڈپٹی کمشنر کے مسلمان مداح ۔ سکھ ڈپٹی کمشنر فرقہ پرست بن گیا ـــــ جواہر لال کی بیچارگی ـــــ جواہر لال کا ضمیر ـــــ سردار پٹیل کا دم خم ـــــ مسلمانوں کے بارے میں پٹیل کا انکشاف ـــــ مسلمانوں سے چھینے ہوئے ہتھیاروں کی نمائش ـــــ گاندھی جی کے مرن برت کا سبب پٹیل تھے ـــــ پٹیل کے خلاف گاندھی جی کا خاموش احتجاج ۔ پٹیل کی گاندھی جی سے گستاخانہ گفتگو ـــــ پٹیل کو گاندھی جی کا جواب ـــــ پٹیل سے میری التجا ـــــ پٹیل کی گاندھی جی پر خفگی ـــــ پٹیل کا تکلیف دہ لب و لہجہ ـــــ گاندھی جی کے لئے پٹیل کا دل پتھر ہو گیا تھا ـــــ گاندھی جی نے پٹیل کو معاف کر دیا پٹیل کی بے چینی ـــــ پٹیل کی موت کا سبب ۔

(۳۴) حرف آخر

آزادیٔ ہند

★

مسائل و مباحث

حرفِ آغاز

مولانا ابوالکلام آزاد کی خود نوشت (INDIA WINS FREEDOM) جب میں نے پڑھی تو اس کے مباحث نے ایک نئی دنیا میرے سامنے پیش کر دی، ان مباحث کا ایک حصّہ تو وہ ہے جو انکشافات سے تعلق رکھتا ہے، یہ بے حد عجیب اور بے انتہا دلچسپ ہے۔ ان مباحث کا دوسرا حصّہ طومار ہے "غلطیہائے مضامین" کا، واقعات غلط، اعداد و شمار نادرست، استخراج نتائج منطقی لیکن مغالطہ انگیز۔
بد قسمتی یا خوش قسمتی سے، ۱۹۲۴ء سے لے کر ۱۹۴۷ء تک سیاسی تحریکوں اور رہنماؤں سے، مجھے دور رہتے ہوئے کبھی قرب کے مواقع حاصل رہے، ۱۹۳۹ء تک میں روزنامۂ خلافت بمبئی کا چیف ایڈیٹر اور مولانا شوکت علی کا ضمیمہ بنا رہا مالوی جی سے لے کر گاندھی جی تک، تصدق احمد خاں شروانی سے لے کر ڈاکٹر محمود تک، مہاراجہ الور سے لے کر مہاراجہ پٹیالہ تک، خلیق الزماں سے لے کر نواب اسماعیل خاں تک، شعیب قریشی سے لے کر عبدالرحمٰن صدیقی تک، راجہ محمود آباد سے لے کر قائد اعظم تک، ایک بے نام و نمود، ناقابل التفات، اور غیر اہم شخص کی حیثیت سے، مولانا شوکت علی کی معیت میں، سب کو بہت قریب سے دیکھنے سمجھنے اور پرکھنے کے مواقع مجھے حاصل رہے، میں بطور خود ان کی محفل میں

بار نہیں پاسکتا تھا، جاتا تو دستکار دیا جاتا، لیکن مولانا شوکت علی کے ساتھ کوئی ہو، تو اس سے بدسلوکی نہیں کی جاسکتی تھی، کیونکہ مولانا اپنے ہر ساتھی کو خواہ وہ کتنا ہی حقیر اور ہیچ کیوں نہ ہو، خلافت ہاؤس سے باہر وہی حیثیت دیتے تھے جو خود اپنی، ان کے ساتھی کی توہین، خواہ وہ معروف ہو یا غیر معروف خود ان کی توہین تھی، اور وہ نہایت متحمّل ہونے کے باوجود، اپنی توہین کسی قیمت پر برداشت نہیں کر سکتے تھے، بمبئی کے پولیس کمشنر، سر پیٹرک کیلی ہوں یا گورنر، لارڈ برابورن، حکومت ہند کے ہوم ممبر، (بعد میں پنجاب کے گورنر) سر ہنری کریک ہوں یا حیدر آباد فرخندہ بنیاد کے وزیر اعظم سر اکبر حیدری، علی گڑھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر سر ضیاء الدین ہوں یا زنانہ کالج کے بانی اور روح رواں شیخ عبداللہ، بمبئی کے کروڑپتی تاجر اور غنڈوں کے سردار، سر سلیمان، قاسم مٹھا ممبر کونسل آف اسٹیٹ ہوں یا کوئی اور بزرگ، ایسے موقع پر مولانا کا آبنوسی ڈنڈا ضرور حرکت میں آجاتا تھا، اور وہ علی گڑھ کے گریجویٹ، اولڈ بوائز کے کرتا دھرتا، خلافت کے زعیم کبیر، اور آل انڈیا شہرت رکھنے والے لیڈر جلیل کے بجائے اپنے رامپوری ہونے پر فخر کرنے لگتے تھے،

۱۹۳۳ء سے ۱۹۳۷ء تک کا وہ زمانہ تھا، جب بار بار ہندو مسلمانوں میں صلح و مفاہمت کی کوششیں ہوئیں، لکھنؤ، الٰہ آباد، بمبئی، کلکتہ اور دوسرے مقامات پر صلح کانفرنسیں ہوئیں، ان کانفرنسوں میں مسلم لیگ، خلافت، مہاسبھا، کانگریس اور دوسری سیاسی جماعتوں کے نمائندے شریک ہوئے، پھر غیر رسمی کانفرنسوں اور نجی گفتگوؤں کا سلسلہ شروع ہوا، یہ وہ وقت تھا کہ ابھی قائد اعظم صرف مسٹر جناح تھے، اور کوئی کانفرنس، کوئی تجویز، کوئی فارمولا، اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتا تھا، جب تک مولانا شوکت علی اس پر صاد نہ کر دیں، لہذا خلافت ہاؤس میں

گاندھی جی، پنڈت مالوی، مولانا آزاد، تصدق احمد خاں شروانی ڈاکٹر سید محمود وغیرہ متعدد بار آئے، مولانا شوکت علی خط لکھوائیں یا مضمون، یا کوئی اور کام درپیش ہو، وہ مجھی سے یہ سارے کام لیتے تھے، مسٹر جناح یا افغان قونصل متعینہ بمبئی کو کوئی پرائیوٹ خط یا پیام بھیجنا ہو تو نگاہِ انتخاب مجھی پر پڑتی تھی لہذا بہت سے سیاسی اکابر، سیاسی جماعتوں اور ان جماعتوں کے سربراہوں سے ذاتی تعارف نہ ہونے کے باوجود، میں نہ صرف قریب رہا، بلکہ مجھے ان کے اندازِ اظہار، طرزِ کلام اور طرزِ فکر کو بھی دیکھنے اور سمجھنے کا موقعہ ملا،

بمبئی ہندوستان کی سیاسی دنیا کا مرکز تھا، ہر تحریک، ہر جماعت اور ہر قسم کا لیڈر یہاں موجود، مولانا شوکت علی کے انتقال کے بعد میں روزنامہ انقلاب کا چیف ایڈیٹر ہو گیا، جو بمبئی کا سب سے زیادہ کثیر الاشاعت اور بہت زیادہ باوقار اخبار تھا، اس حیثیت سے بھی مجھے بہت سے نادر مواقع اکابر ہند سے ملنے، سیاسی جماعتوں کے جلسوں میں شریک ہونے، حتیٰ کہ کبھی کبھی ورکنگ کمیٹی اور مجلس مضامین تک کے اجلاسوں میں شروع سے آخر تک بیٹھنے کے مواقع حاصل ہوئے۔

مولانا ابوالکلام آزاد کی خود نوشت یعنی INDIA WINS FREEDOM جب میں نے دیکھی اور اس کے مباحث کے خارزار اور چمنستان کی جب میں نے سیر کی تو بہت سی بھولی بسری باتیں میرے دماغ میں تازہ ہو گئیں اور میں اس کتاب کے مباحث کو اردو میں منتقل کرنے اور ان پر اپنے مشاہدات و معلومات کی روشنی میں گفتگو کرنے پر مجبور ہو گیا،

معنوی اعتبار سے اس کتاب کے چار حصے ہیں:

(۱) ذاتی حالات و سوانح

(۲) در مدح خود

(۳) حشو و زوائد

(۴) مباحث مہمّہ!

میں نے ذاتی حالات و سوانح کو ہاتھ بھی نہیں لگایا، یہ ایک باب مختصر سے حالات پر مشتمل ہے، اردو زبان میں خود مولانا کا لکھا ہوا مفصّل "تذکرہ" موجود ہے جسے ذاتی حالات سے دلچسپی ہو، وہ تذکرہ پڑھ سکتا ہے۔

وہ حصّہ جو در مدح خود پر مشتمل ہے وہ صرف مخصوص عقیدت مندوں کے کام کا ہو تو ہو، سیاسیات کے پیچ وخم سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے اس میں کوئی کشش نہیں،

حشو و زوائد سے بھی مولانا نے کام لیا ہے، یعنی نفسِ موضوع سے غیر متعلق باتیں، یا پریس کانفرنسوں میں ان کے طویل بیانات، یا ان کی صدارت میں منظور کی ہوئی کانگرس ورکنگ کمیٹی کی تجویزیں، یا بعض تجاویز کا، ان کا تیار کیا ہوا طویل مسودہ، یا سر اسٹیفورڈ کرپس وغیرہ سے مراسلات، یہ سب وہ چیزیں ہیں جن کا خلاصہ چند سطروں میں خود مولانا ہی نے زیر بحث موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے بیان کر دیا ہے، میں نے مولانا کا یہی خلاصہ لے لیا ہے اور طویل اور دماغ کو تھکا دینے والی عبارتیں ترک کر دی ہیں۔

اس کتاب کی جان وہ سیاسی مباحث ہیں جو مولانا نے سپرد قلم فرمائے ہیں یہ مباحث اپنے اندر چند پہلو رکھتے ہیں،

(۱) انکشافات —— وہ اسرار درونِ پردہ جنہیں صرف مولانا ہی بیان کر سکتے تھے، کیونکہ آہنی پردہ (IRON CURTAIN) کے پیچھے کیا کچھ ہوتا رہا تھا، باہر والے صرف قیاس آرائی ہی کر سکتے تھے، مولانا اس پردہ کے

پیچھے تماشائی کی حیثیت سے نہیں، فعال ممبر کی حیثیت سے تشریف رکھتے تھے لہٰذا انہوں نے جو کچھ فرمایا ہے، وہ ہمارے لیے انکشاف ہے، مولانا کے لیے مشاہدہ اور حقیقت اور اس حصّہ میں وہ بلا شبہ چیلنج کرنے کا حق رکھتے ہیں کہ ـــــ مستند ہے میرا فرمایا ہوا!

یہ سارا حصّہ میں نے لے لیا ہے۔

۲ اعترافات ـــــ اس کتاب میں ایسے مقامات بھی ہیں جہاں مولانا نے اپنے ساتھیوں، اور اپنی جماعت کی غلطیاں تسلیم کی ہیں، اور پھر انہیں پیش آمدہ واقعات سے مبرہن کیا ہے۔

ایسے مباحث کے ایک ایک حرف کا میں نے ترجمہ کر ڈالا ہے

۳ شخصیات ـــــ اپنے معاصرین پر، خواہ وہ ہندو ہوں یا مسلمان، انگریز ہوں یا پارسی، کانگرسی ہوں یا مسلم لیگی، مولانا نے نکتہ چینی بھی کی ہے، جو کہیں مبنی بر حقیقت ہے، کہیں اس میں ذاتیات کا رنگ صاف جھلکتا نظر آتا ہے۔ لیکن چیز چونکہ کام کی تھی، کہیں کہیں حد سے زیادہ دلچسپ نتیجہ خیز، معلومات افزا، اور سبق آموز بھی، اس لیے میں نے ایک حرف بھی اس کا ترک نہیں کیا۔

۴ تنقیدات ـــــ سیاسی جماعتوں، (جن میں خود کانگرس بھی شامل ہے) نظریوں، تحریکوں اور اختلافی مباحث پر بھی مولانا نے قلم فرسائی کی ہے۔ یہ حصّہ بھی خاصا دلچسپ اور معرکہ آرا ہے، کچھ غلط، کچھ صحیح، لیکن اسے نظر انداز کرنا سیاسی دیانت کے خلاف ہوتا، میں نے اسے تمام لے لیا ہے۔

۵۔ ذاتیات ـــــ در مدح خود کے علاوہ کتاب کا ایک حصّہ ایسا بھی ہے، جو صرف مولانا کے ذاتی واردات سے تعلق رکھتا ہے۔ اس میں

سوز بھی ہے اور ساز بھی، درد بھی ہے اور گداز بھی، شیرینی بھی اور تلخی بھی، مایوسی بھی اور محرومی بھی، ناکامی کا احساس بھی اور آوازِ شکستِ دل بھی،

بھلا اسے میں کیونکر چھوڑ سکتا تھا؟ چنانچہ اس سلسلہ کا ایک ایک حرف اس کتاب میں موجود ہے۔

اب میں ایک نہایت عجیب و غریب اور بظاہر ناقابل یقین دعویٰ کرنے والا ہوں، صرف دعویٰ سُن کر تو آپ چونک پڑیں گے، لیکن تھوڑی ہی دیر کے بعد آپ کو میرا ہمنوا ہونا پڑے گا،

میرا دعویٰ یہ ہے کہ میری یہ کتاب جو درحقیقت مولانا ہی کی ہے، مولانا کی کتاب سے کہیں زیادہ دلچسپ، معنی خیز اور مفید ہے۔

مجھے اس کتاب پر وہ محنت کرنا پڑی ہے جو مولانا کو اسے سپردِ قلم کرتے وقت، اور ہمایوں کبیر کو اسے انگریزی میں منتقل کرتے وقت بھی نہیں کرنی پڑی ہو گی۔

مولانا کی یہ خود نوشت ہے، انہوں نے قلم اٹھایا، اور جو چاہا لکھتے چلے گئے، ہمایوں کبیر نے قلم اُٹھایا اور مولانا نے جو کچھ لکھوایا یا لکھا تھا، انگریزی میں منتقل کرتے چلے گئے ـــ کتاب تیار ہو گئی،

میں نے اس کتاب کو زیادہ معنی خیز، دلچسپ اور TO THE POINT بنانے کے لیے یہ کیا کہ مولانا نے جن واقعات و مباحث اور شخصیات کو ساری کتاب میں بکھیر دیا تھا، الگ الگ عنوانات کے تحت یکجا کر لیا اور پھر ان پر ضروری تشریحی یا تفصیلی مواد بڑھا دیا، اس طرح ہر مبحث پر مولانا کے خیالات یکجا طور پر سامنے آ گئے، اس مبحث کے جن جن پہلوؤں پر متفرق اور مختلف صفحات

میں مولانا نے گفتگو کی تھی، وہ سب ایک جگہ ہو گئے، اس طرح مولانا کے خیالات بھی تفصیل اور یکسوئی کے ساتھ سامنے آ گئے۔ ان پر مجموعی حیثیت سے رائے قائم کرنا بھی آسان ہو گیا، اور ان کے تمام پہلوؤں پر میرے لیے تنقید و تبصرہ کرنا، اور آپ کے لیے دونوں میں محاکمہ کرنا بھی آسان ہو گیا، اس طرح کتاب کی تبویب یکسر بدل گئی۔ لیکن اس کی افادیت اور اہمیت میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا،

شخصیات کے سلسلہ میں خاص طور پر مجھے بہت زیادہ محنت اور دقّتِ نظر سے کام لینا پڑا۔

مختلف شخصیات کا ذکر، سلسلۂ سخن میں مولانا نے مختلف صفحات میں کیا ہے، اصل مبحث کے زور و قوت کے سامنے شخصیات کا یہ ذکر دب گیا ہے۔ مثلاً ہم کرپس مشن کے اہم ترین مبحث پر مولانا کے خیالات پڑھ رہے ہیں، روانیٔ سخن میں مولانا نے راج گوپال اچاری کا ذکر بھی کیا ہے، جواہر لال کا بھی، قائد اعظم کا بھی، گاندھی جی کا بھی اور دوسرے معاصرین کا بھی، ان لوگوں کے سلسلہ میں جو چبھتی ہوئی باتیں مولانا کہہ گئے ہیں، ان سے ذرا کے ذرا ہم لطف لیتے ہیں یا متاثر ہوتے ہیں، پھر اصل مبحث میں کھو جاتے ہیں، اور مبحث کی اہمیت پھر ہمیں شخصی تاثرات سے غافل بھی کر دیتی ہے۔

اسی طرح کابینہ وفد، شملہ کانفرنس، ماؤنٹ بیٹن پلان، تقسیم ہند کی تجویز، دلّی کے قتل عام کے سلسلہ میں مولانا نے جو چیزیں پیش کی ہیں، وہ بجائے خود اتنی اہم ہیں کہ ضمناً انہوں نے شخصیتوں کا جو ذکر کیا ہے، وہ ثانوی حیثیت اختیار کر لیتا ہے،

میں نے ہر شخصیت کا ذکر، کتاب سے، چھانٹ چھانٹ کر، الگ ایک مقالہ

کی صورت میں صفحات کا حوالہ دیتے ہوئے مرتّب کرلیا ہے، اس طرح زیرِ مطالعہ شخصیت کی پوری اور مکمّل تصویر سامنے آجاتی ہے۔ مولانا کے خیالات و تاثرات اس کے بارے میں اول سے آخر تک نظر کے سامنے آجاتے ہیں۔ مباحث سے اسے الگ کرلینے کے بعد دونوں —— مبحث اور شخصیت —— کی حیثیتیں الگ الگ متعین ہوجاتی ہیں، دونوں کا خاکہ اور نقشہ الگ الگ پیش نظر ہوجاتا ہے۔ اور دونوں کی مستقل حیثیت قائم ہوجاتی ہے، اس طرح کتاب کی تبویب بھی نئی ہوگئی، اور مباحث و شخصیات کا مکمّل اور جدا گانہ مرقع بھی مرتب ہوگیا۔ مباحث پر جب آپ مولانا کے خیالات پڑھیں گے تو کوئی خلط مبحث آپ کو اضطرابِ خیال میں مبتلا نہیں کریگا۔ شخصیات کا جب آپ مطالعہ کریں گے تو غیر متعلق باتیں آپ کو اپنی طرف متوجہ ہونے کا موقع نہیں دیں گی!

اب میں ایک مثال دے کر واضح کردوں

مسلم لیگ کا ذکر حسب ذیل صفحات میں ہے:

۲۰، ۲۲، ۴۸، ۵۰، ۶۷، ۶۸، ۹۳، ۹۹، ۱۰۳، ۱۰۵، ۱۰۶، ۱۰۸، ۱۰۹

۱۱۴، ۱۱۵، ۱۱۶، ۱۲۴، ۱۲۷، ۱۲۸، ۱۲۹، ۱۳۵، ۱۶۰، ۱۶۱، ۱۶۲، ۱۶۸، ۱۷۳

۱۷۸، ۱۸۲، ۱۸۷، ۱۸۸، ۱۹۲، ۱۹۳، ۱۹۴، ۱۹۶، ۲۰۳، ۲۰۶، ۲۲۵،

۲۲۶۔

پھر دوسرے سلسلہ میں،

۲۱، ۱۱۲، ۱۶۹

پھر ایک اور سلسلہ میں

۱۱۰، ۱۱۱، ۱۳۶، ۱۴۲۔

پھر ایک اور مبحث کے زیر عنوان

اسی پر مسلم لیگ، دو قومی نظریہ، پاکستان، قائدِ اعظم، لیاقت علی خاں، سردار پٹیل، اور دوسرے مباحث و شخصیات کا قیاس کر لیجئے۔

اس طرح میں نے تقریباً ہر بحث اور ہر شخصیت کو نئے عنوان اور نئی تبویب کے ساتھ ایک مستقل صورت دے دی ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ صفحات کا حوالہ بھی دے دیا ہے۔ یوں سمجھئے ریت کے سمندر سے سونے اور چاندی کے ذرے نکالے ہیں، تاکہ کتاب کی افادیت، اہمیت، اور دلچسپی میں اضافہ ہو جائے اور میرا خیال ہے کہ میں اپنے مقصد میں کامیاب ہوا ہوں۔

یہی وجہ ہے کہ جب ۷ مئی ۱۹۵۸ء کو میں نے اس کتاب کے ترجمہ اور ترتیب واستدراک کا کام مذکورہ بالا نقشہ کے ماتحت شروع کیا اور اسی دن مجھے یہ اطلاع ملی کہ کوئی اور صاحب بھی اس کتاب کا ترجمہ کر رہے ہیں تو مجھے ذرا بھی تشویش نہیں ہوئی، جس طرح مولانا شبلی کو شعر العجم لکھتے وقت جب محمد حسین آزاد کے بارے میں اطلاع ملی کہ سخندانِ فارس لکھ رہے ہیں تو کوئی تشویش نہیں ہوئی تھی، اس لیے کہ شبلی کا راستہ آزاد کے خیال میں نہیں آسکتا تھا اور آزاد کے راستہ پر شبلی نہیں چل سکتے تھے، دونوں کا اندازِ فکر جدا، پروازِ فکر الگ!

اس کتاب میں ایک بات بہت کھٹکتی ہے!

مولانا سے زیادہ اس حقیقت کا کون آشنا تھا کہ کشمیر پر ہندوستان نے غاصبانہ قبضہ استصواب رائے عامہ کے وعدہ پر کیا تھا، جوناگڑھ کی سرزمین پر ہندوستانی فوجیں معاہدہ کو بالائے طاق رکھ کر پہنچی تھیں، حیدرآباد سے نہرو اور پٹیل نے معاہدہ کیا تھا کہ حیدرآباد کا جداگانہ وجود قائم رہے گا، تقسیم ہند سے ایک سیکنڈ پہلے تک، کانگرس کی تسلیم شدہ آل انڈیا زبان ہندوستانی (اردو) تھی، جس کی تشریح خود گاندھی جی نے یوں کی تھی:

"ہندوستانی یعنی وہ زبان جو شمالی ہند میں عام طور پر بولی اور سمجھی جاتی ہے —!"

لیکن تقسیم کے بعد! —— بجائے اس کے کہ کشمیر سے استصواب کا وعدہ پورا کیا جاتا، اپنے یارِ غار شیخ عبداللہ تک کو پنڈت نہرو نے گرفتار کرلیا، جوناگڑھ کو زبردستی انڈین یونین کا حصہ بنالیا، حیدرآباد کا جداگانہ وجود ختم کرکے اسے بمبئی، سی پی، مدراس وغیرہ میں تقسیم کردیا، ہندوستانی (اردو)

زبان کا وجود بزور قوت ختم کر دیا، عثمانیہ اردو یونیورسٹی زبردستی ہندی یونیورسٹی بنا دی گئی، عدالتوں سے، دفتروں سے، حکومت کے ایوانوں سے اردو کو کان پکڑ کر نکال دیا گیا، انتہا یہ ہے کہ اسٹیشنوں پر سے اردو حروف کھرچ دیئے گئے ــــ حالانکہ اردو پاکستان کی زبان نہیں تھی، ہندوستانی تھی اور جس ہندی زبان کو اس کی جگہ دی گئی ہے، وہ اب تک زیر تعمیر ہے!

ان عنوانات پر مولانا کی خاموشی ان کے اختلاف کی دلیل ہے، لیکن مولانا کو چاہیئے تھا کہ وہ ان مباحث پر بھی گفتگو کرتے، شاید ان مباحث پر انھوں نے خاموشی کو اس لیے ترجیح دی کہ زد براہ راست پٹیل یا پنت کے بجائے جواہر لال پر پڑتی تھی، اور مولانا کی کمزوری کا دوسرا نام جواہر لال تھا انھوں نے جواہر لال کے خلاف اگر کچھ کہا بھی ہے تو بہت رک رک کر، دب دب کر بہت مختصر طور پر، شاید اس لیئے کہ جواہر لال ان کے دوست ہی نہیں محبوب بھی تھے، مولانا دلّی میں بیٹھے تھے، ان کا ادب عالیہ لاکھ داغ کو خاطر میں نہ لائے لیکن کبھی کبھی تو وہ جہان آباد کا آخری شاعر مولانا کی ترجمانی بھی کر جاتا تھا۔

یار کا پاس نزاکت دل ناشاد رہے
نالہ رکتا ہوا، تھمتی ہوئی فریاد رہے

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مولانا کے جو صفحات فی الحال تیس سال کے لیئے میوزیم میں نظر بند ہیں، وہ انہی مباحث پر مشتمل ہوں، لیکن
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک؟

ترجمہ اور استدراک شروع کرنے سے دو روز پہلے چودھری محمد علی صاحب سابق وزیر اعظم پاکستان سے میری ملاقات ہوئی، دوران گفتگو میں

WINS FREEDOM کا ذکر چھڑ گیا، میں اپنا خاکہ جب ان کے علم میں لایا تو انہوں نے بہت پسندیدگی کا اظہار فرمایا۔ اس حوصلہ افزائی نے یہ کام اور جلدی کرا دیا۔

میں نے یہ کام، ۸ مئی ۱۹۵۹ء کو شروع کیا تھا، آج ۳ جون کو کہ رات کو پونے بارہ بجے ہیں، یہ آخری صفحہ لکھ رہا ہوں، — والحمدللہ علیٰ ذالک!

رئیس احمد جعفری
۸۹۔ ٹیگور پارک۔
لاہور

باب ۲

کانگرس اور اقلیتیں

نریمان سے ناانصافی (مسٹر نریمان سے جو) ناانصافی ہوئی اس سے قطع نظر، کانگرس نے اپنے اصول پر قائم رہنے کی پوری پوری کوشش کی، ایک مرتبہ جب (صوبوں میں کانگرسی) وزارتیں قائم ہوگئیں، تمام اقلیتوں کے لئے انصاف حاصل کرنے کا پورا پورا بندوبست کر دیا گیا، (ص ۲۱)

کانگرس نے اقلیتوں پر ظلم نہیں کیا یہ پہلا موقع تھا کہ کانگرس نے ملک کے انتظام و انصرام کی ذمہ داری قبول کی تھی، یہ کانگرس کے لئے امتحان کی گھڑی تھی، قوم یہ دیکھنا چاہتی تھی کہ کانگرس کی تنظیم کس طرح اپنی قومی حیثیت کو برقرار رکھتی ہے،

مسلم لیگ کا پراپگینڈہ کانگرس کے خلاف مسلم لیگ کا سب سے بڑا پراپیگنڈائی حربہ یہ تھا کہ کانگرس صرف نام کی "نیشنل" ہے، عام طور پر کانگرس کو بدنام کرنے پر قناعت نہ کرکے مسلم لیگ نے یہ بھی پروپیگنڈا کیا کہ کانگرسی وزارتیں اقلیتوں پر بے پناہ مظالم توڑ رہی ہیں۔ ہم نے ایک کمیٹی کی تشکیل کی، جس نے ان تمام الزامات کی تحقیقات کی جو مسلمانوں اور دوسری اقلیتوں کے ساتھ کانگرسی وزارتوں کے نامنصفانہ سلوک پر مبنی تھے، میں ذاتی معلومات کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ

یہ تمام الزامات قطعی طور پر بے بنیاد تھے، بالکل ہی خیال و اگرائے، اور صوبہ جاتی گورنروں کا بھی تھا چنانچہ لیگ نے جو (مظالم کانگرس کی) رپورٹ (جو پیر پور کمیٹی کے نام سے مشہور ہے) شائع کی، اس نے سمجھ دار طبقہ کو ذرا بھی متاثر نہ کیا، (۱)

(صفحہ ۲۱، ۲۲)

میں استعفیٰ دے دیتا

جب کانگرس نے وزارت قبول کی تو ایک پارلیمانی بورڈ قائم کیا گیا، جس کا کام یہ تھا کہ کانگرسی وزارتوں کے کام کی نگرانی کرے، اور پالیسی کے معاملات میں ہدایات دے، یہ بورڈ سردار پٹیل، ڈاکٹر راجندر پرشاد اور مجھ پر مشتمل تھا، اس طرح متعدد صوبوں، بنگال، بہار، یوپی، پنجاب، سندھ اور سرحد کا میں انچارج قرار پایا، ہر وہ واقعہ جو فرقہ وارانہ آلوگی رکھتا تھا، میرے سامنے ضرور آتا تھا لہٰذا ذاتی معلومات، اور ذمہ داری کے پورے احساس کے ساتھ میں کہہ سکتا ہوں کہ مسٹر جناح اور مسلم لیگ نے جو الزامات مسلمانوں اور دوسری اقلیتوں پر مظالم کے سلسلہ میں عائد کئے تھے، وہ قطعی طور پر غلط تھے — ان الزامات میں اگر ذرا بھی صداقت ہوتی، تو میں ناانصافی کے تدارک کی پوری کوشش کرتا، یہ ایسا اہم مسئلہ تھا کہ ضرورت ہوتی تو استعفا دینے سے بھی دریغ نہ کرتا، (۲)

(صفحہ ۲۲)

---

(۱)

"ذاتی معلومات کی بنا پر" مولانا نے جو تردید فرمائی ہے کیا وہ واقعات وحقائق سے دور کا تعلق بھی رکھتی ہے؟ اگر کانگرس کا سلوک، مسلم اقلیت اور دوسری اقلیتوں کے ساتھ ایسا ہی منصفانہ اور رشادارانہ ہوتا تو کوئی وجہ نہ تھی کہ مسلمان پاکستان کا مطالبہ کرتے اور اقلیتیں اس کے خلاف محاذ قائم کرتیں، اور حد یہ ہے کہ اچھوتوں کے زعیم کبیر مایوس اور دل برداشتہ ہو کر، اپنا مذہب ہی بدل دیتے، یعنی بدھ مت

اختیار کر کے، ایک ناقابل فراموش احتجاج کی مثال قائم کر جاتے،

مزید حیرت اس پہ ہے کہ مولانا سب کچھ جانتے ہوئے انجان بن گئے ہیں! !

(۲)

کانگریس کے ہر رہنما کا یہ دعوے ہے کہ وہ ایک غیر متعصب اور خالص جمہوری جماعت ہے لیکن۔

ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندہ معنی نہ ہوا،

عمل سے کانگرس نے ہمیشہ اس دعوے کے خلاف ثبوت دیا،

نریمان کا واقعہ بمبئی کے مسٹر نریمان پارسی جماعت کے وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے کانگرس کی خاطر، قید و بند کے مصائب برداشت کیئے، اور بے انتہا مصائب سے دوچار ہوئے، لیکن ان کی جبیں استقامت پر کبھی شکن نہیں آئی، وہ پوری مستعدی اور وفاداری سے کانگرس کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ ۱۹۳۷ء میں جب صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات ہوئے، وہ کانگرس (صوبہ بمبئی) کے صدر تھے آئین و دستور کا تقاضا یہ تھا کہ، وہی بمبئی کے پہلے وزیر اعظم بنتے۔ گورنر بمبئی نے اسی خیال سے کہ وہ صوبہ کانگرس کے صدر، اور اسمبلی کی کانگرس پارٹی کے لیڈر ہیں انہیں انٹرویو کے لیئے طلب کیا، لیکن دفعتہً مسٹر ولبھ بھائی پٹیل نے بازی الٹ دی، نریمان کے مقابلہ میں نسبتہً غیر معروف شخص مسٹر کھرے کو کانگرس پارٹی کا لیڈر منتخب کرایا، اور وہی بمبئی کے وزیر اعظم بن گئے ۔ بتایا جائے اگر یہ تعصب نہیں تھا تو کیا تھا؟

ڈاکٹر کھرے کا انجام ڈاکٹر کھرے، سی، پی کے پہلے کانگرسی وزیر اعظم تھے، ان کی قابلیت، اخلاص اور قربانیوں کا ہر کانگرسی معترف تھا، لیکن جب ان کی کانگرس ہائی کمان یعنی مسٹر پٹیل سے ان بن ہوئی، تو انہیں وزارت عظمیٰ سے الگ کر دیا گیا، اور ان کی جگہ مسٹر راوی شنکر شکلا، جن کی مہا بھائی تو ہنیت ہر شخص

کے علم میں ہے وزیر اعظم بنا دیئے گئے۔

بوس کی درگت

مسٹر سوبھاش چندر بوس پہلی مرتبہ اس لئے ۱۹۳۷ء میں کانگرس کے صدر بن گئے، کہ گاندھی جی کی مرضی یہی تھی، ۱۹۳۹ء میں کانگرس کے عام ممبروں کی متفقہ رائے کے بعد صدر منتخب ہو جانے کے باوجود انہیں مستعفی ہو جانا پڑا، اس لئے کہ گاندھی جی ان سے تعاون اور اشترک عمل کے لئے تیار نہیں تھے حالانکہ مسٹر بوس کانگرس کے صدر تھے اور گاندھی جی کانگرس کے چار آنے والے ممبر بھی نہیں تھے۔

یوسف شریف کا حشر

سی، پی میں مسٹر یوسف، بیرسٹر، مسلم لیگ کو چھوڑ کر مسلم قوم سے غداری کر کے مسلمانوں کی عام اور ہمہ گیر مخالفت برداشت کر کے، کانگرس میں تشکیل وزارت کے وقت ۱۹۳۷ء میں شریک ہوئے اور کانگرس نے انہیں وزیر بنا بھی لیا، لیکن ان کی وزارت قائم نہ رہ سکی، انہیں صلہ وفا یہ ملا کہ وہ ایک ہندو مہا سبھائی سابق جج ہائی کورٹ سر من متھ ناتھ مکرجی کی عدالت سے بری ہونے کے باوجود کانگرسی رہنے کے قابل نہ سمجھے جا سکے۔ انہیں الگ کر دیا گیا اور ان کے بعد کوئی غدار مسلمان کانگرس کو نہیں ملا، لہذا بغیر کسی مسلمان وزیر کے کانگرس کی وزارت قائم رہی۔ مسٹر یوسف شریف کا واقعہ، کانگرس کی تاریخ میں ظلم و ستم کا ایک نہایت درد ناک اور تکلیف دہ واقعہ ہے، اس لئے ہم اسے ذرا تفصیل کے ساتھ درج کرتے ہیں۔

یہ ایک مسلمہ اور ہر جگہ رواج پذیر قدیم معمول ہے کہ سزا یافتہ مجرمین حکومت کے پاس سزا کی معافی یا تخفیف کے لئے رحم کی درخواست کرتے ہیں، اور حکومت زیر دفعات ۴۰۱، ۴۰۲ ضابطہ فوجداری اپنے اختیارات رحم کو استعمال کر کے ملزم کو معافی یا سزا میں تخفیف کا حکم دیتی ہے یا درخواست نامنظور کر دیتی ہے۔

ہر سال اسی طرح کے سینکڑوں واقعات ہوتے ہیں۔ کانگرسی کابینہ کے پہلے وزیر عدالت مسٹر شریف کے پاس جولائی ۱۹۳۷ء سے مارچ ۱۹۳۸ء تک دو سو تریسٹھ درخواستیں رحم کی آئیں، انہوں نے صرف ۲۷ درخواستوں کے سلسلہ میں اپنے اختیارات رحم کو استعمال کیا۔ ان ستائیس فائدہ پانے والوں میں ستره مسلمان ہیں (ملاحظہ ہو روئداد سی۔ پی اسمبلی بابت ۲۹ مارچ ۱۹۳۸ء جلد ۳ صفحات ۱۰۱۳ تا ۱۰۱۷) جن کے حق میں اختیارات رحم کو استعمال کیا ان میں طرح طرح کے مجرم ہیں، قتل کے مجرمین کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان درخواست کنندوں میں سے وشھو، گنگو اور عبدالرزاق (دو ہندو اور ایک مسلمان بھی تھے جنہیں ایک چودہ سالہ لڑکی کے ساتھ زنا بالجبر کی اعانت میں دو دو سال کی سزا ہوئی تھی۔ مسٹر شریف نے ان کی درخواست کے سلسلہ میں یہ رائے قائم کی کہ چونکہ عدالت نے یہ امر تسلیم کیا ہے کہ لڑکی اگرچہ قانوناً نابالغ تھی لیکن آوارہ مزاج تھی اور واقعہ متعلقہ کے پہلے سے مقاربت جنسی کی لذت سے پوری طرح آشنا ہو چکی تھی نیز مقدمہ کے سلسلہ میں ان ملزمین کو جتنی پریشانی اور زیر باری کا سامنا ہوا وہ ایک مزید سزا ان کے لئے ہوئی ہے اس لئے انہیں کافی سبق مل چکا ہے اور ان کی سزا بجائے دو سال کے اگر ایک سال کر دی جائے، تو چنداں حرج نہیں۔ ان دو ہندو اور ایک مسلمان مجرمین کی سزا میں تخفیف کے بعد اسی مقدمہ میں سزا یافتہ ملزم ظفر حسین کی درخواست رحم بھی آئی، جنہیں تین سال کی قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی تھی، مسٹر شریف نے اس درخواست پر انہیں واقعات کے پیش نظر جو اسی مقدمہ کے تین دیگر ملزموں کی سزا میں تخفیف کے محرک ہوئے تھے ظفر حسین کی سزا بھی تین سال سے گھٹا کر ایک سال کر دی۔ مگر جرمانہ کی سزا بحال رہنے دی۔ ظفر حسین کی سزا میں تخفیف کیا ہوئی کہ نہ صرف ہندو سبھائی بلکہ بعض کانگرسی ہندو حلقہ میں بھی ایک تہلکہ مچ گیا۔ یہ امر قابل غور ہے کہ ظفر حسین کے ساتھ رحم کئے جانے سے پہلے کسی مجرم کی رعایت پر کوئی اعتراض

دی گیا، بلکہ بسبب اسی مقدمہ اور اسی جرم کے سزا یافتہ دو ہندو مجرمین مسٹر شریف کے تخفیف کے حکم کی بدولت رہا ہوئے تب بھی کوئی اعتراض یا شور ہنگامہ نہیں ہوا، لیکن جب ظفر حسین کی سزا میں تخفیف کی گئی تو ہندو حلقوں نے آسمان سر پر اٹھا لیا۔ کانگرسی ہائی کمان نے باوجود اس امر کے کہ صوبہ کی کانگرسی اسمبلی پارٹی مسٹر شریف کے فعل کو جائز قرار دیتے ہوئے ان پر اعتماد کا ریزولیشن پاس کر چکی تھی، ہندوؤں کی ایک ٹولی کے شور کو ہر طرح قابل اعتماد سمجھا اور مسٹر شریف کے خلاف ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کر دیا اس سلسلہ میں بھی دو باتیں قابل تذکرہ ہیں جاکم سر من متھا ناتھ مکرجی کو بنایا گیا۔ جو کلکتہ ہائی کورٹ کے سابق جج اور غیر کانگرسی ہونے کے علاوہ ہندو مہاسبھا سے گہرے طور پر وابستہ ہیں۔ دوسرے یہ کہ انہیں صرف اس امر پر تحقیقات کرنے کی ہدایت کی گئی کہ ظفر حسین کی سزا میں تخفیف کرنے میں مسٹر شریف نے بد دیانتی

جانب داری یا فرقہ پرستی، حد اختیار سے تجاوز یا کسی اور قابل اعتراض اثرات سے کام لیا ہے یا نہیں، و ھٹو یا گنگو کے رہائی کے معاملہ کو قابل تحقیقات نہ سمجھا گیا بلکہ صرف ظفر حسین کے معاملہ کو! بہر حال کمیشن نے تحقیقات شروع کی۔ ہندوؤں نے کمیشن کے پاس ہر طرح کے متعلق اور غیر متعلق کاغذات پیش کئے۔ ہندوؤں سے رکن کمیشن نے کہا کہ جو کچھ بھی ثبوت اس سلسلہ میں تم پیش کر سکتے ہو لاؤ۔ سر من متھانے کسی شہادت یا ثبوت کو اس بنا پر کہ یہ غیر متعلق ہے پیش کئے جانے سے نہیں روکا۔ انہوں نے الزام لگانے والی جماعت کو اس کا پورا موقعہ دیا کہ وہ جو کچھ کہنا چاہتے ہیں کہیں، سردار پٹیل نے خود بھی ایک تحریر مسٹر شریف کے خلاف بھیجی، الزام لگانے والوں کی تمام شہادتوں اور ثبوتوں اور مسٹر شریف کی صفائی کو سننے اور ان پر اچھی طرح غور کرنے کے بعد سر من متھا اس نتیجہ پر پہنچے کہ مسٹر شریف نے نہ تو حد اختیار سے تجاوز کیا ہے اور نہ کوئی فرقہ پرستی کا ثبوت موجود ہے اور نہ بد دیانتی ثابت ہے، اور نہ

کسی اور قابل اعتراض امر کو کام میں لانے کا شائبہ پایا جاتا ہے البتہ واقعات مقدمہ کے پیش نظر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس مقدمہ میں تخفیف کی رائے قائم کرنے میں ان کی قوت فیصلہ نے غلطی کی۔" واضح رہے کہ کمیشن کو اس امر کا مجاز نہیں بنایا گیا تھا کہ وہ اس بات کی بھی تحقیقات کرے کہ واقعات مقدمہ کے پیش نظر کیا رائے پیش کی جانی چاہیے تھی بلکہ صرف اس امر کی تحقیقات کا مجاز بنایا گیا تھا کہ مسٹر شریف کا طرز عمل مقدمہ سے قطع نظر کسی خارجی قابل اعتراض اثرات کے تحت تو نہیں تھا۔ باوجود اس کے کہ جن عنوانات کے تحت تحقیقات کرنے کا مجاز ہائی کمان نے کمیشن کو بنایا تھا، ان عنوانات کے سلسلہ میں کمیشن نے مسٹر شریف کے خلاف کسی الزام کا ثبوت نہیں پایا۔ کمیشن نے اپنے حد اختیار سے تجاوز کرتے ہوئے ایک ایسے معاملہ پر رائے دے دی جس کا اسے مجاز نہیں بنایا گیا تھا۔ پھر قوت فیصلہ کی غلطی" کس بشر اور کس انسان سے سرزد نہیں ہوتی؟ یہ کوئی ایسا جرم نہیں تھا کہ جس کے باعث کانگرس کا سارا نظام درہم برہم ہو جاتا کسی وزیر کا ایک ملزم کی سزا تین سال سے کم کر کے ایک سال کر دینا ایک بہت ہی معمولی بات ہے ایسی رائے قائم کرنے میں بلا کسی اثر سے متاثر ہوئے قوت فیصلہ سے غلطی کا صدور (اگر کمیشن کی رائے درست تسلیم کر لی جائے) کسی منصف مزاج کے نزدیک ایسا قصور نہیں قرار پا سکتا کہ اسے وزارت کے قابل نہ سمجھا جائے۔ لیکن ہائی کمان نے اس قوت فیصلہ کی غلطی کو بھی ناقابل معافی جرم تصور کیا اور مسٹر شریف کو وزارت سے علیحدہ ہونے پر مجبور ہونا پڑا۔ اپنوں کو چھوڑ کر غیروں سے رشتہ جوڑنے کا خمیازہ انہیں مل گیا۔"

کانگرس کی اصول پروری

کٹک کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے ڈاکٹر کھرے سابق کانگرسی وزیر اعظم، سی۔پی و سابق ممبر ایگزیکٹو کونسل وائسرائے ہند نے ۲۰ جنوری ۱۹۴۵ء کو کہا:-

"میں پچیس برس تک کانگرس میں رہ چکا ہوں، اور اس پر مجھے فخر ہے، لیکن کانگرس کی سیاست میں اب یکسانیت نہیں رہی، مثلاً جنگ کے سوال پر اس نے عہدے چھوڑ دیئے، اور اسمبلیوں کا بائیکاٹ کر دیا، لیکن اب مقصد حاصل کئے بغیر کانگرسی اسمبلی میں شریک ہونے لگے، اور منتخب کمیٹیوں میں بھی شریک ہونے لگے، میرے چند کانگرسی دوستوں نے کانگرسی نظر بندوں کو پیرول پر رخصت دلانے اور رہائی دلانے میں مجھ سے مدد لی اگر وہ پھر آئینی طریقوں کو پسند کرنے لگے تو میں اس پر خوش ہوں گا۔"

ایک لرزہ خیز مقدمہ

کانگرس کے دور حکومت میں مسلمانوں پر کیا گذری؟ ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا، اور کس طرح انہیں ہدفِ ستم بنایا گیا، یہ بڑی طویل داستان ہے اس داستان کا لرزہ خیز حصہ درج ذیل ہے:

اگر کانگرسی دور کی تمام ظالمانہ تجربہ کاریوں سے قطع نظر کر بھی لیا جائے تو صرف چاندا اور لبدا۔ سی، پی کا ایک ہی واقعہ انسانیت سوز بربریت کا مرقع ہے، بلکہ اس سے اس امر کا بھی پورا ثبوت مہیا ہو جاتا ہے کہ مسلمانوں کو ایذا پہنچانے، ذلیل کرنے، کچلنے اور تباہ کرنے میں وزیر اعظم سے لے کر گاؤں کے پٹیل تک اور صوبہ کانگرس کمیٹی کے صدر سے لیکر معمولی کانگرسی ممبر تک کس طرح ہم آواز اور متحد ہو کر حکومت کی ساری مشینری کو حرکت میں لاکر اپنے وحشیانہ جذبات بغض و انتقام پسندی کی تسکین کا سامان پیدا کر سکتے ہیں۔

قرآن کی غزل

اس قصبہ کی کل آبادی تین ہزار کے قریب ہے۔ جس میں مسلمانوں کی آبادی مرد عورت بچے ملا کر ایک ہزار کے قریب ہے۔ یہاں صرف چند گھر کھاتے پیتے مسلمانوں کے ہیں

جو کچھ کھیت وغیرہ رکھتے ہیں ورنہ مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد مزدور پیشہ ہے جو ہندؤں کے کھیتوں میں عموماً کام کرتے ہیں۔ یہاں ۱۹۲۷ء میں مسجد کے سامنے باجہ بجانے کے سلسلہ میں بلوہ ہوا تھا۔ جس میں پولیس نے صرف مسلمانوں کا چالان کیا تھا اور انہیں سزائیں ہو گئی تھیں۔ مسلمانوں نے ہندؤں کے خلاف پولیس سے ناامید ہو کر استغاثہ دائر کیا تھا جس میں مسٹر اسٹین ہوپ سب ڈویژنل مجسٹریٹ بلڈانہ نے ہندوؤں کو سزائیں دیدی تھیں مگر اپیل پر راؤ صاحب چٹنویس نے جو اس وقت ایڈیشنل سیشن جج تھے تمام ہندؤں کو بری کر دیا۔ مسلمانوں نے جن ہندؤں کے خلاف اس وقت استغاثہ دائر کیا تھا، ان میں سے دو یہ تھے ۔

(۱) جگدیو پٹیل ہندؤں کی مسلم آزار ٹولی کا سرغنہ اور (۲) لکشمن جو اس وقت اس گاؤں کا پٹیل ہے۔ اس وقت کا عناد اس ٹولی کے دلوں میں ہمیشہ رہا۔ جگدیو پٹیل نے اس گاؤں میں ایک مرہٹی پرلیس قائم کیا اور ۱۹۲۹ء میں ایک دل آزار کتاب موسوم بہ "قرآن کی غزل" لکھی جس میں مسلمانوں کے مذہب خدا، پیغمبر۔ ان کی مقدس کتاب کا مضحکہ اڑایا گیا۔ یہ شخص ان غزلوں کو ملکاپور، بازار لبرا اور دیگر مقامات پر چار پانچ لڑکے ساتھ لے کر گا گا کر پڑھتا تھا۔ ۱۹۲۹ء میں پولیس نے اس سلسلہ میں زیر دفعہ ۲۹۵ اس کا چالان کیا اور اسے دو سو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی، اس کی اشتعال انگیزی کا سلسلہ برابر جاری رہا۔

مارچ ۱۹۳۹ء کو سی/پی کے ایک اور مقام میں بھی فساد کرا کے مسلمانوں کو کچلنے کی ترکیب پر عمل کیا گیا۔ جب محرم میں تعزیہ کا جلوس نکلا تو اس پر گوبر اور غلیظ کوڑا پھینکا گیا۔ مسلمانوں نے ضبط اور تحمل سے کام لیا پولیس کو اطلاع دی مگر پولیس حسب دستور شرارت کرنے والے کا پتہ نہ چلا سکی۔

دوسری مرتبہ جب پھر مسلمانوں نے تعزیہ کا جلوس ہر سال رواج کے مطابق نکالنا چاہا تو ٹھیک اس جلوس کے وقت جو عموماً شب کو نکلتا ہے ڈنڈی کا جلوس بھی نکالنے کی تیاریاں کی گئیں۔ مسلمانوں نے یہ سمجھ کر کہ یہ بلوہ کرانے کا پیش خیمہ ہے تعزیوں کا جلوس نہیں نکالا، اس موقع کے دستیاب نہ ہونے سے جگدیو پٹیل اور اس کے ساتھیوں کی آتش فساد کو اور تیز کر دیا۔ ۵ مارچ کو مسلمانوں کی لائبریری میں انسانی غلاظت پھینکی ہوئی پائی گئی۔ پولیس کو اطلاع دی گئی۔ مروجہ پالیسی کے مطابق کوئی کارروائی نہ ہوئی۔

جگدیو پٹیل گذشتہ انتخاب میں کانگرس کا مخالف تھا۔ کانگرس کے برسراقتدار آتے ہی اس کے ساتھ کانگرس نے مفاہمت کر لی۔ اسے ملکاپور کمیٹی کا صدر بنا دیا گیا۔ اور ملکاپور لوکل لورڈ کا پریسیڈنٹ بھی۔

مسلم آزار نعرے

۱۲ مارچ کو یہ جگدیو پٹیل اپنے چند (تقریباً آٹھ نو) ساتھیوں کے ساتھ اسٹیشن سے اتر کر بستی کی طرف چلا۔ جب یہ ٹیلی مسجد کے پاس پہنچے تو مسجد میں چند مسلمانوں کو بیٹھا دیکھ کر مسلم آزار اور دلخراش نعرے لگانے شروع کر دیئے اور مسجد پر گوبر اور گھانس پھینکے ساڑھے پانچ بجے شام کا وقت تھا اور چار مسلمان مسجد میں تھے۔ ان مسلمانوں کے معترض ہونے پر جگدیو اور اس کی پارٹی نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا۔ مسلمانوں نے مدافعت میں ہاتھ چلائے اس جھگڑے میں بعض مسلمان زخمی ہوئے اور جگدیو کی پارٹی کے بھی چند لوگ مجروح ہوئے اتفاق سے جگدیو کو زیادہ چوٹیں آئیں، اور اسی رات شب کو ناندورہ ہسپتال میں اس کا انتقال ہو گیا۔

اس باہمی جھگڑے اور جگدیو پٹیل کے زخمی ہونے کی اطلاع اسٹیشن ماسٹر بسوا چاندرو نے بذریعہ فون ناندورہ ملکاپور اور دیگر مقامات پر کر دی۔ یہ گاؤں

ٹانڈورہ تھانے کے اندر ہے۔ اس وقت تھانیدار ایک مسلمان نظام الدین تھے
وہ اطلاع ملتے ہی ایک مال گاڑی پر سوار ہو کر بسوہ پہنچے، چار گھنٹے بعد
تحصیلدار ملکا پور اور سرکل انسپکٹر پولیس بھی بسوہ آ گئے۔ ایک مہا سبھائی
دکیل مسٹر ملکرنی جو کھام گاؤں سے ملکا پور جا رہے تھے بسوہ اسٹیشن پر واقعہ
کی اطلاع سن کر اتر پڑے یہ واقعہ کے آدھ گھنٹہ بعد ہی بسوہ پہنچ گئے تھے
جگدیو پٹیل کو زخمی ہونے کے بعد ایک مقامی اسکول میں رکھا گیا تھا۔ مسٹر ملکرنی اور
دیگر حکام جو آ چکے تھے وہیں جمع تھے، تقریباً تین گھنٹے بعد جگدیو کو ایک مال گاڑی
کے ذریعہ ٹانڈورہ بھیجا گیا جہاں اسپتال پہنچنے کے بعد وہ رخصت ہو گیا۔ دوسرے
زخمیوں کو جن کی تعداد تقریباً آٹھ تھی ۱۰ بجے رات کو پارسل ٹرین کے ذریعہ ٹانڈورہ
بھیجا گیا۔ مسلمان زخمیوں کی کوئی پرواہ نہ کی گئی۔

دراندازیاں

زخمیوں کو اور ان کے ہمدردوں کو پورا موقع دیا گیا کہ اپنی
خواہش کے مطابق صلاح مشورہ سے افسانہ تیار کر لیں،
ایک ہندو سب انسپکٹر مسٹر انہاڈے ٹانڈورہ بھیجے گئے۔ اور بعض زخمیوں کا بیان
پہلی مرتبہ انہوں نے ۲ بجے رات کو لیا۔ یعنی واقعہ کے تقریباً نو گھنٹے بعد۔ اور
اور بعض زخمیوں کے بیانات دوسرے روز بعد دوپہر لئے گئے۔ تاکہ ایک کے
بیان میں کوئی خامی ہو تو دوسرے کے بیان میں وہ دور ہو جائے۔
واقعہ کے روز ہی یعنی ۱۷ مارچ کو مسٹر صوبہ دار اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس
کھام گاؤں اور مسٹر چپل آئی، سی، ایس سب ڈویژنل مجسٹریٹ کھام گاؤں بھی ۱۰ بجے
رات کو بسوہ پہنچے۔ اتنے بے شمار حکام کی آمد کا سبب یہ ہوا کہ اطلاع ملنے
کے بعد ملکا پور، کھام گاؤں اور ٹانڈورہ کے کانگریسیوں نے تمام حکام اور
اصحاب اختیار کو ادھر ادھر تار اور ٹیلی فون اس کثرت سے دیئے کہ وہ لوگ

بھی گھبرا گئے کہ شاید بہت ہی بڑا بلوہ ہوا ہے یا ۱۸۵۷ء جیسا غدر ہو گیا ہے۔
یوں بھی کانگرسی عہدیداروں کے تار پر توجہ نہ کرنا وزارت کی سرزنش اور انتقام
کو دعوت دینا تھا۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ مسٹر پٹیل نے جو ایک تجربہ کار آئی،
سی ایس افسر ہیں اور اس سب ڈویژن کے سب سے بڑے حاکم اور انچارج تھے
دو بجے رات کو یعنی اپنے آنے کے چار گھنٹے اور واقعہ کے نو گھنٹے بعد جو
تار ڈپٹی کمشنر بلڈانہ کو دیا وہ بہت ہی اہم اور قابل غور ہے۔ اس تار سے
صاف ظاہر ہو جائے گا کہ اصل واقعہ کیا تھا۔ اور بعد میں سازش کے ذریعہ کیا
سے کیا بنایا گیا، تار کا ترجمہ حسب ذیل ہے :-

"چند مسلمانوں نے جگدیو پر بزدلانہ حملہ کیا۔ کوئی فرقہ وارانہ کشیدگی نہیں ہے
کوئی فرقہ وارانہ حملہ نہیں ہے۔ ملکا پور اور کھام گاؤں میں اس کے اثرات کی
نگرانی رکھی جائے گی۔" تار سب ڈویژنل مجسٹریٹ کھام گاؤں بنام ڈپٹی کمشنر
بلڈانہ ہندلیوہ مورخہ ۱۷ مارچ ۱۹۳۹ء)

یہ تار ڈپٹی کمشنر بلڈانہ کو ۱۸ مارچ ۱۹۳۹ء کو ساڑھے ۱۰ بجے دن کے
وقت ملا۔ اس پر ڈپٹی کمشنر کو بھی زحمت دینے کی ضرورت نہ سمجھی گئی تھی۔

مسلمانوں کی گرفتاری

سب ڈویژنل مجسٹریٹ مسٹر پٹیل نے دوسرے
روز صبح یعنی ۱۸ مارچ ۱۹۳۹ء اپنی تحقیقات
کے بعد چار مسلمانوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا۔ اس روز سرکل انسپکٹر نے اسٹیشن
پر ان دو ہندو وکیلوں سے بھی ملاقات کی جو واقعہ کے روز شب کو زخمیوں
کے ساتھ ناندورہ گئے تھے۔ اور لوگوں کے آنے جانے اور سرگوشیوں کا
سلسلہ جاری رہا۔ بطور احتیاط مسلمان سب انسپکٹر کو ایک معمولی بہانہ بنا کر
ناندورہ بھیج دیا گیا، جن مسلمانوں کو گرفتار کیا گیا گرفتاری سے پہلے انکا کوئی

بیان لیا گیا، نہ صفائی پیش کرنے کا موقع دیا گیا۔ اب لبوہ میں سب کے سب ہندو حکام رہ گئے، ۱۲ بجے دن تک کوئی گرفتاری نہیں ہوئی۔ سرکل انسپکٹر نے نانددرہ فون کیا کہ سید اکرام الدین کو لبوہ لے آیا جائے۔ سید اکرام الدین لبوہ کے ایک معزز، متمول اور با اثر باشندے ہیں اور نانددرہ میونسپل کمیٹی کے منتخب شدہ ممبر ہیں۔ یہ سیاسی اعتبار سے کانگرس کے مخالف تھے۔ اور میونسپل الیکشن میں کانگرسی امیدوار کو شکست دی تھی۔ اکرام الدین صاحب سب انسپکٹر کے ساتھ لبوہ آگئے۔ ۱۸ مارچ کو دوپہر کے بعد سرکل انسپکٹر مسٹر تیواری نے قصبہ کے ممتاز اور با اثر اصحاب کو جن میں سید اکرام الدین کے بھائی سید علیم الدین اور محمد علی جمعدار تھے بلوایا اور اسکول میں بیٹھنے کو کہا اور مع ۔۔ ان کے چھ معزز اور با اثر مسلمانوں کو گرفتار کر لیا۔

ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس اور ڈپٹی کمشنر بھی اسی روز بعد دوپہر لبوہ پہنچ گئے مسٹر اکرام الدین بھی اسی ٹرین سے لبوہ آئے، آتے ہی ان کو بلوایا گیا اور گرفتار کر لیا گیا۔ واقعہ کے روز کچہری برخواست ہونے تک مسٹر اکرام الدین بلڈانہ میں تھے اور واقعہ کے وقت ان کا لبوہ پہنچنا امر محال تھا، ان کے بلڈانہ میں ہونے کی ڈپٹی کمشنر کے ریڈر اور کچہری کے دیگر اہلکاروں سے تصدیق بھی دوسرے روز کر لی گئی۔ مگر پھر بھی انہیں گرفتار ہی رکھا گیا۔

پنڈت شکلا کا کردار

گیارہ گرفتار شدہ مسلمانوں کو کھام گاؤں بھیج دیا گیا ایک ملزم محمد عقیل بیمار تھے انہیں کرسی پر بٹھا کر سوار کیا گیا مگر ہتھکڑی نہیں کھولی گئی۔ پنڈت شکلا اس ضلع کے ممبران اسمبلی کے ساتھ ملکاپور آئے۔ انہوں نے یہاں مقامی کانگرسیوں اور آریہ سماجیوں سے گفتگو کی۔ یہ لبوہ ۱۸ مارچ کی صبح کو پہنچے تاکہ متوفی جگدیو کی تعزیت میں شرکت کریں۔ متوفی

کالانئہ وزیراعظم کی آمد کے انتظار میں جلایا نہیں گیا تھا۔ جگدیو راؤ کی ارتھی کا جلوس اسی جگہ سے نکالا گیا جہاں وزیراعظم ٹھہرے ہوئے تھے۔ پنڈت شکلا ۱½ بجے دن کو نااندورہ واپس ہو گئے اور مسٹر رادھا کشن اور ان کی پارٹی کے ساتھ کھانا کھایا۔ یہ لوگ مسلمانانِ بسوہ کے مسلمہ لیڈر سید اکرام الدین کے زبردست مخالفین میں سے تھے یہ لوگ شام کو پھر کھام گاؤں آئے، اور رات کا کھانا اپنے دن کے میزبانوں کے ساتھ کھا کر اسی روز ۱۰ بجے رات کو روانہ ہو گئے۔

اگرچہ جس علاقہ میں واقعہ ہوا تھا اس کے تھانیدار ایک مسلمان تھے اور اس ضلع کے سپرنٹنڈنٹ پولیس بھی مسلمان تھے مگر ان کو تحقیقات میں حصہ نہ لینے دیا گیا۔ تحقیقات کا کل کام اس سرے سے اُس سرے تک خالص ہندو افسروں کے ہاتھ میں رکھا گیا۔

مسٹر بیانی کا کارنامہ آنریبل مسٹر برج لال بیانی جو کونسل آف سٹیٹ کے ممبر اور برار صوبائی کانگرس کمیٹی کے صدر ہیں اور اس صوبائی بورڈ کے بھی ممبر ہیں جس کا کام وزراء پر نگرانی رکھنا ہے ۲۹ مارچ کو دہلی سے بسوہ پہنچے تاکہ متوفی کے اعزا کو پُرسا دیں۔ انہوں نے متوفی کے کارناموں کو سراہا، اور متوفی کی نیک یادگار قائم کرنے اور ان کے اعزا کی امداد کرنے کے لئے فنڈ کی اپیل کی۔

وزیراعظم مسٹر شکلا نے ناگپور پہنچ کر جگدیو کی موت کے سلسلہ میں تحریک التوار کے مباحثہ کے موقع پر ۲۳ مارچ کو اسمبلی میں قاعدہ کے بالکل خلاف ایک بہت ہی زہر یلا اور جانبدارانہ بیان دیا۔ یہ امر قابل غور ہے کہ وہ بسوہ میں صرف تین گھنٹہ رہے اور نااندورہ اور کھام گاؤں کے قیام کو ملا کر بلڈانہ ضلع کے اندر بارہ گھنٹہ ٹھہرے۔ اس وقفہ میں انہوں نے حکام کے علاوہ

کانگریس اور آریہ سماج لیڈروں اور مسلمانوں کے مخالفوں سے گفتگو کی لیکن تحقیقات مکمل ہونے سے پہلے انہوں نے رائے قائم کرلی، اور اسمبلی میں یہ بیان دیا کہ (۱) جگدیو کا قتل وحشیانہ اور بزدلانہ تھا۔ (۲) اسے مسلمانوں نے قتل کیا (۳) اس کا قتل پہلے سے طے شدہ سازش کا نتیجہ تھا (۴) اس قتل میں تقریباً پچیس مسلمانوں نے حصہ لیا۔ وزیراعظم کے اس تاریخی بیان نے واقعہ کا رخ بدل دیا۔ ہر کس وناکس سمجھ گیا کہ وزیراعظم کا منشا کیا ہے اور سرکاری اور غیر سرکاری متعصب ہندو پوری آزادی اور حوصلہ کے ساتھ جو عنوانات وزیراعظم نے قائم کئے تھے اس کی کڑیوں کو جوڑنے کے لئے ثبوت مہیا کرنے میں مشغول ہوگئے علاوہ وزیراعظم کے متعدد کانگریسی اور غیر کانگریسی ہندو ممبروں نے انتہائی منافرت انگیز اور زہریلی تقریریں کیں۔

ستم رانی کا ڈرامہ

۴ اپریل ۱۹۳۹ء کو ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کے اسسٹنٹ پربھیشور دیال تواری ناگپور سے لسوہ آئے۔ سرکل انسپکٹر ملکاپور مسٹر تیواری بھی آئے ضلع بلڈانہ کے مختلف مقامات کھام گاؤں، شیوگاؤں اور جلمب وغیرہ سے بہت سی پولیس ٹکڑیوں کی کافی تعداد کے ساتھ لسوہ بھیجی گئی۔ کھام گاؤں سے ایک ہندو اسسٹنٹ کمشنر کو بھی لسوہ بھیجا گیا۔ چند اور متعدد ہندو سب انسپکٹروں کو بھی وہاں پہنچ جانے کا حکم ملا۔ اس ساری فوج کے لسوہ پہنچ جانے کے بعد ۷ اپریل ۳۹ء کو کانگریسی حکومت کی ستم رانی کا ڈرامہ شروع ہوا گاؤں کے تمام راستوں پر پولیس تعینات کردی گئی کہ کوئی مسلمان باہر نہ جاسکے۔ گاؤں کی ساری مسلم آبادی کو پکڑ لایا گیا۔ جمعہ کا روز مسلمانوں کی ایذا رسانی کے لئے بہت ہی موزوں سمجھا گیا۔ ان تمام مسلمانوں کو اپریل کی سخت دھوپ میں صبح سے شام تک کھڑا رکھا گیا۔ واقعہ کے پورے

بائیس تیئس روز بعد ان مسلمانوں کو مختلف ہندوؤں سے شناخت کرایا گیا۔ ان شناخت کرنے والوں میں جھگڑے کے روز مجروح ہونے والا کوئی ہندو نہ تھا۔ بیمار مسلمانوں کو بھی پکڑ کر شناخت کے لئے لایا گیا۔ انہیں دن بھر کچھ بھی کھانے کو نہیں دیا گیا۔ اور ان گیارہ آدمیوں کے علاوہ جو پہلے گرفتار ہو چکے تھے مزید ایک سو چھیالیس[۱] مسلمانوں کو گرفتار کر لیا۔ ان میں بوڑھے، جوان، کم عمر، بیمار اور معذور سب ہی تھے۔

ان تقریباً ڈیڑھ سو مسلمانوں کو رات کے وقت مقامی اسکول کے کمرے میں جس کا رقبہ ۲۰ × ۲۰ ہے ٹھونس دیا گیا، رات کو بھی انہیں کھانے کو نہیں دیا گیا، اور نہ رشتہ داروں کو دینے دیا گیا۔ اس گرمی کے موسم میں دن بھر بھوکا پیاسا رکھ کر رات کو بھی بلا دانہ پانی رکھا گیا اور سانس گھٹنے والی کوٹھری میں بند کر دیئے گئے۔ بارہ بجے رات سے اسی کوٹھری میں انہیں ہتھکڑیاں پہنائی جاتی گئیں اور جب ہتھکڑیاں ختم ہو گئیں تو انہیں جانوروں کی طرح رسی سے باندھ کر چھوڑ دیا گیا۔ کانگرسی حکومت نے تو پوری کوشش کی کہ فرضی کال کوٹھری کے مقابلہ میں واقعی کال کوٹھری لبدا میں قائم کر دے مگر ان مسلمانوں کی سخت جانی نے یہ مراد پوری نہ ہونے دی انہیں ۹؍ اپریل کی صبح کو ملکاپور لایا گیا اور ملکاپور سے بلڈانہ موٹر لاری میں جانوروں کی طرح بھر کر لے جایا گیا۔ انہیں چھتیس گھنٹے بھوکا پیاسا رہنے کے بعد بلڈانہ میں رات کے وقت ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے سامنے کھانے کو ملا ۱۴۸ میں سے ۵۲ کو لاری میں بھر کر اکولا جیل بھیج دیا گیا۔

۷؍ اور ۸؍ اپریل کی شناخت کے موقع پر بعض بیمار مسلمان دھوپ کی شدت سے نڈھال ہو گئے، اور چکر آنے کے باعث انہیں تلی پر متلیاں آنے لگیں۔

مگر انہیں اسی طرح کھڑے رہنے پر مجبور کیا گیا۔ ان صدمات کی تاب نہ لا کر ایک غریب ۱۱ اپریل ۱۹۳۹ء کو جنت سدھار گیا۔ ایک بیوہ ضعیفہ جس کا لڑکا جان ہنگامہ خیز حالات میں گرفتار کیا گیا مارے صدموں کے ۱۴ اپریل کو دنیا سے رخصت ہو گئی ایک مہاران ۹ اپریل کی صبح کو جب ان بے گناہوں کو ملکا پور لے جانے کی تیاریاں کی جا رہی تھیں اپنے داماد کے لیئے روٹی لائی کیونکہ گذشتہ چوبیس گھنٹے سے وہ بھوکا تھا۔ اسے روٹی نہ دینے دیا گیا، اس کے اصرار و التجا پر ایک ہندو افسر نے کہا کہ "جب جگدیو پر حملہ ہوا تھا تب تو کہاں تھی؟ اب ہمارا راج ہے"۔

اہمسا کی حکومت

یہ واقعہ "اہمسا اور صداقت" کی حکومت کا زندہ جاوید ثبوت ہے اس واقعہ نے سارے ہندوستان کے مسلمانوں میں غم و غصہ اور نفرت کی لہر دوڑا دی۔ ہر جگہ احتجاجی جلسے اور نفرت کی تجاویز منظور ہوئیں حکومت نے یہ محسوس کیا کہ اتنی بڑی تعداد کے ملزم بنانے سے مقدمہ بالکل ہی کمزور ہو جائے گا اور گواہ کبھی اتنے زیادہ آدمیوں کو ٹھیک طور پر نہ پہچان سکیں گے اس لیئے ایک سو ستاون گرفتار شدہ مسلمانوں میں سے . . ایک سو چودہ مسلمانوں کو ہر طرح کی ایذا پہنچانے اور ایک ماہ سے زائد عرصہ جیل میں رکھنے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ یہ ثابت ہو گیا کہ کم از کم یہ ایک سو چودہ ضرور بے گناہ تھے اور انہیں جو ستم سہنے پڑے اس کی سیاہی سے کانگرسی حکومت کی پیشانی ہمیشہ داغدار رہے گی اس کے بعد ۴۳ مسلمانوں کو متعدد دفعات کے تحت جس میں قتل، ضرب رسانی، بلوہ اور سازش سبھی کچھ تھا چالان کیا گیا۔ پولیس نے استغاثہ کی طرف سے چھ نسٹھ گواہ پیش کیئے۔ عدالت ماتحت نے تمام ملزمین کو سیشن سپرد کر دیا۔

آتش انتقام

کانگرسی وزراء اور اصحاب اختیار کی آتش انتقام گاؤں کے تمام مسلمانوں کو جسمانی ایذا پہنچانے اور کثیر تعداد کو جیل بھیج دینے سے

سرد نہ ہوئی۔ بلکہ تمام کام والوں اور کمانے والوں کو جیل میں بھیجنے کے بعد حکومت نے لسوہ میں تعزیری پولیس تعینات کر دی اور اس کے خرچ کا سارا بار کئی ہزار روپیہ سالانہ کا صرف مسلمانوں پر ڈالا گیا۔ اور ان کی وصولی کے لئے وارنٹ جاری کئے گئے کہ ان کی جائداد، مکان اور جس کے پاس یہ نہ ہو اس کا اثاثہ ضبط کر کے خزانہ میں داخل کیا جائے۔

تاریخی فیصلہ سیشن جج ناگپور نے سماعت کے بعد ۴۳ ماخوذین میں سے چھ مسلمانوں کو پھانسی، چوبیس کو حبس دوام اور ایک کو سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی۔ بقیہ کو بری کر دیا۔ فاضل سیشن جج نے اس کا مطلق خیال نہیں کیا کہ گواہ کیسے ہیں۔ سچے یا جھوٹے۔ بلکہ فیصلہ میں صرف یہ اصول رکھا کہ اتنے آدمیوں نے فلاں فلاں کو پہچانا لہٰذا یہ مجرم ہے۔ مسلمانوں کو ایسی سنگین سزائیں دینے کے باوجود کانگریسی حکومت کی ماتحت پولیس اور حکام کے طرز عمل پر نکتہ چینی کرنے سے فاضل سیشن جج اپنا قلم نہ روک سکے چنانچہ "لسوہ کی کالی کوٹھڑی" کا تذکرہ کرتے ہوئے فیصلہ میں لکھا ہے کہ "یہ وحشیانہ سلوک نازی جرمنی میں قابل عمل ہو تو ہو مہذب برطانوی حکومت کے سایہ میں ایسا کیا جانا محکمۂ انتظام کے لئے ایک نہایت بدنما داغ ہے۔" فیصلہ میں آپ نے یہ بھی لکھا کہ "ہندو اسیروں نے رائے دینے میں فرقہ پرستانہ ذہنیت سے کام لیا ہے۔"

ہائی کورٹ ہائی کورٹ میں اس فیصلہ کے خلاف اپیل کی گئی، مقدمہ کی پیروی کے لئے نواب صدیق علی خاں صاحب کی کوششوں کی بدولت مسٹر قاسم علاؤالدین سوجی ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی بار ایٹ لا بمبئی کی خدمات حاصل کی گئیں۔ اپیل کی سماعت ناگپور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سر گلبرٹ اسٹون اور مسٹر جسٹس جناوبون بوس کے سامنے شروع ہوئی۔ مسلمانوں کی خوش قسمتی سے جس وقت

یہ مقدمہ ہائی کورٹ پہنچا کانگرسی حکومت وزارت کو خیرباد کہہ چکی تھی اور ایڈوکیٹ جنرل کانگرس کے نامزد کردہ نہ تھے۔ مسٹر سومجی کی پانچ روز کی ابتدائی بحث کے بعد مسٹر دالٹیوٹ ایڈوکیٹ جنرل نے عدالت کے سامنے یہ بیان دیا کہ مسل کے مطالعہ کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ " ان انتیس ملزموں سے انیس کے خلاف سازش قتل و بلوہ کا جرم ثابت نہیں ہے۔ عدالت کا وقت ضائع نہ ہو اس لئے میں پہلے ہی اس بات کی وضاحت کر دیتا ہوں کہ میں ان انیس کے خلاف جرم کے مرتکب ہونے کے متعلق زور نہیں دوں گا۔" ان انیس میں ایک ملزم وہ بھی تھا جس کو صرف سو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی تھی اور ضمانت پر رہا تھا۔ بقیہ اٹھارہ میں سے ایک کو پھانسی اور سترہ کو حبس دوام کی سزائیں ہوئی تھیں۔ ایڈوکیٹ جنرل کے اس بیان کے بعد سومجی نے عدالت سے یہ درخواست کی کہ ان انیس ملزمین کو ضمانت پر رہا کر دیا جانا چاہیئے۔

چنانچہ عدالت نے ایک عارضی فیصلہ کے ذریعہ ان انیس ماخوذین کو ضمانت پر رہا کئے جانے کا حکم صادر کیا۔ یہ حکم مسٹر جسٹس بوس نے لکھا جس سے چیف جسٹس نے اتفاق کیا۔ فاضل ججوں نے اس حکم میں تحریر کیا کہ اپیل کی سماعت کے ابتدائی دنوں ہی میں یہ بات واضح ہوگئی کہ بہت سے ملزمین کے خلاف جرم کے ثبوت کا دارو مدار "باہمی سازش" کے کمزور ستونوں پر ہے۔ یہ بات صاف ہوگئی ہے کہ اس مفروضہ باہمی سازش کا وجود ثابت نہیں، ایڈوکیٹ جنرل نے مجلس وکلاء کی شاندار روایات کی صحیح پیروی کرتے ہوئے اس کا اعتراف کر لیا ہے۔ اس سے ان ملزمین کو جن کے خلاف ایڈوکیٹ جنرل نے جرم کو مشکوک مان لیا ہے۔ جیل میں رکھنا مناسب نہیں بنا بریں انہیں ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔

عدالت عالیہ کا فیصلہ

دس روز تک اپیل کی سماعت کے بعد ۶ مئی ۱۹۴۲ء کو عدالت عالیہ نے اس تاریخی مقدمہ میں اپنا تاریخی فیصلہ سنایا اور تمام ماخوذین کو بے داغ رہا کر دیا۔ سر گلبرٹ اسٹون چیف جسٹس ناگپور ہائیکورٹ نے فیصلہ کی ابتدا ان الفاظ سے کی ہے۔ " یہ ایک اندوہ ناک مقدمہ ہے۔" یہ تعریف صحیح ثابت ہوتی ہے جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس مقدمہ میں ۴۲ آدمی قتل کے الزام میں ماخوذ ہیں اور ایسے گواہ جن کی شہادتیں جھوٹی بنائی ہوئی یا سکھائی ہوئی ہیں یکے بعد دیگرے شہادت دینے کو چلے آرہے ہیں۔ ان میں سے سات گواہ ایسے ہیں جو کم عمر یا بچے ہیں جنہیں شہادت دینے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ ایسے مقدمہ میں جھوٹی شہادت دینا سکھائی ہوئی شہادتوں کی بنا پر آدمیوں کو شناخت کرنا یہ بتاتا ہے کہ گواہ یا اس کو سکھانے والا۔ دوسرے انسان کو پھانسی پر چڑھا دینے کے لئے بلا اس خیال کے کہ یہ انسان قصوروار ہے یا نہیں! اپنی تمام کوششیں صرف کر رہا ہے۔ انسانی اطوار کی پستی اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے۔ کہ اپنے مخالف کی جان لینے کی کوشش بچوں کی زبان سے دروغ حلفی کے ذریعہ کی جائے۔"

چند ہی سطر آگے چل کر جج موصوف لکھتے ہیں۔

جج کا وزیر اعلیٰ پر اعتراض

"۱۷ مارچ ۱۹۳۶ء کو لبوہ میں مسلمانوں کی مسجد کے سامنے با قریب چند منٹ کے لئے ایک ہنگامہ ہوا جس میں متعدد ہندو اور مسلمان زخمی ہوئے اور ایک ہندو ان زخموں کے صدمہ سے جو اسے لگے تھے بعد میں قضا کر گیا۔ ۲۰ مارچ کو صوبائی اسمبلی میں تحریک التواء پیش کی گئی اس کے مباحثہ میں اکثر ارکان اسمبلی نے ایسی تقریریں کیں گویا یہ قطعیت کے ساتھ معلوم ہو چکا ہے کہ کس جرم کا ارتکاب کیا گیا ہے اور جہاں تک ایک ممبر کا تعلق ہے انہوں نے اشارہ کیا کہ کس

شخص نے قتل کے جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ اس مباحثہ میں اس وقت کے وزیر اعظم نے بھی "قتل" کا لفظ استعمال کرنے اور یہ ظاہر کرنے ہیں کہ یہ واقعہ بلوہ کا نہیں ہے بلکہ قتل کی ایک ایسی گہری سازش ہے جس پر پوری طرح عمل کیا گیا کوئی باک محسوس نہ کی۔"

یہ مقدمہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے کتنا جگر فگار، کتنا لرزہ خیز ہے؟ پھر یہ واقعہ اپنی نوعیت میں منفرد نہیں کانگرسی دور حکومت کی تاریخ اس قسم کے واقعات سے لبریز ہے۔ مگر مولانا آزاد نے استعفا نہیں دیا، نہ تدارک کیا، سی۔ پی کے مسٹر یوسف شریف کا ذکر ہو چکا ہے

روسیاہوں کی سرخروئی

وہ خود زانی نہ تھے، اس قسم کے ایک ملزم کو انہوں نے کچھ رعایت دے دی تھی، مگر وہ وزارت سے برطرف کر دیئے گئے، اب مسٹر دوارکا پرشاد مصرا کانگرسی وزیر سی، پی کی سیاہ کاریاں، اور کانگرس ہائی کمان سے ان کی سرخروئیاں ملاحظہ فرمایئے۔ خوب غور کر لیجئے یہ واقعہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے کتنا سنگین، کتنا ہولناک، کتنا لرزہ خیز اور کتنا غیر شریفانہ ہے؟ صرف یہ الزام مصرا کو کانگرسی وزارت سے برطرف کر دینے کے لئے کافی تھا، لیکن اس الزام کے ثبوت پیش کئے گئے داد رسی کی کوشش کی گئی عرض والتجا سے کام لیا گیا۔ مگر کانگرس ہائی کمان نے اسے اپنے پرسٹیج کے خلاف سمجھا کہ وہ ایک ہندو وزیر کو سزا دے۔ اس سلسلہ میں ضروری واقعات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:۔

ایک کانگرسی لیڈر کی سیاہ کاری

جون ۱۹۳۷ء میں ایک مسلمان عورت نے جبل پور کوتوالی میں رپورٹ کی کہ اس کی نابالغ لڑکی کا اغوا ہو گیا ہے اور اس کا شک مسٹر مصرا کے ڈرائیور

نانا نایکڈو پر ہے۔ دوران تحقیقات میں پولیس کو یہ معلوم ہوا کہ اس اغوا میں مسٹر مصرا اور اس کے کئی دوستوں کا زبردست ہاتھ ہے۔ پولیس کو یہ بھی پتہ چلا کہ مسٹر مصرا اور اس کے سرپرست سیٹھ گوند داس اس کی پوری کوشش کر رہے تھے کہ لڑکی اور ملزم کا سراغ نہ ملے۔ مسٹر مصرا پر کتنا سنگین الزام تھا؛ اس کا اندازہ پولیس ڈائری کے ان ٹکڑوں سے ہو سکتا ہے جس کو بعض لوگوں نے حاصل کر کے اخبارات میں چھپوایا۔ اور ایک حلفیہ بیان کے مانند ناگپور ہائی کورٹ میں داخل کیا۔ بہت دنوں کی تلاش کے بعد جب لڑکی کو پولیس نے برآمد کر لیا تو لڑکی نے پولیس کے سامنے بیان دیتے ہوئے کہا کہ "میری ماں کی عدم موجودگی میں نانا نایکڈو آیا اور کہا کہ تیری ماں تجھے بلا رہی ہے، جب میں باہر نکلی تو اس نے ایک موٹر پر مجھے زبردستی ڈال دیا اور موٹر چلا دی۔ میرے چیخنے چلانے کی آواز کو اس نے موٹر کا ہارن بجا بجا کر دبا دیا۔ موٹر پر ایک آدمی اور تھا جسے میں اندھیرے کے سبب نہیں پہچان سکی۔ مجھے گوپال باغ لے جا کر تالے میں بند رکھا گیا۔ نانا نایکڈو نے اس رات کئی بار میری عصمت دری کی۔ نانا نایکڈو مجھ سے بار بار یہ کہا کرتا تھا کہ مجھے مصرا جی کے گھر رہنا ہوگا وہاں آرام اور چین سے کٹے گی وہ بڑے آدمی ہیں۔ لڑکی کا حسب ذیل بیان جو پولیس کی ڈائری میں درج ہے مصرا جی کے خلاف جرم ثابت کرتا ہے۔ "گوپال باغ میں میرے پہنچنے کے ایک یا دو دن بعد ایک رات مصرا جی کوٹھری میں آئے اور مجھ سے کہا میرے گھر چلو۔ اور اس طرح کی باتیں کرنے لگے جو مجھے ناگوار معلوم ہوئیں۔ میں نے ان کے گھر جانے سے انکار کیا اور اس پر بھی راضی نہ ہوئی کہ وہ میرے ساتھ صحبت کریں لیکن اس شب کو انہوں نے میرے ساتھ زنا کیا۔"

وہ مظلوم مسلمان لڑکی

پولیس کے کاغذات سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ لڑکی کو بمبئی بھیجا جا رہا تھا، تلاش میں ایک کاغذ ملا جس پر سیٹھ گوند داس کی فلم کمپنی "آدرش چترا" (جس کے مینجر مسٹر مصرا تھے) کے بمبئی آفس کے ایک ملازم کا پتہ تھا۔ جس کے مکان سے لڑکی برآمد ہوئی، اس نے پولیس کے سامنے اقبال کیا کہ میرے بھتیجے نے جو نانا نائیڈو کا دوست ہے لڑکی اور یہ پتہ اور رقم حوالہ کی کہ اسے بمبئی پہنچا دیا جائے۔ پولیس کے کاغذات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر جارج ڈی سلوا سابق صدر جبل پور میونسپل کمیٹی اور ڈاکٹر مس قاضی سے لڑکی کے بلوغت کا جھوٹا سرٹیفکیٹ لینے کی کوشش کی گئی تھی مگر ناکامی ہوئی کیونکہ ان دونوں نے جعلی سرٹیفکیٹ دینے سے انکار کیا اور بعد معائنہ کہہ دیا کہ لڑکی نابالغ ہے۔ اس سلسلہ میں پولیس نے مسٹر مصرا کا بیان لینا چاہا مگر کامیاب نہ ہوئی، ڈائری کے الفاظ یہ ہیں۔

"جب سب انسپکٹر ان کے پاس گئے تو انہوں نے کہا وہ بہت بیمار ہیں اور صاحب فراش ہیں، اور باہر نکلنے کے قابل نہیں ہیں، معلوم ہوتا ہے کہ بیماری بناوٹی ہے اور وہ سب انسپکٹر کے سوالات سے بچنا چاہتے تھے کیونکہ یہ معلوم ہوا کہ بعد میں وہ گھومتے ہوئے دیکھے گئے اور تندرست حالت میں تھے۔"

کانگرس کا بیکار لیڈر وزیر بن گیا

پولیس اس مقدمہ کی تحقیقات کر رہی تھی اور ایک دو دن میں مجسٹریٹ کے سامنے ان کی شناخت ہونے والی تھی کہ کانگرس نے انہیں وزیر منتخب کر لیا۔ اور ان کے خلاف حکومت نے مزید کارروائی کرنے سے حکما"

روک دیا۔ اور اس طرح اتنے سنگین الزامات سے آلودہ شخص بغیر اپنے جرم کی صفائی پیش کئے وزارت جیسے کام پر مامور کیا گیا۔ غالباً گاندھوی صداقت کی راج گدی ایسے ہی لوگوں کے لئے موزوں ہے۔ بہر حال جب حکومت نے اپنے اختیارات کے زور سے ان کے اخلاق سوز الزامات کی پردہ پوشی کی تو منصف مزاج لوگوں نے اس کے خلاف آواز بلند کی اور ہائی کمان کے کانوں تک یہ بات ہر طرح پہنچائی گئی کہ پہلے ان کے خلاف جو الزامات ہیں ان کی صفائی ہونی چاہیئے، اور ہائی کمان کو چاہیئے کہ اس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرے لیکن ہائی کمان نے اس مطالبہ کو سال بھر ٹالا۔ اور جب بہت ہی بے بس اور لاجواب ہوئی تو شریف صاحب کے معاملہ کی طرح کسی سابق جج اور غیر کانگرسی آدمی کو نہیں مقرر کیا بلکہ ورکنگ کمیٹی کے ایک ممبر مسٹر بھولابھائی ڈیسائی کو۔ انہوں نے شریف صاحب کے معاملہ کے تحقیقات کنندہ کی طرح الزام لگانے والوں کو اس کی آزادی نہیں دی کہ واقعاتی ثبوت اور شہادت کے ذریعہ جرم کو ثابت کر سکیں بلکہ مسٹر ڈیسائی نے بہت سی شہادتوں اور ثبوتوں کے لینے سے اس بہانہ انکار کر دیا کہ بہ نفس معاملہ سے غیر متعلق ہیں یا عدالتوں میں رائج قوانین کی شہادت کی دفعات کی روشنی میں ایسی شہادت یا ثبوت ناقابل قبول ہے۔ اس کی ذرا وضاحت کر دینی ضروری ہے۔ قانون شہادت کے مطابق کسی دعوے کے ثبوت میں اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں نے فلاں شخص کو ایسے کہتے ہوئے سنا تھا اور فلاں شخص زندہ ہو، ---------- اور گواہی دینے کے قابل ہو اور ممکن طریقہ پر دستیاب ہو سکتا ہو تو اس فلاں شخص کی شہادت بھی پیش کرنی لازمی ہے ورنہ گواہی دینے والے کا بیان بطور ثبوت قابل قبول نہ ہوگا۔ لیکن عدالت میں مدعی اور مدعا علیہ دونو کو اس کا موقع حاصل رہتا ہے کہ اگر متعلقہ گواہ شہادت

میں آنا کانی کرے تو عدالت سے بذریعہ سمن اور اس پر بھی نہ آئے تو بزور وارنٹ اسے عدالت میں گواہی دینے پر مجبور کیا جائے مگر ڈیسائی کسی کو گواہی دینے پر مجبور نہیں کر سکتے تھے، نہ مسٹر مصرا پر الزام لگانے والوں کو یہ موقع حاصل تھا کہ نا رضامند گواہ کو مسٹر ڈیسائی کے سامنے شہادت پر مجبور کر سکیں۔ ایک وزیر کے خلاف گواہی دینے پر راضی ہونا آسان نہیں اس لئے اس قسم کی تحقیقات میں قوانین شہادت پر ایسی سخت پابندی کے ساتھ عمل کہیں نہیں کیا جاتا اور مسٹر ڈیسائی کا ایسا کرنا سراسر غیر منصفانہ اور جانبدارانہ فعل تھا۔ اس صریح زیادتی کو دیکھتے ہوئے الزام لگانے والوں نے تحقیقات میں حصہ لینے سے انکار کر دیا اور ہائی کمان نے مسٹر مصرا کو بے قصور قرار دے کر مزید تحقیقات کی ضرورت نہ سمجھی۔

سپرنٹنڈنٹ پولیس کا روز نامچہ ذیل میں سٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس جبل پور کے خفیہ انگیزی روز نامچہ کا اردو ترجمہ تلخیص کے ساتھ درج کیا جاتا ہے۔ اس روز نامچہ کے مندرجات سے اندازہ ہوگا کہ مسٹر دوار کا پرشاد مصرا کانگرسی وزیر سی۔ پی کے خلاف کتنا سنگین جرم تھا، اگر وہ وزارت میں نہ ہوتے اور کانگرسی حکومت نے پولیس کو مزید تحقیقات سے حکماً نہ روک دیا ہوتا تو آج جیل میں ہوتے اور خان صاحب ظفر حسین سے زیادہ عبرت انگیز اور تکلیف دہ حالات سے انہیں دو چار ہونا پڑتا۔

یہ واقعہ، یہ مقدمہ، یہ تفتیش، یہ روز نامچہ، یہ سیاہ کاری، ہر چیز تاریخی ہے صرف طوالت بیان کے خوف سے ایسی اہم چیزوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ امکانی طور پر اختصار سے کام لیا گیا ہے، پھر بھی لاکھ مختصر کیجئے، سیاہ کاری کی داستان طویل ہوتی جاتی ہے۔

اب روز نامچہ کے اہم اور ضروری اندراجات ملاحظہ ہوں

خفیہ۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس جبل پور۔

متعلق الزام ۳۱۳ دفعہ ۳۶۶ تعزیرات ہند سال ۱۹۳۷ء

بنام نانا نایئڈو اور ڈی، پی مصرا ملزمان

ہیڈ کانسٹبل بھیالال سیونی سے واپس آیا۔ اور مظہر ہوا کہ اسے معلوم ہوا ہے کہ دس دن ہوئے نانا نایئڈو اور لڑکی سماۃ حسینہ سیونی گئے تھے اور دو دن رہ کے وہاں سے چلے گئے۔

نانا نایئڈو کا باوجود تلاش کچھ پتہ نہیں چلا یہ معلوم ہوا کہ ڈی، پی مصرا کے ایک بھائی کانپور میں ہیں، اور یہ اطلاع ملی ہے کہ لڑکی کانپور بھیج دی گئی ہے۔ سیٹھ گوندداس اور ڈی، پی مصرا اس معاملہ میں رکاوٹیں ڈال رہے ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ نانا نایئڈو انہیں دونوں کے مشورہ سے چھپا ہوا ہے۔

مورخہ ۲۴ ۵/۳۷ (دستخط سٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس)

نقل بخدمت جناب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب بہادر؛

خفیہ۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس جبل پور۔

الزام ۳۱۳ دفعہ ۳۶۶ تعزیرات ہند بنام نانا نایئڈو اور ڈی پی مصرا ملزمان

تفتیش مقدمہ ہذا جاری ہے اس وقت تک نانا نایئڈو اور لڑکی مسماۃ حسینہ کا کچھ پتہ نہیں چل سکا، اس اطلاع پر کہ نانا اور مسماۃ حسینہ کانپور میں ہیں، ہیڈ کانسٹبل جہابیر جو کانپور سے واقف ہے کانپور بھیجا گیا۔ اس سلسلہ میں ۲۴ مئی ۱۹۳۷ء کو ایک تحریر سٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کانپور کے پاس بھیجی جا چکی ہے کیونکہ رام میشر پرشاد مصرا برادر ڈی، پی مصرا پٹیشوی دیوی کانپور میں رہتے ہیں لیکن اس کا جواب موصول نہیں ہوا۔

لڑکی کی ماں نے ایک درخواست دی ہے، کہ چونکہ اس معاملہ میں بڑے آدمیوں کا ہاتھ ہے بہت ممکن ہے کہ لڑکی جان سے ماردی گئی ہو۔ اس پر بھی نگاہ رکھی جائے گی۔

اس مقدمہ کے سلسلہ میں بہت سی افواہیں ہیں، عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ڈی، پی مصرا اور ہیڈ گوندا اس امر کے لئے کوشاں ہیں کہ بھاگنے والوں کا پولیس کو کچھ پتہ نہ چلے اور انتہائی کوشش کر رہے ہیں کہ نانا کے جائے قیام کا پتہ نہ چل سکے۔

مورخہ ۸ ۶/۴۷ (دستخط ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس جبل پور)

خفیہ رپورٹ بہ سلسلہ تفتیش مقدمہ الزام ۳۱۲ دفعہ ۶۶ ۳ تعزیرات ہند بنام نانا نا ہیڈ اور ڈی، پی مصرا ملزمان

مقدمہ ہذا میں تفتیش جاری رہی، اور گذشتہ پندرہ دن میں کئی مرتبہ اطلاعات نانا ملزم اور لڑکی حسینہ کے متعلق ملتی رہیں، ان پر عمل کیا گیا، مگر کوئی کامیابی نہ ہو سکی۔

ہیڈ کانسٹبل سندرلال نے اطلاع دی کہ ایک نوجوان ہندو لڑکی جو ساڑی پہنے ہے ہندوانہ لباس میں ہے۔ دو یوم کا عرصہ ہوا محلہ بھان تلیا میں آئی تھی۔ بمبئی لے جائی جا رہی ہے وہ ہردیو سنگھ بیاس کے مکان پر ہے، محلہ کی عورتوں کے ذریعہ سے بمشکل تمام اس لڑکی کا حلیہ معلوم کیا گیا تو اس کا حلیہ گم شدہ لڑکی حسینہ سے ملتا ہے۔ اولاً ہردیو سنگھ نے بتایا کہ اس کے مکان میں کوئی لڑکی موجود نہیں ہے لیکن جب اس سے کہا گیا کہ لڑکی ضرور موجود ہے اور اسکے مکان کا دروازہ توڑ دیا جائے گا تو اس نے تسلیم کیا کہ لڑکی ہے، چنانچہ ایک لڑکی دستیاب

ہوئی جس کو حسینہ کی ماں نے اپنی بیٹی شناخت کیا۔ پہلے ہردیو سنگھ نے یہ بیان کیا
کہ اسے یہ لڑکی بھیک مانگتی ہوئی ملی تھی، لہٰذا اپنی حفاظت میں وہ اسے لے
آیا۔ لڑکی کے اچھے لباس وغیرہ کو دیکھتے ہوئے یہ صریح جھوٹ ہے۔ وہ
گرفتار کیا گیا اور جلد راست گوئی پر اتر آیا اس نے تسلیم کیا کہ اس لڑکی کو اس
کا بھانجہ نانا کا دوست ہے لایا تھا اور وہ اس کو بمبئی لے جا رہا تھا۔
ہردیو سنگھ کے مکان کی تلاشی پر بستر اور صندوق سفر کے لئے بندھے ہوئے
پائے گئے، ان کے کھول لینے پر لڑکی کے کپڑے ہردیو سنگھ کے کپڑوں کے ساتھ
ساتھ ملے۔ ایک پرچہ بھی ملا جو پرتاپ سنگھ ہردیو سنگھ کے بھانجے کا لکھا ہوا
ہے، یہی پرتاپ سنگھ لڑکی کو لایا تھا اس پرچہ میں بنرجی آدرش چترا لیمنگٹن روڈ
بمبئی کا پتہ لکھا ہوا ہے، جہاں لڑکی لے جائی جا رہی تھی۔

یہ پرچہ ہردیو سنگھ کے کوٹ کی جیب سے برآمد ہوا۔ آدرش چترا گووند داس
کی فلم کمپنی کا دفتر ہے اور جس کے انتظام میں ڈی، پی مصرا کا پورا ہاتھ ہے۔
ہردیو سنگھ اور پرتاپ سنگھ نے بعد میں یہ بھی بتایا کہ نانا بمبئی میں مذکورہ بالا
پتہ پر موجود ہے۔ سب انسپکٹر ورما نانا کی گرفتاری کے لئے بمبئی بھیجے گئے ہیں۔
لڑکی حسینہ سے ابھی پورے طور سے دریافت حال نہیں کیا جا سکا، دستیابی اور
اپنی ماں بہنوں اور چھوٹے بھائی کے ملنے سے وہ ایک بدحواسی کی سی
کیفیت میں ہے اور متلی اور دردسر کی شکایت کرتی ہے جو کچھ بھی اس
اس نے بیان کیا ہے اس سے پایا جاتا ہے کہ وہ گوپال باغ میں جبراً ایک
کمرہ میں کئی دن تک بند رکھی گئی اور وہاں نانا کے علاوہ ڈی، پی مصرا بھی اس
سے ملا۔ افسر تفتیش کنندہ کو بھی بوجہ مصروفیت خانہ تلاشی و دیگر امور
ضروری متعلق مقدمہ لڑکی سے مفصل دریافت حال کا موقع نہیں ملا۔

مورخہ ۲۱ $\frac{6}{37}$ (دستخط سٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس جبلپور)

رپورٹ بسلسلہ تفتیش مقدمہ الزام ۳۱۳ دفعہ ۳۶۶ تعزیرات ہند

بنام نانا نایئڈو ڈی، پی مصرا ملزمان خفیہ

مقدمہ ہذا کی تفتیش جاری رہی۔ لڑکی حسینہ نے جو بیان دیا ہے اس کا اختصار ہم رشتہ ارسال ہے، اس نے اپنے بیان میں بہت سی باتیں بتائی ہیں جس کی تصدیق کی جارہی ہے۔

وہ سول سرجن اور اور لیڈی ڈاکٹر کے معائنہ کے لئے پیش کی گئی۔ معائنہ سے اس کی تصدیق ہوتی ہے کہ لڑکی کی عمر تقریباً سولہ سال ہے، صحیح عمر کے یقین کے لئے سول سرجن سے مزید دریافت کیا جارہا ہے اور اس کی عمر کے سرٹیفکیٹ کو بھوپال سے حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

سب انسپکٹر ورما بمبئی سے واپس آئے نایئڈو کا نہ کچھ پتہ چلا اور نہ وہ گرفتار کیا جاسکا۔ بمبئی پولیس کو ضروری تفصیلات بتادی گئی ہیں۔

حسینہ کی طبیعت خراب تھی، اور اسے بخار تھا۔ لیکن کل سے وہ بہتر ہے ۲۷ جون ۱۹۳۷ء کو مجسٹریٹ کے روبرو اشخاص متعلقہ مقدمہ ہذا کی کارروائی شناخت لڑکی سے کرانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ مصرا کی کارروائی شناخت بعد مشورہ کرائی جائے گی۔

مورخہ ۲۶ $\frac{6}{37}$ (دستخط سٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس جبلپور)

مختصر بیان مسماۃ حسینہ

خفیہ سٹی کوتوالی جبلپور

حسینہ دختر محمد خلیفت ساکن محلہ گڑھا پھاٹک جبلپور ۔

جس روز چیری تال میں آگ لگی نانا نائیڈو قریب ساڑھے سات یا آٹھ بجے رات کو میری ماں کی عدم موجودگی میں میرے مکان پر آیا۔ اس سے قبل نانا نائیڈو تین چار مرتبہ میرے مکان پر آچکا تھا اور میری ماں سے بات چیت کی تھی میں نہیں کہہ سکتی کہ کیا بات ہوئی تھی میں نے نہیں دیکھا کہ روپیہ یا نوٹ میری ماں کو پیش کئے گئے ہوں کیونکہ میں پردہ کرتی تھی اور گھر چھوٹا ہونے کی وجہ سے جب کوئی بیرونی شخص آتا تھا تو میں بادشاہ مسلمان اپنے پڑوسی کے یہاں چلی جاتی تھی۔ جب نائیڈو آتا تھا تب بھی میں یہی کرتی تھی۔ جس دن چیری تال میں آگ لگی میری ماں حسب معمول بازار گئی تھی، اس وقت سورج ڈوب رہا تھا یا اندھیرا ہو چکا تھا، اس روز جب میری ماں چلی گئی تو نانا نائیڈو آیا اور مجھ سے کہا کہ تیری ماں نے بلایا ہے جو گھر کے باہر ہے جب نائیڈو آیا تھا تو میں مکان کے اندر کھانے پکانے اور اپنے چھوٹے بھائی بہنوں کی دیکھ بھال میں مصروف تھی میں مکان سے باہر آگئی جب میں نے پوچھا کہ میری ماں کہاں ہے تو اس نے کہا اور تھوڑی دور چلو کچھ دور کے فاصلہ پر ایک موٹر کار کھڑی تھی جونہی کہ ہم موٹر کے قریب پہنچے اس نے مجھے زبردستی موٹر کار کی پچھلی سیٹ پر بٹھا دیا۔ نانا یہی کہتا رہا کہ ڈرو مت تمہاری ماں وہاں ہے اور وہ تمہیں بلا رہی ہے میں رونے چلانے لگی اس نے موٹر کار کا ہارن بجانا شروع کیا جس سے میری آواز دب گئی۔ ایک آدمی اور بھی موٹر کار کی اگلی نشست پر بیٹھا تھا میں اسے نہیں پہچان سکی۔ کیونکہ اندھیرا ہو گیا تھا اور میں بہت پریشان اور خوفزدہ ہو گئی تھی۔ گوپال باغ میں ایک چھوٹا سا کمرہ ہے جس کی میں نشان دہی کر سکتی ہوں، مجھے اس

میں لے گئے اس کمرہ میں ایک چھوٹا سا کمرہ ہے ایک کھڑکی پشت کی جانب ہے
جس میں لکڑی کے جنگلے لگے ہیں اور اس کے دو ڈنڈے غائب ہیں، اس رات
میرے ساتھ نانا نائیڈو نے کئی بار حرام کاری کی جب وہ باہر جاتا تھا تو سامنے
والے دروازہ کا تالہ بند کر دیتا تھا۔ میں نے ہر چند کوشش کی اور نائیڈو
کی خوشامد کی کہ مجھے چھوڑ دیا جائے مگر وہ نہیں مانا یہ پانچ چھ روز تک
ہوتا رہا۔ نانا کھانا لاتا رہا۔ جب مجھے رفع حاجت کی ضرورت ہوتی تو
نانا چارپائی پر ایک کرسی رکھ دیتا اور مجھے کھڑکی کے ٹوٹے ہوئے ڈنڈول
کے خلا سے باہر کر دیتا تھا جہاں کئی خالی اور ویران مکان اور ان کی دیواریں
تھیں میں وہاں ضروریات سے فراغت پا لیتی، ان ایام میں نائیڈو مجھ
سے کہتا رہتا تھا کہ مجھے مصراجی (ڈی، پی، مصرا) کے مکان میں رہنا ہوگا
جہاں علیش و آرام سے زندگی کٹے گی، مصراجی بڑے آدمی ہیں، وہ ایک روز
کے بعد مصراجی میرے کمرہ میں آئے اور انہوں نے مجھ سے اپنے گھر چلنے
کو کہا اور مجھ سے اس قسم کی باتیں کیں جو مجھے ناپسند تھیں۔ میں نے ان کے ساتھ
جانے اور مجامعت کرنے سے انکار کر دیا، لیکن اسی رات انہوں نے مجھ
سے بدفعلی کی، مصراجی کے اس واقعہ کے بعد میں نے نائیڈو سے کہا
کہ میں خواہ کچھ بھی ہو مصراجی کے ساتھ گوپال باغ میں نہیں رہوں گی۔
میں دن بھر روتی رہی، میں گوپال باغ میں ایک ہفتہ کے قریب رہی
ان مقامات کی نشاندہی کر سکتی ہوں، اس کے بعد میں کیدار ناتھ کے مکان پر
لے جائی گئی، جہاں قریب پندرہ دن تک رہی۔ کیدار ناتھ ٹیچر ہیں، نانا
روزانہ ہی آتا تھا وہاں سے ایک دن کے لئے مجھے سنیٹری انسپکٹر کے
مکان پر لے گئے اور پھر گورکھپور پرتاپ سنگھ کے یہاں لے گئے، میں

پرتاپ سنگھ کے ساتھ دس دن تک رہی اور پھر وہاں سے ہربونو سنگھ کے مکان پر لائی گئی" جہاں وہ دستیاب ہوئی ہے۔

خفیہ - رپورٹ بسلسلہ تفتیش الزام عے ۳۱۳ دفعہ ۳۶۶ تعزیرات ہند-
بنام نانا نا بیڈو اور ڈی، پی مصرا ملزمان

تفتیش مقدمہ ہذا جاری رہی۔ لڑکی حسینہ نے مجسٹریٹ کے روبرو سی، آر نا بیڈو سینٹری انسپکٹر کو شناخت کر کے بتایا کہ وہ جن لوگوں کے گھر رکھی گئی تھی ان میں سے یہ ایک ہے۔ اس نے یہ بھی بتایا کہ ڈاکٹر جارج ڈی سلوا نے اس کا معائنہ اسی سی، آر نا بیڈو سینٹری انسپکٹر کے مکان پر کیا اور یہی اس کو لیڈی ڈاکٹر مس ندیڈ- ایچ قاضی کے مکان پر معائنہ کے لیے لے گیا تھا۔ لڑکی نے جبکہ وہ معائنہ کے لئے اسپتال بھیجی گئی مس قاضی کو بھی پہچانا۔

سی- آر نا بیڈو نے تسلیم کیا کہ نانا نا بیڈو اس لڑکی کو اس کے مکان پر لایا تھا۔ پہلی مرتبہ ہر پرشاد سر دستیا بیرسٹر نانا نا بیڈو کے ہمراہ اس کے مکان پر آیا تھا اور انہوں نے کہا تھا کہ اس لڑکی کا ڈاکٹری معائنہ لیڈی ڈاکٹر سے کرایا جائے تب وہ اس لڑکی کو مس، قاضی کے پاس لے گئے۔ انہوں نے لڑکی کا معائنہ کر کے اپنی رائے دی کہ وہ سولہ برس سے کم قریب چودہ برس کی ہے، لہذا انہوں نے کوئی سرٹیفکیٹ نہیں دیا۔ دوسرے دن لچھمن سنگھ چوہان ڈاکٹر جارج ڈی سلوا کو لے کر میرے مکان پر آئے اور لڑکی کا معائنہ کرایا گیا، ڈاکٹر ڈی سلوا کی رائے میں بھی لڑکی نابالغ پائی گئی، اور اس کی عمر یقیناً سولہ سال سے کم تھی لہذا ان سے بھی

سرٹیفکیٹ نہ حاصل کیا گیا ۔

ڈاکٹر جارج ڈی سلوا سے بھی دریافت کیا گیا، کچھ پس و پیش کے بعد انہوں نے کہا کہ گو وہ پولیس کو مدد دینے کے لئے قانوناً مجبور ہیں مگر ایسے معاملات میں بیان دیتے ہوئے انہیں شرم آتی ہے، کیونکہ ایسے معاملات میں بدنامی ہوتی ہے، انہوں نے بیان کیا کہ اسمبلی کی نامزدگی کے دوسرے دن وہ لچھمن سنگھ چوہان کے ہاں کاغذات وغیرہ دینے گئے تھے، لچھمن سنگھ نے انہیں ایک لڑکی کی عمر کی تنقیح کرنے کے لئے اس کے ڈاکٹری معائنہ کے لئے کہا۔ چنانچہ وہ لچھمن سنگھ چوہان کے ساتھ سی، آر نایئڈو انسپکٹر کے مکان پر گئے اور وہاں ایک مسلمان لڑکی کا معائنہ کیا جو نابالغ تھی کیونکہ اس کے بغل اور شرمگاہ پر بال نہ تھے اور دیگر علامات بھی ایسی تھیں جن سے وہ لڑکی قریب چودہ سال کی معلوم ہوتی تھی لہٰذا انہوں نے لڑکی کی بلوغت کا سرٹیفکیٹ دینے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے مزید بیان کیا کہ اگر عدالت ان کو طلب کرے گی تو وہ سچے معاملات کا اظہار کریں گے ۔

مصرا سے بھی سوالات کرنے کی کوشش کی گئی۔ جب سب انسپکٹر ان کے پاس گیا تو انہوں نے کہلا دیا کہ وہ بہت بیمار ہیں اور چارپائی سے اٹھنے یا باہر نکلنے کے قابل نہیں ہیں، سب انسپکٹر کے سوالات سے بچنے کے لئے یہ بیماری بناوٹی معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہ معلوم ہوا ہے کہ وہ اس کے بعد تندرست حالت میں گھومتے پھرتے دیکھے گئے ہیں ۔ ان سے استفسار حال کیا جائے گا ۔

۲۷ ۶ ستمبر (دستخط سی سپرنٹنڈنٹ پولیس جبلپور)

ان اور ان جیسے صدہا ناقابل تردید واقعات وحقائق کے باوجود اقلیتوں کے ساتھ، کانگرس کے منصفانہ برتاؤ پر مولانا آزاد کا اصرار نہ صرف حیرت انگیز بلکہ عبرت انگیز ہے ——— یہ الفاظ "امام الہند" کے ہیں، حیرت، عبرت، حسرت کا یہ کیسا دلدوز منظر ہے، !

وہ شیفتہ کہ دھوم تھی حضرت کے زہد کی
میں کیا بتاؤں، رات مجھے کس کے گھر ملے

باب ۳۱

دوسری جنگ عظیم

میرا دورِ صدارت

رازِ درونِ خانہ ۳۔ستمبر ۱۹۴۱ء کو یورپ میدانِ کارزار بن گیا۔ ایک مہینہ ختم ہونے سے پہلے پہلے پولینڈ جرمن ہتھیاروں کے سامنے سرنگوں ہو گیا۔ پولینڈ والوں کی مصیبت میں مزید اضافہ یوں ہوا کہ روس نے اس کے مشرقی حصے پر قبضہ کر لیا۔ جب پولینڈ کی فوجی مزاحمت جواب دے گئی تو یورپ کے میدانِ جنگ پر کچھ دیر کے لئے سکوت چھا گیا۔ فرانس اور جرمنی اپنی قلعہ بند حدوں پر ایک دوسرے کے سامنے مسلح کھڑے تھے، لیکن وسیع پیمانے پر جھڑپوں کا سلسلہ معطل تھا۔ ہر شخص محسوس کرتا تھا کہ کچھ ہونے والا ہے۔

گاندھی جی کا اصرار ہندوستان میں بھی خوف اور دہشت کا احساس غالب تھا اس پس منظر میں کانگرس کے نئے صدر کے انتخاب کا مسئلہ درپیش ہوا۔ میں نے محسوس کیا کہ جنگ کے بحرانی دور میں مجھے ہر اس خدمت کو فرض سمجھ کر انجام دینا چاہیئے جس کا مجھ سے مطالبہ کیا جائے۔ گاندھی جی نے جب بار بار مجھے صدر کانگرس بننے کی ترغیب دی تو میں راضی ہو گیا۔ ایم۔ این راے میرے مقابلے میں کھڑے ہوئے تھے جو بری طرح ہارے۔ کانگرس کا اجلاس رام گڑھ میں منعقد ہوا۔

یہاں ایک تجویز منظور ہوئی جو میرے خیالات کی آئینہ دار تھی۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد سے میں نے صدارت کا چارج لے لیا۔ مجھے ورکنگ کمیٹی کی از سر نو تشکیل کرنی تھی، جواہر لال گزشتہ ورکنگ کمیٹی میں نہیں تھے انھیں پھر سے واپس لے آیا۔ میرے نامزد ممبروں میں راجگوپال اچاری، ڈاکٹر سید محمود اور مسٹر آصف علی بھی تھے۔

نازک مرحلہ

کانگرس کی تاریخ میں یہ بہت نازک مرحلہ تھا۔ ہندوستان سے باہر کی دنیا میں جو لرزہ خیز واقعات رونما ہو رہے تھے ہم سب اُن سے متاثر تھے۔ لیکن سب سے زیادہ پریشان کن چیز خود ہمارے اندرونی اختلافات تھے، میں کانگرس کا صدر تھا، میں چاہتا تھا کہ ہندوستان جمہوری ممالک کے کیمپ میں داخل ہو جائے بشرطیکہ اُسے آزاد کر دیا جائے

گاندھی جی کا ارادہ خودکشی

گاندھی جی اب تک اپنی رائے پر قائم تھے یعنی ہندوستان کو کسی حالت میں بھی شریک جنگ نہ ہونا چاہیئے۔ وائسرائے سے ملاقات کے دوران میں بھی انھوں نے یہی بات کہی۔ یہ وہ وقت تھا کہ فرانس گھٹنے ٹیک چکا تھا اور جرمن طاقت اپنے ترودج پر تھی۔

گاندھی جی کے لئے یہ نہایت نازک وقت تھا۔ متعدد مواقع پر انھوں نے خودکشی تک کا ارادہ ظاہر کیا۔ انھوں نے مجھ سے کہا کہ اگر وہ جنگ کی لائی ہوئی مصیبت روک نہیں سکتے تو کم از کم یہ تو کر سکتے ہیں کہ اپنی زندگی کا خاتمہ کر کے اس ہولناک منظر کے تماشائی نہ بنیں۔ انھوں نے متعدد بار مجھ پر زور دیا کہ میں ان خیالات کی پشت پناہی کروں، لیکن میں ان سے متفق نہ ہو سکا۔ میرے نزدیک عدم تشدد کی حیثیت پالیسی کی تھی عقیدہ کی نہیں میرا خیال تھا کہ اگر کوئی چارہ کار باقی نہ رہ جائے تو ہندوستانیوں کو تلوار سنبھالنے کا حق ہے۔ البتہ آزادیٔ ہند کی جدوجہد پُر امن طریق پر ہونی چاہیئے۔

کانگرس ورکنگ اس مسئلے پر دو گروہوں میں بٹ گئی۔ پہلے مرحلے میں جواہر لال نہرو، سردار پٹیل، راجگوپال اچاریہ اور خان غفار خاں میرے ساتھ تھے۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد، اچاریہ کرپلانی اور شنکر راؤ دیو دل و جان سے گاندھی جی کے حامی تھے۔ یہ لوگ گاندھی جی کے اس خیال سے متفق تھے کہ اگر ایک مرتبہ یہ بات تسلیم کر لی گئی کہ آزاد ہندوستان جنگ میں عملی حصہ لے گا تو آزادیٔ ہند کے لئے ہندوستان کے عقیدۂ عدم تشدد کی بنیاد منہدم ہو جائے گی۔ لیکن اس کے برعکس میرا خیال یہ تھا کہ اندرونی جدّوجہدِ آزادی کے درمیان اور بیرونی طور پر جارحیت کا مقابلہ کرنے میں فرق ہے۔ آزادی کی جدّوجہد الگ چیز ہے اور آزادی کے بعد جنگ میں حصہ لینا دوسری چیز! ان دونوں کو گڈمڈ نہ کرنا چاہئے۔ (۱)

کانگرس کا فیصلہ

جولائی ۱۹۴۰ء میں ورکنگ کمیٹی اور آل انڈیا کانگرس کے جلسے پونا میں ہوئے۔ جہاں میرا نقطۂ نظر تسلیم کر لیا گیا۔ دو تجویزیں منظور ہوئیں:

(۱) پہلی تجویز میں کانگرس کے اس عقیدہ کی تجدید کی گئی کہ آزادیٔ ہند کے لئے عدم تشدد کی پالیسی صحیح اور درست ہے۔ اور اسے برقرار رہنا چاہئے۔

(۲) دوسری تجویز میں اعلان کیا گیا کہ نازیت اور جمہوریت کی اس جنگ میں ہندوستان کا صحیح مقام جمہوریت کا کیمپ ہے۔ لیکن مساعیٔ جنگ میں ہندوستان اس وقت تک حصہ نہیں لے سکتا جب تک آزاد نہ ہو جائے۔

دونوں تجویزوں کا مسودہ میرا بنایا ہوا تھا۔

گاندھی جی کا اضطرابِ خیال

ان تجاویز سے گاندھی جی بہت خوش ہوئے مبارکباد کا ایک تار بھیجتے ہوئے انھوں نے مجھے لکھا کہ وہ اس

بات سے خوش ہیں کہ آزادی کی جدوجہد میں عدم تشدد کے عقیدہ کی میں نے تائید کی ہے۔ ان کا یہ خیال بھی تھا کہ موجودہ حالات میں آل انڈیا کانگرس کمیٹی میری تجویز منظور کرلے گی۔ اگر ہندوستان آزاد کر دیا گیا تو وہ ساری جنگ میں حصہ لے گا۔ انھوں نے اس شبہہ کا اظہار کیا کہ میں آل انڈیا کانگرس کمیٹی کو اس بات پر آمادہ نہیں کرسکوں گا کہ ملکی جدوجہد آزادی کے لئے وہ عدم تشدد کی پالیسی پر قائم رہے۔

ممبران ورکنگ کمیٹی کی روش

جنگ کے سلسلے میں ورکنگ کمیٹی کے ممبروں نے بہت جلد جھجک ہیں کا اظہار شروع کر دیا۔ ان میں سے کوئی بھی یہ بات فراموش نہیں کرسکتا تھا کہ اصولی طور پر گاندھی جی کسی طرح شرکت جنگ کے حامی نہیں بن سکتے۔ یہ لوگ اسے بھی فراموش نہیں کرسکتے تھے کہ ہندوستان کی جدوجہد آزادی گاندھی جی کی قیادت ہی میں اس درجے تک پہنچی تھی۔ اب پہلی مرتبہ اس بنیادی مسئلے پر ان سے اختلاف رائے کرکے وہ انھیں تنہا چھوڑ رہے تھے۔ مہینہ بھر کے اندر ہی اندر سردار پٹیل نے اپنی رائے بدل دی اور گاندھی جی کے ہمنوا ہوگئے۔ ورکنگ کمیٹی کے دوسرے ممبر بھی جلد ہی اسی گروہ میں شامل ہوگئے۔ راجندر پرشاد اور ورکنگ کمیٹی کے ممبروں نے مجھے لکھا کہ جنگ کے سلسلے میں وہ گاندھی جی سے پورے طور پر متفق ہیں۔ اُن کی خواہش ہے کہ کانگرس بھی اسی مسلک پر گامزن رہے۔ لیکن چونکہ میں اس رائے سے اختلاف رکھتا ہوں اور کانگرس کمیٹی میری تائید کرچکی ہے لہٰذا دستخط کنندگان کو شبہہ ہے کہ آیا انھیں ورکنگ کمیٹی کا ممبر رہنا چاہئے؟ یہ حضرات اس وقت تک ورکنگ کمیٹی کا ممبر رہنے پر تیار تھے جب تک یہ اختلافات عملی طور پر ظاہر نہ ہو جائیں۔ اگر حکومت برطانیہ شرائط تسلیم کرلیتی ہے اور شرکت جنگ کا مسئلہ ایک زندہ مسئلہ بن جاتا ہے تو ان کے لیے مستعفی ہونے کے سوا کوئی چارہ کار نہ ہوگا۔

اس خط سے مجھے بہت تکلیف پہنچی۔ جواہر لال، راجگوپال اچاری، ڈاکٹر سید محمود

اور آصف علی کے سوا تمام ممبروں کے اس پر دستخط تھے۔ حتیٰ کہ عبدالغفار خاں نے
بھی جو اس وقت تک میرے سرگرم حامی چلے آرہے تھے اپنی رائے بدل دی۔
۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اپنے رفقاء سے اس قسم کے رویّے کی
میں توقع نہیں کرسکتا تھا۔ میں نے انھیں لکھا جب تک برطانوی حکومت کے رویّے میں
تبدیلی نہیں ہوتی شرکتِ جنگ کا مسئلہ صرف ایک علمی مسئلہ ہے۔ لہٰذا میں نے اُن سے
درخواست کی کہ ورکنگ کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے کام کرتے رہیں۔

ص ۳۰/۳۱، ۳۲، ۳۳، ۳۴، ۳۵، ۳۶

سول نافرمانی کا آغاز انگریزوں نے جب کانگرس کا دستِ تعاون جھٹک دیا، تو
گاندھی جی نے خیال کیا کہ محدود پیمانے پر سول نافرمانی کا آغاز
کردینا چاہیے۔ ونوبا بھاوے پہلے ستیہ گرہی منتخب ہوئے پھر جواہر لال نہرو بعد میں
دوسرے لوگ۔ جلد ہی انفرادی ستیہ گرہ قومی پیمانے پر شروع ہوگئی۔ پنجاب سے واپس
آتے ہوئے الہ آباد کے اسٹیشن پر میں بھی گرفتار کر لیا گیا۔ مجھے دو سال کی سزا ملی اور
میں نینی جیل بھیج دیا گیا۔ کچھ عرصے بعد ڈاکٹر کاٹجو بھی ہم سے آن ملے۔

روس پر جرمن حملے کے نتائج سنہ ۱۹۴۱ء میں جرمنی نے روس پر حملہ کردیا۔ چھ مہینے
کے اندر جاپان نے پرل ہاربر پر حملہ کرکے امریکہ
کو چونکا دیا۔ اس طرح صحیح معنی میں یہ جنگ عالمگیر ہوگئی۔ امریکہ برطانیہ کو امداد دے
رہا تھا لیکن اب تک میدانِ جنگ سے باہر تھا۔ پرل ہاربر پر جاپان کے حملے نے امریکہ
کو میدانِ جنگ میں پہنچا دیا۔

جاپان کی حیرت انگیز کامیابیاں ابتدائی مرحلوں میں جاپان کی حیرت انگیز
کامیابیوں نے جنگ کو ہندوستان کے
دروازے تک پہنچا دیا۔ چند ہفتوں کے اندر جاپان نے ملایا اور سنگاپور پر قبضہ کرلیا۔

پھر فوراً ہی برما اس کے تسلط میں آگیا، جاپانی جہاز خلیج بنگال میں نظر آنے لگے۔ بہت جلد انڈمان اور نکوبار پر جاپانی بحریہ کا قبضہ ہو گیا۔ صدر روز ویلٹ نے برطانوی حکومت سے استدعا کی کہ ہندوستانی لیڈروں کو مطمئن کیا جائے، برطانوی حکومت اسے نظر انداز نہیں کر سکتی تھی۔ اس نے اپنی پالیسی بدلنے کا فیصلہ کر لیا۔

جیل سے رہائی دسمبر ۱۹۴۱ء میں وائسرائے نے مجھے اور جواہر لال کو رہا کر دیا اس موقع پر میں نے محسوس کیا کہ اگرچہ جنگ گزشتہ دو سال سے جاری ہے لیکن آزادیٔ ہند کے سلسلے میں ہمارا کوئی قدم آگے نہ اٹھ سکا۔ ہم حالات کا شکار بنے ہوئے تھے، اپنی قسمت کے مالک نہیں؛

ص ۲۷، ۳۸، ۳۹، ۴۰

---

(۱)

مولانا آزاد نے جنگ کے سلسلے میں کانگریس کے فلسفۂ "تشدد اور عدم تشدد" سے متعلق جو معلومات اپنی سرگزشت میں درج کئے ہیں وہ بے حد دلچسپ ہیں۔

۱۹۴۱ء میں گاندھی جی، سردار پٹیل، راجندر پرشاد اور دوسرے کانگرسی رہنما عدم تشدد پر اتنا گہرا اور ایسا لازوال اعتقاد رکھتے ہیں کہ اگر جنگ میں شرکت کی شرط یعنی میدانِ جنگ میں جمہوریت دشمن عناصر سے تشدد (ہتھیار) کے ذریعے مقابلہ کرنے سے آزادیٔ ہند کی نعمت حاصل ہوتی ہو تو آزادیٔ ہند سے عشق و شغف کے باوجود اُسے ٹھکراتے، غلام رہتے اور مدت تک اسیر بننے پر تیار رہتے۔ مگر تشدد سے اپنا دامن آلودہ نہیں کرنا چاہتے تھے۔

پھر چھ سال بعد جب ہندوستان آزاد ہو گیا، گاندھی جی ہندوستان کے شاہِ بے تاج بن گئے، جواہر لال وزارتِ عظمیٰ کی مسند پر فائز ہو گئے۔ سردار پٹیل نے وزارتِ داخلہ، اور ریاستی ہند کا محکمہ سنبھالا۔ راجندر پرشاد کابینۂ ہند کے رکن

بن گئے، تو ان عدم تشدد کے پرستاروں نے بے تامل کشمیر پر چڑھائی کردی، اس پر اپنے اصول کے خلاف ایک مستبد فرمانروا کی دعوت پر عوام سے مشورہ کئے بغیر قبضہ کرلیا۔ اور عوام جو جمہوریت کے نام پر اپنے لئے حقِ خود ارادیت طلب کر رہے تھے بندوقوں کی باڑھ اور تلواروں کی نوک پر رکھ دیئے گئے۔

پھر یہی وہ عدم تشدد کے پرستار اور علمبردار تھے جنھوں نے حیدرآباد پر پولس ایکشن کیا، اُن کے ٹینکوں نے بے گناہوں کو کچلا، اُن کی توپوں نے آگ اگلی اور بے گناہوں کو خاکستر کر کے رکھ دیا۔ اُن کے سپاہیوں نے شریف اور پاک دامن عورتوں اور لڑکیوں کی آبرو ریزی کی، اُن کے غنڈوں نے دولت مند مسلمانوں کو برباد کیا، ان کی دکانوں کو لوٹا، ان کے گھروں پر قبضہ کرلیا۔

پھر یہی عدم تشدد کے پرستار اور علمبردار تھے۔ جنھوں نے میر عثمان علی خاں فرمانروائے حیدرآباد کو عوام سے غداری پر آمادہ کیا۔ اس سے معاہدہ کیا کہ تمھاری حکومت قائم رہے گی، تمھارے حقوق قائم رہیں گے، تمھارا دبدبہ قائم رہے گا۔ تمھاری دولت و ثروت اور جاہ و حشم قائم رہے گا۔ لیکن حیدرآباد پہنچنے کے بعد انھوں نے نظام سے وہی سلوک کیا جو ۱۸۵۷ء میں انگریزوں نے غدر پر قابو پالینے کے بعد سرکش ریاستوں کے ساتھ کیا تھا۔ اس کی دولت چھین لی، اس کی جاگیر پر قبضہ کرلیا، اس کے "صرفِ خاص" کا محکمہ "سرکارِ خاص" مخصوص کر دیا۔ اور کچھ دنوں کے بعد اس پر بھی جوشِ انتقام کی تسکین نہ ہوئی تو ایک حد بندی کمیشن بنا کر ہندوستان کی اس سب سے بڑی ریاست کے وجود کو جسے انگریزی کاغذات میں ریاست (State) نہیں بلکہ مملکت (Dominion) لکھا جاتا تھا، ختم کر دیا۔ اس کا کچھ حصہ مدراس کو مل گیا، کچھ بمبئی کو، کچھ سی، پی کو، حالانکہ حیدرآباد کے ہندو تک اس آپریشن کے خلاف احتجاج کرتے رہے۔ پھر یہ عدم تشدد کے پرستار اور علمبردار جوشِ تعصب و عناد میں اتنے

بے قابو ہو گئے کہ انھوں نے رواداری، جمہوریت اور انسان دوستی کا جو نقاب اوڑھ رکھا تھا اسے اپنے ہاتھوں سے نوچ کر پھینک دیا۔ گزشتہ چوتھائی صدی سے عثمانیہ یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم اُردو تھا۔ اس یونیورسٹی اور اس کے ملحقہ کالجوں میں انجینئرنگ، ڈاکٹری، فلسفہ، ادب تاریخ جملہ علوم و فنون کی تعلیم اُردو میں دی جاتی تھی۔ یہاں کے گریجویٹ لندن اور پیرس اور برلن کی دانش گاہوں میں تکمیل کیلئے جاتے تھے اور اپنے وطن کی ان جامعات کے طلبہ کے مقابلے میں تعلیمی لحاظ سے برتر ثابت ہوتے تھے جن کا ذریعہ تعلیم انگریزی تھی۔ یہ عثمانیہ یونیورسٹی جبراً خالص تشدد کے ذریعہ بغیر کسی معقول سبب کے ہندی یونیورسٹی بنادی گئی۔ یہ حکم ہندوستان کے وزیر تعلیمات اُردو زبان کے غیر فانی انشا پرداز ابوالکلام آزاد نے دیا۔ عثمانیہ یونیورسٹی ہندی یونیورسٹی بن گئی۔ ہندی جو ابھی تک زیر تشکیل زبان ہے، ہندی جس سے جنوبی ہند کے ہندو بھی نفرت کرتے ہیں، ہندی جس کے خلاف گاندھی جی کے دست راست، ہندوستان کے پہلے گورنر جنرل، مدراس کے سابق وزیر اعظم اور کانگرس کے رکن رکین راجگوپال اچاری برابر زہر اگلا کرتے ہیں مسلمانوں کی اس یادگار کو مٹانے کے لئے تشدد تک استعمال کیا گیا۔ صرف مسلمانوں ہی پر نہیں ہندی کے مخالف ہندوؤں پر بھی! عدم تشدد کے پرستار اور علمبردار اس کارنامہ پر بھی مطمئن نہیں ہوئے، انھوں نے حیدرآباد کے دائرۃ المعارف کو نام نہاد طور پر قائم رکھا۔ اس لئے کہ عرب ممالک کو مبتلائے فریب کیا جاسکے کہ یہاں سے عربی کتابیں چھپتی ہیں لیکن دارالترجمہ کے دروازہ پر تالا لگا دیا، جہاں اُردو زبان میں دُنیا کے ہر علم و فن پر تراجم کا بیش بہا ذخیرہ ہر سال شائع کیا جاتا تھا، اس لئے کہ اُردو کو مٹانا عدم تشدد کے تشدد کا پہلا فریضہ تھا۔ پھر لاکھوں روپے کی کتابوں کو کوڑیوں کے مول فروخت کر دیا تاکہ پنساریوں اور عطاروں کی دکانوں پر ان کتابوں کو پھاڑ پھاڑ کر پڑیاں باندھی جائیں، اس پر بھی جی ٹھنڈا نہ ہوا تو کسی دل جلے نے باقیماندہ اسٹاک کو

آگ لگا کر قصہ ہی ختم کر دیا۔

کتنے شاندار اور لازوال کارنامے ہیں یہ ان اصحاب ہمم کے، جو غلامی پر راضی تھے لیکن تشدد میں حصہ لے کر آزادی حاصل کرنا ننگ سمجھتے تھے لیکن آزادی حاصل کرنے کے بعد تشدد اور سفاکی میں اپنے پیش رو انگریزوں سے بھی بازی لے گئے۔

ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ
دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا

لیکن تشدد اور عدم تشدد کی یہ داستان ابھی ختم کہاں ہوئی؟

چلیے تم کہساں میں نے تو دم لیا ہے
فسانہ دلِ زار کا کہتے کہتے

وہ بھی یہ عدم تشدد کے پرستار اور علمبردار ہی تھے جنھوں نے ہر اصول، ہر معاہدہ اور ہر قدر کو بالائے طاق رکھ کر جوناگڑھ پر زبردستی قبضہ کر لیا اور اعلان کر دیا کہ جوناگڑھ ہمارا حصہ ہے۔ اور وہ بھی عدم تشدد کے پرستار اور علمبردار ہیں جن میں اتنی ہمت بھی نہیں کہ گوا کو ترچھی نظر سے دیکھ لیں۔ یہ لوگ کتنی آسانی سے عقیدہ کو پالیسی میں اور پالیسی کو عقیدہ میں تبدیل کر لیتے ہیں۔ ہندوستان کے اردو شاعر کے محبوب کی طرح کہ اس نے اپنے دل کو

شب موم کر لیا سحر آہن بنا لیا

(۲)

سیاسی زبان میں گفتگو کیجیے تو یہ "ڈپلومیسی" ہے۔ صاف بیانی سے کام لیجے تو یہ منافقت ہے۔

سوال یہ ہے کہ اگر ورکنگ کمیٹی کی تجویز سے اختلاف تھا اور تشدد میں حصہ لینا کسی طرح گوارا نہیں تھا تو ان ممبران ورکنگ کمیٹی کو غیر مشروط طور پر استعفیٰ دے دینا

چاہیئے تھا، لیکن استعفی کو اس وقت تک ملتوی رکھنا جب تک برطانوی حکومت آزادی دینے پر رضامند نہیں ہو جاتی بنایت پست قسم کی سیاست ہے۔ اس کا مطلب اس کے سوا کیا ہوا کہ اگر برطانوی حکومت آزادی دینے پر کسی صورت سے رضامند نہ ہوئی تو ہم عدم تشدد کے پرستار ہیں حکومت سے تعاون کیوں کریں۔ اور اگر وہ آزادی دینے پر تیار ہیں تو ہم تشدد کا ہتھیار ہیں، جو چاہے آزمالے، ــــــــ آخر یہ کون سی منطق ہوئی؟

(۳)

مولانا نے فرمایا ہے: "جب انگریزوں نے کانگرس کا دستِ تعاون جھٹک دیا" تو گاندھی جی سول نافرمانی کی تیاری کرنے لگے۔

واقعات کی ترجمانی اگر مولانا کے الفاظ کر رہے ہیں تو انگریزوں کی اس حرکتِ ناشائستہ کا جواب سول نافرمانی ہی ہو سکتی تھی۔

لیکن نہیں، واقعہ یہ نہیں ہے!

لارڈ لن لتھگو وائسرائے ہند نے گاندھی جی اور قائدِ اعظم سے تعاون کی درخواست کی، دونوں نے اپنے اپنے شرائط پیش کئے، قائدِ اعظم صرف اتنا مانگتے تھے جو ان کا حق تھا۔ گاندھی جی اپنا اور قائدِ اعظم کا اور دوسری اقلیتوں کا حصہ بھی اپنی جیب میں ڈال لینا چاہتے تھے۔ بات یوں نہیں بنی، وائسرائے کے لئے گاندھی جی کا اتنا خطرناک "دستِ تعاون" جھٹک دینے کے سوا کوئی چارہ کار نہ تھا۔

گاندھی جی نے سوچا یہ جنگ کا زمانہ ہے، انگریز پریشان ہیں۔ اگر سول نافرمانی یعنی عدم تشدد کے ذریعے تشدد کا مظاہر کیا جائے تو انگریز مجبور ہو جائیں گے کہ اکثریت کو راضی رکھنے کے لئے، اس کا تعاون حاصل کرنے کے لئے اقلیتوں کو ٹھکرا دیں، بدقسمتی سے ان کا یہ اندازہ غلط ثابت ہوا۔ اب انھوں نے دباؤ ڈالنا چاہا اور سول نافرمانی شروع

کردی ۔ یہ سول نافرمانی کی تحریک جتنی انگریزوں کے خلاف تھی اس سے کہیں زیادہ مسلمانوں کے خلاف تھی ۔

(۴)

گاندھی جی کی تحریک سول نافرمانی ناکام ہوئی ۔ وہ بھی جیل سے باہر آگئے اور دوسرے رہنمایانِ کانگرس بھی ۔

یہ حضرات بیٹھے تو سوچ رہے تھے کہ :

"ہمارا کوئی قدم آگے نہ اُٹھ سکا ۔"

لیکن اس حقیقت پر غور نہ کرسکے کہ کیوں نہ اٹھ سکا ؟ یہ انگریزوں سے سب کچھ چھین سکتے تھے ، اگر انگریزوں سے سب کچھ چھین لینے کے ساتھ ساتھ دوسروں سے بھی سب کچھ چھین لینے پر آمادہ نہ ہوجاتے ، انگریز بھی ہوشیار ہوگئے اور دوسرے بھی چوکنے ہوگئے اور انھیں یہ اعتراف کرنا پڑا کہ :

"ہم حالات کا شکار بنے ہوئے تھے ــــ اپنی قسمت کے مالک نہیں !"

باب ۱۲

عدم تشدد کا عقیدہ "حسب ضرورت"

گاندھی جی کا عدم تشدد بے نقاب

سوبھاش چندر بوس کی خدمت میں گاندھی جی کا خراج تحسین ان عوامل میں سے ایک تھا جنہوں نے ہندوستان میں کرپس مشن کی آمد کے وقت فضا کو زیادہ ناسازگار بنا دیا تھا۔

اس مسئلہ پر آگے چل کر میں تفصیل سے گفتگو کروں گا۔ یہاں صرف اس رپورٹ کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو کرپس کی آمد کے وقت ہندوستان میں شائع ہوئی تھی، ہندوستان میں ایک خبر یہ چھپی کہ سوبھاش چندر بوس ایک ہوائی حادثہ میں ہلاک ہو گئے۔ یہ خبر جتنی ہندوستان کے لئے سنسنی خیز ثابت ہوئی اتنی ہی گاندھی جی کے لئے۔ انہوں نے تعزیت کا ایک پیغام بوس کی والدہ کو بھیجا، جس میں ان کے بیٹے کو شاندار خراج تحسین اس کے ناقابل فراموش خدمات کے سلسلہ میں ادا کیا گیا تھا۔ بعد میں معلوم ہوا یہ خبر غلط تھی۔ کرپس نے مجھ سے شکایت کی کہ وہ گاندھی جی جیسے شخص سے

یہ توقع نہیں رکھتے تھے کہ وہ سوبھاش چندر بوس کے لئے اتنے شاندار الفاظ استعمال کریں گے۔ گاندھی جی عدم تشدد کے عقیدہ پر سختی سے قائم ہیں، اس کے برعکس سوبھاش بوس نے کھلے بندوں محوریوں کا ساتھ دیا۔ اور میدان جنگ میں اتحادیوں کی شکست کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ (۱)

بغاوت اور عدم تشدد

(گاندھی جی کی نمائندہ خصوصی میرابن سے جب وائسرائے نے ملاقات کرنے سے انکار کر دیا تو)

مہادیو ڈیسائی نے ایک بیان جاری کیا کہ بعض حلقوں میں گاندھی جی کے عزائم سے متعلق غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے، یہ کہنا درست نہیں کہ گاندھی جی نے انگریزوں کے خلاف عدم تشدد پر مبنی باغیانہ تحریک چلانے کا پروگرام بنا لیا ہے

میں اعتراف کرتا ہوں، مہادیو ڈیسائی کے بیان نے مجھے متحیر کر دیا، یہ واقعہ ہے کہ گاندھی جی نے جواہر لال کا فقرہ پکڑ لیا اور عدم تشدد پر مبنی انقلاب کی باتیں شروع کر دیں۔ ممکن ہے اس لفظ کا کوئی خاص مفہوم ان کے دماغ میں موجود ہو لیکن عوام کا تعلق جہاں تک ہے انہوں نے اس لفظ کا مطلب یہی لیا کہ کانگریس نے فیصلہ کر لیا ہے کہ عدم تشدد کا راستہ ترک کر کے انگریزوں کو اختیارات حکومت سے دست بردار ہونے پر مجبور کر دیا جائے۔ (۲)

شرکتِ جنگ کے لئے گاندھی جی تیار

(۱۹۴۲ء گاندھی جی رہا ہو چکے ہیں، اپنے سابقہ اعلانات کے برعکس "دی نیوز کرانیکل" لندن میں اعلان کرتے ہیں کہ اگر ہندوستان آزاد کر دیا جائے تو وہ مساعیٔ جنگ میں برطانوی حکومت سے پورا پورا تعاون کرے گا۔)

میں یہ کہے بغیر کسی طرح بھی نہیں رہ سکتا کہ تشدّد اور عدم تشدد کے مسئلہ پر گاندھی جی کے مقرب بارگاہ متبعین تک میں تلبّط ماہیت کا منظر میں نے دیکھا، سردار پٹیل، ڈاکٹر راجندر پرشاد، اچاریہ کرپلانی اور ڈاکٹر پرفلا گھوش نے اس وقت فوراً اپنا استعفا پیش کر دیا تھا۔ جب کانگرس ورکنگ کمیٹی نے ایک تجویز منظور کی تھی کہ اگر ہندوستان آزاد کر دیا جائے تو مساعیٔ جنگ میں ہندوستان پورا پورا تعاون کرے گا۔ ان حضرات نے اپنے خط میں مجھے لکھا تھا کہ عدم تشدد ان کی نظر میں ایک عقیدہ کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ عقیدہ ہندوستان کی آزادی سے بھی زیادہ عزیز ہے مگر ۱۹۴۷ء میں جب ہندوستان آزاد ہوا تو ان میں سے کسی نے بھی یہ نہیں کہا کہ ہندوستانی فوج منتشر کر دی جائے بلکہ اس کے برعکس انہوں نے اصرار کیا کہ ہندوستانی فوج بھی تقسیم کر دی جائے اور تقسیم شدہ ہندوستانی فوج فوراً گورنمنٹ آف انڈیا کے کنٹرول میں لے لی جائے۔ یہ اصرار اس تجویز کے بالکل برعکس تھا جو اس وقت کے کمانڈر انچیف نے پیش کی تھی۔ کمانڈر انچیف کی تجویز یہ تھی کہ تین سال تک مشترک فوج اور مشترک کمان کام کرتے رہیں۔ لیکن ان حضرات نے اس تجویز سے اتفاق نہیں کیا اگر عدم تشدد واقعی ان کا عقیدہ تھا تو انہوں نے اس گورنمنٹ کا بوجھ اپنے کندھوں پر کیوں اٹھایا۔ جو فوج پر ایک ارب روپیہ سالانہ سے

زیادہ خرچ کر رہی تھی بلکہ حقیقت نفس الامری یہ ہے کہ ان میں بعض حضرات مسلح افواج کے مصارف میں اضافہ کے، نہ کہ کمی کے خواہش مند تھے۔ اور آج وہ خرچ دو ارب روپیہ سالانہ سے زائد ہو چکا ہے۔ (۴۳)

۹۵-۹۴

مولانا کی ان تصریحات سے اندازہ ہوتا ہے کہ گاندھی جی، اور ان کے چوٹی کے متبعین، اور عام رہنمایان کانگریس "عدم تشدد" کے عقیدہ پر بے شک استوار تھے۔ لیکن صرف حسبِ ضرورت! یعنی اگر شکست کا اندیشہ ہو تو عدم تشدد کے پیکر، فتح کا امکان ہو تو تشدد کے اوتار۔ جو لوگ انگریزوں کی شمشیر و سناں اور توپ و تفنگ کے سامنے عدم تشدد کے پیرو تھے، جب ان کے قبضہ میں، شمشیر و سناں اور توپ و تفنگ کی قوت آئی، تو حیدر آباد و کشمیر، جونا گڑھ اور حریت طلب ناگا قبائل کے لئے وہ چنگیز و ہلاکو بن گئے۔ اقبال نے انگریزوں کی ہوس استعمار سے جل کر کہا تھا۔

چہرہ روشن اندروں چنگیز سے تاریک تر

لیکن اگر وہ کانگریسی سامراج کے کرشمے دیکھنے کے لئے زندہ رہتے تو یہی بات کانگریس کے لئے کہتے۔

اب ذرا مولانا کی تصریحات بالا سے متعلق کچھ تشریحات پیش کروں گا۔

(۱)

گاندھی جی سبھاش چندر بوس کے پرانے حریف و رقیب تھے، بوس جواہر لال کی طرح نیاز مند نہ تھے۔ خودی اور خود شناسی کے جوہر سے بہرہ ور تھے، گاندھی جی کے مسلک کے خلاف انہوں نے ہندوستان سے

فرار اختیار کی افغانستان سے ہوتے ہوئے جرمنوں کے کیمپ میں پہنچ گئے، آزاد ہند فوج بنائی اور ہندوستان پر حملہ کی تیاریاں شروع کردیں، ان حالات میں گاندھی جی نے حسب معمول پلٹا کھایا اور بوس کی متشددانہ سرگرمیوں کے ہمنوا ہو گئے۔ کیونکہ ہندوستان کی رائے عامہ یہی تھی اور انگریزوں پر دباؤ اسی طرح پڑ سکتا تھا کہ سوبھاش کے تشدد اور گاندھی کے عدم تشدد میں سے جو چیز چاہیں منتخب کرلیں۔ ان دو کے علاوہ تیسری چیز نہیں تھی۔

(۲)

صرف عوام ہی نے نہیں خواص نے بھی مطلب یہی نکالا اور گاندھی جی کے الفاظ کا مطلب بھی یہی تھا کہ اب بغاوت ہوگی، عدم تشدد در پیش ہوجائے گا، اور تشدد کی کارکردگی شروع ہوجائے گی۔ اور بعد میں ان کانگریسیوں کے ہاتھوں کون سی منزل تھی تشدد کی جو سر نہ ہوئی؟

حکومت ہند نے گاندھی جی کے متشددانہ بیانات، بغاوت، انقلاب اور خون کی ندیوں سے متعلق بیانات کا ایک دلچسپ مجموعہ ایک ضخیم کتاب کی صورت میں شائع کیا تھا، جس میں تفصیل سے گاندھی جی کی خوئے تشدد پسندی آشکارا کی گئی تھی، اور ان کے اقوال زریں بسط و تفصیل سے اس میں درج کئے گئے تھے۔

(۳)

یہ بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ کانگریس نے عدم تشدد کی پالیسی صرف حسب ضرورت و مصلحت اختیار کی، خود گاندھی جی کا رویہ بھی یہی رہا، مولانا کو حیرت اس پر ہے کہ یہ حضرات اس آسانی سے اپنے خیالات میں تبدیلی اپنے

عقائد میں تغیّر اور اپنے ملک میں انقلاب کس طرح پیدا کر لیتے تھے؛ اور ہم کو اس پر حیرت ہے کہ مولانا ان تلون کیشوں کے ساتھ کس طرح ساری زندگی نباہ لے گئے؟

باب ۵

کانگرس اور گاندھی جی سے میرے اختلاف

تریاقِ زہر آلود گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ سنہ ۱۹۳۵ء نے صوبائی آزادی کا موقع بہم پہنچایا تھا۔ لیکن یہ تریاق زہر آلود تھا، مخصوص اختیارات گورنروں کے ہاتھ میں تھے۔ وہ جب چاہتے ہنگامی صورتِ حال کا اعلان کر سکتے تھے اور اس اعلان کے ساتھ دستور معطل کر دینے اور سارے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لینے کا انہیں حق بھی حاصل تھا۔ گویا صوبوں میں جمہوریت گورنروں کے رحم و کرم پر تھی، پھر جہاں تک مرکزی حکومت کا تعلق تھا حالت اس سے بھی بدتر تھی۔ پوری کوشش دو عملی قائم رکھنے کی حکومت نے کی تھی۔

گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے نقائص نہ صرف یہ کہ مرکزی حکومت ایک کمزور وفاق ہوتی ایک مصیبت یہ بھی تھی کہ والیانِ ریاست اور دوسرے مفادات کو پاسنگ دے کر اسے بھی بے کار کر دیا گیا تھا۔ کھلی ہوئی بات تھی کہ والیانِ ریاست برطانوی حکام ہی کا ساتھ دیتے۔

کانگرس کا اختلاف لہٰذا یہ کوئی تعجب خیز بات نہ تھی کہ کانگرس جو آزادیٔ کامل کی جدوجہد کر رہی تھی

ان انتظامات کو قبول نہیں کر سکتی تھی۔ کانگرس نے واضح الفاظ میں مجوزہ مرکزی وفاق کی مخالفت کی تھی۔ ایک عرصہ دراز تک ورکنگ کمیٹی ہی مجوزہ صوبائی اصلاحات کی مخالفت کرتی رہی تھی۔ کانگرس کا ایک بڑا گروہ سرے سے انتخابات میں حصہ لینے ہی

کا مخالف تھا، لیکن میری رائے بالکل مختلف تھی۔ میرا خیال تھا کہ انتخابات کا مقاطعہ کرنا غلطی ہے۔ اگر کانگرس نے ایسا کیا تو ناپسندیدہ عناصر مرکزی اور صوبائی مجالس آئین ساز پر قابض ہو جائیں گے۔ وہ جو کچھ کہیں گے ترجمانِ قوم کی حیثیت سے کہیں گے۔ علاوہ ازیں الیکشن کی مہم نے عوام کی سیاسی تربیت کا ایک بہترین موقع فراہم کر دیا ہے آخر کار میری رائے مان لی گئی، کانگرس نے انتخابات میں حصہ لیا جس کے شاندار نتیجہ کی طرف میں اشارہ کر چکا ہوں۔ (۱)

(۱۳)

کانگرس کی قیادت کا باہمی اختلاف

اب صورتِ حال یہ تھی کہ کانگرس کی قیادت اختلافِ باہمی کا شکار ہو رہی تھی۔ نئے اختلافات پیدا ہوئے، ایک گروہ وزارت قبول کرنے کا مخالف تھا، اس کا خیال تھا کہ گورنروں کے مخصوص اختیارات کی موجودگی میں صوبائی آزادی کا تصور ایک مذاق سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ اس کا یہ خیال بھی تھا کہ کانگرس کو مجالسِ آئین ساز کے اندر پہنچ کر اس آئین کی دھجیاں اڑا دینی چاہئیں نہ کہ وزارت قبول کر کے اسے کامیاب بنانا میری رائے اس معاملے میں بھی مختلف تھی، میرا خیال تھا کہ گورنروں سے کانگرسی وزارت کی ٹکر کے مسئلے پر اس وقت غور کیا جائے جب یہ اندیشہ واقعہ کی صورت اختیار کر لے۔

تاریخی فیصلہ

لیکن جب وائسرائے نے یہ یقین دلا دیا کہ گورنر کانگرسی وزارتوں کے معاملات میں مداخلت نہیں کریں گے تو ورکنگ کمیٹی کے بعض ممبروں کی رائے بدل گئی، وہ وزارت قبول کرنے پر تیار ہو گئے لیکن مشکل یہ تھی کہ کانگرس اتنی پُرزور اور مسلسل مخالفت گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی کر چکی تھی کہ کوئی شخص بھی یہ تجویز پیش کرنے کی جرأت اپنے اندر نہیں پاتا تھا۔ جواہر لال صدر کانگرس تھے

وہ اتنے واضح الفاظ میں وزارت قبول کرنے کی مخالفت کرتے رہے تھے کہ اب ان کا وزارت قبول کرنے کی تجویز پیش کرنا بہت مشکل تھا۔ واردھا میں جب ورکنگ کمیٹی کا جلسہ ہوا تو میں نے دیکھا کہ میرے رفقا حقائق کا مقابلہ کرنے میں متامل اور متذبذب نظر آرہے تھے۔ لہٰذا میں نے بے جھجک تجویز پیش کردی کہ کانگرس کو وزارت قبول کرلینی چاہیئے۔ کچھ بحث مباحثے کے بعد گاندھی جی میری تائید میں ہو گئے۔ اور کانگرس نے صوبوں میں وزارتیں قبول کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ یہ ایک تاریخی فیصلہ تھا، کیونکہ اب تک کانگرس منفی پالیسی پر عمل پیرا اور ذمہ داریاں قبول کرنے سے گریز کررہی تھی۔ لیکن اب پہلی مرتبہ کانگرس نے ایک مثبت رویّہ اختیار کیا تھا اور حکومت کا بار اٹھا لینے پر آمادہ ہوگئی تھی۔

(صفحہ ۱۳۱، ۱۵۷)

دوسری عالمگیر جنگ

یہ بات روز بروز واضح تر ہوتی چلی جارہی تھی کہ عالمگیر جنگ اب کسی کے روکے نہیں رک سکتی جرمن ریش (Reich) سے آسٹریا کا الحاق سڈیٹن لینڈ کے مطالبے کے فوراً بعد عمل میں آگیا تھا مسٹر چیمبرلین نے ڈرامائی انداز میں جب میونخ کا سفر کیا تو بہ ظاہر برطانیہ اور جرمنی میں سمجھوتہ ہوگیا۔ اور چیکوسلواکیہ کا ایک حصہ بغیر جنگ کے جرمنی کے حصے میں آگیا۔ بہ ظاہر ایسا معلوم ہورہا تھا جیسے جنگ کا خطرہ ٹل گیا۔ لیکن بعد کے واقعات نے ثابت کردیا کہ میونخ کا معاہدۂ امن عالم کے لئے سازگار نہیں ثابت ہوا، بلکہ اسکے برعکس اُس نے جنگ کو اور زیادہ قریب کردیا۔ چنانچہ اس معاہدہ کے ایک سال کے اندر اندر برطانیہ کو جرمنی کے خلاف اعلانِ جنگ کرنے پر مجبور ہو جانا پڑا۔

گاندھی جی کی روش سے اختلاف

گاندھی جی نے ورکنگ کمیٹی کو مشورہ دیا کہ بین الاقوامی بحران کے اس موقع پر ہندوستان کا موقف واضح

کرے۔ گاندھی جی کی رائے یہ تھی کہ کسی حالت میں بھی ہندوستان کو شریکِ جنگ نہیں ہونا چاہیئے۔ اگرچہ اس شرکت کے صلے میں ہندوستان کو آزادی ہی کیوں نہ ملتی ہو۔ میں اس معاملے میں گاندھی جی کا ہمنوا نہ تھا۔ میرا خیال یہ تھا کہ یورپ دو ٹکڑوں میں بٹ چکا ہے، ایک طرف نازیت اور فسطائیت ہے دوسری طرف جمہوری عناصر! ان دونوں کی کش مکش میں اگر ہندوستان کو آزادی سے ہمکنار ہونا ہو تو اُسے جمہوری عناصر کا ساتھ دینا چاہیئے۔

(ص ۲۴، ۲۵)

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مولانا ابوالکلام اپنی انفرادیت، ہر جگہ اور ہر حالت میں، اور ہر ایک کے سامنے قائم رکھتے تھے، ہر مسئلے پر وہ اپنی ایک مخصوص رائے رکھتے تھے۔ اور یہ رائے کسی کی نیاز مندی یا تقلید یا رعب کی بنیاد پر قائم نہیں ہوتی تھی۔ بلکہ سوچ سمجھ کر تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد وہ کوئی رائے قائم کرنے کے عادی تھے۔

عام طور پر یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ گاندھی جی اور جواہرلال کے اقوال کو

گفتۂ او، گفتۂ اللہ بود

سمجھا کرتے تھے لیکن یہ غلط ہے، جواہرلال ہوں یا گاندھی جی یا کوئی اور صاحب وہ دوسروں کو اپنی رائے کا تابع بنانے کی کوشش ضرور کرتے تھے۔ لیکن خود دوسروں کی متابعت کریں یہ بات اُن کی فطرت سے بعید تھی۔

وہ کانگرس میں خدمات اور قربانی کے اعتبار سے گاندھی جی سے بھی ٹکر لے سکتے تھے۔ جواہرلال یا دوسروں کا کیا ذکر، اُن کی زبردست فکر رسا اور نگاہِ بلند کا اندازہ کرنا ہو تو صرف اس گفتگو کا مطالعہ کر لینا کافی ہوگا جو انھوں نے سر اسٹیفرڈ کرپس سے جب وہ "کرپس مشن" پر ۱۹۴۲ء میں دہلی تشریف لائے تھے، کی تھی، حیرت ہوتی ہے کہ عالمی سیاست

کے الجھے ہوئے مسائل پر دستورِ ہند کے پُرپیچ مرحلوں پر مجوزہ برطانوی دستور کے آئینی مضمرات و مندرجات پر یہ گفتگو وہ شخص کر رہا ہے جس نے کسی کالج کی یونیورسٹی سے نہ سیاسیات کا درس لیا ہے نہ کسی دار العلوم اور دار الفنون کا متعلم رہ چکا ہے، جس نے جو کچھ پڑھا، جو کچھ سیکھا، جو کچھ حاصل کیا۔ وہ اپنے گھر میں، اپنے مطالعے سے اپنے مشاہدہ کے بل پر جو ٹھوس اور خالص آئینی و دستوری اعتراضات گاندھی جی اور جواہر لال کو بھی نہیں سوجھے تھے اس نے بین الاقوامی سیاست کے ایک نامور کھلاڑی کو زچ کر دیا

لیکن مولانا آزاد کی یہ بدقسمتی تھی کہ وہ مسلمان تھے اس لئے وہ بہترین دلائل سے مسلح ہونے کے باوجود ہمیشہ شکست خوردہ رہتے۔ اُن کی خودنوشت سے اندازہ ہوتا ہے کہ اکثر و بیشتر انھیں کانگرس ہائی کمان سے بنیادی معاملات و مسائل میں اختلاف کرنا پڑا اور بعد میں ان کی رائے مان بھی لی گئی، لیکن اس وقت جب گاندھی جی نے ساتھ دیا، یا جواہر لال نے ان کی پشت پناہی کی۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے ۱۹۲۴ء میں کانگرس کا سالانہ سیشن بمبئی میں ورلی کے میدان میں منعقد ہوا۔ موجودہ صدر جمہوریۂ ہند راجندر پرشاد صدر اجلاس تھے۔ میں روزنامہ "خلافت" کا چیف اڈیٹر تھا۔ مجھے نہ صرف اس اجلاس میں شرکت کا بلکہ ڈائس کے بالکل قریب بیٹھنے اور ورکنگ کمیٹی مجلس مضامین (سبجیکٹس کمیٹی) اور عام اجلاس کی کارروائیوں کے مشاہدہ کا موقع ملا۔

کھلے اجلاس میں پیش ہونے والی ہر تجویز کے لئے ضروری تھا وہ مجلسِ مضامین کے مرحلے سے پہلے گزرے یہاں گاندھی جی ایک گوشے میں بیٹھے چرخہ کات رہے تھے سردار پٹیل اپنی گھنی اور بڑی مونچھوں سے کھیل رہے تھے اور قہقہے لگا رہے تھے۔ مسز سروجنی نائیڈو بڑی سنجیدگی سے اپنے ہمعصر لیڈروں پر فقرے چُست کر رہی تھیں۔ ان فقروں سے وہ خود کم لطف اندوز ہوتی تھیں دوسرے زیادہ، مولانا آزاد مسند پر

پر ایک تکیئے سے ٹیک لگائے بیٹھے تھے۔ اور مسز نائیڈو کی شوخی اور بذلہ سنجی سے وقار و تمکنت کے ساتھ لطف اندوز ہو رہے تھے۔

مجلس مضامین جو تجویز زیر بحث لاتی تھی اگر اس کی تحریک و تائید کسی ہندو لیڈر کی طرف سے ہوتی تھی تو بسر و چشم قبول کر لی جاتی تھی، خواہ اس کی تقریر کتنی ہی پھس پھسی اُس کے دلائل کتنے ہی لبودے اور اس کا انداز بیان کتنا ہی لچر ہو حاضرین ہمہ تن گوش ہو کر اُس کے فرمودات سُنتے تھے۔ لیکن جب مولانا آزاد کسی تجویز کی تحریک یا تائید کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ حاضرین ان کی خطابت سے متاثر ہیں نہ ذہانت سے وہ صرف یہ چاہتے تھے کہ بس تقریر ختم ہو جائے، بعض لوگ تو تقریر سُننے کے بجائے گپ بازی میں معروف ہو جاتے تھے اور مولانا کی تقریر کے بعد جدھر چاہتے تھے ہاتھ اٹھا دیتے تھے۔

ان حالات میں مولانا کا کانگرس میں شامل رہنا بڑے دل گردہ کا کام تھا لیکن اُن کے پائے ثبات میں جنبش نہ آئی۔ مزید حیرت اس پر ہے کہ وہ اختلافات بھی کرتے تھے۔ تو کسی نہ کسی بڑے ہندو لیڈر کی آڑ لے کر، کبھی گاندھی جی کا سہارا لے کر کبھی سی آر داس موتی لال یا جواہر لال کے سہارے تب اپنا اختلاف منوا پاتے تھے۔

اس موضوع پر ہم نے مولانا کے جن خیالات کو پیش کیا ہے انہیں بعض پہلو تشنہ گفتگو ہیں ان پر گفتگو ضروری ہے۔

(۱)

اس زمانے میں کانگرس کے اندر دو گروہ تھے۔ ایک وہ جو گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ تباہ (Wreck) کرنا چاہتا تھا، دوسرا وہ جو (Work) عمل میں لانا چاہتا تھا مولانا آخری گروہ سے تعلق رکھتے تھے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ مولانا ان لوگوں میں تھے جو Work کر کے اُسے Wreck کرنا چاہتے تھے۔ حیرت اس پر ہے کہ مولانا کے ذہن رسا نے یہ کیوں نہیں سوچا کہ ان اُنجمنوں میں پڑنے کے بجائے بہترین

راہِ عمل یہ ہے کہ ہندوستان کی دو بڑی قومیں خود باہمی اشتراک و تعاون سے اپنا دستور بنائیں اور اُسے حکومت برطانیہ کے سامنے پیش کر کے اُس سے مطالبہ کریں کہ یہ ہے ہمارا دستور جسے تم منظور کرنے پر مجبور ہو۔

۱۹۲۵ء میں لارڈ برکن ہیڈ وزیر ہند نے ہندوستان کو چیلنج دیا تھا کہ ہم ہندوستان کو آزاد کرنے پر تیار ہیں لیکن جو ہندوستان اپنے باہمی اختلافات رفع کر کے ایک متفقہ دستور ہی نہیں بنا سکتا وہ آزاد ہندوستان کا انتظام کیا کر پائے گا۔

برکن ہیڈ کے ان الفاظ پر کانگرس، خلافت اور مسلم لیگ کے لیڈر، گاندھی جی، محمد علی، شوکت علی اور مسٹر جناح بہت بگڑے تھے۔ کانگرس نے تو پنڈت موتی لال نہرو کی زیر صدارت ایک کمیٹی بھی بنادی جس کا کام یہ تھا کہ "متفقہ دستور ہند" تیار کرے۔ اس کمیٹی کے مسلمان ممبروں میں شعیب قریشی بھی شامل تھے۔ پھر بعد میں خلیق الزماں اور تصدق احمد خاں شروانی بھی شامل کر لئے گئے۔ لیکن یہ کمیٹی متحدہ و متفقہ دستور تو کیا بناتی خود باہمی اتفاق بھی قائم نہ رکھ سکی۔ ہندو ممبر الگ، مسلم الگ، سکھ الگ لیکن گاندھی جی بضد تھے کہ یہ ہندوستان کا متفقہ دستور ہے۔ چنانچہ کانگرس نے اختلافات کے نعروں میں یہ "**متفقہ دستور ہند**" منظور کر لیا۔

بلائے جان ہے غالبؔ اس کی ہر بات

۱۹۲۴ء سے لے کر ۱۹۴۷ء تک آزادئ ہند کی منزل تک پہنچنے کے لئے "متفقہ دستور ہند" کی حسب ذیل کوششیں عمل میں آئیں:

(۱) ۱۹۲۴ء ——— گاندھی جی کا ۲۱ روزہ برت، مولانا محمد علی کے مکان پر دہلی میں۔

(۲) ۱۹۲۶ء ——— شملہ یونٹی کانفرنس شملہ۔ نواب سلطان جہاں بیگم والی بھوپال کی اس اجتماع کے سامنے تقریب اتحاد کی ضرورت پر ایک دل ہلا دینے والی تقریر

کی۔

(۳) ۱۹۲۷ء ـــــــ مسٹر جناح کے مشہور چودہ نکات، جنہیں انفرادی طور پر کانگرس لیڈروں نے، اور اجتماعی طور پر مسلم زعماء نے منظور کیا۔

(۴) ۱۹۲۸ء ـــــــ ہندو کمیٹی (لکھنؤ)

(۵) ۱۹۲۸ء ـــــــ کانگرس کی زیر سرپرستی نیشنل کنونشن کا انعقاد (کلکتہ)

(۶) ۲۹-۱۹۲۸ء ـــــــ حکومت برطانیہ کا قائم کردہ اصلاحات سیاسی کا کمیشن جس کے صدر لارڈ سائمن تھے۔ اور جو سائمن کمیشن کے نام سے مشہور تھا۔

(۷) ۲۹-۱۹۲۸ء ـــــــ نائر کمیٹی، سائمن کمیشن کی ذیلی کمیٹی، جس کے صدر سر شنکرن نائر تھے۔ اور ممبروں میں جیکر اور سپرو جیسے لوگ شامل تھے۔

(۸) ۱۹۲۹ء ـــــــ مسلم کانفرنس، دہلی میں سر آغاخاں کی زیر صدارت۔

(۹) ۳۱-۱۹۳۰ء ـــــــ گول میز کانفرنس لندن ـــ جس میں ہندوستان کی سیاسی جماعتیں شریک ہوئیں۔ کانگرس کی طرف سے گاندھی جی اور مسز نائیڈو نے شرکت کی۔

(۱۰) ۱۹۳۲ء ـــــــ یونٹی کانفرنس الہ آباد۔

(۱۱) ۱۹۳۳ء ـــــــ یونٹی کانفرنس کلکتہ۔

(۱۲) ۱۹۳۴ء ـــــــ "جناح راجندر پرشاد مذاکرات" بمبئی میں۔

(۱۳) ۱۹۳۵ء ـــــــ جناح جواہر لال مراسلت، پھر ملاقات۔

(۱۴) ۱۹۳۶ء ـــــــ جناح گاندھی خط و کتابت، پھر ملاقات۔

(۱۵) ۱۹۳۷ء ـــــــ جناح بوس ملاقات۔

(۱۶) ۱۹۳۸ء ـــــــ جناح جواہر لال ملاقات۔

(۱۷) ۱۹۳۹ء ـــــــ گاندھی لن لتھگو ملاقات۔

(۱۸) سنہ ۱۹۳۹ء ——— جناح لن لتھ گو ملاقات ۔

(۱۹) سنہ ۱۹۴۰ء ——— روزویلٹ چرچل گفتگو (خفیہ)

(۲۰) سنہ ۱۹۴۱ء ——— چرچل حکومت اور حکومت چین کا تبادلہ خیال (خفیہ)

(۲۱) سنہ ۱۹۴۲ء ——— چیانگ کائی شیک متحدہ چین کے سربراہ مملکت کا
کلکتہ اور دہلی میں ورود، آزادی ہند اور اقوام ہند کی مفاہمت باہمی پر جواہر چیانگ
بھی گاندھی چیانگ ملاقات ۔

(۲۲) سنہ ۱۹۴۲ء ——— کرپس مشن ۔

(۲۳) سنہ ۱۹۴۲ء ——— صدر روزویلٹ کی اپیل کانگرس سے کہ تجاویز کرپس
قبول کر کے آزادی ہند کی طرف قدم بڑھانا چاہیئے ۔

(۲۴) سنہ ۱۹۴۴ء ——— سپرو کمیٹی ۔ سر تیج بہادر سپرو کی قائم کردہ دستوری کمیٹی ۔

(۲۵) سنہ ۱۹۴۴ء ——— گاندھی جناح ملاقات اور خط و کتابت ۔

(۲۶) سنہ ۱۹۴۴ء ——— جناح راجہ جی ملاقات ۔

(۲۷) سنہ ۱۹۴۵ء ——— لیاقت ڈیسائی فارمولا ۔

(۲۸) سنہ ۱۹۴۵ء ——— ویول پیش کش، شملہ کانفرنس، ویول کی گاندھی جی،
جواہر لال، ابوالکلام آزاد، قائد اعظم وغیرہ سے گفتگو اور تبادلۂ خیال ۔

(۲۹) سنہ ۱۹۴۵ء ——— "جناح پنت" گفتگو ۔

(۳۰) سنہ ۱۹۴۵ء ——— سپرو کمیٹی کی رپورٹ ۔

(۳۱) سنہ ۱۹۴۶ء ——— کابینہ وفد کی آمد، تبادلۂ خیالات، سفارشات ۔

(۳۲) سنہ ۱۹۴۶ء ——— مسٹر اٹیلی وزیر اعظم برطانیہ کی دعوت پر جواہر لال اور
قائد اعظم کا سفر لندن، آخری کوشش ۔

(۳۳) سنہ ۱۹۴۷ء ——— نئے وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی آمد، کانگریس اور

اور لیگی لیڈروں سے مذاکرات ۔

(۳۴) ۱۹۴۷ء ــــــ ماؤنٹ بیٹن پلان ــ تقسیمِ ہند ۔

گویا ۲۴ سال میں ۳۴ مرتبہ متحدہ دستورِ ہند بنانے کی ذمہ دار لوگوں نے کوشش کی ۔ مگر ہر مرتبہ وہ کانگرس کی ضد اور خود غرضی پر قربان ہو گئی ۔ جو کانگرس خود اپنے لئے حقِ خود اختیاریت کی بجا لمتی، کامن ویلتھ میں شرکت تک کے لئے خود اختیاریت کا حق حاصل کرنا چاہتی تھی وہ نو کروڑ آبادی رکھنے والی ایک قوم کو زبردستی اپنے ساتھ رکھنے پر مُصر تھی ۔ یہ کانگریس لاکھوں کی آبادی رکھنے والے ممالک کی آزادی تسلیم کرتی تھی لیکن اُسے یہ گوارا نہ تھا کہ نو کروڑ کی آبادی رکھنے والی ایک قوم حقِ خود اختیاریت سے بہرہ اندوز ہو ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ متحدہ دستورِ ہند نہیں بنا سکی ۔

دستور ہے، دو جُداگانہ اور نئی مملکتوں کے ــــــ ایک ہندوستان کا ایک پاکستان کا ــــــ پاکستان :

زباں پہ بارِ خدایا یہ کس کا نام آیا ،
کہ میرے نطق نے بوسے مری زباں کیلئے !

کرپس ہندوستان میں

دوسری جنگ عظیم کے شروع ہوتے ہی سر اسٹیفرڈ کرپس نے ہندوستان کا دورہ کیا۔ اس زمانہ میں انہوں نے مجھ سے متعدد ملاقاتیں کیں۔ اور ہم نے متعدد امور پر تبادلہ خیالات کیا۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے دورانِ انعقاد میں وہ واردھا آئے اور کئی دن تک وہاں مقیم رہے۔ مساعی جنگ میں ہندوستان کی شرکت قدرتی طور پر ہمارے موضوع گفتگو کا اہم ترین عنوان تھا۔ میں نے انہیں یقین دلایا کہ اگر ہندوستان آزاد ہو گیا تو سارا ملک مساعی جنگ میں دل و جان سے حصہ لے گا۔ سر اسٹیفرڈ کرپس نے مجھ سے دریافت کیا کہ ایسے ہنگامی حالات میں کیا ہندوستان فوج میں جبری بھرتی کو بھی قبول کر لے گا؟ میں نے جواب دیا ہم اس کا خیر مقدم کریں گے۔ اور اسے ملحوظ رکھیں گے کہ ہندوستان کی شرکتِ جنگ مکمل اور بامعنی ہو۔ (۱)

وزارت جنگ کا فیصلہ

میں واردھا میں تھا کہ وائسرائے کا ایک ٹیلی گرام ملا جس میں لکھا تھا، برطانیہ کی وزارت جنگ نے فیصلہ کیا ہے کہ سر اسٹیفرڈ کرپس ہندوستان کے سامنے تجاویز مفاہمت پیش کریں، لہذا مجھے

دلی پہنچ جانا چاہیئے ؟ میں نے دعوت قبول کر لی۔

(ص ۴۶-۴۷-۴۸)

سر اسٹیفرڈ کرپس سے میری ملاقات ۲۹ مارچ ۱۹۴۲ء

سرکرپس سے پہلی ملاقات کو تین بجے سہ پہر کے وقت ہوئی۔ انہوں نے اپنی تجاویز پیش کرتے ہوئے مجھ سے کہا کہ وہ ان پر بحث و گفتگو اور اگر ضرورت ہو تو ان کی تشریح و توضیح کیلئے تیار ہیں۔ ان تجاویز کی رو سے وائسرائے کی ایگزیکیٹو کونسل کی از سر نو تشکیل عمل میں آتی۔ موجودہ ممبران ایگزیکیٹو کونسل کو مستعفی ہونا پڑتا۔ کانگرس اور دوسری نمائندہ سیاسی جماعتوں کے نامزد اصحاب ممبر بنا لیئے جاتے۔ دوران جنگ تک یہی کونسل کام کرتی، اختتام جنگ کے بعد برطانوی حکومت ---- کا عہد تھا کہ آزادیٔ ہند کا مسئلہ فوراً طے کر دیا جائے گا۔

مجوزہ ایگزیکیٹو کونسل ان تجاویز کی رو سے ایگزیکیٹو کونسل انگریز ممبروں کی بجائے صرف ہندوستانی ممبروں پر مشتمل ہوتی۔ انگریز افسران سیکرٹری کی حیثیت سے کام کرتے، نہ کہ ممبران کونسل کی حیثیت سے۔ تا اختتام جنگ نظام حکومت میں بہرحال کوئی تبدیلی نہ ہوتی۔

سوال و جواب میں نے سر اسٹیفرڈ سے دریافت کیا کہ ایگزیکیٹو کونسل میں وائسرائے کی حیثیت کیا ہوگی؟ سر اسٹیفرڈ نے جواب دیا وائسرائے ویسے ہی دستوری سربراہ حکومت ہوں گے جیسے انگلستان میں بادشاہ! ہر طرح کے شبہات رفع کرنے کے خیال سے میں نے کہا تو اس کی توثیق کیجیئے کہ دستوری سربراہ حکومت کی حیثیت سے وائسرائے کونسل کے مشورے قبول کرنے کا پابند ہوگا۔ کرپس نے کہا کہ مطلب یہی ہے۔ میں نے دوبارہ سوال کیا۔ بنیادی سوال یہ ہے کہ اقتدار کا استعمال کون کرے گا، مجوزہ کونسل یا وائسرائے؟ سر اسٹیفرڈ نے کہا۔ اقتدار و اختیار

اسی طرح کونسل کے ہاتھ میں ہوں گے جیسے انگلستان میں برطانوی کابینہ کے ہاتھ میں ہوتے ہیں۔ میں نے دریافت کیا اس خاکہ میں انڈیا آفس کی حیثیت کیا ہو گی؟ اسٹیفرڈ نے کہا یہ سوال تفصیل طلب ہے جس پر انہوں نے ابھی غور نہیں کیا لیکن مجھے یقین دلایا کہ اس سلسلہ میں کانگریس کے جو خیالات ہوں گے ان کا پورا پورا لحاظ رکھا جائے گا۔ بعد میں کچھ سوچ کر سر اسٹیفرڈ نے یہ اضافہ کیا، کہ انڈیا آفس قائم رہے گا۔ وزیر ہند بھی موجود رہے گا لیکن اس کی پوزیشن ڈومینین سیکرٹری کی ہوگی۔

ہماری پہلی ملاقات خوشگوار اور پر امید ماحول میں ختم ہوئی

(صفحہ ۴۹)

گاندھی جی سے نوک جھونک

ملاقات کے دوران میں گاندھی جی اور کرپس کے مابین نوک جھونک بھی ہوئی لیکن خالص دوستانہ انداز میں۔

گاندھی جی نے کہا۔ یہ تجاویز اس قدر خشک اور بے لچک ہیں کہ بمشکل گفت و شنید کی گنجائش باقی رہ جاتی ہے۔ پھر انہوں نے ہنستے ہوئے کرپس کو متنبہ کیا کہ میں رسی ڈھیلی چھوڑ رہا ہوں، انہیں ہوشیار رہنا چاہیئے" کرپس نے برجستہ کہا آپ جانتے ہیں میرے پاس اتنی لمبی رسی ہے جو آپ کے گلے کا پھندا بن سکتی ہے۔

(صفحہ ۵۰)

گاندھی جی حق خود ارادیت کے مخالف

گاندھی جی پہلے ہی دن سے کرپس تجاویز قبول کرنے کے مخالف تھے، میرا خیال ہے ان کا یہ رویہ تجاویز کی مخالفت پر نہیں، بلکہ جنگ سے نفرت پر مبنی تھا، تجاویز کا آخری حصہ بھی گاندھی جی کو پسند نہیں تھا۔ جس میں کہا گیا تھا کہ اختتام جنگ کے بعد کانگریس اور مسلم لیگ کو فرقہ وارانہ گتھی سلجھانے کا موقع دیا جائے

گا۔ (صفحہ ۵)

کرپس مشن کی ناکامی کا سبب کرپس مشن کی ناکامی نے ملک میں مایوسی اور بے حوصلگی کی ایک لہر پیدا کر دی۔ بہت سے لوگوں کا خیال تھا کہ چرچل کابینہ نے سر اسٹیفرڈ کو چین اور امریکہ کے دباؤ سے مجبور ہو کر بھیجا تھا۔ ورنہ حقیقتاً چرچل کا یہ ارادہ نہ تھا کہ وہ ہندوستان کی آزادی تسلیم کرلیں۔ بہت سی سیاسی پارٹیوں کو بحث و گفتگو میں شریک کرنے کا مدعا یہ تھا کہ باہر کی دنیا پر ثابت کیا جائے کہ کانگرس ہندوستان کی پورے طور پر نمائندگی نہیں کرتی اور ہندوستانیوں کی نا اتفاق وہ اصل سبب ہے جو انگریزوں کو اختیار حکومت منتقل کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔

(صفحہ ۷)

حق خود ارادیت پر غصہ کرپس تجاویز میں سب سے زیادہ دکھ دینے والی بات یہ تھی کہ صوبوں کو انڈین یونین میں شامل نہ ہونے کا حق دیا گیا تھا۔ گاندھی جی اس بات سے بہت آشفتہ خاطر تھے' انہوں نے سختی سے اس کی مخالفت کی' میں جب گاندھی جی سے کرپس کی پہلی ملاقات کے بعد ملا تو میں نے فوراً محسوس کرلیا کہ یہ تجاویز ان کے لئے قطعاً ناقابل قبول ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ اس طرح ہماری مشکلات میں اضافہ ہو جائے گا۔ اور فرقہ وارانہ مفاہمت ناممکن ہو جائے گی۔ (۲۱) (صفحہ ۵۸)

ہندو مسلم اتحاد آزادی کا ضامن ہے میں نے اس مسئلہ پر کرپس سے گفتگو کی' انہوں نے مجھے یقین دلایا کہ اگر

ہندو مسلم مفاہمت ہو جائے تو آزادیٔ ہند کا مسئلہ ابھی طے ہو سکتا ہے۔ (۴۳)

(صفحہ ۵۸)

مشن ناکام ہو گیا ۹ اور ۱۰ اپریل ۱۹۴۲ء کو افسوس کے ساتھ ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ کرپس تجاویز ہمارے لئے ناقابل قبول ہیں۔ (۴۴)

(صفحہ ۵۹)

مولانا آزاد کی ان آشریحات سے کئی امور پر روشنی پڑتی ہے :-

(۱)

گاندھی جی کی قیادت میں کانگریس کا اصول نہیں عقیدہ یہ تھا کہ وہ عدم تشدد کی پرستار ہے لیکن اختیارات حکومت کا وعدۂ فردا کر لیا جائے تو وہ اس سے دستبردار ہو سکتی تھی۔ اور نہ "جبری" فوجی بھرتی تک پر رضامند ہو سکتی تھی یعنی ہندوستان سے وعدہ نہ ہو تو جو لوگ فوج میں داخل ہوں غدار اور ہندوستان سے آزادی کا وعدہ کر لیا جائے ——— وعدۂ فردا ——— تو جو ہندوستان کی فوج میں جبری بھرتی سے انکار کرے وہ غدار اور وطن دشمن، جب تک آزادی کا وعدہ نہیں کیا جاتا، ہندوستان اتحادیوں کا دوست تھا لیکن محوریوں کا دشمن نہیں لیکن جب وعدہ کا پوسٹ ڈیٹیڈ چیک (POST DATED CHEQUE) دے دیا جائے تو اتحادی محبوب و مطلوب اور محوری مردود و معتوب،

تم ہی کہو کہ گزارہ صنم پرستوں کا
جو تم سے شہر میں ہوں ایک دو تو کیونکر ہو

(۲)

کانگرس کو تجاویز کرپس سے کوئی اختلاف نہ تھا اختلاف صرف اس بات پر تھا کہ **فوری طور پر نہیں دس سال کے بعد** بھی صوبوں کو حق خود اختیاری کیوں دیا گیا تھا' جو جماعت عدم تشدد کی پرستار تھی وہ جبراً دوسروں کو اپنے ساتھ رکھنے پر بضد تھی صوبوں سے حق خود ارادیت چھین لیا جاتا' یعنی ہندوستان کی اقلیتوں پر ہندو اکثریت کو حق خود ارادیت دے دیا جاتا' تو پھر'

ہم تمہارے' تم ہمارے ہو گئے

(۳)

سر کرپس نے صاف الفاظ میں کہہ دیا تھا کہ اگر ہندو مسلم مفاہمت ہو جائے' اگر کانگرس لیگ کے جائز مطالبات مان لے۔ تو ہندوستان کی آزادی کا مسئلہ چٹکی بجاتے میں حل ہو سکتا ہے' جنگ کے اس ہیجان کے دور میں برطانوی حکومت یہ حماقت نہیں کر سکتی کہ ہندوؤں کو خوش کرنے کے لئے' مسلمانوں کی دشمنی مول لے لے' لیکن کانگرس کا اصرار یہ تھا کہ' اقلیتوں کو ہماری تحویل میں دے دو' اس اصرار کی بنیاد حق و صداقت پر نہیں تھی۔ حق و صداقت پر ہوتی تو تقسیم ہند وہ کبھی قبول نہ کرتی' لیکن بعد میں اس نے کی۔ اس اصرار کی اصل وجہ صرف یہ تھی کہ ہندوستان سے سبھاش بابو فرار ہو کر محوریوں سے ساز باز کر کے گرفتار شدہ ہندوستانی سپاہیوں کو لے کر ہندوستان پر حملہ کی تیاریاں کر رہے تھے اور پھر مسٹر منشی (آزاد ہندوستان کے ایجنٹ جنرل حیدر آباد دکن' گورنر صوبہ یو پی) کانگرس سے مستعفی ہو کر مسٹر پٹیل کی پشت پناہی کے بل پر اکھنڈ ہندوستان" کے لئے برسر کار تھے۔ کانگرس کو یقین تھا کہ اگر ہندوستان کے اندر منشی کی اور ہندوستان سے باہر بوس کی تحریک کامیاب ہو گئی تو انگریز ختم ہو جائیں گے۔ لہٰذا اس فیصلہ کن وقت پر اس نے ہر اصول کو بالائے طاق رکھ کر ہند

امپیریلزم کے لئے جدوجہد شروع کر دی۔

سر کرپس کانگرس کے وفادار تھے وہ دار دھا میں گاندھی جی کے مہمان تک رہ چکے تھے وہ جب تجاویز کا تحفہ لے کر آئے تو کانگرس کے تمام لیڈروں نے گاندھی جی سمیت دیدہ ودل فرش کر دیئے۔ لیکن جب کانگرس کی ضد اور خود غرضی کے باعث کرپس مشن ناکام ہوا تو لندن جا کر کانگرس کے اس دوست اور یار غار نے جو بیان دیا اس کا پہلا جملہ یہ تھا۔

"کانگرس سب کچھ لے لینا چاہتی تھی اس لئے اس سے سمجھوتہ نہیں ہو سکا"

وہ گھوسے گئے کوچۂ دشمن سے نکل کر

باب ۶
شملہ کانفرنس

لارڈ ویول کا سفر لندن یورپ میں جنگ کی صورت حالات جیسے ہی بہتر ہوئی امریکہ نے برطانیہ پر زور دیا کہ ہندوستان کا مسئلہ حل کیا جائے۔ شاید یہی وجہ تھی کہ مئی ۱۹۴۵ء میں ہندوستان کے معاملات سلجھانے کے لئے لارڈ ویول لندن گئے۔ تاکہ وزیر ہند سے صلاح مشورہ کریں۔ طے یہ ہوا کہ ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے۔ یورپ میں تو اپریل ہی کے مہینہ میں عملی جنگ ختم ہو چکی تھی لیکن ایشیا میں اس کے ختم ہونے کے آثار نظر نہیں آرہے تھے۔ جاپان اب تک ایک بہت بڑے علاقے پر قابض تھا۔ سرزمین جاپان اب تک جنگ کی ہولناکیوں سے دوچار نہیں ہوئی تھی۔ امریکہ کا جہاں تک تعلق تھا جرمنی سے زیادہ جاپان کی شکست اس کیلئے اہمیت رکھتی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ جنگ یورپ ختم ہونے کے بعد صدر روز ویلٹ اور مارشل اسٹالن نے جاپان پر حملہ کرنے کا عہد کر لیا۔ امریکن محسوس کر رہے تھے کہ اگر ہندوستان محفوظ کر لیا جائے تو جاپان کی شکست بہت آسان ہو جائے گی۔ برما، سنگاپور اور انڈونیشیا پر اب تک جاپان کا قبضہ تھا۔ ان تمام رقبوں کی تجدید فتح میں ہندوستان سے غیر معمولی مدد مل سکتی تھی۔ اگرچہ یورپ میں ہٹلر کا جنازہ نکل چکا تھا۔ لیکن جاپان کی فوری شکست کے لئے ہندوستان کا تعاون لازمی تھا۔ (۱)

مسٹر ایمرے کا بیان مسٹر ایمرے وزیر ہند نے چودہ جون ۱۹۴۵ء کو پارلیمنٹ میں ایک بیان دیتے ہوئے کہا "ایک آزاد قوم کی حیثیت سے جنگ کے بارے میں ہندوستان کو فیصلہ کرنے کی پوری آزادی دی جائے گی"۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ کانگرس اور مسلم لیگ کے لیڈروں سے تشکیل حکومت کے سلسلہ میں درخواست کر رہے ہیں۔ (۲)

عام تاثر اس بیان نے ہندوستان پر عام تاثر یہ پیدا کیا کہ آخر کار ملک کی سیاسی گتھی حل ہونے کا وقت آ گیا۔ لوگوں نے محسوس کیا، کوئی وجہ نہیں ہے کہ کانگرس یہ پیش کش منظور نہ کرے۔ ہر روز سینکڑوں تار اور خطوط مجھے ملتے تھے جس میں زور دیا جاتا تھا کہ کانگرس کو یہ پیشکش منظور کر لینی چاہیئے۔ رہائی کے دوسرے روز شملہ کی راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں جو جون کو منعقد ہو رہی تھی وائسرائے کی طرف سے مجھے شرکت کا دعوت نامہ ملا۔ (۳)

(صہ ۱۰۱ - ۱۰۲ - ۱۰۳)

ویول تجاویز شملہ پہنچنے کے دوسرے روز میں وائسرائے سے ملا۔ وہ مہربانی سے پیش آئے اور مختصر طور پر وہ تجاویز انہوں نے میرے سامنے رکھیں جو برطانوی حکومت کی طرف سے لائے تھے۔ انہوں نے کہا دوران جنگ میں کوئی دوررس دستوری تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ لیکن وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل مکمل طور پر ہندوستانی ممبروں پر مشتمل ہو گی۔ اور وہ اس بات کی پوری کوشش کریں گے کہ ایسی روایت قائم کریں کہ وائسرائے ہمیشہ کونسل کے مشورہ پر کاربند رہا کرے۔ انہوں نے

مجھ سے اپیل کی کہ حکومت پر اعتماد کروں۔ یہ ان کی مخلصانہ تمنا تھی کہ جنگ کے ختم ہوتے ہی ہندوستان کا مسئلہ طے کر دیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ جنگ بہت جلد ختم ہوا چاہتی ہے۔ خود ہندوستان کے مفاد کا تقاضا یہ ہے کہ یہ پیشکش قبول کر کے وہ جنگ کو عقلمندانہ طور پر ختم کرانے کی جدوجہد میں پورا پورا تعاون کرے۔

پھر انہوں نے مسلم لیگ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا بہت ضروری ہے کہ کانگرس اور مسلم لیگ میں مفاہمت ہو جائے۔ میں نے واضح الفاظ میں وائسرائے کو بتا دیا کہ مسلم لیگ سے مفاہمت مشکوک ہے۔ جن لوگوں کا لیگ پر تسلط ہے وہ خیال کرتے ہیں کہ حکومت کی پشت پناہی انہیں حاصل ہے۔ لہٰذا وہ کوئی معقول بات تسلیم نہیں کریں گے۔ وائسرائے نے واضح الفاظ میں اس بات کی تردید کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہرگز لیگ کی پشت پناہ نہیں ہے۔ اگر مسلم لیگ کے لیڈر اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں تو اس کا جلد از جلد دفع ہو جانا بہتر ہے۔ انہوں نے مجھے یقین دلایا کہ حکومت پہلے بھی غیر جانبدار تھی اور آئندہ بھی غیر جانبدار رہے گی۔ (۴)

ویول کو خراج تحسین اس کے بعد وائسرائے نے برطانوی حکومت کے تجاویز کا تفصیل سے ذکر کیا۔ ان تجاویز پر میرا پہلا ردِعمل یہ تھا کہ مغز کے اعتبار سے یہ کرپس پیشکش سے کچھ زیادہ مختلف نہیں ہیں۔ لیکن ایک فرق بہرحال تھا۔ کرپس پیشکش کے وقت برطانوی حکومت ہندوستانی تعاون کی بری طرح محتاج تھی۔ اب یورپ میں جنگ ختم ہو چکی تھی۔ ہٹلر پر اتحادیوں نے فتح حاصل کر لی تھی۔ بایں ہمہ برطانوی حکومت اپنی پیشکش پر قائم تھی۔ تاکہ ہندوستان ایک صحت مند سیاسی فضا سے دوچار ہو۔ میں نے وائسرائے سے کہا کہ اگرچہ کانگرس نے مجھے با اختیار نمائندہ بنا کر بھیجا ہے لیکن اپنے رفقا سے مشورہ کئے بغیر میں کوئی قطعی جواب نہیں دے سکتا۔

چنانچہ میں ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ شملہ میں طلب کر رہا ہوں - اس کے بعد ہی ان تجاویز کے بارے میں کچھ کہہ سکوں گا لیکن میں نے لارڈ ویول کو یقین دلایا کہ میری بہترین کوشش کسی حل کو پیدا کرنا ہو گی نہ کہ مشکلات کو بڑھانا - (۵)

(ص ۱۰۶-۱۰۷)

تاریخ ہند میں پہلی مرتبہ ہندوستان کی سیاسی تاریخ میں شملہ کانفرنس ایک سنگ میل ثابت ہوئی - یہ پہلا موقع تھا کہ مصالحت کی گفت و شنید برطانیہ اور ہندوستان کے اختلافات کی بنیاد پر منقطع نہیں ہوئی - بلکہ اس کے انقطاع کا سبب فرقہ وارانہ اختلافات تھا - (۶)

(ص ۱۱۰)

سبب اختلاف میں نے کانگرس ورکنگ کمیٹی کو لارڈ ویول کی پیشکش منظور کرنے پر راضی کر لیا تھا - کیونکہ برطانیہ اور ہندوستان کے درمیان جو اختلاف تھے وہ قریب قریب طے ہو چکے تھے - کانفرنس کی ناکامی ایگزیکٹو کونسل میں فرقہ وارانہ نمائندگی کے تناسب پر اختلافات کے باعث ہوئی -

(ص ۱۱۲)

فہرست مرتب ہو گئی سیاسی معاملات پر اتفاق کے بعد ایگزیکٹو کونسل کی تشکیل پر اختلافات نمایاں ہوتے گئے - جب بنیادی اصول طے ہو گئے تو وقت آیا کہ کانگرس اور مسلم لیگ اپنے اپنے نمائندوں کے نام پیش کریں قدرتی طور پر کانگرس کی فہرست میں پہلا نام صدر کانگرس کا تھا - ہم نے جواہر لال اور سردار پٹیل کو بھی شامل کر لیا - باقی ماندہ دو ناموں کے لئے میرا اصرار تھا کہ ایک پارسی

اللہ ایک عیسائی لیا جائے ۔

(صفحہ ۱۱۲)

میری اس تجویز کا ماحصل یہ تھا کہ کانگرس کی طرف سے جو فہرست
یہ تھا ثبوت پیش کی گئی تھی ۔ اس میں صرف دو ہندو تھے ۔ یہ اس بات کا ثبوت
تھا ——— اگر ثبوت کی ضرورت ہو تو ——— کہ کانگرس صحیح معنی میں ایک قومی
تنظیم تھی ۔ (۷)

(صفحہ ۱۱۳)

شملہ کانفرنس کے بارے میں مولانا آزاد کے ارشادات "غلطیہا ئے مضامین"
کا مجموعہ ہیں ۔ ضروری ہے کہ اصل حقیقت پیش کر دی جائے ۔

(۱)

مولانا آزاد کا خیال یہ ہے کہ شملہ کانفرنس نتیجہ تھی امریکی اثر اور دباؤ کا، حالانکہ
یہ بالکل غلط ہے ۔ رہنمایان کانگرس جیل میں بند تھے، گاندھی جی بعض وجوہ سے رہا
کر دیئے گئے ۔ "ہندوستان خالی کر دو" کی ناکام تحریک نے انہیں دل شکستہ کر دیا تھا
وہ چاہتے تھے، حالات پھر سنبھلیں ۔ چنانچہ ان کی تحریری اجازت سے بھولا بھائی
ڈیسائی نے "کانگرس لیگ مساوات" کی بنیاد پر لیاقت علی خاں سے ایک سمجھوتہ کر
لیا ۔ اس کے بعد یہ سمجھوتہ لے کر ڈیسائی وائسرائے سے ملے، وائسرائے اس تحریک سے
متاثر ہو کر لندن گئے، اور انہوں نے شملہ کانفرنس کا اعلان کیا، لیکن ڈیسائی لیاقت
فارمولے میں اور ویول فارمولے میں فرق تھا ۔ اوّل الذکر کی بنیاد، لیگ کانگرس
مساوات پر تھی، ثانی الذکر مسلمانوں اور اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کی مساوات پر مبنی تھا

کرپس مشن کی ناکامی کے بعد برطانیہ نے اعلان کر دیا تھا کہ اب پہل دوسری طرف سے ہونی چاہیئے"۔ دوسری طرف سے جب پہل ہوئی تو ویول پلان تیار ہو گیا۔

میرے اس دعوے کی تائید خود گاندھی جی کے بیان سے ہوتی ہے۔ انہوں نے وائسرائے کے اعلان کے بعد پنج گنی سے ۱۵ جون ۱۹۴۵ء کو ایک طویل بیان شائع کر کے وائسرائے کو خوب خوب سراہا" پھر فرمایا۔

"ڈیسائی لیاقت سمجھوتہ ہی وائسرائے کے موجودہ اعلان کی بنیاد ہے۔ بھولا بھائی ڈیسائی تجویز (لیگ کانگریس مساوات) میں وہ رنگ نہیں ہے جو وائسرائے کے نشریہ (مسلمانوں اور اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کی مساوات) میں ہے "اونچی ذات کے ہندو" کی اصطلاح میرے کانوں کو سخت ناگوار گزری ہے۔ کانگریس کو تو جانے دیجئے جو تمام ہندوستان کی نمائندگی کی مدعی ہے کیا ویر ساورکر، ڈاکٹر مکرجی اور ڈاکٹر مونجے اچھوتوں کو اپنا ایک جزو نہیں سمجھتے تھے؟

مجھے امید ہے کہ وائسرائے نے یہ اصطلاح ناواقفیت کی وجہ سے استعمال کی ہے۔ میں انہیں ہندوؤں کے جذبات مجروح کرنے اور ان میں تفرقہ انگیزی کی غلطی سے ہوشیار کر دینا چاہتا ہوں"۔

۱۷ جون ۱۹۴۵ء کو گاندھی جی نے پھر وائسرائے کو تار دیا۔

"مسلمانوں اور اونچی ذات والے ہندوؤں میں مساوات قائم کرنے سے نا قابل تسلیم مذہبی تقسیم آزادی کے وقت سرکاری طور پر تسلیم شدہ ہو جائے گی۔ ذاتی طور پر میں، اور اگر میں کانگریس کے دماغ کو سمجھتا ہوں تو وہ بھی کبھی اسے قبول نہ کرے گی"۔

پھر اس بیان میں آگے چل کر گاندھی جی نے فرمایا۔

"کانگرس اور مسلم لیگ کی مساوات تو سمجھ میں آ بھی سکتی ہے۔ لیکن اعلانِ ذات کے ہندوؤں اور مسلمانوں کے مابین مساوات قائم کر کے غیر ارادی طور پر آپ اپنی کانفرنس کو ناکام بنا دیں گے۔"

گاندھی جی وقتی اور سیاسی طور پر لیگ کانگرس مساوات تسلیم کر سکتے تھے لیکن دائمی اور قومی بنیاد پر ہندو مسلم مساوات قبول نہیں کر سکتے تھے۔ وہ اچھوتوں کا کسی قیمت پر ہندو قوم سے جداگانہ تشخص قبول کرنے پر تیار نہیں تھے۔ کیونکہ ہندو اکثریت ختم ہو جاتی، ہندو امپیریلزم کا خواب تشنۂ تعبیر رہ جاتا۔

(۲)

مولانا آزاد نے وزیرِ ہند کے جس بیان کا ذرا سا ٹکڑا دیا ہے۔ وہ پورا بیان میرے سامنے ہے۔ مسٹر ایمرے نے تجاویزِ ویول کا اعلان کرتے ہوئے پارلیمنٹ میں ایک طویل تقریر کی جس میں انہوں نے مسئلہ کے مالہٗ اور ماعلیہ پر گفتگو کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا تھا کہ

"ہم اپنے اختیارات اس حکومت یا حکومتوں کو دے سکتے ہیں جو لینے کو تیار ہوں۔ ہم ہندوستان کو خانہ جنگی کے حوالہ نہیں کر سکتے۔ ہم نے اپنے سامنے ہمیشہ جو مطمحِ نظر رکھا ہے وہ یہی ہے کہ ہندوستان ایک متحدہ یونین رہے۔ لیکن چونکہ متحدہ ہندوستان کی بنیاد ہندو مسلم مفاہمت پر ناممکن ہے۔ لہٰذا موجودہ تجاویز (تجاویزِ ویول) کا اثر متحدہ یا منقسم ہندوستان پر نہیں پڑ سکتا۔"

کانگرس کا ایک اور مطالبہ جو بظاہر خالص جمہوری لیکن درحقیقت خالص استبدادی تھا یہ تھا کہ ایگزیکٹو کونسل کے فیصلے کثرتِ آرا پر مبنی ہوا کریں۔ اس کے جواب میں مسٹر ایمرے نے کہا کہ

اگر ہم حکومت کو اسمبلی کے سامنے جواب دہ بنا دیں تو مسلمانوں کو اعتراض ہوگا کہ مسلم ہندوستان کو ہندو اکثریت کے سپرد کر دیا گیا ہے۔"

ان حقائق کی روشنی میں یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ شملہ کانفرنس کی ناکامی کے اسباب میں سے سب سے اہم سبب کانگریس کی ناروا داری اور کج فہمی تھی۔ اگر وہ اپنے حقوق لینے کے ساتھ دوسروں کے حقوق بھی تسلیم کر لیتی، تو یہ کشمکش کیوں ہوتی؟

(۳)

مولانا کے اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ وائسرائے نے انہیں صدر کانگریس کی حیثیت سے شملہ کانفرنس میں مدعو کیا، اور انہوں نے یہ دعوت قبول کر لی۔ حالانکہ امر واقعہ یہ تھا کہ گاندھی جی کے ایما اور ڈیسائی کی تحریک پر کانفرنس وائسرائے نے طلب کی تھی۔ جس کی بنیاد مسلمانوں اور اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کی مساوات تھی۔ اسلئے انہوں نے کانگریس کے آمر کی حیثیت سے گاندھی کو اور مسلم لیگ کے قائد اعظم کی حیثیت سے مسٹر جناح کو مدعو کیا تھا۔ نیز تمام صوبوں کے سابقہ اور حال وزرائے اعظم کو دعوت بھی دی تھی لیکن مولانا کو نکورہ جیل سے رہا کر دینے کے باوجود مدعو نہیں کیا گیا تھا۔ گاندھی جی کے اصرار پر وہ مدعو کیے گئے۔ اس طرح وائسرائے نے آغازِ کار سے پہلے گاندھی جی اور قائد اعظم کو ابتدائی بات چیت کیلئے ملاقات کی دعوت دی، لیکن صدر کانگریس مولانا آزاد کو نہیں دی۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ متعینہ شملہ کا بیان ہے۔

"مولانا نے شملہ کانفرنس سے پورا فائدہ اٹھانے کیلئے کانفرنس سے پیشتر خود ہی وائسرائے سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔"

(۴)

مسلم لیگ کے بارے میں صدر کانگریس کی حیثیت سے مولانا نے وائسرائے

سے جو کچھ فرمایا، اور وائسرائے نے جو جواب دیا اور بعد میں کانگرس نے اور صدر کانگرس نے جس طرح لارڈ ویول کے سامنے سر نیاز خم کیا، اور مسلم لیگ نے اور قائداعظم نے جس طرح لارڈ ویول کی ہندو دوستی کا پردہ چاک کیا۔ کیا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اگر حکومت برطانیہ کی "پشت پناہی" کسی کو حاصل تھی تو وہ کانگرس تھی۔ یہی لارڈ ویول تھے جنہوں نے کچھ دن پہلے کلکتہ میں کرسمس کے موقع پر یہ کہہ کر کانگرس کی پیٹھ ٹھونکی اور مسلم لیگ کو دھمکی دی تھی کہ۔

"ہندوستان کا جغرافیہ نہیں بدلا جا سکتا"۔

جس وائسرائے نے کانگرس کے عقیدہ وحدت ہند کا سرِبازار اس طرح پروپیگنڈہ کیا تھا، اور جس نے یوں مسلم لیگ کو چیلنج دیا تھا، خود اس سے مولانا کا یہ کہنا کہ حکومت مسلم لیگ کی پشت پناہی کرتی ہے، ستم ظریفی کی انتہا ہے۔

(۵)

مولانا آزاد لارڈ ویول اور ان کے پیش کردہ تجاویز سے بہت متاثر تھے زندگی کی آخری سانس تک وہ اپنے اس تاثر کا اعلان کرتے رہے۔ لیکن اس موقع پر پھر یہ بات تازہ کر لینی چاہیئے کہ شملہ کانفرنس دراصل لیاقت ڈیسائی سمجھوتہ کا تکملہ تھی۔ حیرت ہے اس موقع پر مولانا نے اسکا ذرا بھی ذکر نہیں کیا۔

۲۲ جون کو جب شملہ میں کانگرس کی مجلس عاملہ کا جلسہ ہو رہا تھا ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کے مسٹر بھارتن نے تمام اخبارات کو یہ اطلاع بھیجی۔

"مسٹر ڈیسائی نے مجلس عاملہ کے سامنے وہ تمام خط و کتابت رکھی جو ان کے اور گاندھی جی کے درمیان، نیز ان کے اور لیاقت علی خاں کے درمیان اس سلسلہ میں ہوئی تھی۔ لارڈ ویول کے انگلستان روانہ ہونے سے پہلے بھولا بھائی ڈیسائی نے ان سے جو گفتگو کی تھی اسے بھی مجلس عاملہ

کے سامنے دہرایا۔

مسٹر ڈیسائی نے مجلس عاملہ کو واضح مشورہ دیا کہ ویول اسکیم خود ان کے فارمولا میں مزید اضافہ ہے۔ اور اسے بے جھجک قبول کر لینا چاہیئے مسٹر ڈیسائی نے یہ بھی کہا کہ ڈیسائی لیاقت فارمولا میں مساوات کی جو شرط تھی ویول اسکیم میں اسے زیادہ بہتر شکل میں پیش کیا گیا ہے۔"

یہ دوسری بات ہے کہ پٹیل کی ذاتی پرخاش کی بنا پر ڈیسائی راندۂ درگاہ قرار دیئے گئے۔ لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ شملہ کانفرنس صرف مسٹر ڈیسائی کے "مساعی جمیلہ" کا نتیجہ تھی۔

(۶)

مولانا نے اپنی خود نوشت میں اس خیال کا کئی بار اظہار کیا ہے۔ لیکن انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ اگر بات واقعی یہی تھی شملہ کانفرنس کی ناکامی برطانیہ اور کانگریس کے اختلافات کا نہیں، بلکہ فرقہ وارانہ اختلافات کا نتیجہ تھی تو ان اختلافات کے حل کرنے میں کونسی دشواری حائل تھی؟ وہی تو نہیں جس کی طرف مومن نے اشارہ کیا ہے۔

کیسے گلے رقیب کے کیا طعن اقربا
تیرا ہی جی نہ چاہے تو باتیں ہزار ہیں!

(۷)

"اگر کانگریس صحیح معنی میں قومی تنظیم تھی" تو مولانا بتائیں گے کہ جس عالی ظرفی کا مظاہرہ مسلم لیگ کی ضد میں، لارڈ ویول کو اپنے نمائندوں کی فہرست پیش کرتے وقت کانگریس نے کیا۔ آزاد ہندوستان میں ایسا کیوں نہیں کیا؟

لارڈ ویول کو جو فہرست پیش کی گئی اس میں پہلا نام مولانا آزاد کا تھا لیکن جب

(الف) ہندوستانی کابینہ میں نائب وزیر اعظم کا عہدہ پیدا کیا گیا۔ تو پہلا نام سردار پٹیل کا تھا — حالانکہ مستحق مولانا آزاد تھے۔

(ب) پٹیل کے انتقال کے بعد بھی مولانا آزاد "سینئر موسٹ" ممبر تھے، لیکن یہ عہدہ ختم کر دیا گیا، مگر مولانا کو مستحق نہ سمجھا گیا حالانکہ ان کا جرم سوا اس کے اور کچھ نہ تھا کہ وہ مسلمان تھے۔

(ج) ماؤنٹ بیٹن کے بعد جب یہ سوال پیدا ہوا کہ اب کوئی ہندوستانی گورنر جنرل بنایا جاتے تو پہلا نام راج گوپال آچاریہ کا پیش ہوا، اور منظور ہوا، حالانکہ خدمات کے لحاظ سے سزاوار مولانا تھے۔

(د) پھر جب صدر جمہوریہ ہند کا منصب تخلیق ہوا تو بھی مولانا نظر انداز کر دیئے گئے اور راجندر بابو کا پہلا اور آخری نام منظور کر لیا گیا۔ حالانکہ خدمات کے لحاظ سے پٹیل راجہ جی، راجن بابو سب مولانا کے سامنے طفل مکتب تھے۔

جس "قومی تنظیم" کا "صحیح معنی" میں یہ حال ہوا اس سے ویول، ماؤنٹ بیٹن، کرپس، اٹیلی سب دھوکا کھا سکتے تھے۔ لیکن قائداعظم اس کے دام فریب میں نہیں آسکتے تھے

ہزار دام سے نکلا ہوں ایک جھٹکے میں
جسے غرور ہو آئے کرے شکار مجھے

شملہ کانفرنس کی ناکامی کا سارا الزام کانگرس اور صدر کانگرس نے مسلم لیگ پر تھوپ دیا، لیکن کیا واقعہ یہی تھا؟

بمبئی کارپوریشن کے سابق میئر، اور ایک زمانہ میں کانگرس کے رکن مسٹر جمنا داس مہتہ نے ۱۶ جنوری ۱۹۴۵ء کو ایک بیان دیتے ہوئے فرمایا۔

"وائسرائے نے یہ کانفرنس لیاقت ڈیسائی سمجھوتہ کی بنا پر طلب کی تھی جس کی تحریک خود مہاتما جی نے کی تھی، ان حالات میں کانفرنس

کو کامیاب بنانے کے لئے کانگریس کا جوش وجذبہ قدرتی تھا ناکامی کا اصل سبب ڈیسائی لیاقت سمجھوتہ پر کانگریس کا قائم نہ رہنا ہے'۔

مسٹر جناح جس نقطۂ نظر کی نمائندگی کرتے ہیں اسے مسلمانوں اور ہندوؤں بلکہ ہر ہندوستانی کیلئے خودکشی سمجھتا ہوں۔ مگر کانگریس کے مقابلہ میں مسٹر جناح نے وہی رویہ اختیار کیا جو تجویز پاکستان کے بعد اختیار کیا جا سکتا تھا۔ اگر کانگریس پانچ ممبر مسلم لیگ کو دے دیتی تو مسٹر جناح بھی نواب زادہ کی بات پر قائم رہتے۔ جو اس سمجھوتہ کے دوسرے فریق تھے "۔

باب ششم

کابینہ وفد کی سفارشات

نئی کوشش

۱۷ فروری ۱۹۴۶ء کا واقعہ ہے، ساڑھے نو بجے رات کو ریڈیو پر میں نے حکومت برطانیہ کے فیصلے کی رپورٹ سنی۔ وزیر ہند لارڈ پیتھک لارنس نے پارلیمنٹ میں اعلان کیا تھا کہ برطانوی حکومت ایک کابینہ وفد ہندوستان بھیج رہی ہے تاکہ ہندوستان کی آزادی کے مسئلے پر نمائندگانِ ہند سے گفتگو کی جائے۔ اسی تاریخ کو وائسرائے کی طرف سے بھی یہی اعلان ہوا۔ وفد لارڈ پیتھک لارنس وزیر ہند، سر اسٹیفرڈ کرپس بورڈ آف ٹریڈ کے صدر، مسٹر اے وی الیگزنڈر ایڈمرلٹی کے فرسٹ لارڈ پر مشتمل تھا۔

(۱۳۵)

وفاقی اسکیم

۶۔ اپریل ۱۹۴۶ء کو پہلی دفعہ کابینہ وفد کے ارکان سے میری ملاقات ہوئی۔ بحث و گفتگو کے لئے وفد نے چند سوالات تیار کر لئے جس میں سب سے پہلا نمبر ہندوستان کے فرقہ وارانہ اختلافات کا تھا۔ وفد نے مجھ سے سوال کیا کہ میں فرقہ وارانہ صورتِ حالات سے کس طرح عہدہ برآ ہوں گا۔ جیسے ہی میں نے وفاق سے متعلق اپنی اسکیم پیش کرتے ہوئے کہا مرکز کو کم سے کم اختیارات دینے کی ایک فہرست مرتب ہونی چاہئے ایک مزید فہرست اختیاری ہونی چاہئے فوراً لارڈ پیتھک لارنس گویا ہوئے۔

"بلاشبہ آپ نے فرقہ وارانہ حل کے سلسلے میں ایک بالکل نئی تجویز پیش کی ہے" سر اسٹیفرڈ کرپس نے خاص طور پر میری تجویز سے دلچسپی لی اور مسئلے کی مزید وضاحت

کے لئے بڑی دیر تک جرح کرتے رہے۔ آخرکار وہ بھی میری تجویز سے مطمئن ہو گئے۔

۱۲- اپریل کو ورکنگ کمیٹی کا جلسہ ہوا جہاں میں نے کابینہ وفد سے ملاقات کی تفصیل نسبتاً وضاحت کے ساتھ بیان کی، ورکنگ کمیٹی شروع میں تو اس حل کے خلاف معلوم نظر آئی۔ اور ممبروں نے مختلف قسم کے مشکلات و شبہات کا اظہار کیا لیکن میں نے ان کے اعتراضات رفع کر دیئے اور ان کے شبہات صاف کر دیئے۔ آخر ورکنگ کمیٹی نے میری اس تجویز کی اہمیت کو تسلیم کر لیا۔ اور گاندھی جی نے مکمل طور پر میری تائید کی۔

(ص ۱۴۱)

پاکستان کے خلاف

کابینہ وفد مطالبۂ پاکستان تسلیم کرنے پر تیار نہیں تھا، وہ کسی حد تک کمی بیشی کے ساتھ میرے مجوزہ (وفاقی) حل کو پسند کرتا تھا۔

(ص ۱۴۵ و ص ۱۴۶)

سفارشات

۲۷- اپریل کو کابینہ وفد نے بڑی بڑی سیاسی جماعتوں کے اختلافات طے کرنے کے لئے بحث و گفتگو کی خاطر کانگریس اور مسلم لیگ کے صدر سے درخواست کی کہ وہ اپنی اپنی ورکنگ کمیٹی کے نمائندے نامزد کریں تاکہ شملہ میں گفت و شنید مصالحت جاری رکھی جائے۔ ورکنگ کمیٹی نے مجھے نمائندے نامزد کرنے کا حق دے دیا، میں نے جواہر لال اور سردار پٹیل کو نامزد کیا۔ وفد نے گاندھی جی کو بھی شملہ آنے کی دعوت دی تھی۔ وہ بھی آ گئے اور مینور ولا میں قیام پذیر ہوئے۔

۲- مئی سے ۱۲- مئی تک شملہ میں رسمی اور غیر رسمی بحث و گفتگو کا سلسلہ جاری رہا۔ دو ہفتے کے بعد ہم دہلی واپس آئے، یہاں کابینہ وفد کے ممبروں نے اپنی تجاویز مرتب کر لئے۔ ۱۶- مئی کو دارالعوام میں مسٹر اٹیلی نے انکا اعلان کر دیا حکومت نے ایک قرطاس ابیض بھی شائع کیا جس میں کابینہ وفد کے سفارشات درج تھے۔ قرطاس ابیض میں یہ بات

واضح کر دی گئی تھی کہ کابینہ وفد اپنے تجاویز کی روشنی میں ہندوستان کے نئے دستور کو جلد از جلد تشکیل پذیر دیکھنا چاہتا ہے۔

(صـ ۱۴۷)

صوبوں کی گروپ بندی کابینہ وفد کی جو اسکیم ۱۶ مئی ۱۹۴۶ء کو شائع ہوئی وہ بنیادی طور پر وہی تھی جس کا خاکہ میں نے اپنے ۱۵۔ اپریل کے بیان میں شائع کیا تھا۔ کابینہ وفد نے اپنی اسکیم میں مرکزی حکومت کے لئے دفاع، امور خارجہ اور مواصلات کے محکمے رکھے تھے۔ یہی چیزیں میں نے بھی اپنی اسکیم میں پیش کی تھی۔ وفد نے اپنی اسکیم میں ایک نئی چیز کا اضافہ بھی کیا تھا۔ اس نے ہندوستان کو تین رقبوں میں منقسم کیا تھا، اے۔ بی اور سی۔ کیونکہ ممبران وفد کا یہ خیال تھا کہ اقلیتوں میں زیادہ احساس تحفظ پیدا ہو سکے گا۔

سیکشنوں کی تفصیل سیکشن 'بی' میں یہ صوبے شامل تھے پنجاب، سندھ، سرحد، بلوچستان۔ یہاں مسلمانوں کی خالص اکثریت تھی سیکشن 'سی' میں بنگال اور آسام شامل تھے اس سیکشن میں مسلمانوں کو خفیف اکثریت حاصل تھی۔ (سیکشن اے ہندو صوبوں پر مشتمل تھا) کابینہ وفد کا خیال تھا کہ یہ انتظام مسلم اقلیت کو پورے طور پر مطمئن کر دے گا اور لیگ کے تمام حقیقی اور واقعی خدشات و خطرات کا ازالہ کر دے گا۔

چونکہ کابینہ وفد نے جو اسکیم مرتب کی تھی وہ تقریباً وہی تھی جو میری تھی، اضافہ صرف اتنا تھا کہ ہندو و مسلم اکثریت کے تین الگ الگ سیکشن قائم کر دیئے گئے تھے۔ میں نے سوچا کہ یہ اسکیم ہمیں منظور کر لینی چاہیئے

(صـ ۱۴۹)

کانگریس کیلئے قابلِ قبول کانگریس ورکنگ کمیٹی کے سامنے میں نے تقریر کرتے ہوئے

کہا کہ کابینہ وفد کی اسکیم وہی ہے جسے کانگرس منظور کر چکی ہے۔ گرماگرم مباحثے کے بعد ۲۶ جون کو ورکنگ کمیٹی نے کابینہ وفد کی اسکیم منظور کر لی۔ اگرچہ عارضی حکومت کے سلسلے میں وفد کی تجویز سے وہ ہم آہنگ نہ ہو سکی۔

لیگ کانگرس اتفاق کابینہ وفد کی اسکیم کانگرس اور مسلم لیگ دونوں نے منظور کر لی۔ تاریخ آزادیٔ ہند کا یہ سب سے شاندار واقعہ ہے، اس کا مطلب یہ تھا کہ آزادیٔ ہند کا دشوار ترین مسئلہ گفت و شنید اور مفاہمت سے نہ کہ تشدد اور جنگ سے، طے پا گیا۔ ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ فرقہ وارانہ مشکلات کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا۔ سارے ملک میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ (۱)

قبل از وقت خوشی ہم نے خوشی منائی لیکن ہمیں اندازہ نہیں تھا کہ ہماری یہ خوشی قبل از وقت ہے اور تلخ ترین مایوسی ہماری راہ دیکھ رہی ہے۔

(صفحہ ۱۵۰ و ۱۵۱)

پہلے منظور پھر نامنظور (آسام کے وزیر اعلیٰ کابینہ وفد کی تجویز گروپ بندی سے اختلاف کر رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں اس طرح بنگال کی مسلم اکثریت آسام پر چھا جائے گی۔ گاندھی جی اس دلیل سے اتنے متاثر ہوئے ہیں کہ کابینہ وفد کا پلان منظور کر چکنے کے باوجود اس کی مخالفت کرنے لگتے ہیں۔ باردولائی کو شہ مل جاتی ہے وہ کسی کی نہیں سنتے۔)

نیا سوال ہم نے محسوس کیا کہ اب گروپ بندی کا سوال از سر نو زیر بحث نہیں لانا چاہیئے۔ کسی حد تک اپنے آسامی رفقاء کا اعتراض دور کرنے کے لئے اور زیادہ تر اصولی طور پر ہم نے دستور ساز اسمبلی کے الیکشن میں آسام اور بنگال کے یورپین ممبروں کی شرکت کا سوال اٹھایا۔ میں نے وائسرائے کو لکھا کہ کانگرس کابینہ وفد

کا سارا پلان مسترد کر دے گی۔ اگر بنگال اور آسام اسمبلی کے یورپین ممبرانِ اسمبلی نے دستور ساز اسمبلی کے سلسلے میں ووٹ دیا، یا امیدوار بننے کی کوشش کی۔

یورپین ممبروں نے اعلان کر دیا کہ وہ دستور ساز اسمبلی میں نمائندگی کا مطالبہ نہیں کریں گے۔ جواہر لال کی بھی یہی رائے تھی کہ آسامی لیڈروں کا خوف بے بنیاد ہے، انھوں نے بڑی کوشش کی کہ آسامی لیڈر ضد نہ کریں، لیکن انھوں نے نہ جواہر لال کی بات سنی نہ میری! (۲)

(ص ۱۷۲)

کابینہ وفد کے سلسلے میں مولانا نے جو باتیں کی ہیں وہ بڑی حد تک درست ہیں۔ تشریح مزید کے طور پر میں بھی کچھ عرض کروں گا:

(۱)

کانگرس اور مسلم لیگ دونوں نے کابینہ وفد کی اسکیم منظور کر لی، لیکن کانگرس نے ذہنی تحفظات کے ساتھ اور مسلم لیگ نے کسی ذہنی تحفظ کے بغیر۔ کانگرس نے یہ سوچا کہ یہ ہندو امپیریلزم کی فتح ہے کہ پاکستان کا مطالبہ مسترد کر دیا گیا۔ مسلم لیگ نے یہ سوچا کہ پاکستان بے شک نہیں ملا لیکن اس کا مغز مل گیا۔ کچھ عرصہ بعد حق علیحدگی مل گیا۔ اگر آزاد ہندوستان میں کانگرس نے رواداری کا ثبوت دیا، تو ہندوستان متحد رہے گا، نہ دیا تو مسلم صوبے آزاد ہو جائیں گے۔ مسلم لیگ نے صبر و تحمل کا ثبوت دیا، کانگرس نے کم ظرفی کا۔ کانگرس نے مسلم لیگ کو بدنام کرنا شروع کر دیا۔ اور یہ بات کانگرس سے پہلے نئے وزیر اعظم اور کانگرس کے پرانے یار غار سٹراٹیلی شروع کر چکے تھے۔ انھوں نے وفد کی روانگی سے پیشتر بیان دیتے ہوئے فرمایا:

"اس مرتبہ اقلیت کو اکثریت کے سیاسی ارتقاء کے راستے میں روڑا نہیں

بننے دیا جائے گا۔"

مسٹر پٹیل نے اس بیان کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا:

"وزیر اعظم برطانیہ کے بیان میں اقلیت سے مراد مسلم لیگ اور اکثریت سے مراد کانگرس ہے۔"

یہی نہیں بلکہ کانگرسی حلقوں میں کابینہ وفد کے اعلان کے بعد جشن نشاط و طرب برپا ہونے لگا۔ جس روز یہ اعلان شائع ہوا بمبئی میں میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا بعض اخبارات کے پاکٹ سائز کے ضمیمے رات کو نو بجے شائع ہوئے۔ قیمت پوسٹ کارڈ سائز کے ضمیمے کی دو روپے، اور ہزاروں کی تعداد میں یہ ضمیمے آناً فاناً فروخت ہو گئے۔

بادشاہ بحیر خان عبدالغفار خاں نے کابینہ وفد کے سفارشات پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا:

"اگر وفد کے بجائے میں ہوتا تو میرے سفارشات بھی یہی ہوتے۔"

گاندھی جی کے بیٹے اور "ہندوستان ٹائمز" دہلی کے مینجنگ ایڈیٹر مسٹر دیوداس گاندھی لندن میں تھے۔ انھوں نے رائٹر کے نمائندے سے کہا:

"۱۶ مئی کا دن ہندوستان کی تاریخ میں ایک اہم اور یادگار دن ہے۔"

۱۷ مئی کو اپنی پرارتھنا کے موقع پر گاندھی جی نے فرمایا:

"کابینہ وفد کے سفارشات اس الم کدۂ ہند کو سرزمین نشاط و طرب میں تبدیل کر دیں گے۔"

(بمبئی کرانیکل ۱۰ مئی سنہ ۱۹۴۶ء)

کابینہ وفد کے ایک رکن رکین کانگرس کے بڑے پرانے دوست اور گاندھی جی کے نیازمند سر کرپس ۲۱ مئی کو ایک معمولی سی علالت کے باعث ولنگڈن ہسپتال میں داخل

ہوئے تو گاندھی جی نے اپنے معالجِ خاص ڈاکٹر ڈنشا مہتہ کو اُن کی مزاج پُرسی کے لئے بھیجا۔ اور بہت سے فروٹ بھی جب تک وہ ہسپتال میں رہے روزانہ بھیجتے رہے۔

یہ سب کیوں تھا؟ —— اس لئے کہ کابینہ وفد نے اپنے سفارشات میں پاکستان کو مسترد کر دیا تھا۔ کیا عالی ظرف حریفوں کا برتاؤ یہی ہوتا ہے؟

(۲)

لیکن کانگرس کے اس معاندانہ طرزِ عمل کے باوجود قائدِ اعظم نے کابینہ وفد کے سفارشات قبول کر لئے، محض اس لئے کہ ہندوستان خانہ جنگی میں مبتلا نہ ہو جائے۔ امن و امان نہ درہم برہم ہو جائے۔ بی اور سی سیکشن قائم کر کے بنگال کے ساتھ عارضی طور پر آسام کو شریک کر کے وفد نے مسلم لیگ کی اشک شوئی کی تھی مگر کانگرس یہ بھی گوارا نہ کر سکی۔

اس نے کابینہ وفد کے سفارشات کو قبول کر کے خود ہی مسترد کر دیا۔ اس نے صوبوں کی گروپ بندی قبول کرنے کے باوجود آسام کو اس حلقے سے نکال دیا۔ اس کا خیال تھا مسلم لیگ نے کابینہ وفد کی اسکیم قبول کر کے کمزوری، بزدلی اور شکست کا اعتراف کیا ہے۔ لیکن اس کا یہ خیال غلط تھا۔

کانگرس کی اس دھاندلی کے خلاف قائدِ اعظم میدان میں اترے۔ انھوں نے سفارشات مسترد کرا کے آخری قطعی اور ناقابلِ مفاہمت طور پر پاکستان کا مطالبہ پیش کیا، اور بہت مختصر مدت کے بعد اسے حاصل بھی کر لیا۔

مسلم لیگ کی اور اپنی قوت کا اندازہ ہمیشہ کانگرس نے غلط کیا، اسی کا نتیجہ پاکستان ہے۔ فالحمد للّٰہ علیٰ ذالک!

باب ۹

مرکز میں عارضی حکومت کا قیام

والیسرائے کی پیمان شکنی (پیمان شکن وائسرائے نے مسلم لیگ کو نظر انداز کر کے جواہر لال کو مرکز میں عارضی حکومت قائم کرنے کی دعوت دی اور جواہر لال نے وزارت بنالی۔)

مسلم لیگ کی مایوسی اس واقعہ نے مسلم لیگ کو نہ صرف مایوس بلکہ برہم کردیا۔ اس نے کوشش کی کہ دہلی میں اور دوسرے مقامات پر زبردست مظاہرہ کیا جائے۔ لیکن اس کے مساعی ناکام ہوئے۔ بہرحال سارے ملک میں تلخی اور شورش کے آثار نمایاں تھے، لارڈ ویول نے محسوس کیا کہ انہیں مسلم لیگ کو وزارت میں شریک ہونے پر راغب کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے۔ انہوں نے مسٹر جناح کو بلا یا وہ دہلی آئے اور کئی بار وائسرائے سے ملے، آخرکار ۱۵ اگست ۴۶ء کو مسلم لیگ نے عارضی حکومت میں شرکت کا فیصلہ کرلیا۔ (۱)

لیگ کی شرکت اس عرصہ میں مجھے کئی بار لارڈ ویول سے ملنے کا اتفاق ہوا، انہوں نے کہا کہ جب تک لیگ حکومت میں شریک

نہیں ہوتی کابینہ وفد کا پلان درہم برہم رہے گا، انہوں نے فرمایا کہ فرقہ وارانہ جھگڑے جاری ہیں اور غالباً اس وقت تک جاری رہیں گے جب تک لیگ کیبنٹ میں شریک نہیں ہو جاتی، میں نے ان سے کہا لیگ کی شرکت پر کانگرس کو کوئی اعتراض نہیں۔ (۲)

صد ۱۶۴

لیگ کی شرکت سے مشکلات میں اضافہ جب مسلم لیگ عارضی حکومت میں شریک ہو گئی تو ایگزیکٹو کونسل میں نئے مشکلات اُبھرے لہذا پھر سوال پیدا ہوا کہ مجھے وزارت قبول کر لینی چاہیئے، گاندھی جی نے پہلے سے زیادہ اصرار کے ساتھ مجھے وزارت قبول کرنے پر آمادہ کیا، انہوں نے کھلے طور پر یہ کہا کہ خواہ میری رائے کچھ ہو اور میرے ذاتی تاثرات کچھ بھی ہوں ملکی مفاد کے پیش نظر یہ میرا فرض ہے کہ میں وزارت قبول کر لوں۔ انہوں نے کہا کہ اگر میں وزارت سے باہر رہا تو یہ ایک مضرت رساں چیز ہوگی۔ جواہر لال کی رائے بھی یہی تھی۔

وزارت میں شرکت گاندھی جی کی تجویز تھی کہ تعلیمات کا محکمہ میرے لئے موزوں تر رہے گا۔ خود قومی مفاد کا تقاضا بھی یہی ہے۔ انہوں نے کہا، مستقبل کا تعلیمی انداز طے کرنا آزاد ہندوستان کا بنیادی سوال ہے۔ ۱۵ جنوری ۱۹۴۷ء کو شری راج گوپال آچاری سے میں نے چارج لے لیا جو اب تک وزیر تعلیمات چلے آرہے تھے۔ (۳)

(صد ۱۷۴-۱۷۵)

مرکز میں عارضی حکومت کے قیام کے سلسلہ میں مولانا آزاد نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ متعدد اعتبارات سے تشنہ اور نامکمل ہیں ضروری ہے کہ ان کی وضاحت کی جائے۔

(ا)

مسلم لیگ کی برہمی کا مولانا نے اس طرح ذکر کیا ہے گویا ہندوستان کی حکومت کی وہ دعوے دار تھی۔ یہ مطالبہ پورا نہ ہوا کانگرس بازی لے گئی۔ مسلم لیگ مایوس ہو گئی۔

اصل واقعہ یہ نہیں ہے۔

کابینہ وفد نے جو سفارشات پیش کئے تھے ان کے دو حصے تھے۔

(ا)

۱) قلیل المیعاد منصوبہ ———— یعنی عارضی حکومت

———

(۲) طویل المیعاد منصوبہ ———— یعنی صوبوں کی گروپ بندی، پھر آزاد اور خود مختار دستور ساز اسمبلی کا قیام ————

کانگرس اور مسلم لیگ دونوں نے من حیث الکل یہ سفارشات قبول کر لئے۔ یعنی قلیل المیعاد منصوبہ بھی اور طویل المیعاد منصوبہ بھی۔

مسلم لیگ کی قبولیت دیانت فکر پر مبنی تھی۔ کانگرس کی فریب کاری پر۔ کانگرس نے یہ سوچ کر حامی بھری کہ اس طرح پاکستان کا تصور ختم ہو جاتا ہے چنانچہ جب اس نے اپنے خیال میں پاکستان کا تصور ختم کر دئیے اور مسلم لیگ کو کابینہ وفد کے سفارشات کی منظوری کا پابند بنا لیا، تو آسام کے وزیر اعظم گوپی ناتھ باردولائی کو اکسا کر گروپ بندی کے خلاف کھڑا کر دیا، اور پھر

گاندھی جی کی ساری کانگریس نے گروپ بندی کے خلاف فیصلہ کر دیا، اس کے معنی یہ تھے کہ اس نے سفارشات پہلے قبول کئے پھر مسترد کر دیے مسلم لیگ نے بھی یہی کیا اور برطانیہ سے تعاون سے انکار کر دیا۔ کانگریس نے جب دیکھا کہ مسلم لیگ تعاون سے انکار کر رہی ہے تو فوراً لارڈ ویول سے سازباز شروع کر کے عارضی حکومت قائم کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی۔ حالانکہ عارضی حکومت کابینہ وفد کے سفارشات کے ماتحت قائم ہو رہی تھی، اور یہ سفارشات گروپ بندی سے اختلاف کر کے کانگریس مسترد کر چکی تھی ——————

—— ان حالات میں مسلم لیگ کی برہمی اور ناراضی کا استخفاف کرنے کے بجائے مولانا اور ان کے رفقا کو اس کے اسباب پر غور کرنا چاہیئے تھا۔

(۲)

وائسرائے لارڈ ویول نے کانگریس کی قوت، اور ہندو اکثریت سے متاثر اور مرعوب ہو کر کانگریس کے ہاتھوں عارضی حکومت یہ سمجھ کر قائم کرائی تھی۔ اور خود کانگریس کو بھی یہ یقین تھا کہ مسلم لیگ جاہ و منصب کی بھوکی ہے۔ عارضی حکومت میں شرکت سے تو بہ پر اس کے بن جانے کے بعد قائم نہیں رہ سکے گی۔ لیکن دونوں کا اندازہ غلط نکلا مسلم لیگ کے بائیکاٹ نے ایوان فرنگ میں بھی تہلکہ مچا دیا اور کانگریس کے راج بھون میں بھی زلزلہ پیدا کر دیا ہندوستان کے مسلمانوں نے ملک کے طول و عرض میں ایسے زبردست اور لرزہ آفریں مظاہرے کئے کہ کانگریس بھی کانپ گئی اور انگریز بھی دہل اٹھے ———— یہی وجہ تھی کہ لارڈ ویول قائد اعظم کو منانے پر بیقرار تھے۔ یہ سبب، تھا کہ مولانا کو مسلم لیگ کی شرکت پر کوئی "اعتراض" نہیں تھا

(۳۱)

علاحدہ حکومت کا قیام ۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے باعث عمل میں آیا تھا۔ وائسرائے کو استرداد (VETO) کا حق حاصل تھا۔ ایگزیکٹو کونسل کے ممبران یعنی وزراء مرکزی اسمبلی کے سامنے جواب دہ نہ تھے۔ بلکہ انفرادی طور پر وائسرائے کے سامنے جواب دہ تھے۔ کوئی وزیر اعظم نہیں تھا۔ اگرچہ ہندو اخبارات "پریمیئر نہرو" کا لقب وضع کر چکے تھے۔ ہر وزیر خود ہی اپنے محکمہ کا ذمہ دار اور جواب دہ تھا۔ اسمبلی یا ایگزیکٹو کونسل اگر کسی وزیر پر عدم اعتماد کی تحریک منظور کرا دیتی تو بھی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی تھی۔ مسلم لیگ نے شرکت سے پہلے ہی ان امور کی وائسرائے سے وضاحت کرا لی تھی اور اب مسلم لیگی وزراء نہایت اطمینان سے کانگریس کو مات دے رہے تھے۔ جس کے لئے مولانا نے "مشکلات" کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔

یہ سب کچھ نہ ہوتا اگر کانگریس نے مسلم لیگ سے مفاہمت کر لی ہوتی۔ اسے اپنی اکثریت اور قوت پر ناز تھا۔ مسلم لیگ کو اپنی صداقت اور اصول پروری پر۔ اس کشمکش میں کانگریس ہر قسم کے ساز و سامان کے باوجود ہار گئی۔ اور مسلم لیگ ہر طرح کی بے سر و سامانی کے باوجود جیت میں رہی۔

(۳۲)

مرکزی حکومت میں ایک وزیر بھی ایسا نہ تھا جو ایک دن کے لئے بھی کبھی صحافی رہا ہو۔ صرف مولانا آزاد ایسے تھے جو سالہا سال تک صحافی رہے تھے اور جن کی صحافت نے اردو زبان کی صحافت میں

انقلابِ عظیم پیدا کر دیا تھا۔ ان سے بڑھ کر محکمہ اطلاعات کی وزارت کسے بجتی تھی؟

ساری کابینہ میں صرف مولانا آزاد ایک ایسے شخص تھے جو الفاظ، اصطلاحات اور متبادل مرادفات کے خالق تھے انہوں نے "البلاغ" اور "الہلال" میں بہت سے نئے الفاظ وضع کئے جو اب تک سکہ رائج الوقت بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے صحافت اور متعدد علوم و فنون کے انگریزی اصطلاحات کا نہایت سبک اور دلکش اردو ترجمہ کیا۔

مولانا ایک اور خصوصیت میں بھی منفرد تھے۔ الہلال اور البلاغ کا مدیر شہیر جس طرح بڑے بڑے عربی الفاظ "رئیس التحریر" "الکنی" "بریدِ فرنگ" "مقالہ افتتاحیہ" "شذرات" "الدوار والدائ" "حدیث الغاشیہ" جیسے الفاظ کو بے تکلف اردو میں استعمال کرتا تھا اس طرح اس نے جب زبان کی سادگی کو اپنا شعار بنایا تو رام گڑھ کا خطبہ صدارت ایسے سادہ اور دلنشیں الفاظ میں لکھا کہ ایک عامی بھی اسے سمجھ لے اور لطف لے، مہر کے بجائے چھاپ، جذبہ کے بجائے لگن دینا ئے آب و گل کے بجائے سنسار کے الفاظ اس خوبی سے استعمال کئے ہیں جیسے انگشتری میں نگینہ۔ آل انڈیا ریڈیو کے لئے بڑا درد سر اب آزادی کے بعد یہ تھا کہ اردو کے چلے ہوئے الفاظ کے بجائے ہندی کے کون سے الفاظ استعمال کئے جائیں۔ مولانا اگر نشریات کے وزیر بنائے جاتے تو یہ مشکل بڑی خوبی سے آسان کر دیتے۔ پھر ہندوستان کے ہندی نا آشنا ہندوستانیوں کو ریڈیو پاکستان کا رہین منت نہ ہونا پڑتا۔ لیکن پٹیل صاحب جس طرح اس پر بضد تھے کہ وہ وزیر داخلہ رہیں گے۔ اسی طرح اس پر

بھی اصرار تھا کہ اطلاعات و نشریات جیسے کلیدی محکمے بھی انہی کے پاس رہیں گے۔ جس طرح مالیات کا محکمہ انہوں نے لیاقت علی کو یہ سمجھ کر سونپا تھا کہ بھاری پتھر ہے وہ چوم کر چھوڑ دیں گے اسی طرح تعلیمات کا محکمہ مولانا آزاد کو اس لئے دیا تھا کہ کوئی انقلابی قدم نہ اٹھا سکیں گے لیاقت علی خاں کے بارے میں ان کا خیال غلط اور مولانا آزاد کے بارے میں صحیح ثابت ہوا اور سچی بات یہ ہے کہ مولانا کوئی انقلابی قدم اٹھا بھی نہیں سکتے تھے۔ جب یہ محکمہ راج گوپال آچاری کے پاس تھا تو انہوں نے کہا تھا تعلیم صوبائی سبجکٹ ہے۔ صوبے جو چاہیں سو کریں۔ مرکز کے پاس دلی یونیورسٹی کے سوا کیا ہے۔ میں بیٹھا مکھیاں مارا کرتا ہوں۔ راجہ جی یہی کام مولانا کو سونپ گئے!۔

باب ۱۰

تقسیمِ ہند کا پیش خیمہ

صدارت سے دستبرداری

بظاہر ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ سیاسی مسائل طے ہو چکے ہیں۔ اب میں ایک نئے مرحلے کی طرف متوجہ ہوا۔ سنہ ۱۹۴۰ء میں کانگرس کی صدارت مجھے سونپی گئی۔ دستور کی رو سے میرا یہ عہدہ ایک سال کے لئے تھا۔ عام حالات میں نیا صدر سنہ ۴۱ء میں منتخب ہو جانا چاہیئے تھا لیکن سنہ ۴۰ء اور پھر سنہ ۴۲ء میں ہماری گرفتاری عمل میں آئی، کانگرس ایک غیر قانونی جماعت قرار پائی، لہٰذا کسی نئے صدر کے انتخاب کا سوال ہی نہیں پیدا ہوا۔ اس ساری مدت میں صدارت کے فرائض میں ہی انجام دیتا رہا۔

اب کہ حالات معمول پر آ چکے تھے، قدرتی طور پر نئے صدر کے انتخاب کا سوال پھر اٹھا، عام مطالبہ یہ تھا کہ مجھی کو دوبارہ صدر منتخب ہونا چاہیئے، کیونکہ کرپس، لارڈ ویول اور اب کابینہ وفد سے گفت و شنید کا مرحلہ میں نے ہی طے کیا تھا۔ کانگریسی اصحاب کا بھی عام رجحان یہی تھا۔ بنگال، بمبئی، مدراس، بہار اور یو پی کے کانگریسی حلقوں نے علانیہ اس بات کا اظہار کیا تھا کہ کابینہ وفد کی سکیم کو عملی جامہ پہنانے کی ذمہ داری مجھی کو سونپی جائے۔

میں نے محسوس کیا کہ کانگرسی ہائی کمان کے اندرونی حلقوں میں میرا انتخاب

ایک اختلافی مسئلہ ہے۔ کیونکہ سردار پٹیل اور اُن کے رفقا چاہتے تھے کہ سردار پٹیل کو
صدر منتخب ہونا چاہیئے۔ میں نے اس مسئلہ پر احتیاط کے ساتھ غور کیا۔ اور بالآخر
اس نتیجہ پر پہنچا کہ مجھے دستبردار ہو جانا چاہیئے۔ میں نے طے کر لیا کہ صدارت
کے لیئے اپنا نام پیش کرنے کی اجازت نہیں دوں گا۔

جواہر لال اور پٹیل

دوسرا مرحلہ یہ تھا کہ میرا جانشین کون ہو؟ میں چاہتا تھا ایسا آدمی
منتخب ہو جو میرے خیالات و جذبات کا حامل ہو، اور میری
قائم کی ہوئی پالیسی پر عمل پیرا ہو سکے۔ تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد میں اس نتیجہ
پر پہونچا کہ جواہر لال سے زیادہ موزوں آدمی کوئی اور نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ ۲۶
اپریل کو میں نے اس مفہوم کا ایک بیان شائع کیا، اور کانگریسی اصحاب سے اپیل
کی کہ وہ بالاتفاق جواہر لال کو منتخب کر لیں، گاندھی جی سردار پٹیل کی طرف مائل
تھے۔ لیکن جواہر لال کا نام جب میری طرف سے پیش ہو گیا تو انہوں نے پبلک طور
پر پھر اپنے خیالات اس سلسلہ میں ظاہر نہیں کیئے۔

میرا فیصلہ غلط تھا

میں نے خوب سمجھ کر اپنے بارے میں دوبارہ امیدوار صدارت
نہ بننے کا فیصلہ کیا تھا، لیکن بعد میں حالات نے جو رخ
اختیار کیا، تو اپنے آپ کو میں برسرِ غلط سمجھنے لگا۔ اور جو لوگ کم از کم ایک سال کے
لئے دوبارہ مجھے صدر رکھنا چاہتے تھے، میں نے محسوس کیا وہ برسرِ صواب تھے

عوام مجھے صدر رکھنا چاہتے تھے

مسلم لیگ کونسل اور کانگرس ورکنگ کمیٹی
نے کابینہ پلان منظور کر لیا تھا، اب ضرورت
تھی کہ آل انڈیا کانگرس کمیٹی سے بھی اس فیصلہ کی توثیق کرالی جائے، چنانچہ ۷
جولائی ۱۹۴۶ء کو اس کا جلسہ بمبئی میں طلب کر لیا گیا۔ ۴ جولائی کو میں کلکتہ سے بمبئی
روانہ ہوا، اسی ٹرین میں سرت چندر بوس بھی سفر کر رہے تھے۔ ہر اسٹیشن پر لوگوں کا جم غفیر

یہ نعرے لگاتا نظر آتا کہ مجھے کانگریس کا صدر رہنا چاہیئے۔ ہر بڑے اسٹیشن پر سرت بابو اپنے کمپارٹمنٹ سے میرے کمپارٹمنٹ میں آتے اور بار بار کہتے۔

"دیکھیئے لوگ کیا چاہتے ہیں، اور آپ کیا کر رہے ہیں؟"

کابینہ پلان میں نے منظور کرایا

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجتماع میں کابینہ پلان سے متعلق جو تجویز تھی، میں نے پیش کی، میری تقریر نے حاضرین پر بڑا اثر کیا جب رائے شماری ہوئی تو غیر معمولی اکثریت سے کابینہ پلان کو کانگریس نے منظور کر لیا،

لارنس اور کرپس کی تہنیت

چند روز بعد لارڈ پیتھک لارنس اور سر اسٹیفرڈ کرپس کی طرف سے تہنیت کے تار موصول ہوئے اس بات پر انہوں نے مسرت کا اظہار کیا تھا کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے میری تجویز منظور کر لی، انہوں نے مجھے مبارکباد دی کہ میں نے کابینہ پلان کو بڑی قابلیت کے ساتھ پیش کیا۔

اب ایسے الم ناک واقعات رونما ہوئے جنہوں نے تاریخ کا رخ بدل دیا۔

جواہر لال نے کابینہ پلان درہم برہم کر دیا

۱۰ جولائی کو بمبئی میں جواہر لال نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا، کسی نمائندہ پریس نے دریافت کیا، آیا آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے کابینہ پلان کو بجنسہ اور بلفظہ منظور کر لیا ہے؟ جس میں عارضی حکومت میں شرکت بھی شامل ہے؟

جواہر لال نہرو نے جواب دیا، کانگریس دستور ساز اسمبلی میں بغیر کسی پابندی کے شریک ہوگی، اور ہر صورت حال سے نمٹنے اور ہر سوال کو حل کرنے میں بالکل آزاد ہوگی۔

نمائندہ پریس نے ایک اور سوال کیا کہ آیا اس کا مطلب یہ ہے کہ کابینہ پلان

میں ترمیم و تغیر ممکن ہے ---- ؟

جواہر لال نے جواب دیا، کانگرس نے دستور ساز اسمبلی میں شرکت منظور کی ہے وہ اپنے آپ کو اس بارے میں بالکل آزاد سمجھتی ہے کہ اپنی صواب دید پر کابینہ پلان میں جس طرح کی تبدیلی یا ترمیم چاہے کرے (۱)

جواہر لال کا بیان غلط تھا

میں اس جگہ یہ بات ریکارڈ میں لے آنا چاہتا ہوں کہ جواہر لال کا یہ بیان غلط تھا، یہ کہنا قطعاً صحیح نہیں تھا کہ کانگرس حسب مرضی پلان میں تبدیلی اور ترمیم کرنے میں مختار تھی۔ ہم نے اس امر پر اتفاق کر لیا تھا کہ مرکزی حکومت وفاقی ہوگی، مرکزی حکومت کے پاس تین لازمی محکمے ہونگے، باقی ماندہ اختیارات صوبوں کو حاصل رہیں گے، ہم نے اس امر پر بھی اتفاق کر لیا تھا کہ از روئے پلان ہندوستان تین حلقوں میں تقسیم ہو جائے گا لے، بی اور سی، یہ حلقے صوبائی گروپ کی صورت اختیار کر لیں گے، ان شرائط میں یک طرفہ طور پر کانگرس کوئی تبدیلی، شریک معاہدہ جماعتوں کے کامل اتفاق اور رضامندی کے بغیر نہیں کر سکتی، (۲)

لیگ کونسل کی منظوری

مسلم لیگ نے کابینہ وفد کا پلان منظور کر لیا تھا۔ کیونکہ اس کی رو سے وہ زیادہ سے زیادہ اس نے پا لیا تھا، جو برطانوی حکومت دے سکتی تھی، لیگ کونسل میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر جناح نے صاف طور پر اقرار کیا تھا کہ وہ پلان منظور کرنے کی سفارش اس لئے کر رہے ہیں کہ اس سے بہتر اور زیادہ کچھ نہیں حاصل کیا جا سکتا۔ (۳)

بم کا گولہ جواہر لال کا بیان مسٹر جناح کے لیئے بم کا گولہ ثابت ہوا' انہوں نے فوراً ایک بیان شائع کیا کہ صدر کانگرس (جواہر لال) کا یہ بیان' ساری صورت حالات پر از سرِ نو غور و فکر کا محتاج ہے' انہوں نے لیاقت علی خان سے کہا کہ لیگ کونسل کی میٹنگ بلائیں' اپنے بیان میں مسٹر جناح نے یہ بھی کہا کہ لیگ کونسل نے اس واضح یقین دہانی پر کابینہ پلان قبول کیا تھا کہ کانگرس بھی اس اسکیم کو منظور کر چکی ہے' اور یہ کہ ہندوستان کے آئندہ دستور کی بنیاد یہی پلان ہوگا' لیکن اب صدر کانگرس یہ اعلان کر رہے ہیں کہ دستور ساز اسمبلی میں کانگرس اپنی اکثریت کے بل پر اس میں ترمیم اور تبدیلی کر سکتی ہے۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ اقلیتیں' اکثریت کے رحم و کرم پر چھوڑ دی گئی ہیں' مسٹر جناح نے کہا کہ جواہر لال نہرو کے بیان کا مدعا یہ ہے کہ کانگرس نے کابینہ پلان مسترد کر دیا ہے۔ (۴)

مسلم لیگ نے پلان مسترد کر دیا بمبئی میں ۲۷ جولائی کو مسلم لیگ کونسل کا جلسہ ہوا۔ اپنی افتتاحی تقریر میں مسٹر جناح نے مطالبۂ پاکستان کا پھر اعادہ کیا۔ کیونکہ اب مسلم لیگ کے لئے یہی چارہ کار رہ گیا تھا۔ کئی دن کے بحث مباحثہ کے بعد' کونسل نے ایک تجویز منظور کر کے کابینہ پلان کو مسترد کر دیا۔ نیز حصول پاکستان کے لئے راست اقدام کا فیصلہ بھی کر لیا'۔(۵)

میری پریشانی اس نئی صورتِ حالات نے مجھے بہت زیادہ پریشان اور دل گرفتہ کر دیا' میں دیکھ رہا تھا کہ جس سکیم کو کامیاب بنانے کے لئے میں نے اتنی سخت جد و جہد کی تھی خود ہمارے ہی ہاتھوں برباد ہوئی جا رہی

ہے، میں نے محسوس کیا کہ ورکنگ کمیٹی کا جلسہ صورت حالات پر غور وخوض کے لئے جلد از جلد منعقد ہونا چاہیئے۔ ۱۸ اگست کو ورکنگ کمیٹی کا جلسہ ہوا، میں نے زور دیا کہ اگر ہم صورت حالات کو قابو میں لانا چاہتے ہیں تو ہمیں یہ بات صاف کر دینی چاہیئے کہ کانگرس کے خیالات اس باب میں وہی ہیں جو آل انڈیا کانگرس کمیٹی کی تجویز میں درج ہیں۔ اور کوئی شخص خواہ وہ صدر کانگرس ہی کیوں نہ ہو، ان میں تبدیلی کا مجاز نہیں۔

کانگرس ورکنگ کمیٹی کا تذبذب ورکنگ کمیٹی گومگو کے عالم میں گرفتار تھی، ایک طرف صدر کانگرس کا وقار مجروح ہوتا نظر آتا تھا، دوسری طرف وہ مفاہمت خطرہ میں تھی جو اتنی جان کاہیوں کے بعد حاصل ہوئی تھی۔ صدر کے بیان کی اگر تردید کی جاتی ہے تو اس طرح خود کانگرس کی ساکھ جاتی رہے گی، کابینہ پلان کو اگر ترک کر دیا جاتا ہے تو سارا ملک برباد ہو جائے گا۔ (٦)

نئی تجویز آخر کار ہم نے ایک تجویز کا مسودہ تیار کیا، جس میں صدر کانگرس (جواہرلال) کی پریس کانفرنس کا کوئی حوالہ نہیں تھا، لیکن آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے منظور کردہ ریزولیشن کی توثیق مزید کی گئی تھی۔

مسٹر جناح کا بیان ہمارا خیال تھا کہ ورکنگ کمیٹی کا ریزولیشن صورتِ حال کو ابتر ہونے سے بچا لے گا، لیکن مسٹر جناح نے ہماری یہ پوزیشن تسلیم نہیں کی، انہوں نے کہا جواہرلال کا بیان کانگرس کی حقیقی ذہنیت کا آئینہ دار ہے انہوں نے کہا کہ اگر کانگرس اسطرح بار بار اپنے فیصلوں میں تبدیلی کر سکتی ہے، حالانکہ ابھی انگریز موجود ہیں، اور اختیار حکومت کانگرس کے ہاتھوں میں نہیں آیا ہے، پھر

اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ جب انگریز چلے جائیں گے اور اقتدار حکومت کانگرس کے ہاتھ میں ہوگا، تو کانگرس اس پوزیشن پر واپس نہیں آجائے گی جس کی جھلک جواہر لال کے بیان میں نظر آرہی ہے؟ (۷)

وائسرائے کا رویہ

کانگرس ورکنگ کمیٹی کی (اس نئی) تجویز کا وائسرائے کی طرف سے فوری جواب ملا، ۱۲ اگست کو جواہر لال کو عارضی مرکزی حکومت کی تشکیل کی دعوت دی گئی۔ (۸)

جواہر لال کی جناح سے ناکام ملاقات

۱۲ اگست ہی کو مسٹر جناح نے ایک بیان میں کہا کہ کانگرس ورکنگ کمیٹی کا نیا ریزولیشن جو ۱۰ اگست کو وردھا میں منظور ہوا ہے، الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ کانگرس کے سابقہ موقف کا ترجمان ہے۔ انہوں نے عارضی حکومت کے قیام کے سلسلہ میں جواہر لال کی دعوت تعاون مسترد کردی۔ ۱۵ اگست کو جواہر لال، مسٹر جناح کے گھر پر ان سے ملے۔ لیکن بحث و گفتگو کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا، اور صورت حالات تیزی کے ساتھ انحطاط پذیر ہوتی چلی گئی۔ (۹)

لیگ کا یوم راست اقدام

جب جولائی کے آخر میں لیگ کونسل نے راست اقدام کا فیصلہ کیا، تو اس نے مسٹر جناح کو اختیار دے دیا کہ وہ اس اقدام کو کامیاب بنانے کے لئے جو طریقہ چاہیں اختیار کریں۔ مسٹر جناح نے "یوم راست اقدام" کیلئے ۱۶ اگست کی تاریخ مقرر کردی لیکن یہ واضح نہیں کیا کہ پروگرام کیا ہوگا؟ کلکتہ میں عام احساس میں نے یہ دیکھا کہ اس دن مسلم لیگی کانگرسی کارکنوں پر حملے کرینگے

اور کانگرس پارٹی کو لوٹیں گے اور نقصان پہنچائیں گے" مزید برآں اس وقت پیدا ہوا جب بنگال گورنمنٹ نے ۱۶ اگست کو عام تعطیل کا اعلان کر دیا' بنگال اسمبلی کی کانگرس پارٹی نے اس فیصلہ کے خلاف سخت احتجاج کیا۔ اور جب یہ احتجاج ناکام ہوا تو اظہار ناراضگی کے طور پر وہ واک آؤٹ کر گئی۔ کلکتہ میں عام طور پر اضطراب و تشویش کا عالم طاری تھا' اس لئے اور زیادہ کہ حکومت مسلم لیگ کی تھی' اور مسٹر حسین شہید سہروردی وزیر اعلےٰ تھے۔ (۱۰)

ہندوستان کی تاریخ میں ۱۶ اگست یوم سیاہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

یوم سیاہ بپھرے ہوئے بلوائیوں نے سارے کلکتہ شہر میں قتل و غارت' اور دہشت کا بازار گرم کر دیا' سینکڑوں آدمی ہلاک ہو گئے۔ ہزاروں مجروح ہوئے کروڑوں روپیہ کی املاک و جائداد غارت کر دی گئی' لیگ کی طرف سے جلوس نکلے' شرکائے جلوس نے لوٹ مار اور مار دھاڑ کا سلسلہ شروع کر دیا' دیکھتے دیکھتے سارا شہر ہندو مسلم غنڈوں کی گرفت میں آ گیا۔ سارے شہر میں ملٹری اور پولیس تیار کھڑی تھی لیکن غیر متحرک حالانکہ اس کی آنکھوں کے سامنے معصوم مردوں اور عورتوں کو موت کے گھاٹ اتارا جا رہا تھا' (۱۱)

---

۱۶ اگست ۱۹۴۶ء کا دن' صرف کلکتہ ہی کے

تاریخ ہند کا سب سے بڑا المیہ لئے نہیں سارے ہندوستان کے لئے یوم سیاہ تھا۔ واقعات کا موڑ ایسے مرحلہ پر پہنچ گیا تھا کہ اب کانگرس اور مسلم لیگ کے مابین پرامن مصالحت ناممکن ہو گئی تھی' یہ ہندوستان کی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ تھا" (۱۲)

جواہر لال کی جذباتیت

جواہر لال میرے محبوب ترین دوست ہیں، ہندوستان کی قومی زندگی میں انہوں نے جو کارنامے انجام دیئے ہیں وہ کسی دوسرے فرد سے کم نہیں ہیں، انہوں نے ہندوستان کی آزادی کے لیے کام کیا تھا۔ مصائب برداشت کیے تھے اور آزادئ ہند کے بعد سے تو وہ ہماری قومی زندگی اور ارتقا کا نشان بن گئے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود افسوس کے ساتھ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ بعض اوقات وہ جذباتیت کی رو میں بہہ جاتے ہیں، صرف یہی نہیں بلکہ نظریاتی افکار سے اس درجہ متاثر ہو جاتے ہیں کہ صورتِ حالات کی اہمیت اور نزاکت کا اندازہ لگانے میں غلطی کر بیٹھتے ہیں۔ (۱۳۳)

جواہر لال کو تجریدی نظریات سے جو شغف ہے اس کا نتیجہ دستور ساز اسمبلی سے متعلق ان کا یہ تازہ بیان تھا۔

صفحہ ۱۵۱، ۵۲، ۵۴، ۵۵، ۵۶، ۵۷، ۵۸، ۵۹، ۶۰

جس درد و سوز، قلبی تعب اور صدمہ نیز انتہائی قلق اور افسردگی کے ساتھ مولانا نے یہ باب قلمبند کیا ہے، اس کا ایک ایک حرف ان کے تاثرات و احساسات کی منہ بولتی تصویر ہے ساری کتاب میں پہلی مرتبہ انہوں نے جواہر لال کے ایک اقدام کو صاف اور واضح الفاظ میں غلط اور مہلک قرار دیا ہے۔ اپنی اس کتاب میں انہوں نے گاندھی جی، سردار پٹیل اور دوسرے کانگرسی رہنماؤں پر دھڑلے سے نکتہ چینی کی ہے لیکن جواہر لال کا جب ذکر آیا ہے، تو

یاد کا پاس نزاکت دل ناشاد رہے   نالہ کرتا ہوا گھٹتی ہوئی فریاد رہے

کے مصداق بن گئے ہیں، لیکن یہ مرحلہ ایسا آیا کہ خاموش نہ رہ سکے، دبی زبان میں گفتگو نہ کر سکے، دل کی بات زبان پر لانا ہی پڑی۔

اس باب میں مولانا نے کئی باتیں ایسی فرمائی ہیں جن پر الگ الگ نسبتاً تفصیل سے گفتگو کرنے کی ضرورت ہے۔

(۱)

یہ تھی حقیقت کانگریس کی طرف سے کابینہ پلان منظور کر لینے کی!

جواہر لال کا یہ بیان، ان کی آمرانہ ذہنیت، بے اصولی اور موقع پرستی کا شاہد ہے!

جب تک کابینہ پلان نیا رہا، وہ خاموش رہے، جب یہ پلان بن گیا، انہوں نے آمنّا وصدّقنا کا نعرہ بلند کیا۔ جب کانگریس نے اس پلان پر مہر تصدیق ثبت کی تو جواہر لال منظور کا نعرہ لگانے والوں میں پیش پیش تھے۔ جب قائد اعظم اور مسلم لیگ نے استرداد پاکستان کے باوجود اسے منظور کر لیا، جواہر لال نے نطق گوہر بار کو جنبش نہ دی، جب کابینہ پلان کی توثیق حکومت، اور حکومتِ برطانیہ نے کی، تو وہ مہر بلب رہے، جب تمام پارٹیاں، ــــــــ کانگریس، حکومت برطانیہ اور خاص طور پر مسلم لیگ ــــــــ پابند ہو کر بظاہر اپنے ہاتھ کٹا بیٹھیں، تو جواہر لال نے ایک نیا شوشہ چھوڑ دیا کہ ہم صرف دستور ساز اسمبلی کے پابند ہیں، کابینہ پلان کے نہیں۔ گویا جس کابینہ پلان کی رو سے دستور ساز اسمبلی قائم ہو رہی تھی، اسے مسترد کرنے، اس میں تبدیلی کرنے، اس میں کمی اور اضافہ کرنے کا حق، دستور ساز اسمبلی کو حاصل تھا، دوسرے الفاظ میں دستور ساز اسمبلی کی ہندو اکثریت اپنی کثرت آراء کے بل پر جب چاہے، کابینہ پلان کو درہم برہم کر سکتی تھی، اقلیتوں کو اور خاص طور پر مسلمانوں کو جو حقوق اس پلان کی رو سے حاصل تھے، اور جس کی بنا پر، وہ بادل نخواستہ

پاکستان تک سے دستبردار ہو گئے تھے، یہ سارے حقوق دستور ساز اسمبلی کے ہندو ممبر ہاتھ اٹھا کر منسوخ، معطل، ناکارہ اور ردی قرار دے سکتے تھے۔ اور چونکہ حقوق شاہی دستور ساز اسمبلی کو حاصل ہوتے، لہذا اس کے ان ظالمانہ اور سفاکانہ فیصلوں کی اصلاح و تدارک، دنیا کی کوئی طاقت، حتی کہ حکومتِ برطانیہ تک نہیں کر سکتی تھی۔ عام طور پر سیاست کی دنیا دجل و فریب کی دنیا ہوتی ہے، لیکن کیا دنیا کی تاریخ میں اس سے بڑھ کر بھی کوئی مثال دجل و فریب کی مل سکتی ہے؟ اگر بات وہی تھی جو جواہر لال کہہ رہے تھے، تو پھر اتنے تکلفات کی، شملہ اور دہلی کی نشستوں کی اس پلان کی ایک ایک دفعہ پر غور کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ کابینہ وفد سے کہا جاتا، دستور ساز اسمبلی بنا کر رخصت ہو جائیے،

قصہ کوتہ گشت ورنہ درد سر بسیار بود

لیکن کابینہ اسکیم کو من و عن قبول کر لینا، اور قبول کر لینے کے بعد ایسا فتنہ انگیز قدم اٹھانا، اتنا رکیک و سخیف اقدام تھا کہ مولانا جیسا جواہر لال کا محب صادق بھی اظہار ملامت کئے بغیر نہ رہ سکا۔

(۲)

اصل اور بنیادی چیز تو یہی تھی کہ صرف "اکثریت" کے بل پر کوئی معاہدہ، کوئی سمجھوتہ، کوئی اصول بھی نہیں بدلا جا سکتا، ہاں تمام متعلقہ پارٹیاں متفق ہوں تو سب کچھ ممکن ہے، جواہر لال نے اگر اپنے خیالات سے مسلم لیگ کو متفق کر لیا ہوتا اور پھر ایسا بیان دیتے تو نہ مسلم لیگ کو اختلاف ہوتا، نہ کابینہ وفد کو، لیکن انہوں نے جلد بازی سے کام لیا، اور ذرا قبل از وقت اپنے عزائم فاش کر دیئے۔ دستور ساز اسمبلی میں جاتے، اور انگریزوں سے اختیارات حکومت ہاتھ میں لینے کے بعد، جواہر لال نہرو نے یہ کہا اور کیا ہوتا تو واقعی پھر نہ قائد اعظم کچھ کر سکتے تھے، نہ مسلم لیگ

پھر قائدِ اعظم کو اور مسلم لیگ کو، ایک مستحکم حکومت کی باغی رعایا کی حیثیت حاصل ہوتی، اور یہ دشمن حکومت اپنی باغی رعایا کے ساتھ اس سے کہیں زیادہ ہولناک اور لرزہ خیز بدسلوکی کرتی جو اس نے آزادی کے بعد وفادار، پرامن اور نہتے مسلمانوں کے ساتھ کی تھی۔

(۳)

ٹھیک ہے، اس پلان کی رو سے، پاکستان نام کی کوئی حکومت تو فی الحال نہ قائم ہوتی۔ لیکن مسلمانوں کا قومی تشخص محفوظ ہو جاتا، اور اندرونی طور پر بدترین ہندو اکثریت کی بالادستی سے محفوظ ہو جاتے، اپنے فروغ وارتقا کی اسکیموں کو عملی جامہ پہنا سکتے تھے۔

(۴)

جواہر لال نے یہ بیان صدر کانگرس کی حیثیت سے اپنی پہلی پریس کانفرنس میں دیا تھا، اس کے صاف معنی یہ تھے کہ کانگرس نے عملی طور پر پلان مسترد کر دیا، ظاہر ہے اب مسلم لیگ کو بھی اس نئی فضا اور ماحول میں اپنی راہِ عمل متعین کرنی تھی۔

(۵)

اگر کانگرس اپنے ناجائز اور نادرست مطالبات منوانے کیلئے بار بار راست اقدام (سول نافرمانی) کر سکتی تھی تو مسلم لیگ اپنے جائز اور تسلیم شدہ حقوق کی بحالی اور بازیابی کے لئے، راست اقدام کا پروگرام نہ بناتی تو کیا کرتی؟

(۶)

کیا صداقت کے پرستاروں کا رویہ یہی ہونا چاہیئے تھا؟ اگر کانگرس کے صدر نے کوئی غلطی کی تھی، کوئی غیر ذمہ دارانہ حرکت کی تھی، تو انصاف، اصول، اور صداقت کا تقاضا یہ تھا کہ اس کے خلاف تجویزِ ملامت منظور کی جاتی، اسے صدارت سے

برطرف کر دیا جاتا' اسے کچھ عرصہ کے لئے' ہر ذمہ دار منصب سے محروم کر دیا جاتا' اگر کانگرس یہ کرتی تو اس کی ساکھ ختم نہ ہوتی' اس کا وقار بڑھ جاتا۔

(۷)

قائد اعظم کا یہ اعتراض حد درجہ مبنی بر حقیقت تھا۔ اسے صحیح معنے میں "فراست مومن" کا شاہکار کہنا چاہیئے۔ آزادیٔ ہند کے بعد کانگرس نے' اپنے بہت سے کئے ہوئے وعدے' معاہدے سمجھوتے' بیک جنبش لب اور بیک جنبش قلم مسترد کر دیئے' حتیٰ کہ ہندوستان کی سب سے بڑی ریاست حیدر آباد کا وجود تک ختم کر دیا۔ جس کا از روئے معاہدہ اسے کوئی حق حاصل نہ تھا

(۸)

وائسرائے نے' یہ دعوت مسٹر اٹیلی وزیر اعظم برطانیہ کے ایما سے دی:
مسٹر اٹیلی کانگرس کی اس نیم دلانہ اور ناقابل تعین پس وپیش پر اعتبار کرنے پر مجبور تھے وہ جلد از جلد زمام اختیارات کانگرس کو سونپ دینے کے لئے بیتاب تھے۔ قائد اعظم' اور مسلم لیگ کے بارے میں وہ کیسے گھناؤنے اور پست خیالات رکھتے تھے اس کا اندازہ ان کی اس تقریر سے ہو سکتا ہے جو انہوں نے ٹیلی وژن پر کی تھی،
--- اور جس کی تلخ یاد اب تک پاکستانیوں کے دلوں میں موجود ہے۔

(۹)

جواہر لال قائد اعظم کے بنگلہ پر جا کر بیشک ان سے ملے' لیکن ایک دوست کی حیثیت سے نہیں' ایک ہمسفر کی حیثیت سے نہیں' ایک فاتح کی حیثیت سے۔ وہ قائد اعظم کو منانے نہیں گئے تھے' چیلنج کرنے گئے تھے۔ انہوں نے کانگرس کی نئی تجویز کے باوجود اپنے پریس کانفرنس والے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں کی تھی' اس پر وہ اب تک قائم تھے' ان کا خیال تھا جاہ و منصب کی رشوت' قائد اعظم کو ان کے جادہ سے ہٹا دے گی۔ لیکن اس کا یہ خیال غلط ثابت ہوا' وہ فاتح کی حیثیت سے گئے تھے

لیکن شکست کھا کر واپس آ گئے ـــــــ ہمہ شوق آمدہ بودم ہمہ حرماں رفتم!

(۱۰)

قائد اعظم پر یہ اعتراض کہ انہوں نے راست اقدام کا کوئی پروگرام پیش نہیں کیا، بالکل بودا ہے، راست اقدام ابھی شروع نہیں ہو رہا تھا، اس دن صرف اس کا اعلان مقصود تھا اپنے عزائم قربانی و ایثار کا مظاہرہ مقصود تھا ـــــ!

بنگال میں مسلم لیگ کی وزارت، یا یوم راست اقدام پر پبلک تعطیل کا اعلان، یا مسٹر حسین شہید سہروردی کی وزارت عظمیٰ! ان میں سے کونسی چیز نئی یا تشویش انگیز تھی؟ اس طرح کے سیاسی اور احتجاجی مظاہرے ہندوستان کے طول و عرض میں گزشتہ بیس سال سے برابر ہوتے چلے آ رہے تھے، پھر مسلم لیگ کے اس اقدام پر سراسیمگی کیوں تھی؟ جواب صرف ایک ہے "مجرم ضمیر کی خلش"

کلکتہ کے بلوے کے آغاز و انجام کا ذمہ دار مولانا نے مسلم لیگ کو ٹھہرایا ہے حیرت ہے کہ کلکتہ میں رہتے ہوئے مولانا نے ایسی بات کہہ دی جسے حقیقت اور واقعہ سے دور کا بھی تعلق نہیں تھا۔

یوم راست اقدام کے سلسلہ میں جب کلکتہ کشت و خون کا مرکز بنا، تو ان حوادث میں مسلم لیگ کے بدترین دشمن، قائد اعظم کے سخت ترین مخالف، مسٹر سہروردی کے زبردست نکتہ چین کانگرس کے والہ و شیدا، وحدتِ ہند کے علمبردار اور مولانا آزاد کے دستِ راست اور راحت قلب، روح اور نفس ناطقہ، مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی نے، اپنے روزنامہ ہند میں واقعات کا جو نقشہ کھینچا تھا۔ اس کا خلاصہ یہ ہے :-

(۱) کشت و خون اور قتل و غارت کا آغاز ہندوؤں کی طرف سے ہوا۔ اس لئے کہ وہ عرصہ سے تیاریاں کرتے چلے آتے تھے۔

(۲) مسلمانوں کی طرف سے یہ ہو بھی نہیں سکتا تھا۔ کیونکہ کلکتہ میں مسلمانوں کی

اقلیت تھی، اور ہندوؤں کی اکثریت،

(۳) ہسپتالوں میں زخمیوں، اور ہلاک شدگان کی جو پہلی کھیپ پہونچی، وہ اگر تمام تر نہیں تو زیادہ تر مسلمانوں پر مشتمل تھی، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ظالم نہیں مظلوم تھے، ابتدا ان کی طرف سے نہیں ہوئی۔ انہوں نے صرف مدافعت کی تھی۔

(۴) ہندوؤں نے منظم طور پر ہر طرح کے ہتھیاروں سے مسلح ہو کر مسلمان محلوں میں حملے کئے، یہ دوسری بات ہے کہ مسلمانوں نے کم تعداد ہونے کے باوجود جس تہوّر سے مقابلہ کیا اس کا انجام یہ ہوا کہ حملہ آوروں کو سر بازار سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا پڑا۔

(۵) دور افتادہ علاقوں کے مسلمان مچھیرے اور ماہی گیر تک ہندوؤں کی قاتلانہ لوٹ اور یلغار سے نہ بچ سکے۔ ان بیچاروں کو اچانک گھیرے میں لے لیا گیا، اور قتل وغارت کا بازار گرم کر دیا گیا۔ انہوں نے ہاتھ جوڑ جوڑ کر اپنے ہندو بن جانے کا اعلان کیا، لیکن ہندو کی حیثیت سے بھی انہیں زندہ رکھنا نہ گوارا کیا گیا۔

ان واقعات وحقائق کو نظر انداز کر کے مسلم لیگیوں کے سر پر ذمہ داری کا بوجھ ڈالنا، مولانا کی شان سے بعید تھا، اگر وہ اسی روز کلکتہ سے دہلی چلے گئے تھے، تو انہیں فون پر مولانا ملیح آبادی سے حقیقت حال معلوم کر لینی چاہیئے تھی، یا کلکتہ واپس آنے کے بعد امرت بازار پتریکا وغیرہ کے علاوہ "ہند" کا فائل بھی منگا کر پڑھ لینا چاہیئے تھا۔

(۱۱)

ملیٹری پر غیر متحرک ہونے کا الزام مسلم لیگ کے بجائے حکومت ہند پر عائد کرنا چاہیئے تھا۔

اور پھر ملیٹری کا یہ انداز عمل کیا صرف کلکتہ تک محدود تھا؟

کیا بہار میں، گڑھ مکتیسر میں، مشرقی پنجاب میں کہیں بھی یہ غیر متحرک ملیٹری متحرک

نظر آئی' عالم بالا سے شاید ایسے احکام ہی یہ ملے تھے کہ غیر جانبدار تماشائی بنی رہے،

(۱۲) بے شک پر امن مصالحت کا امکان ختم ہو جانا ہندوستان کی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ تھا' لیکن اس کی ذمہ داری کس پر تھی؟ ——— کیا جواہر لال کے علاوہ کسی اور پر؟

(۱۳)

یہ کتنی عجیب بات ہے کہ' کانگرس کے حلقہ میں' اور ہندو قوم میں' جواہر لال اپنی علمیت' مطالعہ' تاریخ دانی' سیاست میں مہارت' رواداری' وسعت قلب و نظر اور بے تعصبی کے اعتبار سے عدیم النظیر مانے جاتے ہیں' لیکن ہندو مسلم مفاہمت کی ہر کوشش جس چٹان سے ٹکرا کر ختم ہوئی وہ نہ مالوی جی تھے' نہ ڈاکٹر مونجے' نہ مکرجی' نہ گرو گوالکر' نہ شردھانند اور نہ لالہ ہردیال ——— وہ جواہر لال تھے ——— یا ان کے والد محترم' موتی لال!

میں ثبوت بھی پیش کرتا ہوں!

(۱) ۱۹۲۸ء میں "نہرو رپورٹ" کا شاہکار موتی لال نے پیش کیا۔ تمام مسلم جماعتوں نے' خاص طور پر مجلس مرکزیہ خلافت ہند نے اس کی مسلم آزار دفعات کے خلاف سخت احتجاج کیا' لیکن قائد اعظم اختلاف کے باوجود خاموش رہے' وہ چاہتے تھے اختلاف باہمی گفت و شنید سے ختم کر لیا جائے' اسے منظر عام پر لا کر فضا خراب نہ کی جائے

مسلم لیگ کی صدارت کے لئے مولانا محمد علی کا نام پیش ہوا لیکن مسٹر جناح نے جو اب تک قائد اعظم نہیں بنے تھے' مولانا محمد علی کی بجائے راجہ سر علی محمد خاں مرحوم مہاراجہ محمود آباد کو صدر منتخب کرایا' کیونکہ مولانا محمد علی نہرو رپورٹ کے مخالف تھے۔ اور موتی لال سے ان کے ذاتی تعلقات تلخ تھے۔ اور مہاراجہ محمود آباد' موتی لال کے ذاتی دوست تھے اور نہرو رپورٹ کے حامی تھے۔

مسٹر غلام محمد چھاگلا جو بمبئی کے نامور ایڈووکیٹ تھے، اور جو بعد میں بمبئی ہائیکورٹ
کے چیف جسٹس بنے، اور اب امریکہ میں بھارت کے سفیر ہیں، مسٹر جناح کے معتمد ترین شخص
تھے، اور کانگرس سے حد درجہ متاثر، مسٹر جناح نے مسٹر چھاگلا کو اس کام پر مامور کیا
کہ وہ مسلم مفاد، اور قومیت ہند کے درمیان سفیر صلح کے فرائض انجام دیں، اور نہرو
رپورٹ میں ان کی تجویز کردہ ترمیمیں منظور کرانے کی کوشش کریں، کیونکہ یہ ایک
طرف موتی لال کے لئے قابل قبول ہیں، دوسری طرف مسلمانوں کے مفاد کی ضامن

دسمبر ۱۹۲۸ء میں نہرو رپورٹ کانگرس کے سالانہ اجلاس منعقدہ کلکتہ میں پیش ہوئی
لیکن اس سے چند روز پہلے "نیشنل کنونشن" کا انعقاد کانگرس کی طرف سے ہوا۔ کنونشن میں
مسٹر جناح مسٹر چھاگلا، مہاراجہ محمود آباد اور اپنے دوسرے رفقا کے ساتھ پہونچے، اور
اپنی ترمیمیں پیش کیں۔ کنونشن میں سر تیج بہادر سپرو وہ واحد قابل ذکر شخص تھے ۔۔۔
۔۔۔ جنہوں نے تجاویز جناح کی (مسٹر جناح کے مشہور چودہ نکات) تائید کی۔ لیکن
موتی لال نے ایک تجویز بھی نہ مانی، وہ اس پر اڑے ہوئے تھے کہ نہرو رپورٹ
بجنسہٖ منظور کی جائے۔

کنونشن نے۔ پھر کانگرس نے یہ رپورٹ منظور کر لی، مسٹر جناح ناکام ہوئے، لیکن مایوس
نہیں ہوئے۔ خود ان کے بھی موتی لال سے ذاتی مراسم تھے، اب تک ان کی کوشش یہی
تھی کہ باہمی گفت وشنید سے معاملہ طے ہو جائے۔

مرکزی اسمبلی کے ممبر موتی لال بھی تھے اور مسٹر جناح بھی، موتی لال نے اسمبلی میں ایک
تقریر کرتے ہوئے، حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ "نہرو رپورٹ" کو ہندوستان کے متفقہ
دستور کی حیثیت سے منظور کر لے۔ اب مسٹر جناح سے ضبط نہ ہو سکا، وہ اٹھے اور انہوں
نے ایک زبردست تقریر میں نہرو رپورٹ کی دھجیاں بکھیر دیں۔

نتیجہ یہ ہوا کہ ہندو مسلم مفاہمت کا بہترین موقع ضائع ہو گیا۔ اور ایک سال بعد دسمبر

۱۹۲۹ء میں نہرو رپورٹ غرق دریائے راوی ہوگئی۔

(۲) گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے نفاذ کے بعد مسٹر جناح کی کوشش یہ تھی کہ کانگرس اور مسلم لیگ میں مفاہمت ہو جائے تاکہ یہ دونوں قومیں مل کر، اتحاد، تعاون اور اشتراک کے ساتھ صوبائی اصلاحات پر عمل کریں۔

لیکن دفعتہً کلکتہ میں ایک تقریر کرتے ہوئے جواہر لال نے اعلان کر دیا :

"ہندوستان میں صرف دو طاقتیں ہیں ایک انگریز، دوسری کانگرس۔"

مسٹر جناح کو جواب دینا پڑا :

"جی نہیں ایک تیسری طاقت بھی ہے ———— مسلم قوم!"

یہاں سے تلخی بڑھی اور لیگ اور کانگرس میں اختلافات کی خلیج وسیع تر ہوتی چلی گئی۔

(۳) گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے نفاذ کے بعد یو۔ پی میں مسلم لیگ نے دوسرے صوبوں کے مقابلہ میں سب سے زیادہ نشستیں حاصل کیں، لیگ اب بھی کانگرس سے تعاون پر تیار تھی۔ مولانا آزاد نے خلیق الزماں اور نواب اسماعیل خان کو وزارت کی پیش کش کی۔ جو دونوں نے منظور کر لی۔ لیکن جواہر لال نے مداخلت کی اور یہ پیش کش واپس لے لی۔ اور فرمایا، ان دونوں کو وزیر نہیں بنایا جا سکتا۔ ان میں سے جس ایک کو چاہے لیگ نامزد کر دے، وزیر بنا لیا جائے گا۔ خلیق الزماں اور اسماعیل خان نے جواہر لال کی پیش کش مسترد کر دی۔ اور تعاون کا ایک بہترین موقع ضائع ہو گیا جس کا اعتراف خود مولانا نے بھی اس خود نوشت میں کیا ہے۔

(۴) سب سے آخر میں، جب لیگ پاکستان کے مطالبہ تک سے دستبردار ہو گئی تھی اور کابینہ پلان قبول کر کے اس نے وحدت ہند کے لئے بہت بڑی قربانی اور ایثار کا ثبوت دیا تھا، جواہر لال نے کابینہ پلان مسترد کر دیا۔

(۱۴)

دستور ساز اسمبلی سے متعلق جواہر لال کا یہ بیان بھی دراصل تقسیم ہند کا پیش خیمہ" تھا۔ جس کا کریڈٹ انہیں قیامت تک ملتا رہے گا۔

شملہ کانفرنس !

(جون ۱۹۴۵ء)

لارڈ ویول وائسرائے ہند کی طلب کردہ "شملہ کانفرنس" کا آغاز ہو چکا ہے، مسلم لیگ اور کانگرس کے نمائندے موجود ہیں اور پیش کردہ سفارشات اور مباحث میں حصہ لے رہے ہیں

کانفرنس کے شروع ہوتے ہی مسلم لیگ اور کانگرس کے اختلافات نمایاں نظر آنے لگے)

"دوسرے روز کے اجلاس میں کانفرنس متعدد بنیادی امور پر متفق ہو گئی مثلاً اقلیتوں کا تناسب نمائندگی، مساعی جنگ میں مکمل تعاون، اختتام جنگ تک گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے ماتحت ایگزیکٹو کونسل کی تشکیل وغیرہ۔

مسٹر جناح کا مطالبہ

اصل اختلاف کانگرس اور مسلم لیگ میں ایگزیکٹو کونسل کی تشکیل پر پیدا ہوا، مسٹر جناح کا مطالبہ یہ تھا کہ کانگرس صرف ہندو ممبروں کو نامزد کرے، مسلمان ممبروں کی نامزدگی

مسلم لیگ کریگی ،، میں نے کہا کانگرس ایسے مطالبے کو ہرگز قبول نہیں کرسکتی وہ کسی حالت میں بھی اپنا وجود ایک ہندو تنظیم کی حیثیت سے گوارا نہیں کرسکتی کانگرس کو حق ہوگا کہ جس ہندوستانی کو چاہے نامزد کردے، خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان، عیسائی ہو یا پارسی یا سکھ۔ کانگرس ایگزیکٹو کونسل میں ہندوستانی قومیت کی بنیاد پر شرکت کریگی، ورنہ نہیں کرے گی۔ جہاں تک مسلم لیگ کا تعلق ہے یہ اسے خود طے کرنا چاہیئے کہ وہ کن لوگوں کو نامزد کرے گی۔ (۱)

(ص ۱۰۹-۱۱۰)

پینت جناح گفتگو

۲۶ رجون کو مسٹر جناح نے کانگرس سے گفت وشنید کی خواہش ظاہر کی، اس مقصد کے لیے میں نے مسٹر گوبند بلبھ پنت کو نامزد کیا، میرے خیال میں مسٹر جناح سے گفت وشنید کے لیے وہ موزوں ترین آدمی تھے۔ ان دونوں کی گفتگو کئی روز تک جاری رہی لیکن کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ (۲)

ص ۱۱۰

مسلم لیگ کے تین دور

مسلم لیگ کو سمجھنے کے لیئے ضروری ہے کہ ہم اس کی تاریخ ماضی پر ایک نظر ڈالیں سیاسی مسائل کے سلسلہ میں مسلم لیگ حسب ذیل تین ادوار سے گذری

مسلم لیگ کا پہلا دور

(۱)، سنہ ۱۹۰۶ء میں نواب مشتاق حسین (وقار الملک) کی کوشش سے بمقام ڈھاکہ مسلم لیگ کی بنیاد پڑی، میں اس موقع پر موجود تھا، مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ اس کے قیام کے دو سبب بنلائے گئے تھے۔ ایک تو یہ کہ حکومت برطانیہ سے وفاداری

کا رشتہ استوار رہے، دوسرے ہندوؤں اور دوسری قوموں کے مقابلہ میں سرکاری ملازمتوں کے اندر مسلمانوں کے مفادات وحقوق محفوظ رہیں۔ اس دور میں برطانوی حکومت کانگرسی مطالبات کے سلسلہ میں مسلم لیگ کو جواب کے طور پر استعمال کرتی رہی۔ (۳)

مسلم لیگ کا دوسرا دور

(۲) جب مسلم لیگ نے محسوس کیا کہ کانگرس کے دباؤ سے متاثر ہو کر حکومت سیاسی اصلاحات کے نفاذ پر مجبور ہو رہی ہے تو وہ حواس باختہ ہو گئی۔

مسلم لیگ سیاسی جنگ سے ہمیشہ کنارہ کش رہی، لیکن جب ہندوستان نے کوئی قدم آگے بڑھایا تو وہ مسلمانوں کے مطالبات لے کر کھڑی ہو گئی۔ لیگ کا یہ پروگرام حکومت کے حسب دلخواہ تھا، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ لیگ برطانیہ کے چشم و ابرو پر رقص کر رہی تھی۔ — "مارلے منٹو" اصلاحات اور "مانٹ فورڈ" اسکیم کے زمانہ میں بھی اس کا رویّہ یہی تھا۔ (۴)

مسلم لیگ کا تیسرا دور

دوسری جنگ عظیم سے تیسرا دور شروع ہوتا ہے۔ کانگرس نے نمایاں طور پر قوت و شوکت حاصل کر لی تھی۔ یہ بات روز بروز واضح ہوتی جا رہی تھی کہ برطانوی حکومت ہندوستان کو آزاد کر دے گی، مسٹر جناح مسلم لیگ کے مسلّمہ لیڈر تھے، انہوں نے محسوس کیا کہ کانگرس اور حکومت کے اختلافات سے انہیں پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہیئے انتقالِ اختیارات کے سلسلہ میں جب بھی حکومت اور کانگرس کے مابین گفت و شنید شروع ہوئی مسٹر جناح نے سکوت اختیار کر لیا، اگر گفتگو ناکام ہوئی تو انہوں

نے جھٹ ایک بیان شائع کر کے دونوں پارٹیوں کو ملامت شروع کر دی اور فرمایا کہ چونکہ کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا لہذا برطانوی پیشکش پر مسلم لیگ کو اظہار رائے کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اگست سنہ ۱۹۴۰ء کی پیشکش اور سنہ ۱۹۴۲ء کی کرپس پیشکش کے زمانہ میں مسٹر جناح نے یہی کیا، شملہ کانفرنس نے ایسی صورت حال پیدا کر دی جس سے اب تک مسٹر جناح دوچار نہیں ہوئے تھے۔ (۵)

(صـ ۱۱۰ـــ۱۱۱)

مسٹر جناح کا غیر مصالحانہ رویہ

(جون سنہ ۴۵ء، شملہ کانفرنس)

ہم مسلم لیگ کو زیادہ سے زیادہ رعایت دینے کو تیار تھے، لیکن مسٹر جناح نے یکسر غیر مصالحانہ رویہ اختیار کر لیا، حد یہ ہے کہ انہوں نے مجوزہ ایگزیکیٹو کونسل کے لیے اس وقت تک نام پیش کرنے سے بھی انکار کر دیا جب تک ان کا نقطہ نظر تسلیم نہ کر لیا جائے۔ (۶)

صـ ۱۱۵

مسلم لیگ مسلمانوں کی نمائندہ نہیں

(جون سنہ ۴۵ء، شملہ کانفرنس)

میں نے نمائندگان اخبار سے کہا "جہاں تک ہم سے ممکن تھا، ہم نے مسٹر جناح کی خواہشات پوری کرنے کی کوشش کی لیکن ہم ان کا یہ دعویٰ کسی طرح بھی تسلیم نہیں کر سکتے کہ مسلم لیگ ہی مسلمانان ہند کی تنہا نمائندہ اور با اختیار

تنظیم ہے۔ جن صوبوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے، وہاں مسلم لیگ کی وزارت نہیں ہے، صوبۂ سرحد میں کانگریسی وزارت ہے، بنگال میں گورنر راج ہے، پنجاب میں یونینسٹ منسٹری کام کر رہی ہے۔ سندھ میں سر غلام حسین کانگرس کی تائید کے بھروسہ پر جی رہے ہیں، یہی صورت آسام میں ہے۔ لہذا یہ دعویٰ کیسے مانا جا سکتا ہے کہ مسلم لیگ ہی مسلمانان ہند کی واحد نمائندہ جماعت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمانوں کی ایک بہت بڑی تعداد ہے جو مسلم لیگ سے کوئی سروکار نہیں رکھتی، (۷)

ص ۱۴۳ا

نئے انتخابات کے نتائج

(۱۹۴۶ء ہندوستان کے عام انتخابات ہو چکے ہیں) جیسا کہ عام طور پر متوقع تھا، کانگرس نے بنگال پنجاب اور سندھ کے علاوہ ہر صوبے میں کامیابی حاصل کی، بس ان تین صوبوں میں پوزیشن پیچیدہ تھی،

بنگال میں مسلم لیگ سب سے بڑی واحد پارٹی تھی، اس نے تقریباً نصف نشستوں پر قبضہ کر لیا، پنجاب میں یونینسٹ پارٹی اور لیگ کا پلہ تقریباً برابر تھا، سندھ میں مسلم لیگ نے نشستوں کی بڑی تعداد جیت لی، لیکن اکثریت حاصل نہ کر سکی، ان تینوں صوبوں میں مسلمان اکثریت میں تھے اور مسلم لیگ کے پروپیگنڈہ نے مذہبی دیوانگی اور فرقہ وارانہ منافرت کے جذبات پیدا کر دیئے تھے، اس صورت حال نے سیاسی مسائل کو اتنا زیادہ دشوار بنا دیا کہ جو مسلمان کانگرس یا کسی دوسری جماعت کے ٹکٹ پر کھڑے ہوئے، ان کے لیے ناممکن تھا کہ لوگوں کے سامنے اظہار خیال کر سکیں، صوبۂ سرحد میں جہاں مسلمانوں کی غیر معمولی اکثریت تھی

لیگ کی تمام کوششیں ناکام ہوئیں اور تشکیل وزارت کا کام کانگریس نے کیا (۸)
صد ۱۲۴

پاکستان سے نئے مسائل پیدا ہو جائیں گے

۱۱ اپریل ۱۹۴۶ء، کابینہ وفد آچکا ہے، مولانا آزاد کا خیال ہے کہ ہندوستان کے لیے وفاقی دستور موزوں ترین دستور ہوگا۔ مسلم لیگ کے خطرات بھی اس طرح دور ہو جائیں گے۔)

۱۵ اپریل ۱۹۴۶ء کو میں نے ایک بیان شائع کیا تھا اور اب کہ تقسیم ہند ایک حقیقت بن چکی ہے اور یہ حقیقت دس سال پرانی بھی ہو چکی ہے، آج بھی میں وہی کہتا ہوں جو میں نے اس روز کہا تھا، میں نے اپنے بیان میں کہا تھا،

"ہر ممکن نقطۂ نظر سے میں نے مسلم لیگ کی تجویز پاکستان پر غور کیا، اس کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ یہ نہ صرف مجموعی حیثیت سے ہندوستان کے لیے بلکہ خاص طور پر مسلمانوں کے لیے بھی مضر ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس تجویز سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا، بلکہ بہت سے نئے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔ (۹)

لفظ پاکستان سے اختلاف

میں اس کا اعتراف کرتا ہوں کہ پاکستان کا لفظ ہی میری طبیعت قبول نہیں کرتی اس کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کا ایک حصہ تو پاک ہے اور باقی ناپاک، پاک اور ناپاک کی بنیاد پر کسی قطعہ ارض کی تقسیم قطعاً غیر اسلامی اور روح اسلام کے بالکل منافی ہے۔ اسلام اس طرح کی کوئی تقسیم قبول نہیں کرتا،" آنحضرت

کا قول ہے کہ "خدا نے ساری دنیا کو میرے لیے مسجد بنایا ہے" علاوہ ازیں میں تو ایسا محسوس کرتا ہوں کہ پاکستان کی اسکیم شکست خوردگی کی ایک واضح علامت ہے۔ اس کی تعمیر جس بنیاد پر رکھی گئی ہے، وہ ہے یہود بوں کے قومی وطن کی مثال! یہ اس بات کا اعتراف ہے کہ ہندوستانی مسلمان ہندوستان کو بحیثیت مجموعی اپنا وطن نہیں بنا سکتے، وہ صرف اس ٹکڑے پر قناعت کریں گے جو ان کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہو' (۱۰)

وطن الیہود اور پاکستان جہاں تک یہودیوں کے قومی وطن کا مطالبہ ہے اس سے ہمدردی کی جا سکتی ہے کیونکہ وہ ساری دنیا میں بکھرے ہوئے ہیں اور کسی علاقہ میں بھی وہاں کے نظم و انصرام پر کوئی اثر نہیں رکھتے، لیکن ہندوستانی مسلمانوں کی حالت اس سے بالکل مختلف ہے ان کی تعداد نوے ملین سے زیادہ ہے، وہ کمیت اور کیفیت ہر لحاظ سے ہندوستانی زندگی کا ایک اہم عنصر ہیں۔ وہ انتظام اور پالیسی کے ہر مسئلہ پر فیصلہ کُن طور پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ قدرت نے ان کی مزید مدد اس طرح کی ہے کہ بعض رقبوں میں ان کی اکثریت بھی ہے، اس سے بڑھ کر بزدلانہ بات کوئی نہیں ہو سکتی کہ میں پورے آبائی ترکہ سے دستبردار ہو کر اس کے صرف ایک ٹکڑے پر قناعت کر لوں!(۱۱)

دو قومی نظریہ جیسا کہ سب جانتے ہیں مسٹر جناح کے پاکستان کی اسکیم دو قومی نظریہ پر مبنی ہے، ان کی تحقیق یہ ہے کہ ہندوستان بہت سی قومیتوں پر مشتمل ہے جن کی بنیاد مذہبی اختلافات پر ہے، ہندوستان میں دو بڑی قومیں ہیں — ہندو اور مسلمان۔

ایک جداگانہ قوم کی حیثیت سے انہیں جداگانہ حکومتوں کا مالک ہونا چاہیئے۔
ہمیں ٹھنڈے دل سے ان نتائج پر غور کرنا چاہیئے جو پاکستان بن جانے کے بعد رونما ہوں گے، ہندوستان دو حکومتوں میں تقسیم ہو جائے گا، ایک میں مسلمانوں کی اکثریت ہوگی، دوسری میں ہندوؤں کی، حکومت ہندوستان کے پاس ساڑھے تین کروڑ مسلمان ہوں گے جو ایک معمولی اقلیت کی حیثیت سے سارے ملک میں بکھرے پڑے ہوں گے یعنی ۱۷ سترہ فی صد یوپی میں، ۱۲ بارہ فی صد بہار میں، ۹ نو فیصد مدراس میں!

آج ہندو اکثریت کے صوبوں میں ان کی جو حالت ہے، پھر اس سے بھی زیادہ ابتر ہو جائے گی۔ یہ علاقے ایک ہزار سال سے ان کا وطن چلے آرہے ہیں یہیں مسلم ثقافت اور تہذیب کے مراکز قائم ہیں۔ (۱۲)

پاکستان بن جانے کے بعد

لیکن پاکستان بن جانے کے فوراً العبد ان پر یہ منکشف ہوگا کہ ان کی حیثیت ایک غیر ملکی کی ہے، صنعتی، تعلیمی اور اقتصادی لحاظ سے پس ماندہ وہ ہندو راج کے رحم و کرم پر چھوڑ دیئے جائیں گے۔ (۱۳)

پاکستان مسلمانوں کے لیے بھی مضر ہے

خود پاکستان میں بھی ان کی حالت کمزور ہوگی، ان کی اکثریت اتنی خفیف ہوگی کہ پاکستان کے غیر مسلموں کی تعلیمی، اقتصادی اور سیاسی بیداری انہیں ناکارہ بنا دے گی، لیکن اگر پاکستان غیر معمولی مسلم اکثریت پر مشتمل ہو تو بھی وہ ہندوستان کے مسلمانوں کی مدد نہ کر سکے گا۔ (۱۴)

ہندوؤں سے شکایت

بحث کے طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر پاکستان خود مسلمانوں کے مفاد کے پیش نظر اتنی مضر چیز ہے تو اس طلسم میں مسلمانوں کی غیر معمولی تعداد کیوں گرفتار ہے؟۔ جواب یہ ہے کہ ہندوؤں کے انتہا پسند فرقہ پرستوں کا طرزِ عمل اس کا موجب ہے! (۱۵)

وفاق کا فارمولا

جو فارمولا میں نے کانگریس سے منظور کرایا ہے، اس میں پاکستان کی اسکیم کی تمام خوبیاں رکھ لی گئی ہیں اور نقائص دور کر دیئے گئے ہیں، پاکستان کی بنیاد وہ خوف ہے جو مسلم اکثریت کے صوبوں میں ہندو اکثریت والے مرکز کی مداخلت کے بارے میں پایا جاتا ہے۔ کانگریس نے اس خوف کو صوبائی خود مختاری تسلیم کر کے دور کر دیا ہے۔ لہٰذا کانگریس کی اسکیم کی رو سے مسلم اکثریت کے صوبوں کو اس بات کی ضمانت مل جاتی ہے کہ وہ اندرونی طور پر آزاد ہوں گے۔ ساتھ ہی ساتھ مرکز کے ان فیصلوں پر بھی اثر انداز ہو سکیں گے جن کا تعلق سارے ہندوستان سے ہوگا۔ (۱۶)

فرقہ وارانہ تلخی عارضی ہے

میں ان لوگوں میں ہوں جن کا خیال ہے کہ فرقہ وارانہ تلخی اور اختلافات کا یہ دور عارضی ہے۔ میں مضبوطی کے ساتھ اس یقین پر قائم ہوں کہ جب ہندوستان آزاد ہو گیا اور اپنی قسمت کی ذمہ داریوں کو خود انجام دینے لگا تو یہ تلخیاں دور ہو جائیں گی، جب ہندوستان اپنی قسمت کا مالک ہوگا تو فرقہ وارانہ تنازعات اور شبہات کو یکسر

فراموش کر دیگا۔ بلاشبہ اختلافات موجود رہیں گے، لیکن یہ اقتصادی ہوں گے
نہ کہ فرقہ وارانہ، سیاسی جماعتوں کے اختلافات بھی قائم رہیں گے لیکن ان
کی بنیاد مذہب نہیں ہو گا، بلکہ اقتصادی اور سیاسی مسائل ہوں گے طبقات'
نہ کہ فرقے مستقبل کی صف آرائی کی بنیاد ہوں گے اور اسی بنیاد پر پالیسیوں کی
تشکیل کی جائے گی، اگر یہ کہا جائے کہ یہ صرف خوش خیالی ہے جو واقعات اور
حقائق سے دور ہے تو میں جواب دوں گا کہ ہر حالت میں نو کروڑ مسلمان ایک
ایسا عنصر ہیں جسے دنیا کی کوئی طاقت نظر انداز نہیں کر سکتی خواہ حالات کچھ
بھی ہوں، وہ اپنے مستقبل کی حفاظت خود کر سکتے ہیں! (۱۷)
(ص ۱۴۲، ۱۴۳، ۱۴۴، ۱۴۵)

کابینہ وفد پاکستان کا مخالف

کابینہ وفد نے اپنے بیان میں بالفاظ واضح یہ کہہ دیا تھا کہ وہ تقسیم ہند اور ایک آزاد مسلم حکومت کے قیام کی سفارش نہیں کر سکتا۔ لارڈ پیتھک لارنس اور سر اسٹیفرڈ کرپس نے بار بار کہا کہ ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ مسلم لیگ نے جس پاکستان کا خاکہ پیش کیا ہے، وہ ایک مستحکم حکومت کی صورت میں عمل پذیر ہو سکتا ہے؟ (۱۸)

وفاق ہی بہترین حل ہے

لارڈ پیتھک لارنس نے ایک سے زائد بار یہ بات کہی کہ ہمارے اس فارمولے کو قبول کر لینے کے معنی یہ ہیں کہ شروع میں مسلم اکثریت کے صوبے مرکزی حکومت کو صرف تین محکمے دیں گے، باقی ماندہ اختیارات اپنے پاس رکھ کر مکمل صوبائی آزادی سے بہرہ مند ہوں گے، ہندو اکثریت کے صوبے رضاکارانہ طور پر مرکزی حکومت

کو اور بھی جتنے محکمے چاہیں، دے سکتے ہیں۔ ایک صحیح قسم کے وفاق میں وفاقی واحدوں کو اس بات کی پوری آزادی ہونی چاہیئے کہ وہ خود یہ فیصلہ کریں کہ کتنے اور کس نوعیت کے محکمے مرکزی حکومت کے حوالے کیے جائیں؟ (۱۹)

مسلم لیگ نے کابینہ پلان تسلیم کرلیا

مسلم لیگ کونسل کا جلسہ تین روز تک ہوتا رہا آخری روز مسٹر جناح کو اعتراف کرنا پڑا کہ کابینہ وفد کی اسکیم سے بہتر اقلیتوں کے مسائل کا کوئی اور حل نہیں ہو سکتا، انہوں نے کونسل کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ وفد کی اسکیم نے وہ زیادہ سے زیادہ دے دیا ہے جو حاصل کیا جاسکتا تھا، انہوں نے مسلم لیگ کو مشورہ دیا کہ یہ اسکیم قبول کرے اور کونسل نے بالاتفاق اسے منظور کرلیا۔ (۲۰)

صہ ۱۵۰

جواہر لال کا شکوہ

(کابینہ پلان کے سلسلہ میں صوبوں کی گروہ بندی سے متعلق نئے صدر کانگرس کی حیثیت سے جواہر لال کا ہنگامہ خیز پیمان شکن بیان۔ مولانا آزاد نے اس بیان کو تقسیم ہند کا پیش خیمہ قرار دیا۔ اس سلسلہ میں وہ لکھتے ہیں :-)

۱۹۳۷ء میں بھی جواہر لال کی تخیل پسندی سے اسی طرح کی ایک بہت بڑی غلطی کا صدور ہوا تھا، گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے ماتحت جو نئے انتخابات ہندوستان میں ہوئے، ان میں یوپی اور بمبئی کے سوا ہر جگہ مسلم لیگ کو شکست فاش سے دوچار ہونا پڑا۔ بنگال کا گورنر ذہنی طور پر لیگ کی وزارت

بنا ہی چکا تھا لیکن کرلشیک پرجا پارٹی نے اس کے اندازے غلط کر دیئے۔ مسلم اکثریت کے دوسرے صوبوں، پنجاب، سندھ اور سرحد میں بھی مسلم لیگ کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ بمبئی میں مسلم لیگ نے کافی نشستیں لی تھیں، لیکن وہ یوپی ہی کا صوبہ تھا جہاں لیگ نے غیر معمولی کامیابی حاصل کی۔

یوپی لیگ سے میرا سمجھوتہ

چوہدری خلیق الزماں اور نواب اسمٰعیل خاں یوپی مسلم لیگ کے قائد تھے، تشکیل حکومت کے سلسلہ میں جب میرا لکھنؤ آنا ہوا تو میں نے ان دونوں اصحاب سے گفتگو کی، انھوں نے مجھے یقین دلایا کہ وہ نہ صرف کانگرس سے تعاون کریں گے بلکہ کانگرسی پروگرام کی تائید بھی کریں گے۔ قدرتاً ان کی خواہش تھی کہ نئی حکومت میں مسلم لیگ کو حصہ ملنا چاہیئے، پوزیشن کچھ ایسی تھی کہ دونوں میں سے کوئی ایک شریک وزارت نہیں ہو سکتا تھا، یا دونوں ہوتے، ورنہ کوئی نہ ہوتا۔ میں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ دونوں حکومت میں شریک کر لیئے جائیں گے مجھ سے گفتگو کے بعد ایک تحریر مرتب ہوئی کہ مسلم لیگ پارٹی کانگرس سے تعاون کرے گی اور اس کے پروگرام پر عمل کرے گی، نواب اسماعیل خاں اور چودھری خلیق الزماں نے اس دستاویز پر دستخط کر دیئے، میں لکھنؤ سے پٹنہ چلا گیا۔ جہاں وزارت سازی کے سلسلہ میں میری موجودگی ضروری تھی۔ (۲۱)

جواہر لال نے میرا فیصلہ بدل دیا

چند روز بعد میں الٰہ آباد واپس آیا اور یہ دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کہ جواہر لال نے چودھری خلیق الزماں اور نواب اسماعیل خاں کو تحریر کیا ہے کہ ان دونوں میں سے ایک ہی شریک وزارت کیا جا سکتا ہے۔ انھوں نے لکھا

تھا مسلم لیگ پارٹی دونوں میں سے جسے چاہے نامزد کرلے لیکن جیسا کہ میں ابھی کہہ چکا ہوں دونوں میں سے کوئی بھی اس پوزیشن میں نہ تھا کہ تنہا شریک وزارت ہوجائے۔ چنانچہ انہوں نے جواہر لال کی پیش کش مسترد کردی (۲۲)

مسلم لیگ میں نئی زندگی جواہر لال کے اس اقدام نے مسلم لیگ کو یوپی میں ایک نئی زندگی عطا کردی۔ سیاسیات کا ہر طالب علم جانتا ہے کہ وہ یوپی ہی کا صوبہ ہے جہاں لیگ کا احیاء ہوا، مسٹر جناح نے بھی اس موقع سے خوب فائدہ اٹھایا اور جارحانہ مہم شروع کردی جو پاکستان پر ختم ہوئی۔ (۲۳)

ٹنڈن جی نے جواہر لال کو متاثر کیا میرا خیال ہے کہ پرشوتم داس ٹنڈن اس معاملہ میں پس پردہ کام کررہے تھے جواہر لال کے فیصلہ پر وہی اثر انداز ہوئے، ٹنڈن کے افکار و آرا میری نظر میں کوئی وقعت نہیں رکھتے، میں نے جواہر کو آمادہ کرنا چاہا کہ وہ اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرلیں، میں نے ان سے کہا کہ مسلم لیگ کو شریک وزارت نہ کرکے انہوں نے بہت بڑی غلطی کی ہے"میں نے انہیں متنبہ کیا کہ اس اقدام کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلم لیگ میں ایک نئی زندگی پیدا ہوجائے گی اور اس طرح آزادی ہند کے راستہ میں نئی دشواریاں حائل ہوجائیں گی۔ جواہر لال نے میری بات نہیں مانی ان کا خیال تھا کہ ان کا فیصلہ صحیح ہے، انہوں نے بحث کرتے ہوئے کہا کہ چھبیس[۲۶] نشستیں حاصل کرلینے کے بعد مسلم لیگیوں کو وزارت میں ایک سے زیادہ نشست نہیں مل سکتی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ یوپی میں کوئی مفاہمت نہ ہوسکی، مسٹر جناح

نے مساوی لیگ کو کانگرس کے خلاف کھڑا کر دیا۔ (۲۴)

ص ۱۶۱ — ۱۶۲

قائد اعظم کی فہرست پر اعتراض

(اکتوبر ۱۹۴۶ء، وائسرائے کی یقین دہانی پر مسلم لیگ عارضی حکومت میں شریک ہو چکی ہے)

چند الفاظ میں ان لوگوں کے بارے میں کہنا چاہتا ہوں جنہیں مسٹر جناح نے نامزد کر کے ایگزیکیٹو کونسل میں بھیجا تھا،

لیاقت علی خاں کے علاوہ مسلم لیگ کے سب سے زیادہ اہم اور تجربہ کار لیڈر بنگال کے خواجہ ناظم الدین اور یو پی کے نواب اسماعیل خاں تھے، یہ بات طے شدہ سمجھی جاتی تھی کہ اگر لیگ نے کبھی وزارت قبول کی تو یہ تینوں اس میں ضرور شریک ہوں گے۔ شملہ کانفرنس کے دوران میں یہی تین نام تھے جو بار بار زبان پر آتے تھے، لیکن اب کہ لیگ نے ایگزیکیٹو کونسل میں شرکت کا فیصلہ کیا، مسٹر جناح نے عجیب و غریب رویہ اختیار کیا، خواجہ ناظم الدین اور نواب اسماعیل خاں نے لیگ اور کانگرس کے مناقشہ میں کبھی بھی انتہا پسندانہ رویہ اختیار نہیں کیا تھا، مسٹر جناح اس بات پر برہم تھے۔ ان کا خیال تھا کہ یہ لوگ ان کی ہاں میں ہاں نہیں ملائیں گے، چنانچہ ان کے نام انھوں نے فہرست سے خارج کر دیے لیگ کونسل میں ہنگامہ آرائی شروع ہو جاتی، اگر مسٹر جناح کا انتخاب پہلے سے معلوم ہو گیا ہوتا۔ لہٰذا انہوں نے کونسل کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ ایک تجویز منظور کر کے نامزدگی کا اختیار انہیں دے دے۔

مسٹر جناح نے جب اپنی فہرست لارڈ ویول کو دی تو اس میں لیاقت علی خاں

آئی آئی چندریگر، عبدالرب نشتر، غضنفر علی اور جگندر ناتھ منڈل کے نام تھے

ناظم الدین اور اسماعیل خاں کا ذکر میں چند الفاظ منڈل کے بارے میں الگ سے کہوں گا۔ لیگ کے باقی تینوں نامزد ممبر قطعاً غیر معروف تھے، ان لوگوں کے بارے میں خود لیگ کے ممبروں کو بہت کم واقفیت تھی، یہ صحیح ہے کہ لیگ نے سیاسی جدوجہد میں کوئی حصہ نہیں لیا، اس لیے اس کی صف میں چند ہی لیڈر ایسے تھے جو قوم میں کچھ اہمیت رکھتے تھے، لیکن بہر حال اس کے ممبروں میں خواجہ ناظم الدین اور نواب اسماعیل کے سے آزمودہ کار موجود تھے، لیکن مسٹر جناح نے اپنے تین جی حضوریوں کے مقابلہ میں انہیں نظر انداز کر دیا۔ (۲۵)

ناظم الدین اور اسماعیل خاں کی مایوسی ۲۵ر اکتوبر کو عارضی حکومت کے مسلم لیگی ممبروں کا نام مشتہر ہوا، خواجہ ناظم الدین اور نواب اسماعیل خاں دوسرے مسلم لیگی لیڈروں کے ساتھ امپیریل ہوٹل میں اعلان کا بےچینی سے انتظار کر رہے تھے انہیں اپنی شرکت کا یقین تھا، اسی طرح انکے حامی بھی یہی یقین رکھتے تھے، چنانچہ مسلم لیگی ممبروں کی ایک بڑی تعداد ہار اور طرے لیے ہوئے موجود تھی، جب ناموں کا اعلان ہوا اور فہرست میں ان میں سے کسی کا نام بھی نہیں پایا گیا تو ان کی مایوسی اور برہمی کا اندازہ ہر شخص کر سکتا ہے، مسٹر جناح نے ان کی امیدوں پر تخ بستہ پانی انڈیل دیا تھا۔ (۲۶)

جگندر ناتھ منڈل مسلم لیگ نے سب سے زیادہ مضحکہ خیز حرکت یہ کی کہ اپنی فہرست میں جگندر ناتھ منڈل کا نام بھی شامل کر لیا۔ مسٹر جناح نے پوری کوشش

کی کہ کانگرس صرف ہندوؤں کو نامزد کرے، لیکن ان کی کوششوں کے باوجود کانگرس نے ہندو، مسلم، سکھ، پارسی، اچھوت اور عیسائی ممبر ایگزیکٹو کونسل کے لیے نامزد کیے۔ مسٹر جناح نے محسوس کیا کہ انہیں بھی یہ نمائش کرنی چاہیے کہ لیگ دوسرے فرقوں کی نمائندگی بھی کرتی ہے۔ چنانچہ اپنے نامزدگان میں انھوں نے ایک غیر مسلم کو بھی شریک کرنے کا فیصلہ کر لیا، نگاہ انتخاب جگندر ناتھ منڈل پر پڑی۔ مسٹر جناح نے یہ غور نہیں کیا کہ ان کا یہ اقدام ان کے پچھلے دعوے سے کتنا مختلف ہے؟ وہ یہی تو کہا کرتے تھے کہ کانگرس ہندو ممبر نامزد کرے اور مسلم لیگ مسلمان ممبر۔ مسٹر جناح کا یہ انتخاب دلچسپ بھی تھا اور اشتعال انگیز بھی۔ مسٹر سہروردی نے بنگال میں جب مسلم لیگی وزارت قائم کی تو اس کے واحد غیر مسلم ممبر بھی مسٹر جگندر ناتھ منڈل تھے۔ وہ بنگال میں بالکل غیر معروف تھے، اور ہندوستان گیر سیاست میں ان کی کوئی حیثیت نہ تھی۔ چونکہ وہ مسلم لیگ کے نامزد شدہ ممبر تھے، لہذا انہیں کوئی پورٹ فولیو بھی ملنا چاہیئے تھا چنانچہ وہ لا ممبر مقرر کیے گئے، گورنمنٹ آف انڈیا کے اکثر سکریٹری انگریز تھے، مسٹر منڈل کا سکریٹری بھی انگریز تھا جو روزانہ یہ شکایت کیا کرتا تھا کہ مسٹر منڈل جیسے وزیر کے ساتھ کام کرنا سخت مشکل ہے۔ (۲۷)

رفیع احمد قدوائی کا لطیفہ

اب کہ مسلم لیگ حکومت میں شریک ہونے کے لیئے آمادہ ہو گئی تھی کانگرس کو وزارت کی از سر نو تشکیل کرنا پڑی تاکہ مسلم لیگ کے نمائندے بھی کھپ سکیں۔ ہمیں یہ فیصلہ کرنا تھا کہ کن لوگوں کو وزارت سے الگ کیا جائے۔ ہم نے یہ محسوس کیا کہ مسٹر سرت چندر بوس، سر شفاعت احمد خاں اور سید علی ظہیر

استعفا دے کر مسلم لیگی ممبروں کے لیے جگہ خالی کر دیں، پورٹ فولیوز کے بارے میں لارڈ ویول نے یہ تجویز پیش کی کہ ایک اہم پورٹ فولیو مسلم لیگ کے نمائندے کو ملنا چاہیئے۔ ان کی تجویز یہ تھی کہ ہمیں وزارت داخلہ سے مسلم لیگ کے حق میں دستبردار ہو جانا چاہیئے لیکن سردار پٹیل جو وزیر داخلہ تھے، اس تجویز پر رضامند نہ ہوئے، میں لارڈ ویول کی تجویز کے حق میں تھا، لیکن سردار پٹیل اپنی بات پر اڑے ہوئے تھے، انہوں نے کہا کہ اگر ہم نے زیادہ اصرار کیا تو وہ وزارت داخلہ سے دستبردار ہونے کے مقابلہ میں ایوان وزارت سے باہر نکل آنا زیادہ پسند کریں گے۔ اب ہم نے دوسرے متبادل پہلو پر غور کیا۔ رفیع احمد قدوائی نے تجویز پیش کی کہ وزارت مالیات مسلم لیگ کو سونپ دینی چاہیئے، کوئی شبہ نہیں یہ بہت اہم محکمہ ہے لیکن اتنا ہی ٹیکنیکل بھی، اور لیگ کے پاس ایسا کوئی آدمی نہیں ہے جو اسے چلا سکے۔ قدوائی کا خیال تھا کہ چونکہ یہ محکمہ خالص ٹیکنیکل نوعیت کا ہے، لیگ اس پیشکش کو مسترد کر دے گی، اگر ایسا ہوا تو کانگریس کا کیا جائے گا، اور اگر لیگی ممبر نے یہ محکمہ قبول کر لیا تو وہ بہت جلد اپنے آپ کو گرداب حماقت میں مبتلا پائے گا، رفیع احمد کا خیال تھا دونوں صورتیں کانگریس کے لیے مفید ہیں۔ (۲۸)

سردار پٹیل بہت خوش ہوئے!

سردار پٹیل تو یہ تجویز سن کر اچھل پڑے، اس کی انہوں نے بڑی پرزور تائید کی، میں نے یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ مالیات کا محکمہ حکومت کی کنجی ہے یہ اگر مسلم لیگ کے پاس چلا گیا تو ہمیں غیر معمولی مشکلات سے دوچار ہونا پڑے گا سردار پٹیل نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ لیگ اس محکمہ کو نہیں سنبھال

پائے گی، وہ ہماری پیشکش مسترد کرنے پر مجبور ہے، بہر حال یہ فیصلہ مجھے کچھ
پسند نہ آیا، لیکن چونکہ دوسرے تمام لوگ متفق تھے، میں خاموش ہو رہا۔
وائسرائے نے اطلاع بھیج دی کہ کانگرس مسلم لیگ کے کسی نامزد ممبر کو محکمۂ مالیات
کی پیشکش کرتی ہے۔

چودھری محمد علی کا ذکر

جب لارڈ ویول نے یہ اطلاع مسٹر جناح کو بھیجی تو انہوں نے کہا وہ اپنا جواب کل بھیجیں گے۔ اس
سے صاف ظاہر تھا کہ پہلے پہل مسٹر جناح اس پیش کش کے بارے میں متردد
تھے۔ انھوں نے مسلم لیگ کے سینیر نمائندے کی حیثیت سے لیاقت علی کو
کابینہ میں بھیجنے کا فیصلہ کیا تھا، لیکن انھیں شبہ تھا کہ لیاقت علی خاں
اس محکمہ کو خوبی کے ساتھ سنبھال سکیں گے؟ چودھری محمد علی جو فنانس ڈیپارٹمنٹ
میں ایک ممتاز منصب پر فائز تھے، یہ خبر سن کر مسٹر جناح کے پاس پہنچے
انھوں نے مسٹر جناح سے کہا کہ کانگرس کی یہ پیشکش ایک نعمت غیر مترقبہ ہے
اور لیگ کی بہت بڑی فتح۔ انہیں یہ ہرگز توقع نہیں تھی کہ کانگرس محکمۂ مالیات
مسلم لیگ کے حوالہ کر دے گی، اس محکمہ پر قبضہ کرنے کے بعد لیگ گورنمنٹ
کے ہر محکمہ پر تسلط حاصل کر لے گی، وہ مسٹر لیاقت علی خاں کی ہر طرح مدد کریں گے
انہوں نے یقین دلایا کہ ان کی مدد سے لیاقت علی خاں بڑی خوبی سے اپنے
فرائض انجام دے سکیں گے۔ مسٹر جناح نے یہ پیش کش منظور کر لی اور لیاقت
علی خاں وزیر مالیات ہو گئے۔ بہت جلد کانگرس نے محسوس کر لیا کہ محکمۂ مالیات
مسلم لیگ کی تحویل میں دے کر اس سے بہت بڑی غلطی سرزد ہوئی ہے

مسٹر اٹیلی کی ہندوستان سے دلچسپی مسٹر اٹیلی ہندوستان کی سیاسی رفتار سے ذاتی طور پر دلچسپی لے رہے تھے۔ ۲۶ر نومبر ۱۹۴۶ء کو انہوں نے ایک مرتبہ پھر تعطل دور کرنے کے لیے لارڈ ویول اور نمائندگان لیگ و کانگرس کو لندن آنے کی دعوت دی۔ جواہر لال نے لارڈ ویول سے کہا "لندن جاکر بحث مباحثہ کرنے سے کوئی فائدہ نہیں، معاملات کو از سر نو زیر بحث لانا اتنا مفید نہیں ہو گا جتنا مضر! " ۳۱

لارڈ ویول کی نصیحت لارڈ ویول نے جواہر لال سے اتفاق نہیں کیا اور مجھ سے اس مسئلہ پر زیادہ تفصیل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر مسلم لیگ کا موجودہ رویہ جاری رہتا ہے تو اس سے نہ صرف نظم حکومت پر برا اثر پڑے گا بلکہ ہندوستانی مسائل کا پر امن حل بھی دشوار تر ہوتا چلا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ لندن کی گفت و شنید رہنمایان ہند کو معروضی طور پر زیادہ ٹھنڈے دل سے حالات پر غور کرنے کا موقع دے گی وہ مقامی دباؤ اور اپنے متبعین کے مسلسل دباؤ سے آزاد ہوں گے۔" لارڈ ویول نے یہ بھی کہا کہ مسٹر اٹیلی ہندوستان کے دوست ہیں اور اس گفتگو میں ان کی یہ شرکت یقیناً مفید نتائج پیدا کرے گی۔

اٹیلی بھی ناکام ہوئے میں نے لارڈ ویول کی گفتگو میں وزن محسوس کیا اور اپنے رفقاء کو راغب کیا کہ وہ اپنی رائے تبدیل کرلیں، آخر یہ طے پایا کہ جواہر لال کانگرس کی، مسٹر جناح اور لیاقت علی خاں مسلم لیگ کی اور بلدیو سنگھ سکھوں کی ترجمانی کریں، ۳ر دسمبر سے ۶ر دسمبر تک گفتگو جاری رہی مگر بے نتیجہ! —

۳۱ ص ۱۷۲، ۱۷۳

لیگی وزراء دردِ سر بن گئے کانگریس اور لیگ کے اختلافات کے باعث مشکلات میں اضافہ ہوتا جارہا تھا، مسلم لیگی ممبر شریک حکومت تھے، لیکن حکومت کے خلاف بھی تھے، درحقیقت ان کا مقصد ہی یہ تھا کہ ہماری ہر تجویز کو تباہ کرکے رکھ دیں، وزیر مالیات کے غیر معمولی اختیارات کچھ کم دردِ سر کا باعث نہ تھے، لیکن ابھی ایک اور جھٹکا ہمارا انتظار کررہا تھا جو لیاقت علی کے پیش کردہ میزانیہ کی صورت میں ظاہر ہوا۔

صـ ۱۷۵

تقسیم کے حالاتِ مابعد پر تبصرہ اب ایسی صورت حالات پیدا ہوگئی تھی جو المیہ اور طربیہ کو ساتھ ساتھ لیے چل رہی تھی، تقسیم کے بعد سب سے زیادہ مضحکہ خیز پوزیشن مسلم لیگی لیڈروں کی تھی جو ہندوستان میں رہ گئے تھے، مسٹر جناح کراچی تشریف لے گئے اور اپنے متبعین کے لیے یہ پیغام چھوڑ گئے کہ چونکہ ملک اب تقسیم ہوچکا ہے، انھیں ہندوستان کا وفادار شہری بن کر رہنا چاہیئے۔ اس الوداعی پیغام نے ان بیچاروں کو ضعف و سرگشتگی کے عالم میں چھوڑ دیا۔ ۱۴ اگست کے بعد ان میں سے کئی حضرات میرے پاس آئے، ان میں سے ہر ایک نے گہرے قلق اور غضب کے عالم میں کہا کہ مسٹر جناح نے انھیں دھوکا دیا۔ (۳۲)

غلط فہمی کس کی تھی؟ پہلی مرتبہ تو میں یہ سمجھ نہ سکا کہ مسٹر جناح کی فریب کاری سے ان کا مطلب کیا ہے؟ مسٹر جناح نے تقسیم ملک کا مطالبہ علانیہ طور پر مسلم اکثریت کے صوبوں کے لیے کیا تھا، پاکستان اب ایک حقیقت تھا، مغربی اور مشرقی علاقوں کی مسلم اکثریت کا مجموعہ پاکستان بن چکا تھا پھر مسلم لیگ کے یہ ترجمان کیوں کہہ رہے ہیں کہ انھیں دھوکا دیا گیا؟ یہ

اتنی واضح بات تھی کہ ان کی غم انگیز حالت دیکھ کر مشکل ہی سے ان پر ترس آسکتا تھا، میں نے انھیں یاد دلایا کہ کابینہ وفد کے زمانہ میں ۱۵ اپریل ۱۹۴۶ء کو بیان دیتے ہوئے میں نے مسلمانان ہند کو خبردار کر دیا تھا کہ اگر تقسیم نے کبھی حقیقت کی صورت اختیار کی تو وہ محسوس کریں گے کہ مسلم اکثریت، پاکستان بن گئی لیکن وہ ہندوستان میں رہنے پر مجبور رہوں گے، ایک چھوٹی اور حقیر اقلیت کی حیثت سے!

(صـ ۲۰۸-۲۰۹)

---

(۱) بعد میں خود واقعات نے ثابت کر دیا کہ قائداعظم کا موقف کتنا درست اور مولانا کا نقطۂ نظر کتنا غلط تھا!

(۲) قائداعظم کا خود گفت وشنید کے لیے پیش قدمی کرنا، ان کے مخلص ہونے کی دلیل ہے، جس در سے انھیں ناکامی کے سوا کبھی کچھ نہ ملا تھا، اب بھی امید کا دامن پکڑے وہ دستک دے رہے تھے، نتیجہ اب بھی وہی نکلا جو پہلے نکلا کرتا تھا۔ لیکن قائداعظم نے یہ پیش قدمی کر کے ثابت کر دیا کہ وہ ہندو مسلم مفاہمت کے لیے اپنا وقار اور رکھ رکھاؤ بھی قربان کر سکتے تھے۔

(۳) مسلم لیگ کے جو تین دور مولانا نے قائم کیے انہیں اگر مبنی بر واقعہ بھی مان لیا جائے تو کیا وہ عملی سیاست میں غلط تھے؟

کیا مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں کے اندر اپنے حقوق اور مفادات ---- کی حفاظت کی جدوجہد نہیں کرنی چاہیئے تھی؟ کانگرس میں اور ہندو اکثریت میں اگر عقل ہوتی تو مسلمانوں کے اس جائز مطالبہ کو خود ہی تسلیم کر لینا چاہیئے تھا کیا پھر بھی انگریز مسلم لیگ کو "جواب آں غزل" کے طور پر استعمال کر سکتے تھے؟ مولانا سے زیادہ اس حقیقت کا شناسا کون ہو سکتا ہے کہ اس پہلے دور کا

جہاں تک تعلق ہے، قائد اعظم کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ اس زمانہ میں وہ بڑے پکّے "کانگریسی اور "نیشنلسٹ" تھے، مسلم لیگ میں شرکت کرنا اپنی توہین سمجھتے تھے۔

(۴) اس دوسرے دور کا تعلق بھی کم از کم قائد اعظم سے ذرا بھی نہیں!
سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر اقلیتوں کو مطمئن کئے بغیر اکثریت کے لیے آگے قدم بڑھانا جائز تھا تو اس قدم کو روکنے کے لیے اقلیتوں کا میدان میں آنا کیوں ناجائز ہو گیا؟

(۵) افسوس ہے مولانا نے یہاں بھی ارادةً یا سہواً (میرے خیال میں سہواً)، غلط فرمایا ہے۔
اگست سنہ ۱۹۴۰ء کی پیش کش لارڈ لن لتھ گو نے کی تھی، قائد اعظم نے "گاندھی" سے اور وائسرائے سے صاف اور واضح الفاظ میں کہہ دیا تھا کہ اگر مسلمانوں کی انفرادیت اور حق خود ارادیت کو تسلیم کر لیا جائے تو وہ ساتھ دینے کو ہر طرح سے تیار ہیں، کانگرس تسلیم کرلے تو اس کا، برطانوی حکومت تسلیم کرلے تو اس کا۔ دونوں نے تسلیم نہیں کیا، قائد اعظم اور مسلم لیگ نے کسی کا ساتھ نہیں دیا، بلکہ مرکزی اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے انگریز ہوم ممبر سے صاف کہہ دیا۔
"تم مجھے نازیوں کی سفاکی اور درندگی سے کیا ڈراتے ہو، اگر نازی غالب آئے تو ہمارے صرف آقا بدلیں گے، تم غلام ہو جاؤ گے!"
کیا یہ بات اتنی صفائی سے کوئی اور بھی کہہ سکتا تھا؟

(۶) "خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خرد"! ــــ قائد اعظم کے جس رویہ کو مولانا آزاد غیر مصالحانہ قرار دے رہے ہیں، دنیا کے ہر اصولِ سیاست کے اعتبار سے وہی بہترین طرز عمل تھا۔

کانگرس نے یہ عقلمندی کی کہ اپنی فہرست وائسرائے کے سامنے پیش کر دی قائدِاعظم نے نہیں کی، کانگرس نے اپنے پتے میز پر رکھدیئے اور ناکام ہو گئی، قائدِاعظم نے اصول منوائے بغیر نہ فہرست پیش کی نہ پتے میز پر رکھے، اقبال نے ایک زمانہ میں بڑے درد سے کہا تھا،

ہو گئی رسوا زمانہ میں کلاہ لالہ رنگ!

وہ قائدِاعظم ہی تھے جنہوں نے ملّت اسلامیہ کی کلاہ لالہ رنگ کا کھویا ہوا وقار پھر سے حاصل کیا، محض اپنی فہم و فراست اور تدبّر سے

(۷) بظاہر مولانا آزاد کا یہ دعویٰ بالکل صحیح تھا، لیکن درحقیقت غلط تھا! صوبوں میں جو مجالس آیئن ساز کام کر رہی تھیں، ان کے ممبر مسلم لیگ کے دورِ اقتدار سے پہلے منتخب ہوئے تھے، لہذا بے شک یہ مسلم لیگ کے مخالف بھی تھے اور اسکے دائرہ اقتدار سے باہر بھی، لیکن مسلم لیگ جب صحیح معنی میں عوامی جماعت بن گئی، تو حالت یہ تھی کہ کانگرس پارلیمنٹری بورڈ کی طرف سے روپیہ پانی کی طرح بہانے کے باوجود سارے ہندوستان کے ضمنی انتخابات میں ایک کے سوا تمام مسلم لیگی امیدوار کامیاب ہوئے، مولانا آزاد کے بظاہر صحیح دعوے کا بھرم ان حقائق کی روشنی میں کھل جاتا ہے۔

پھر مولانا آزاد کے اس ارشاد کے کچھ دنوں بعد جب نئے انتخابات ہوئے تو مسلم لیگ کی عدیم النظیر کامیابی نے مولانا آزاد کے سوا، دنیا کی آنکھیں کھول دیں، حتیٰ کہ اسی بنیاد پر پاکستان تک بن گیا۔

(۸) مولانا نے نئے انتخاب کے سلسلہ میں جو اعداد و شمار دیئے ہیں، وہ تمام تر مغالطہ آمیز، غلط اور گمراہ کن ہیں، مولانا کو حق تھا کہ وحدتِ ہند کی حمایت اور تقسیم ہند کی مخالفت کرتے رہتے، گاندھی کی شان میں قصیدے پڑھتے رہتے اور

قائداعظم کی ہجو کرتے، لیکن انہیں یہ حق ہرگز نہیں تھا کہ واقعات کو مسخ کرکے پیش کرتے، ایسا کرکے انہوں نے بڑی افسوسناک مثال پیش کی ہے۔

سب سے پہلے میں مرکزی اسمبلی کا نتیجۂ انتخاب پیش کرتا ہوں، خدا اس بدگمانی پر مجھے معاف فرمائے، شاید مولانا نے عمداً اس کا ذکر نہیں کیا۔

مرکزی اسمبلی کے انتخابات کا نقشہ یہ ہے :۔

نام صوبہ	تعداد نشست	نام امیدوار مع تعداد ووٹ
یوپی	۶	(۱) نواب محمد اسماعیل خاں، ۲۳۰۰۷ ووٹ ملے — مخالف کی ضمانت ضبط ہو گئی۔ (۲) راجہ امیر احمد خاں آف محمد آباد، ۴۳۱۵ ووٹ ملے، مخالف کی ضمانت ضبط (۳) نواب زادہ لیاقت علی خاں ۳۰۴۵ ووٹ ملے (۴) ڈاکٹر ضیاء الدین، ۳۲۸۰ ووٹ ملے، مخالف کی ضمانت ضبط (۵) خان بہادر غضنفر علی خاں، ۴۱۰۲ ووٹ ملے۔ (۶) سر یامین خاں، ۱۷۹۶ ووٹ ملے مخالف کی ضمانت ضبط
پنجاب	۶	(۱) میر غلام بھیک نیرنگ، بلا مقابلہ کامیاب (۲) نواب سر مہر شاہ " " (۳) حاجی شبیر شاہ " "

(۴) کیپٹن عابد حسین، ۲۲۲۵ ووٹ ملے، مخالف کی ضمانت ضبط (۵) مولانا ظفر علی خان، ۴۰۹۶ ووٹ ملے، مخالف کی ضمانت ضبط (۶) حافظ محمد عبد اللہ ۲۱۴۹ ووٹ ملے		
(۱) عبد الرحمٰن صدیقی ۴۵۸۰۰ ووٹ ملے، مخالف کی ضمانت ضبط (۲) سر حسن سہروردی، ۲۰۲۶۹ ووٹ ملے، مخالف کی ضمانت ضبط (۳) شیخ رفیع الدین صدیقی، ۱۹۰۲۷ ووٹ ملے مخالف کی ضمانت ضبط (۴) مسٹر تمیز الدین، ۱۲۰۲۴ ووٹ ملے، مخالف سر عبد الحلیم غزنوی کی ضمانت ضبط جن کے لیے سرت چندر بوس نے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا تھا۔ (۵) عبد الحمید شاہ، ۲۲۲۶۴ ووٹ ملے مخالف کی ضمانت ضبط	۶	بنگال
(۱) محمد موسیٰ ٹلعدار، بلا مقابلہ کامیاب (۲) قائد اعظم، ۳۶۰۲ ووٹ ملے مخالف مسٹر حسین بھائی لال جی کی ضمانت ضبط جنھوں نے	۴	بمبئی و سندھ

		شیعہ سنی اور خوجہ مسلم، سوال پیدا کر کے ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کی تھی۔ (۳) احمد، ای ایچ جعفر، ۱۶۰۱ ووٹ ملے، مخالف کی ضمانت ضبط (۴) یوسف ہارون (سندھ) ۱۷۱۶۵ ووٹ ملے مخالف کی ضمانت ضبط
مدراس	۳	(۱) ایم۔ جے جمیل محی الدین، بلامقابلہ کامیاب (۲) حاجی عبدالستار اسحٰق سیٹھ، ۶۳۰۰ ووٹ ملے مخالف کی ضمانت ضبط
بہار اڑیسہ	۳	(۱) محمد لقمان، بلامقابلہ کامیاب (۲) چودہری عابد حسین، بلامقابلہ کامیاب (۳) حبیب الرحمٰن، ۲۳۵ ووٹ ملے مخالف کی ضمانت ضبط
سی پی برار	۱	(۱) نواب صدیق علی خاں، بلامقابلہ کامیاب
آسام	۱	(۱) علی اصغر خاں، ۴۴۷۹ ووٹ ملے مخالف کی ضمانت ضبط ہو گئی۔

اب ذیل میں وہ نقشہ پیش کیا جاتا ہے جس سے اندازہ ہوگا کہ ہر بڑی سیاسی جماعت نے کس صوبہ سے مرکزی اسمبلی کے لیے کتنے نمائندے نامزد کئے اور کامیابی کا تناسب کیا رہا؟

۱	بنگال	یوپی	بمبئی و سندھ	مدراس	پنجاب	بہار اڑیسہ	سی پی و برار	آسام	دہلی	سرحد	اجمیر	میزان
کانگرس	۷	۸	۱۰	۱۲	۵	۹	۵	۲	۱	۱	۱	۶۱
کامیاب	۵	۸	۹	۱۲	۳	۸	۵	۲	۱	۱	۱	۵۵
مسلم لیگ	۶	۶	۴	۳	۶	۳	۱	۱	×	×	×	۳۰
کامیاب	۶	۶	۴	۳	۶	۳	۱	۱	×	×	×	۳۰
مہاسبھا	۵	۳	۲	۲	۲	۱	۲	۲	۱	×	×	۱۸
کامیاب	صفر	صفر	صفر	صفر	صفر	صفر	صفر	صفر	صفر	×	×	صفر
سکھ اکالی	×	×	×	×	۲	×	×	×	×	×	×	۲
کامیاب	×	×	×	×	۲	×	×	×	×	×	×	۲

اس نقشہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ:

(۱) مسلم لیگ کا کوئی امیدوار ناکام نہیں ہوا۔

(۲) مہاسبھا کا کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہوا۔

(۳) کانگرس کے بہت سے امیدوار کامیاب ہوئے کچھ ناکام

مسلم لیگ کی اس عدیم النظیر کامیابی پر بیان دیتے ہوئے ۱۰ جنوری ۱۹۴۶ء کو قائد اعظم نے فرمایا:

"دنیا کے کسی ملک یا کسی قوم کی تاریخ میں ایسی سو فیصد کامیابی کی مثال نہیں ملتی، مسلمان قوم نے اپنا فیصلہ صادر کر دیا ہے۔ وہ ان تمام نتائج اور مشکلات کا مقابلہ کرے گی اور ہر وہ قربانی دے گی جس کے حالات متقاضی ہوں، ــــ ہمارا مطلب وہی ہے جو ہماری زبان سے نکلتا ہے!"

اسی تاریخ کو مسلمانان ہند نے یوم فتح منایا، دہلی کے پچاس ہزار سے زائد مسلمانوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے قائد اعظم نے فرمایا:۔

"مرکزی اسمبلی کے انتخابات میں مسلم لیگ کی سو فیصد کامیابی کی مثال کسی ملک اور قوم میں نہیں ملتی، ہٹلر اور مسولینی جیسے ڈکٹیٹر بھی ایسی شاندار فتح حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں، جیسی ہمیں نصیب ہوئی ہے، جو لوگ ہم پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ مسلم لیگ خان بہادروں کی جماعت ہے، انھیں آنکھ کھول کر اس مجمع کو دیکھنا چاہیئے، اس مجمع میں کتنے خان بہادر ہیں ہم ــــ!"

مرکزی اسمبلی کے انتخابات میں مسلم لیگ کی صد فی صد کامیابی نے کانگرس کی آنکھیں کھول دیں، صوبائی مجالس آئین ساز کے الیکشن میں حصّہ لینے کے لیے اپنے تمام وسائل و ذرائع بروئے کار لا کر ــــ اگرچہ مرکزی اسمبلی کے انتخابات میں بھی کوئی دقیقہ اس نے فروگذاشت نہیں کیا تھا ــــ میدان میں اتر آئی۔

احمد آباد میں تقریر کرتے ہوئے (۲۴ جنوری ۱۹۴۶ء) سردار پٹیل نے فرمایا:

"مرکزی اسمبلی کے لیے حق رائے دہندگی محدود تھا، لیکن

سوبائی انتخابات وسیع حق رائے دہندگی کی بنیاد پر لڑے جائیں گے
کانگریس فیصلہ کر چکی ہے کہ وہ ہر غیر مسلم نشست کا مقابلہ کرے گی
اور زیادہ سے زیادہ مسلم نشستوں کے لیے بھی اپنے نمائندے کھڑے
کرے گی!"

۹ ستمبر ۱۹۴۵ء کو، لکھنؤ کے ایک جلسۂ عام میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت
جواہر لال نہرو نے کہا:

ہم انتخابات کی پوری تیاری کریں گے، جو کوئی ہماری مخالفت
کرے گا اسے کچل دیں گے، ہم اپنے بنیادی اصولوں کے بارے
میں کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، ہم لڑنا جانتے ہیں، ہم نے حکومت
برطانیہ سے بھی لڑائی کی ہے!"

شملہ کانفرنس کے ناکام ہونے اور نئے انتخابات کا اعلان ہونے کے بعد بمبئی
میں ۲۲ ستمبر ۱۹۴۵ء کو آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا جلسہ ہوا۔ اس میں پنجاب کے
ایک رکن کانگریس نیکی رام شرما نے سوقیانہ انداز میں لیگ پر حملے کرنے کے
بعد کہا،

"چاروں اکثریتی صوبوں میں لیگ چاروں شانے چت گرے گی
مسلمان بھوکے ہیں وہ اسی کو ووٹ دیں گے جو انہیں روٹی
دے گا!"

صوبائی مجالس آئین ساز کے انتخابات سے کچھ پہلے پہلے مولانا آزاد نے بڑے
پُرامید لہجہ میں فرمایا تھا

صوبائی مجالس آئین ساز کے انتخاب میں ہر مسلم نشست کا
ہم مقابلہ کریں گے اور غیر معمولی کامیابی حاصل کریں گے!"

اس کے بعد مولانا نے مجلس احرار اور دوسری مخالف مسلم لیگ جماعتوں سے اپیل کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا

"وہ منظم ہو کر ایک وجود بن جائیں اور ڈٹ کر مسلم لیگ کا مقابلہ کریں ——!"

اور بلا شبہ مولانا کی یہ اپیل کارگر ہوئی، اور خاکسار، جمعیتہ علماء اور دیگر جماعتوں نے مسلم لیگ کے خلاف ایک محاذ بنا لیا، انھوں نے "مسلم لیگ کے راستے میں کانٹے بچھائے، پتھر پھینکے، چاقو اور خنجر سے وار کیے"، جلسے درہم برہم کرنے کی کوشش کی۔

کانگرس نے اور کانگرس کے ان حلیفوں نے کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہیں کیا۔ مجلس احرار کے واعظانِ آتش مقال اور علمائے شیوا بیان دورے پر نکل پڑے، مجھے بمبئی کا وہ جلسہ یاد ہے جس میں مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری اور شورش کاشمیری کی خطابت نے رنگ باندھ دیا تھا۔ دیوبند کے طلبہ کی ایک جماعت مولانا حسین احمد مدنی مغفور کی سربراہی میں شہر شہر اور قریہ قریہ کا گشت کر رہی تھی۔ جہاں موقع ملتا، مولانا آزاد بھی پر پرواز پیدا کر کے یعنی طیارہ پر اڑ کر پہنچ جاتے، غرض تفریق بین المسلمین اور تضعیف شوکت مومنین میں کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہیں کیا گیا

احرار و خاکسار میدان انتخاب میں زورِ زبان اور قوت استدلال سے زیادہ دست و بازو کی طاقت کے بل پر اترے، ہنگامہ آرائی کی، شورش اور بدامنی کے مظاہرے کیے۔ ان کا کوئی "عظیم الشان جلسہ" ایسا نہیں ہوا، جس میں مسلم لیگ کو اور قائد اعظم کو ایک ایک منہ میں سو سو گالیاں نہ دی گئی ہوں۔ قائد اعظم کی ذات پر گفتنی اور ناگفتنی الزامات نہ لگائے ہوں——

مسلم لیگ کی قیادت کے خلاف کفر و فسق کے فتوے نہ دیئے گئے ہوں مولانا منظر علی اظہر نے زندگی میں پہلی مرتبہ ایسا شعر کہا جو کافی مشہور ہوا۔

اک کافرہ کے واسطے اسلام کو چھوڑا

یہ قائد اعظم ہے کہ ہے کافر اعظم!

کافرہ سے مراد قائد اعظم کی مرحوم بیوی تھیں جو گو ایک پارسی کروڑپتی کی لڑکی تھیں لیکن شریف دیوجی کانجی کے سامنے ایک شیعہ مجتہد کے ہاتھ پر باقاعدہ مشرف بہ اسلام ہو چکی تھیں، اور بمبئی کے قبرستان میں ابدی نیند سو رہی تھیں اور ان کے قبول اسلام کی خبر کوئی راز نہ تھی، اسی وقت بمبئی کے اخبارات کے علاوہ لاہور کے سول اینڈ ملٹری گزٹ تک میں شائع ہو چکی تھی، لیکن اظہر صاحب؛ اور مولانا حسین احمد صاحب کو اصرار تھا کہ وہ "کافرہ" تھی اور خود کانگرس کے اندر جن زعماء نے سول میرج کر کے، غیر مسلم بیویوں کو زینت پہلو بنا رکھا تھا مثلاً ڈاکٹر خاں صاحب، مسٹر آصف علی، مسٹر ہمایوں کبیر وغیرہ، ان کے خلاف یہ زعمائے کرام اور علمائے دین بالکل خاموش تھے، بلکہ الیکشن میں انہیں کامیاب بنانے کے لیے دوڑ دھوپ کر رہے تھے۔

غرض یہ تھا وہ ماحول جس میں صوبائی مجالس آئین ساز کا انتخاب ہوا۔ ان حالات میں ہونا تو وہی چاہیئے تھا جو مولانا آزاد نے اپنی خود نوشت میں لکھا ہے۔ لیکن واقعتہً ایسا نہیں تھا۔

سب سے پہلے صوبائی مجالس آئین ساز میں مختلف اقوام ہند کے تناسب کا نقشہ پیش کرتا ہوں جس سے ہر قوم کی قوت اور تعداد کا صحیح اندازہ ہو جائے گا پھر مولانا کی پیش کردہ دیانت پر گفتگو کروں گا۔

نام صوبہ	کل نشستیں	غیر مسلم	مسلم	متفرق غیر مسلم یا مشترک حلقے
بنگال	۲۵۰	۷۸	۱۱۹	۵۳
آسام	۱۰۸	۲۷	۳۴	۴۷
سرحد	۵۰	۹	۳۶	۵
سندھ	۶۰	۱۸	۳۴	۸
مدراس	۲۱۵	۱۴۶	۲۹	۴۰
بمبئی	۱۷۵	۱۱۴	۳۰	۴
یوپی	۲۲۸	۱۴۰	۶۶	۲۲
بہار	۱۵۲	۸۶	۴۰	۲۶
سی پی	۱۱۲	۸۴	۱۴	۱۴
اڑلیسہ	۶۰	۴۴	۴	۱۲

صوبائی مجالس آئین ساز کے نتائج انتخابات کا تجزیہ کرتے ہوئے مولانا فرماتے ہیں :-

" بنگال میں مسلم لیگ سب سے بڑی واحد پارٹی تھی۔ اس نے تقریباً نصف نشستوں پہ قبضہ کرلیا۔"

بنگال میں کل مسلم نشستیں ۱۱۹ تھیں جن میں سے ۱۱۲ پہ مسلم لیگ نے قبضہ کر کے ۹۵ فیصد کامیابی حاصل کی، لیکن مولانا خبر دیتے ہیں کہ تقریباً نصف نشستوں پہ مسلم لیگ نے قبضہ کرلیا۔ اس "تقریباً" کی بلاغت کی داد نہیں دی جاسکتی کہ اس نے ۹۵ فیصد کامیابی کو ۵۰ فیصد کر دیا۔

اگر "تقریباً نصف" سے مولانا کی مراد کل مسلم اور غیر مسلم نشستوں کا نصف ہے اور غالباً یہی مراد ہے، تو یہ کھلا ہوا مغالطہ ہے۔ مسلم لیگ نے مسلمانوں کے سوا کسی قوم یا فرقہ کی نمائندگی کا نہ دعویٰ کیا، نہ اپنا کوئی امیدوار کھڑا کیا، یہ انتخاب پاکستان کے سوال پر ہوا تھا، لہذا مسلم لیگ کی کامیابی کا اندازہ مسلم نشستوں ہی کو سامنے رکھ کر لگایا جا سکتا تھا۔

پنجاب کے بارے میں مولانا ارشاد فرماتے ہیں۔

"یونینسٹ پارٹی اور لیگ کا معاملہ تقریباً برابر تھا۔"

یہاں بھی مولانا نے صریح طور پر مغالطہ دینے کی تقریباً کوشش فرمائی ہے اگر لیگ اور یونینسٹ پارٹی کا پلہ تقریباً برابر ہوتا تو ہرگز پاکستان نہ بن سکتا،!

صورت حالات یہ تھی کہ پنجاب میں مسلم نشستوں کی کل تعداد ۸۶ تھی لیکن خضر حیات اور انگریز کے استبداد، احرار، خاکسار، یونینسٹ اور کانگرس کے اتحاد اربعہ کے باوجود، مسلم لیگ نے ۸۶ میں سے ۸۱ نشستوں پر قبضہ کر لیا۔ صرف پانچ نشستیں یونینسٹ پارٹی جیت سکی۔

احرار نے ہر مسلم نشست کے لیے اپنے امیدوار کھڑے کیے تھے، لیکن کوئی کامیاب نہ ہوا، اکثر کی ضمانتیں ضبط ہو گئیں۔

خاکسار جماعت نے دو درجن سے زیادہ امیدوار کھڑے کیے تھے، ایک بھی کامیاب نہ ہو سکا، "تقریباً" سب کی ضمانتیں ضبط ہو گئیں۔

پنجاب کانگرس کسی مسلمان کو اپنے ٹکٹ پر کھڑا کرنے کی جرأت نہ کر سکی، احرار اور خاکسار کی پس پردہ رہ کر پشت پناہی کرتی رہی۔

یونینسٹ پارٹی نے ہر مسلم نشست جیت لینا چاہی تھی مگر پانچ امیدوار

بدقت کامیاب ہوسکے۔

پنجاب کانگرس کے صدر مولانا داؤد غزنوی کامیاب ہوئے، لیکن غیر مسلم — مزدور — حلقہ سے، اور وہ بھی اپنے کمیونسٹ حریف سے۔ صرف چند ووٹ زیادہ حاصل کر کے۔

ان اعداد و شمار کی موجودگی میں بھی اگر مولانا لیگ اور یونینسٹ پارٹی کو "تقریباً" برابر قرار دے رہے ہیں تو گویہ ان کی فیاضی کی انتہا ہے، لیکن بے موقع ہے۔

سندھ کے متعلق مولانا فرماتے ہیں،

"سندھ میں مسلم لیگ نے مسلم نشستوں کی بڑی تعداد جیت لی لیکن اکثریت حاصل نہ کر سکی، —!"

لیکن کیا واقعہ بھی یہی تھا؟

بے شک سندھ کے حالات نازک تھے، مسٹر سید اور ان کی پارٹی مسلم لیگ کے ٹکٹ پر امیدوار کھڑی ہوئی تھی، لیکن عین اس وقت جب کاغذات امیدواری داخل کرنے کا وقت گذر گیا، مسٹر سید نے بعض ذاتی شکایتوں اور رقابتوں کی وجہ سے مسلم لیگ سے، اپنے چند رفقاء کے ساتھ قطع تعلق کر لیا۔ اور "ترقی پسند" مسلم لیگ قائم کر لی،

سر ارینیل اور مولانا آزاد، مسٹر سید کو دعائے خیر و برکت دینے کے لیے سندھ پہنچے۔

یہ مسٹر سید وہی تھے جو تین سال سے پہلے سندھ میں ہندوؤں کے "اقتصادی بائیکاٹ" کی تحریک شروع کر کے کانگرس کے معتوب بن چکے تھے۔ جنہوں نے اعلان کیا تھا،

"یہ ہندو، یورپ کے یہودیوں سے مشابہ ہیں، ان کا مکمل
اقتصادی بائیکاٹ کرنا چاہیئے!"

جنہوں نے دو سال پہلے سندھ اسمبلی میں تجویز پاکستان پیش کرکے اور اسے
منظور کراکے سارے ہندوستان میں ایک شان دار عدیم النظیر مثال و روایت
قائم کی تھی۔

انہی مسٹر سید نے اب مولانا آزاد کے دامن اور سردار پٹیل کی جیب میں پہنچکر
اعلان کیا کہ:

"پاکستان ٹھیک ہے، لیکن ابھی نہیں، ہندوستان کے
آزاد ہوجانے کے بعد، ہم پہلے ہندوستان کو آزاد کرائیں گے پھر پاکستان
کا نعرہ بلند کریں گے!"

سردار پٹیل کا خیال تھا کہ سندھ میں مسٹر سید کی ہر دلعزیزی مسلم لیگ کی
نہیں مسٹر سید کے ذاتی کمالات کی مرہون منّت ہے۔ انہوں نے جوش طرب سے
بے قابو ہوکر نعرہ لگایا،

"سندھ کو ہم نے فتح کرلیا!"

شاید اس جوشِ مسرت کا سبب یہ تھا کہ سندھ سستے داموں خام اشیاء
فراہم کرے گا، اور بمبئی و احمد آباد کے مالکان مِل گراں داموں پر اس خام مال
کے مصنوعات فروخت کریں گے!

لیکن سردار پٹیل اور مولانا آزاد کی یہ تمنّا بر نہ آئی!

سندھ کی ۳۴ مسلم نشستوں میں ۲۹ نشستوں پر ان نامساعد حالات
میں مسلم لیگ نے قبضہ کرلیا۔ صرف ۴ نشستیں سید صاحب کی "ترقی پسند مسلم لیگ"
حاصل کرسکی!

اب سرحد کو لیجیے، مولانا ارشاد فرماتے ہیں

"صوبۂ سرحد میں جہاں مسلمانوں کی غیر معمولی اکثریت تھی، لیگ کی تمام کوششیں ناکام ہوئیں اور تشکیل وزارت کا کام کانگرس نے کیا!"

بلاشبہ کانگرس نے سرحد میں وزارت بنالی، پنجاب میں بھی اس نے خضر حیات کو سامنے رکھ کر تشکیل وزارت کرلی، سندھ میں مسٹر سید کو آگے بڑھا کر اس نے وزارت قائم کرنے کی پوری کوشش کی۔

لیکن واقعات کا واقعات کی حیثیت سے مطالعہ کرنا چاہیے۔

سچ پوچھیے تو پاکستان کے مطالبہ کا ایک بڑا سبب کانگرس کی یہ "وزارت سازی" ہی تھی، مسلمان یہ دیکھ کر جلتے اور کڑھتے تھے کہ ہم اکثریت میں ہیں، لیکن حلقہ ہائے انتخاب حکومت نے کچھ اس طرح بنائے ہیں کہ ہماری اکثریت بیکار ہو جاتی ہے۔ چند غدار مسلمانوں کو ساتھ ملاکر کانگرس وزارت بنا لیتی ہے۔ یہی سرحد میں ہوا، یہی پنجاب میں، یہی سندھ میں کرنے کی کوشش کی گئی۔

سرحد کے حالات یہ ہیں کہ "ہندوستان خالی کردو!" کی تحریک میں ڈاکٹر خان صاحب نے حصہ نہیں لیا، سرحد کے گورنر سر جارج کننگھم سے ان کے ویسے ہی تعلقات تھے جیسے پاکستان بننے کے بعد، مرحوم مسٹر غلام محمد سے!

سردار عبد الرب نشتر مرحوم نے ایک بیان میں فرمایا کہ

"شکر، کپڑے، اور اناج کا راشن بڑی دریا دلی سے خدائی خدمتگار حلقوں میں تقسیم کیا گیا اور مسلم لیگیوں کو محروم رکھا گیا۔ نئے رائے دہندوں کی جو فہرست مسلم لیگ نے پیش کی اس میں کافی قطع و برید کی گئی اور کانگرس یا خدائی خدمتگار کی طرف سے جو نئی فہرست ہزارہا افراد کی پیش ہوئی وہ فوراً منظور کرلی گئی!"

لیکن اس کے باوجود نتیجۂ انتخاب کیا نکلا؟

ڈاکٹر خاں صاحب وزیر اعلیٰ سرحد نے اعلان کیا تھا،

"مسلم لیگ اور کہیں ہو تو ہو، مگر سرحد میں نہیں ہے"

مسلم لیگ نے ثابت کر دیا کہ جس طرح وہ اور کہیں ہے، اسی طرح سرحد میں بھی ہے!

سرحد میں کل مسلم نشستیں ۳۶ تھیں، مسلم لیگ نے انتہائی دھاندلی اور سرکاری حکام کی جانب داری کے باوجود ۱۷ نشستیں حاصل کر لیں۔

تفصیل یہ ہے :-

مسلم لیگ	۱۷ نشستیں
کانگرس	۱۶
جمعیۃ علماء	۲
آزاد امیدوار	۱
مشترک حلقے	۵

گویا جہاں تک کانگرس اور مسلم لیگ کا تعلق تھا، فتح یہاں بھی مسلم لیگ کو ہوئی۔

رہا سرحد میں کانگرس وزارت کا قیام، سو اس کا راز یہ تھا کہ کانگرس نے مختلف طریقے بروئے کار لا کر ہر غیر مسلم لیگی ممبر کو توڑ کر اپنی مصنوعی اکثریت پیدا کر لی اور وزارت بنا لی، لیکن تھوڑے ہی دنوں کے بعد دنیا نے دیکھ لیا کانگرس اور کہیں ہو تو ہو، مگر سرحد میں نہیں رہ گئی!

مولانا نے مسلم لیگ پر مذہبی دیوانگی کا الزام بھی لگایا ہے، اور فرقہ وارانہ منافرت پیدا کرنے کا بھی! فرماتے ہیں

"جو مسلمان کانگرس یا کسی دوسری جماعت کے ٹکٹ پر کھڑے ہوئے، ان کے لیے ناممکن تھا کہ لوگوں (مسلم عوام) کے سامنے اظہار خیال کر سکیں ـــــــ !"

افسوس ہے مولانا کا یہ ارشاد بھی نہ ان کے شایان شان ہے، نہ حقیقت واقعہ کا ترجمان،

مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے کسی کے خلاف فتوائے کفر نہیں صادر ہوا۔ لیکن قائد اعظم کو، نہ صرف قائد اعظم کو، بلکہ ان کی مرحومہ اور مومنہ بیوی تک کو، "کافر، اور کافرہ" تک کہا گیا۔ اور یہ معمولی لوگ نہ تھے۔ احرار کے مولانا مظہر علی اظہر صاحب اور دیوبند کے مولانا حسین احمد جیسے جلیل القدر اکابر تھے۔

بمبئی میں قائد اعظم کے مقابلہ پر مسٹر حسین بھائی لال جی "تین کروڑ" شیعان ہند کے قائد اعظم بنکر کھڑے ہوئے، انھوں نے جلسے کیے، تقریریں کرائیں، جلوس نکالے لیکن نہ کوئی زخمی ہوا، نہ ہلاک، اس کے برعکس لدھیانہ میں اور کانپور میں لیگ کے حامیوں پر قاتلانہ حملے ہوئے اور دو مسلمان ہلاک کر دیئے گئے۔

مولانا نے الزام تو لگا دیا، لیکن یہ نہ سوچا کہ یہ قبا کس کے بدن پر چسپت ہوتی ہے؟ ـــ میں الزام ان کو دیتا تھا، قصور اپنا نکل آیا۔ !

(۱۰)

مولانا کا یہ استقلال یقیناً قابل داد ہے کہ انھوں نے خواہ کتنی خلاف واقعہ رائے قائم کی ہو، مگر زندگی کی آخری سانس تک اس پر قائم رہے، لیکن ظاہر ہے "اس طرح مسئلہ حل نہیں ہوتا بلکہ بہت سے نئے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں!"

(۱۱)

پاکستان کا جو مفہوم مولانا نے مراد لیا ہے، وہ جہاں ان کی ذہانت کا شاہکار ہے

وہاں اس ملّایانہ کج بحثی کا بھی جس سے خود مولانا ہمیشہ گریزاں اور نفور رہے!

پاکستان کا جو مفہوم مولانا نے بتایا ہے، وہ آج تک نہ قائد اعظم نے نہ مسلم لیگ کے کسی لیڈر نے مراد لیا ہے۔

یہ اعتراض ایسا ہی ہے۔ جیسا حضرت مولانا عبدالباریؒ فرنگی محلی پر مولانا احمد رضا خاں بریلوی کا فتوائے کفر!

مولانا بریلوی نے مولانا فرنگی محلی کے خلاف ۷۰ وجوہ پر مشتمل کفر کا فتویٰ صادر فرمایا۔ جس میں ایک وجہ یہ تھی کہ ان کا نام "عبدالباری" ہے، لوگ انہیں "باری میاں" کہتے ہیں، اگر ان کا نام "عبداللہ" ہوتا تو لوگ انہیں "اللہ میاں" کہتے۔ لہذا کافر!

(۱۲)

پاکستان کو یہودیوں کے وطن سے تشبیہ دینا، ایسی جرات ہے جس میں یقیناً مولانا منفرد ہیں۔

مسلمانان ہند کے بارے میں یہ ارشاد فرمانا کہ

"وہ انتظام اور پالیسی کے ہر مسئلہ پر فیصلہ کن طور پر اثر انداز ہو سکتے تھے" ایسا حسن ظن ہے جو اگر مبنی بر واقعہ ہوتا تو ہرگز مسلمان پاکستان کا نام نہ لیتے

(۱۳)

لیکن ان میں سے کوئی وجہ بھی ایسی نہیں ہے جو پاکستان کے خلاف کوئی وزنی دلیل کی حیثیت رکھتی ہو!

اقلیتی صوبوں کے مسلمانوں کے لیے اکثریتی صوبوں کے مسلمانوں کا بھی غلام بنا رہنا، دونوں میں سے کسی کے لیے بھی فائدہ مند نہ ہوتا۔

(۱۴) یہ پہلے سے معلوم تھا کہ — اور ہمیشہ سے ہوتا چلا آرہا تھا، اسی سبب

سے پاکستان کی تحریک عالم وجود میں آئی

(۱۵)

اس کا جواب مستقبل دے گا!

دیکھیئے اس بحر کی تہ سے اُچھلتا ہے کیا؟
گُنبدِ نیلوفری رنگ بدلتا ہے کیا؟

(۱۶)

بالکل درست، ــــ خود قائداعظم بھی یہی فرمایا کرتے تھے،

(۱۷)

مسلم لیگ نے تو یہ تجویز بہرحال منظور کر لی تھی، منظور کر کے مسترد کرنے کا شرف تو کانگرس ہی کو حاصل ہوا۔

(۱۸)

مولانا کا یہ خیال، ہندوستان کی آزادی کے بارہ سال کے بعد بھی پورا نہ ہوا۔ اور نہ مستقبل قریب یا بعید میں اس کے پورا ہونے کا امکان ہے۔ آج بھی وہاں اقتصادی پارٹیوں کو کوئی منہ نہیں لگاتا) متعصّب قسم کی مذہبی پارٹیاں (جن میں کانگرس بھی شامل ہے) برسر اقتدار ہیں، اور مذہبی بنیاد پر بے گناہ مسلمانوں کو آج بھی اسی طرح ہدف قتل و غارت بنائے ہوئے ہیں جیسا تقسیم ہند سے پہلے بنا رکھا تھا۔ بھوپال اور سیتا مڑھی میں مئی ۱۹۵۹ء میں جو ظلم مسلمانوں پر توڑے گئے، صرف اس لیے کہ وہ مسلمان تھے!

(۱۹)

یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ انگریزوں کی پشت پناہی کانگرس کو حاصل تھی نہ کہ مسلم لیگ کو،!

(۲۰)

مسلم لیگ کو اس پر کوئی اعتراض نہ تھا

(۲۱)

مسلم لیگ کی امن پسندی کا یہ بہترین ثبوت ہے۔

(۲۲)

آپ ہی اپنی جفاؤں پہ ذرا غور کریں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

(۲۳)

خوددارانہ طرزِ عمل اس کے سوا اور ہو بھی کیا سکتا تھا ؟

(۲۴)

یہ جواہر لال پر طنز ہے جس کا جواب وہی دے سکتے ہیں !

(۲۵)

خلقت بہ منت یک طرف
آں شوخ تنہا یک طرف

(۲۶)

چندریگر، نشتر اور غضنفر علی خاں کے بارے میں مولانا کا یہ فرمانا کہ

"ان لوگوں کے بارے میں خود لیگ کے ممبروں کو بہت کم واقفیت تھی"!

غلط ہے، نشتر صاحب سرحد کے سابق وزیر تھے، چندریگر صاحب صدر مسلم لیگ بمبئی کے کئی سال سے صدر چلے آرہے تھے، غضنفر علی خاں، ملک برکت علی کے علاوہ مسلم لیگ کے سب سے پرانے اور پرجوش رکن تھے۔ مولانا ان اصحاب کو نہ

جاننا چاہیں تو دوسری بات ہے۔ ورنہ —— پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے!

خواجہ ناظم الدین سے اگر قائد اعظم خفا ہوتے تو انہیں مشرقی بنگال کا وزیر اعظم نہ بناتے، یوپی سے وہ صرف ایک ہی آدمی لے سکتے تھے، لہٰذا لیاقت علی پر نواب اسماعیل خاں کو ترجیح دینا ممکن نہ ہوا، ورنہ وہ یقیناً سراپا محاسن شخصیت کے مالک تھے ہر مسلم لیگی، حتیٰ کہ قائد اعظم تک ان کا احترام کرتے تھے

(۲۷)

منڈل کے بارے میں مولانا کے یہ معلومات صحیح ہوں گے، لیکن

ایں گناہیست کہ در شہر شما نیز کنند

سردار بلدیو سنگھ، وزیر دفاع حکومت ہند کے لطیفے، بہر حال منڈل کے سامنے کوئی حقیقت نہیں رکھتے!

(۲۸)

ہائے وہ امیدیں جو پوری نہ ہوئیں!

(۲۹) خود کردہ را علاجے نیست!

(۳۰) ہر کہ بعد از جنگ یاد آید، بر کلۂ خود می باید زد

(۳۱)

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ صلح کا جویا کون تھا؟ اور صلح سے بیزار اور متنفر کون؟

(۳۲)

کیا مولانا یہ چاہتے تھے کہ قائد اعظم پاکستان روانہ ہوتے وقت ہندوستان کے مسلمانوں کو یہ تلقین کرتے کہ وہ حکومت کی وفادار رعایا بن کر نہ رہیں بلکہ ماؤ ماؤ قسم کی

کوئی دہشت انگیز تحریک شروع کردیں ؟

مولانا نے جن مایوس اور ناقابلِ رحم مسلم لیگیوں کا ذکر کیا ہے ۔ کاش ان کے اسمائے گرامی بھی لکھ دیئے ہوتے تاکہ ان کے بارے میں آسانی سے رائے قائم کی جاسکتی ۔

باب ۱۲

منقسم ہندوستان

بغاوت کی چیخیں

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو مملکت پاکستان عالم وجود میں آگئی۔ ۱۵ اگست کو نصف شب گذرنے کے بعد ہندوستان آزاد ہو گیا، کانگرس اور مسلم لیگ نے تقسیم قبول کر لی، اس کا مطلب یہ تھا کہ سارے ملک نے تقسیم قبول کر لی، لیکن حقیقی صورت بالکل مختلف تھی۔ ہم نے محسوس کیا کہ قبولیت صرف آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے ریزولیوشن اور مسلم لیگ کے رجسٹر پہ نظر آتی تھی، ہندوستان کے لوگوں نے اسے تسلیم نہیں کیا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس تصوّر کے خلاف ان کی روح اور قلب کی گہرائی سے بغاوت کی چیخیں بلند ہو رہی تھیں۔ مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت ہمیشہ سے تقسیم کی مخالف چلی آرہی تھی۔ ہندوؤں اور سکھوں میں ایک آدمی بھی تقسیم کا حامی نہیں تھا، کانگرس کے تقسیم قبول کر لینے کے باوجود ان لوگوں کا مخالفانہ جذبہ ذرا بھی کمزور نہیں پڑا تھا چنانچہ جب تقسیم ایک حقیقت بن گئی تو مسلم لیگ کے متبعین تک گھبرا اٹھے اور کھلے بندوں کہنے لگے کہ تقسیم سے ان کی مراد یہ تو نہیں تھی![1] ص ۲۰۶

کانگرس نے تقسیم نہیں قبول کی

میرا شروع سے یہ خیال تھا کہ کھلے اور آزاد دماغ کے ساتھ کانگریسی لیڈروں نے تقسیم قبول نہیں کی، ان میں سے کچھ لوگوں نے غیض و غضب کے عالم میں اور کچھ نے مایوسی کے باعث تقسیم قبول کی۔ آدمی غصہ اور خوف کے عالم میں کوئی صحیح فیصلہ نہیں کر سکتا جو کانگریسی لیڈر تقسیم کے مبلغ بن گئے تھے اور جنہوں نے تبلیغ کا یہ فریضہ جذبات کے دھارے میں بہہ کر ادا کیا تھا۔ وہ بیچارے بھلا اپنے فکر و عمل کے نتائج کا صحیح اندازہ کس طرح کر سکتے تھے۔؟ (۲)

(ص ۲۰۶-۲۰۷)

یوم نشاط و ماتم

۱۴ر اگست کا دن مسلمانان پاکستان کے لئے یوم نشاط و طرب تھا۔ لیکن ہندوؤں اور سکھوں کے لئے یوم ماتم۔ یہ کیفیت صرف عام لوگوں کی نہیں بلکہ مخصوص کانگریسی لیڈروں تک کی بھی تھی۔ اچاریہ کرپلانی اس زمانے میں صدر کانگرس تھے۔ وہ سندھ کے رہنے والے ہیں انہوں نے ایک بیان شائع کیا کہ آج کا دن ہندوستان کی تباہی اور غم کا دن ہے۔ انہی جذبات کا اظہار پاکستان کے ہر ہندو اور سکھ نے علانیہ کیا یہ کیسی صورت حالات تھی؟ ہماری سب سے بڑی قومی تنظیم نے تقسیم کے حق میں فیصلہ کیا۔ لیکن ساری قوم اس فیصلہ سے رنجیدہ اور ملول تھی۔! (۳)

(ص ۲۰۷)

ہلاکت اور بربادی کا دور

۱۵ر اگست ۱۹۴۷ء کو آزادیٔ ہند کا سورج طلوع ہو رہا تھا، اس تقریب سعید کے لئے بڑے بڑے اہتمامات کئے جا رہے تھے، تمازت آفتاب کے باوجود پرچم کشائی کے موقع پر بہت بڑا مجمع اکٹھا ہو گیا تھا، اتنا زیادہ کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن اپنی کار سے نہیں اتر سکے، انہیں اپنی تقریر بیٹھے بیٹھے کرنی پڑی۔

لیکن وجد و سرور کی یہ مدت مشکل سے دو دن قائم رہی۔ دوسرے ہی دن سے فرقہ وارانہ خونریزیوں کی اطلاعات آنے لگیں۔ یہ خبریں تھیں قتل کی، ہلاکت کی، درندگی کی۔ مشرقی پنجاب میں ہندو اور سکھ مجمع مسلم دیہاتیوں پر حملہ کر رہا تھا یہ لوگ گھروں کو جلا دیتے پھر بے گناہ مردوں عورتوں اور بچوں کو قتل کر دیتے اسی طرح کی اطلاعیں مغربی پنجاب سے بھی آ رہی تھیں، مغربی اور مشرقی پنجاب کا علاقہ ہلاکت اور بربادی کا مقبرہ بن گیا تھا، حالات تیزی سے پلٹا کھا رہے تھے۔ مشرقی پنجاب کے وزیر ایک ایک کر کے دہلی آ رہے تھے، ان کے ساتھ مقامی کانگریس کے لیڈر بھی ہوتے تھے یہ سب پیش آمدہ حالات سے گھبرائے ہوئے تھے، قتل عام اور ہلاکت و بربادی کی یورش نے انہیں حواس باختہ کر دیا تھا، مایوسی کے عالم میں کہتے تھے یہ مصیبت کسی کے روکے نہ رکے گی، ہم نے ان سے کہا کہ وہ فوج کو کیوں نہیں بلا لیتے۔ مایوسی کے عالم میں انہوں نے کہا کہ اس پر بھی بھروسہ نہیں کیا جا سکتا، نہ اس سے کسی خاص مدد کی توقع کی جا سکتی ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ دہلی سے ..... دوسری فوج بھیجی جائے۔ (۴)

صـ ۲۱۰ - ۲۱۱

---

(۱)

اس حقیقت سے واقعی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہندو اور سکھ تقسیم کے خلاف تھے، ہندو اس لئے کہ سرزمین ہند کا چوتھائی سے زیادہ رقبہ اور نو کروڑ آدمی ان کے قبضہ اور دام تذویر سے نکالے جا رہے تھے۔ سکھ اس لئے کہ ایک طرف تو ان کے مقامات مقدسہ اور آثار متبرکہ پاکستان میں رہ گئے، دوسری طرف "پنجابی صوبہ" یعنی سکھ صوبہ بھی عالم وجود میں نہیں آیا اور بظاہر اب اس کا کوئی امکان بھی نہیں رہ گیا تھا۔ تیسری طرف جو سکھ پاکستان سے ترک وطن کر کے آئے ان کی بڑی تعداد مشرقی پنجاب کی بجائے، ہندوستان کے دور دست علاقوں، حتیٰ کہ انڈیمان تک میں بکھر کر رہ گئی، لہذا ان دونوں کا غصہ اور صدمہ تو بالکل قدرتی اور فطری تھا۔ لیکن مولانا کا یہ ارشاد کہ "مسلمانوں کی بڑی جماعت ہمیشہ سے تقسیم کی مخالف چلی آ رہی ہے"، واقعہ کے بالکل خلاف ہے۔

نیا الیکشن جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں پاکستان کی بنیاد پر لڑا گیا تھا۔ اکثریتی صوبوں کے مسلمانوں نے اسے جس طرح کامیاب بنایا وہ تفصیلات اعداد و شمار کی روشنی میں درج کی جا چکی ہیں۔ اقلیتی صوبوں کے مسلمانوں نے اس سلسلہ میں کیا کیا؟ یہ بھی سن لیجئے۔

یو پی اسمبلی میں کل مسلم نشستیں ۶۶ تھیں۔
۵۴ پر مسلم لیگ نے قبضہ کر لیا۔
بہار اسمبلی میں کل مسلم نشستوں کی تعداد ۴۰ تھی۔
۳۶ پر مسلم لیگ قابض ہو گئی۔
مدراس میں جملہ مسلم نشستوں کی تعداد ۲۹ تھی ان ساری ۲۹ مسلم نشستوں

پر مسلم لیگ نے قبضہ کر لیا۔

اڑیسہ اسمبلی میں جملہ نشستوں پر مسلم لیگ کامیاب ہوئی۔

بمبئی میں ۳۰ کی ۳۰ مسلم نشستوں پر مسلم لیگ نے قبضہ کر لیا۔

حالانکہ بمبئی وہ صوبہ تھا جہاں کانگریس نے مسلم لیگ کو زک دینے کے لئے پوری قوت اور دولت صرف کر دی تھی۔

مسٹر یسین نوری کانگریس کے ٹکٹ پر امیدوار کھڑے ہوئے تھے، یہ میرا چشم دید واقعہ ہے کہ پولنگ کے دن سردار پٹیل بہ نفس نفیس متحدد پولنگ بوتھ پر تشریف لے گئے اور مسٹر نوری کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا۔ مگر وہ کامیاب نہ ہو سکے۔

ستارہ (پونہ) میں کانگریس کی ساختہ پرداختہ "پتری سرکار" ایک دہشت انگیز جماعت برسر کار تھی۔ یہ کئی مخالفین کانگریس کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر عبرت ناک سزائیں دے چکی تھی اور عقوبت واذیت کی ہولناک مثالیں قائم کر چکی تھی۔ یہ جماعت کانگریس کی دمساز اور حلیف، مسلم لیگ کی مخالف اور دشمن تھی۔ اس کی دھمکیاں اور لرزہ خیز عقوبتیں غریب اور مفلوک الحال مسلمانوں کے لئے چیلنج تھیں لیکن انہوں نے یہ چیلنج قبول کر لیا۔ اور کانگریس امیدوار کو شکست دے کر مسلم لیگ کے امیدوار کو کامیاب کیا۔

آخر وہ "مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت جو تقسیم کی مخالف چلی آرہی تھی" جس کا مولانا نے اس زور شور سے ذکر کیا ہے انتخابات کے وقت کہاں روپوش تھی؟ نہ وہ مسلمانوں کے اکثریتی صوبہ میں کہیں دکھائی دی، نہ اقلیتی صوبوں میں۔

یہ حقیقت ہے کہ تقسیم کے بعد مسلم لیگ کے متبعین گھبرا اٹھے۔
لیکن تقسیم کی وجہ سے نہیں۔ اس لئے کہ ریڈ کلف نے تقسیم کو ناکارہ بنا دینے کی پوری کوشش کی تھی اور اس لئے کہ ہندو اکثریت سے بدترین خطروں اور اندیشوں کے باوجود اس تنگ نظری کی توقع وہ ہرگز نہیں رکھتے تھے۔ جس کا مظاہرہ اس نے تقسیم کے بعد کیا۔ بحرانی دور گذر جانے کے بعد پاکستان کے کسی صوبہ میں ہندوؤں پر زیادتی نہیں ہوئی لیکن بھارت میں مسلمانوں کا قتل اب تک جاری ہے۔ سیتامڑھی کے قتل و غارت کو تو ابھی چند ہی دن ہوئے ہیں۔

(۲) کانگریسی لیڈروں نے جذبات کے دھارے میں بہہ کر یاسی اور مایوسی کے عالم میں تقسیم ہرگز منظور نہیں کی تھی۔ بلکہ اس کی صحیح وجہ وہی تھی جو مولانا نے اپنی خود نوشت میں متعدد جگہ تحریر فرمائی ہے یعنی تقسیم کی اسکیم اس لئے منظور کی گئی کہ انہیں یقین تھا کہ پاکستان قائم نہیں رہ سکے گا، وہ خود الحاق کی التجا لے کر آئے گا۔

پاکستان کی کمزور معیشت کو بالکل مفلوج کر دینے کے لئے سندھ کے ہندوؤں سے ترک وطن کرایا گیا جہاں کسی ہندو کی نکسیر تک نہیں پھوٹی تھی۔ اور کوئی شبہ نہیں اگر سردار پٹیل نے جوناگڑھ اور بانٹوا کے میمنوں کو ہدف ستم نہ بنایا ہوتا تو ان کی یہ اسکیم کامیاب بھی ہو جاتی لیکن میمن ہدف ستم بن کر پاکستان میں آگئے اور انہوں نے پاکستان کی معیشت کا سارا بوجھ اٹھا لیا۔

(۳)

کرپلانی صاحب کی دلچسپ شخصیت کی طرف مولانا نے اشارہ کر کے

ایک دلچسپ آدمی کی یاد دلادی۔

کانگریس کے سالانہ اجلاس دسمبر ۱۹۴۶ء میں انہوں نے خطبہ صدارت دیتے ہوئے فخر سے اپنے خاندان کے ایک جدی عزیز کا تذکرہ کیا تھا جو ہندو سے مسلمان ہو گئے تھے اور جو پاکستان کے حامی اور کانگریس کے مخالف تھے لیکن ان سے کرپلانی جی کے عزیزانہ تعلقات میں کوئی فرق نہیں آیا تھا۔ لیکن رواداری کی اس نمائش کے باوجود اور کانگریس کے سابق سیکرٹری اور صدر ہونے کے باوجود یہ ہمیشہ ایک کٹر اور متعصب ہندو رہے

(۱) بہار کے ہولناک فساد اور مسلمانوں کے بے دردانہ قتل عام کی ساری ذمہ داری کرپلانی کے سر ہے۔ یہ حضرت نواکھالی تشریف لے گئے اور وہاں کے ہندوؤں کے قتل عام کی ایسی جگر شگاف اور زہرہ گداز داستانیں اپنے بیانات میں شائع کیں جو فساد بہار اور مسلمانوں کے قتل عام کی سبب بنیں، حالانکہ کرپلانی کی یہ رپورٹیں صرف کارگاہ ذہن و دماغ کی مصنوعات تھیں، حقیقت اور واقعہ سے انہیں دور کا بھی تعلق نہیں تھا۔

کرپلانی صاحب نے ایک بڑے ہندو زمیندار کے متعلق نہایت غیر ذمہ دارانہ طور پر پوری ذمہ داری سے یہ افسانہ ہندوستان کے طول و عرض میں پھیلایا کہ وہ اپنے بجرے پر جا رہا تھا مسلمانوں نے اسے ہلاک کر دیا۔ اس کے خاندان کی عورتوں کو اغوا کر لیا، اس کا گھر لوٹ لیا اور اس کی جائداد و املاک تباہ کر دی۔ لیکن خود اس ہندو زمیندار نے تردید کی اور بتایا کہ میں زندہ ہوں، بخریت ہوں مسلمانوں نے فساد کے دوران میں میری مدد کی، نہ کسی کو اغوا کیا، نہ میرا مکان

لوٹا، نہ میری جائداد واملاک تباہ کی۔ اس دروغ بے فروغ پر اصول کا
تقاضا تو یہ تھا کہ کرپلانی صاحب کانگریس سے نکال دئیے جاتے، لیکن ہوُا
یہ کہ وہ اور زیادہ سر آنکھوں پر بٹھلائے جانے لگے۔

---

(۲) تقسیم ہند کے وقت کرپلانی صاحب سے سوال کیا گیا، اب ہندوستان
کا نام کیا ہوگا؟۔ آپ نے فرمایا

"ھند"

لیکن بھارت کا لفظ اتنا دلکش نظر آیا کہ وہ "ہند" کو بھول گئے۔

---

(۳) تقسیم ہند کے وقت کرپلانی صاحب اپنے وطن سندھ کا دورہ کر رہے
تھے۔ انہوں نے کراچی کے ایک جلسہ عام منعقدہ آرام باغ میں، ہندوؤں کے
ایک عظیم الشان جلسہ میں تقریر کی انہوں نے فرمایا۔

"اگر پاکستان نے ہندوستانیوں کے لئے پرمٹ یا پاسپورٹ
سسٹم رائج کیا تو میں پہلا شخص ہوں گا جو اپنی جان کی قربانی دے
کر بھی اس کی خلاف ورزی کریں گے"

لیکن جب چند روز بعد پاکستان نے نہیں، ہندوستان کی
کانگریس حکومت نے یک طرفہ ٹریفک روکنے کے لئے پہلے پرمٹ کا پھر
پاسپورٹ کا سسٹم نافذ کیا تو کرپلانی صاحب نے ایسی چپ سادھی کہ
آج تک ——— ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہیں!

(۴)

ان ارشادات پر کسی تبصرہ کی ضرورت نہیں۔

آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشہ کہیں جسے
ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے

باب ۱۳

دلّی کا قتلِ عام

ہولناک کشت و خون

دلی میں کسی طرح کی گڑبڑ نہ تھی لیکن جب ملک میں ہر طرف قتل و غارت کے شعلے بھڑکنے لگے تو یہ ممکن نہ تھا کہ دہلی میں جو تھوڑی سی فوج تھی اسے باہر بھیج دیا دیا جائے، ہم نے فیصلہ کیا کہ مشرقی پنجاب میں کسی دوسرے مقام سے فوج منگا کر بھیجی جائے۔ لیکن قبل اس کے کہ وہ پہنچ سکتی قتل و غارت کے شعلے دلی کو اپنی لپیٹ میں لے چکے تھے۔ مغربی پنجاب سے آئے ہوئے غیر مسلم پناہ گزینوں کی داستان درد نے دہلی میں بھی قتل و غارت کا بازار گرم کر دیا اور تشدد کا دَور دورہ شروع ہو گیا۔ تشدد کی یہ گرم بازاری صرف پناہ گزینوں یا عام لوگوں تک محدود نہیں تھی، وہ علاقے بھی متاثر تھے جہاں صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ سرکاری ملازمین رہتے تھے۔ مغربی پنجاب کے قتل عام کی داستان جب دہلی پہنچی تو یہاں کے مسلمانوں پہ مشتعل گروہوں نے حملہ شروع کر دیا۔ بعض سکھوں نے دہلی کے ان قاتلانہ حملوں کی تنظیم میں باقاعدہ حصہ لیا۔ میں پہلے کہیں کہہ چکا ہوں کہ دکانگریسی رہنماؤں، کی زبان سے جب انتقام دیرغمال کا فلسفہ میرے سننے میں آیا تو اس

پست ذہنیت پر مجھے کتنا دکھ ہوا تھا۔ اب دہلی میں اسی شرمناک یرغمال و انتقام کے فلسفہ پر عمل کیا جا رہا تھا۔ اگر مغربی پنجاب کے مسلمان، ہندوؤں اور سکھوں کے قتل کے مجرم تھے ...... تو کیا وجہ تھی کہ دلی کے بے گناہ مسلمانوں کو ہدفِ انتقام بنایا جائے؟ انتقام و یرغمال کا یہ نظریہ اتنا مکروہ تھا کہ کوئی دانشمند اور شریف انسان اس کی تائید میں ایک لفظ بھی نہیں کہہ سکتا۔

ہندو فوج بھی فسادیوں کے ساتھ تھی

فوج کا طرزِ عمل بھی ایک نازک مسئلہ بن گیا تھا۔ تقسیم سے پہلے فرقہ دارانہ منافرت سے فوج بالکل پاک تھی۔ لیکن جب ملک کی تقسیم فرقہ دارانہ بنیاد پر عمل میں آئی تو یہ زہر فوج میں بھی سرایت کر گیا۔ دہلی میں جو فوج متعین تھی اس کی اکثریت ہندوؤں اور سکھوں پر مشتمل تھی

جنوبی ہند سے فوج کی طلبی

چند ہی روز میں یہ بات واضح ہو گئی کہ یہ مسئلہ بہت بڑے دردِ سر کا سبب بن جائے گا۔ اگر نظم و قانون کی بحالی کے لئے کوئی سخت اقدام اس کے ذریعہ سے کیا گیا۔ چنانچہ ہم نے طے کیا کہ جنوبی ہند سے کچھ فوجی دستے طلب کر لیں۔ جنوبی ہند کے فوجیوں پر تقسیمِ ہند کا کوئی زہریلا اثر نہیں ہوا تھا۔ یہ اپنے سپاہیانہ نظم پر قائم تھے۔ جنوبی ہند کے سپاہیوں نے دہلی میں امن کی بحالی اور حالت کو درست کرنے میں بڑا نمایاں حصہ لیا۔

مسلمانوں کا حالِ زار

خاص شہر سے قطع نظر دلی کے مضافاتی علاقے مثلاً قرول باغ، لودھی کالونی

سبزی منڈی اور صدر بازار میں مسلمانوں کی کافی آبادی تھی۔ ان تمام علاقوں میں زندگی اور جائداد کی سلامتی نابود ہو چکی تھی۔ موجودہ حالات میں یہ بھی ناممکن تھا کہ یہاں کے مسلمان باشندوں کو کلی طور پر فوجی حفاظت میں لے لیا جاتا، ایک مرحلہ پر ان علاقوں کی حالت اتنی نازک اور بدتر ہو گئی کہ رات کو سوتے وقت کسی مسلمان کو یہ یقین نہیں ہوتا تھا کہ صبح وہ زندہ اٹھے گا۔

دولت مند مسلمانوں کی بربادی

فساد اور قتل و غارت کے ان دنوں میں فوجی افسروں کے ساتھ دلی کے مختلف علاقوں کا میں نے دورہ کیا۔ میں نے محسوس کیا کہ مسلمان بالکل ہمت ہار چکے ہیں اور اپنے آپ کو یکسر بے بس محسوس کر رہے ہیں۔ بہت سے لوگوں نے میرے گھر میں پناہ چاہی۔ شہر کے دولت مند اور مشہور مسلمان خاندانوں کے لوگ فقر و فاقہ کے عالم میں میرے پاس آئے اب ان کے پاس کچھ نہ تھا سوا ان کپڑوں کے جو ان کے بدن پر تھے۔ کچھ لوگ روز روشن میں آنے کی جرأت نہیں رکھتے تھے۔ ایسے لوگ فوج کی حفاظت میں رات کو یا پچھلے پہر لائے جاتے تھے۔ بہت جلد میرے گھر میں تل دھرنے کو جگہ نہ رہی۔ میں نے گھر کے احاطہ میں خیمے نصب کرا دیئے مرد اور عورت، غریب اور امیر، جوان اور بوڑھے افراتفری کے عالم میں موت سے دہشت زدہ اور سراسیمہ جمع ہو رہے تھے۔

زبردستی مسلمان گھروں سے نکالے گئے

یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ نظم و امن بحال کرنے میں کچھ وقت لگے گا۔ یہ کسی طرح بھی ممکن نہ تھا کہ شہر کے دور دراز علاقوں میں مسلمان مکانوں کی حفاظت کی جا سکے۔ اگر ہم ......

ایک علاقے میں گارد کا انتظام کرتے تھے تو حملہ دوسرے علاقہ میں شروع ہو جاتا تھا۔ لہٰذا ہم نے فیصلہ کیا کہ مسلمانوں کو جمع کر کے حفاظتی کیمپوں میں پہنچا دیا جائے، ایسا ہی ایک کیمپ پرانے قلعہ میں قائم کر دیا گیا۔ یہاں کوئی عمارت نہیں تھی صرف فصیل تھی۔ اسی گھیرے میں ان لوگوں کو رہنا پڑا۔ بہت جلد یہ کیمپ بھی بھر گئے۔ مسلمانوں کی ایک بہت بڑی تعداد پرانے قلعہ میں جمع ہو گئی اور فصیل کی چہار دیواری میں کھلے آسمان کے نیچے سردی کا سارا موسم اسے گزارنا پڑا، امن بحال کرنے اور نظم و قانون قائم کرنے کے لئے گڑبڑ کے اس زمانہ میں کئی اسپیشل مجسٹریٹ مقرر کر دیئے گئے۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اکثر حالات میں ان کا انتخاب ناخوشگوار ثابت ہؤا۔ ان میں سے متعدد مجسٹریٹ اپنے فرائض انجام دینے میں ناکام رہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے، ایک مجسٹریٹ کے پاس کانگریس کا ایک ہندو ممبر مدد طلب کرنے آیا۔ اس نے مجسٹریٹ سے کہا کہ ایک مسلم علاقہ پر حملہ کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں اور چند مسلمان خاندان موت سے سہمے ہوئے زندگی گذار رہے ہیں، یہ مجسٹریٹ بجائے اس کے کہ کوئی مناسب قدم اٹھاتا الٹا اس کانگریسی ہندو کو ملامت کرنے لگا۔ اس نے کہا اسے تعجب ہے کہ ایک ہندو اس لئے اس کے پاس آتا ہے کہ مسلمانوں کی مدد کی جائے۔!

ص ۲۱۱—۲۱۰

ڈاکٹر ذاکر حسین کا دردناک بیان

مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد پرانے قلعہ میں کھلے آسمان کے نیچے موسم سرما گذار رہی تھی، ہزاروں آدمی نزلہ زکام اور مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو گئے، ان لوگوں کے لئے نہ غذا کا کوئی انتظام تھا نہ پانی کا۔ فضلہ کی صفائی کا انتظام

یا تو بالکل نہیں تھا یا اگر تھا تو نہ ہونے کے برابر۔ ایک روز ڈاکٹر ذاکر حسین خاں نے ایمرجنسی بورڈ کے سامنے بیان دیتے ہوئے کہا کہ پرانے قلعہ کے حالات بے انتہا دہشت خیز ہیں، انہوں نے کہا ان بیچارے مردوں اور عورتوں کو فوری موت سے بچانے کے لئے ایک کھلی قبر میں دفن کر دیا گیا ہے۔ بورڈ نے مجھے ہدایت کی کہ وہاں کا معائنہ کرنے کے بعد ضروری انتظامات سے متعلق اپنی رپورٹ پیش کروں۔

ص ۲۱۵

مولانا آزاد کے یہ الفاظ واقعات و حوادث، خوں چکاں واقعات اور زہرہ گداز حوادث کی منہ بولتی تصویر ہیں

محمود غزنوی کے پاس ایک مرتبہ ایک بڑھیا حاضر ہوئی اس نے کہا۔
"فلاں دور دراز شہر میں ڈاکوؤں نے مجھ دکھیاری کا سارا مال و اسباب لوٹ لیا۔ محمود نے جواب دیا۔
"بھلا اتنے دور دست علاقہ کا انتظام میں کس طرح کر سکتا ہوں"
بڑھیا نے تیزی سے جواب دیا۔
"اگر انتظام نہیں کر سکتا تو وہاں حکومت کرنے کی ہوس کیوں رکھتا ہے؟"
یہ جواب سن کر وقت کے سب سے بڑا فاتح اور کشور کشا کا سر ندامت سے جھک گیا۔ اس کی آنکھیں پر آب ہو گئیں، اس نے بڑھیا سے معذرت کی اس کے نقصان کی تلافی کی، اور اس دور دست علاقہ میں اپنی فوج ظفر موج بھیج کر ایسا انتظام کیا کہ شیر اور بکری ایک گھاٹ پانی پینے لگے ——— !

——— !

جواہرلال کے سامنے کسی تباہ حال بڑھیا کی نہیں پوری ایک قوم کی کسی دور دست علاقہ میں نہیں خاص راج دھانی میں، پرانی دلی کے دور دراز علاقہ ہی میں نہیں، نئی دلی کے کوچہ و بازار میں خون پانی کی طرح بہہ رہا تھا، عورتیں بلک رہی تھیں، مرد تڑپ رہے تھے، بچے تلملا رہے تھے۔ شوہروں سے ان کی بیویاں، باپوں سے ان کی بیٹیاں، بھائیوں سے ان کی بہنیں چھینی جا رہی تھیں اور کھلے عام ان کی متاع ناموس لوٹی جا رہی تھی، مگر ــــــــــ یہ بہادر، یہ نڈر، یہ دلیر، یہ بیباک، یہ ہر دلعزیز و محبوب لیڈر سوائے افسوس ملنے کے کچھ نہ کر سکا، کیا تاریخ کی یہ عجیب و غریب ٹریجڈی نہیں ہے؟ -

بہت دنوں کی بات ہے ــــــــــ ہزار سال سے بھی پہلے کی،

لنکا میں کچھ عرب تاجر آباد تھے، وہ مر گئے، راجہ نے ان کی بیواؤں کو ایک کشتی میں بٹھا کر اظہار خیر سگالی کے طور پر عراق روانہ کر دیا۔ یہ کشتی جب کراچی کے پاس پہنچی تو چند بحری قزاقوں نے اسے لوٹ لیا اور عورتوں کو باندی بنا لیا، ایک بڑھیا کی آواز فضا میں گونجی۔

"حجاج تو کہاں ہے؟"

دو ش ہوا پر سوار ہو کر یہ آواز حجاج کے کانوں تک پہنچ گئی۔ اس نے بے قرار ہو کر جواب دیا۔

"میں آیا"

پھر محمد بن قاسم کی سرکردگی میں مٹھی بھر عرب سپاہی ایک ان جانے دیس میں اپنی قوم کی متاع ناموس کا انتقام لینے پہنچ گئے ایک طرف راجہ داہر کا مور و ملخ سا لشکر تھا، دوسری طرف غیور اور خود دار عربوں کی مختصر سی جماعت تھی داہر کی فوج مغرور، عیاش، بے پروا، اور فرض ناشناس تھی، عرب سپاہی

اس جذبہ سے سرشار تھے۔

جس کی زد کھا کے لرز جاتی ہے بنیادِ زمیں

نتیجہ جو کچھ ہوا وہ تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہے۔

"دو قومی" نظریہ کے سب سے بڑے دشمن اور "ایک قومی" نظریہ کے سب سے بڑے علمبردار۔ جواہر لال نے اس موقع پر اپنی "قوم" کو یوں لٹتے، مٹتے، مرتے، قتل ہوتے، خاک و خون میں تڑپتے کس طرح، کس دل سے دیکھ لیا؟ وہ تاریخ کے بہت بڑے عالم ہیں۔ انہوں نے تاریخ ہند اور تاریخ عالم پر کئی قابلِ قدر کتابیں لکھی ہیں ——— کیا انہیں تاریخ نے بھی نہیں بتایا کہ اس طرح کے واقعات کا انجام کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے مٹی ہوئی اور برباد قوموں کے اسباب ہلاکت پر کیوں غور نہیں کیا؟ ان سے سبق کیوں نہیں لیا؟

تاریخ ہند کا ہر طالب علم "مرہٹہ گردی" کے بحرانی دور سے اچھی طرح واقف ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ مرہٹے پونہ سے اٹھے اور سارے ہندوستان کو اپنی تاخت و تاراج سے انہوں نے زیر و زبر کر کے رکھ دیا۔ کئی مرتبہ ایسا بھی ہوا کہ دلی تک ان کی تحویل میں آ گئی۔ مرہٹوں کی وحشت، درندگی، خون آشامی، ذوق قتل و غارت، خونے سفاکی و شقاوت، اصول موضوعہ کی طرح ایک ناقابل بحث اور بالکل تسلیم شدہ واقعہ ہے، یہی دور تھا جب دلی کا شاعر یگانہ، میر تقی میر، کبھی بھرت پور کے راجہ سورج مل جاٹ کا مہمان بنتا تھا، کبھی لکھنؤ کا رخ کرتا تھا۔ اس زمانہ میں اس کی زبان سے آہ جگر دوز نے الفاظ کا یہ لباس پہنا تھا۔

کیا بود و باش پوچھو ہو پورب کے ساکنو

ہم کو غریب جان کے ہنس ہنس پکار کے
دلی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب
رہتے تھے منتخب ہی جہاں روزگار کے
جس کو فلک نے لوٹ کے برباد کر دیا
ہم رہنے والے ہیں اسی اجڑے دیار کے

لیکن کیا مرہٹہ گردی کے طوفانی دور قتل وغارت میں بھی دلی کے مسلمانوں کو اپنے گھر سے، ساری پونجی، سارا زر نقد، سارا اثاثہ، کپڑے زیور، برتن تک چھوڑ کر بے سروسامانی کے عالم میں یوں ہی نکلنا پڑا تھا؟ کیا سفاک درندہ خو بے رحم، اور خون آشام مرہٹوں نے بھی سارے شہر کے مسلمانوں کو کھدیڑ کھدیڑ کر ان کے گھروں سے نکالا اور پرانے قلعہ میں پہنچا دیا، جہاں نہ پانی تھا نہ کھانا، نہ چھت نہ سائبان، نہ سینیٹری کا انتظام نہ حفاظت کا بندوبست؟ یہ سچ ہے کہ مرہٹوں نے ایک دفعہ لال قلعہ کے دیوان خاص و دیوان عام کی نقرئی، طلائی چھت تک اکھاڑ لی تھی۔ اور اس کے سکے ڈھال لئے تھے لیکن کیا مرہٹوں نے بھی مسلمانوں کو گھر سے بے گھر کر کے عورتوں اور لڑکیوں کے طلائی زیور جو گلے یا ہاتھ میں پڑے رہ گئے تھے، جب سونا ۱۲۵ روپے تولہ بک رہا تھا ۲۰ روپے تولہ کے حساب سے خریدے تھے تاکہ وہ اپنا پیٹ بھر سکیں؟ ——— کیا جواہر لال کے پاس اس کا جواب ہے؟

مولانا آزاد نے اس تاریخی واقعہ کے علاوہ اور بھی کئی تاریخی واقعات نظر انداز کر دئے ہیں!۔

دلی میونسپلٹی کے ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عثمانی گاندھی جی کی اپیل سے

متاثر ہو کر شہر کے ہندوؤں کو تعفن، گندگی اور متوقع وبا سے بچانے کے لئے اپنا عملہ دے کر نکلے تاکہ مسلمانوں کی لاشوں کو ٹھکانے لگا دیں۔ گلیوں، کوچوں اور سڑکوں کو غلاظت کے انبار سے پاک کر دیں۔ اور عین اس مصروفیت کے عالم میں بیچ سڑک چھرا گھونپ کر انہیں ہلاک کر دیا گیا ——— بہت سی سڑی بسی اور متعفن لاشوں کے ہجوم میں ایک تازہ لاش کا اضافہ اور کر دیا گیا۔ گلیوں کوچوں اور سڑکوں کے انبار غلاظت میں ایک اور مقتول جسم پھینک دیا گیا۔
——— کیا جواہر لال کچھ کہہ سکے ؟

اس انجمن ناز کی کیا بات ہے غالبؔ
ہم بھی گئے واں اور تقدیر کو رو آئے

ملک شام پر تاتاریوں نے یورش کی اور ایک مرتبہ تو غرامطہ کی سازش کامیاب ہو گئی اور تاتاریوں نے ایک وسیع علاقہ پر قبضہ بھی کر لیا اور بہت سے شہریوں کو گرفتار کر لیا۔

شاہ تاتار کے پاس علامہ ابن تیمیہ پہنچے وہ ان کی جلالت شان سے اس قدر متاثر ہوئے کہ اس نے فوراً مسلمان اسیروں کی رہائی کا فرمان صادر کر دیا۔ علامہ ابن تیمیہ نے کہا۔ عیسائی اور یہودی قیدیوں کو بھی رہا کیجئے۔ اس نے حیرت سے پوچھا

"آپ کو عیسائیوں اور یہودیوں سے مطلب ؟ یہ تو اسلام کے دشمن اور مخالف ہیں"

ابن تیمیہ نے کہا۔

"ہاں! لیکن ہمارے ذمی ہیں! ہماری امان میں ہیں، سیاسی

طور پر ان میں اور مسلمانوں میں کوئی فرق نہیں۔ وہ رہا نہیں ہوتے تو مسلمانوں کی رہائی بھی بے کار ہے"۔ آخر کار یہودی اور عیسائی بھی رہا کر دئیے گئے ــــــــــــ قتل عام سے صرف بیس دن پہلے جواہر لال نے ماؤنٹ بیٹن، حکومت ہند نے اور کانگرس نے مسلمانوں کو "امان" دی تھی، ان کی حفاظت جان و مال کا "ذمہ" لیا تھا۔ کیا یہ ذمہ پورا کیا گیا؟

قریب ہے یار روز محشر چھپے گا کشتوں کا خون کیونکر
جو چپ رہے گی زبان خنجر لہو پکارے گا آستیں کا

وزیر داخلہ اور وزیر اطلاعات و نشریات کی حیثیت سے اپنی سخت طبعی اور درشت مزاجی کے باعث پٹیل نے اتنی دہشت حاصل کر لی تھی کہ کمزور فطرت کے سرکاری ملازمین تک نے اپنا ظاہر بدل لیا تھا، مجھے آل انڈیا ریڈیو کے بمبئی اسٹیشن کے ڈائرکٹر مسٹر ذوالفقار بخاری کا واقعہ نہیں بھولتا، تقسیم ہند سے ذرا پہلے عارضی حکومت کے دوران میں جو پہلی عید ہوئی اس موقعہ پر صابو صدیق انسٹی ٹیوٹ کے ہال میں حسب معمول اجتماع عید ہوا، جس میں شہر کے معززین شریک ہوئے ان میں ذوالفقار بخاری بھی تھے ــــــــــــ انتنے موٹے کھدر کے سوٹ میں ملبوس کہ گو ان کی پیشانی عرق ندامت سے خالی تھی، لیکن دیکھنے والوں میں سے کئی ایک کو پسینہ آگیا"!

باب ۱۴

پردہ گرتا ہے

چند آنسو

گاندھی جی کا حادثۂ قتل ایک دور کا اختتام ہے۔ آج بھی میں اسے فراموش نہیں کر سکتا، کہ کتنے افسوسناک طریقہ پر تنے ہندستان کی سب سے بڑی شخصیت کی جان بچانے میں ہم ناکام رہے۔ حادثۂ بم کے بعد قدرتاً یہ توقع تھی کہ دہلی کی پولیس اور سی آئی ڈی ان کی حفاظت کا خاص انتظام کرے گی۔ اگر کسی عام آدمی کی جان لینے کی کوشش کی جائے تو پولیس خاص حفاظتی بندوبست کرتی ہے، بلکہ اگر کسی کو دھمکی کے خطوط وصول ہوں، تو بھی پولیس ہوشیار ہو جاتی ہے۔ گاندھی جی کے پاس نہ صرف خطوط اور پمفلٹ آئے، نہ صرف انہیں علانیہ قتل کرنے کی دھمکیاں دی گئیں بلکہ ایک بم بھی پھینکا گیا۔ یہ ہندستان کی سب سے بڑی شخصیت کی موت و زندگی کا سوال تھا، لیکن مؤثر قدم نہیں اٹھایا گیا۔ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ اس طرح کا احتیاطی اقدام مشکل تھا۔ گاندھی جی کی پرارتھنا کی مجلسیں کھلے میدان میں نہیں بلکہ برلا ہاؤس کے لان میں ہوتی تھیں، یہ ایسا مقام ہے جسے تمام اطراف سے بلند و بالا دیواریں گھیرے ہوئے ہیں، دروازے کے علاوہ داخلہ کا کوئی راستہ نہیں۔ پولیس کے لئے بہت آسان تھا کہ وہ آنے جانے والوں کی نگہداشت رکھتی۔

گاندھی جی کا قتل

اس المیہ کے واقع ہونے کے بعد حاضرین کی شہادت سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ قاتل مشتبہ طریقہ پر اندر داخل ہوا، اس کے حرکات و سکنات اور الفاظ اس طرح کے تھے، کہ پولیس اسے زیر نگرانی رکھ سکتی تھی۔ اور پولیس کو ایسا کرنا ہی چاہیئے تھا، اگر پولیس نے کوئی قدم اٹھایا ہوتا تو وہ بڑی آسانی سے پکڑ کر نہتا کر دیا جاتا۔ بغیر کسی روک ٹوک کے ریوالور لئے ہوئے آیا۔ گاندھی جی جب پرارتھنا کے جلسہ میں پہنچے وہ اینڈ کھڑا ہوا، اس نے گاندھی جی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ آپ کی زندگی کا یہ آخری دن ہے، گاندھی جی نے جواب دیا ہاں! قبل اس کے کہ وہ دوسرا لفظ کہیں، تابڑ توڑ تین گولیاں ان کے نحیف و ناتواں جسم کو چیرتی ہوئی نکل گئیں، اس طرح قاتل نے ان کی قیمتی زندگی ختم کر دی۔

پٹیل پر الزام

یہ المیہ جب وقوع پذیر ہوا تو غم و غصہ کی لہر کا اٹھنا ایک قدرتی واقعہ تھا۔ کچھ لوگوں نے علانیہ سردار پٹیل کو نااہلیت کا ملزم گردانا، جے پرکاش نارائن نے اس مسئلہ کو اٹھا کر بڑی ہمت کا ثبوت دیا گاندھی جی کی موت پر اظہار رنج و الم کے لئے دہلی میں جو جلسہ منعقد ہوا تھا اس میں تقریر کرتے ہوئے جے پرکاش نارائن نے صاف الفاظ میں کہا، کہ گورنمنٹ آف انڈیا کا وزیر داخلہ اس قاتلانہ حملہ کی ذمہ داری سے اپنا دامن نہیں بچا سکتا۔ انہوں نے سردار پٹیل سے جواب طلب کیا جب کہ گاندھی جی کے قتل پر علانیہ لوگوں کو اکسایا جا رہا تھا اور اس سے پہلے ان پر باقاعدہ بم پھینکا جا چکا تھا تو پٹیل نے کوئی احتیاطی قدم کیوں نہیں اٹھایا۔؟

ذمہ داری پٹیل پر

کلکتہ کے مسٹر پرفلا چندر گھوش نے بھی یہ سوال اٹھایا۔ انہوں نے گورنمنٹ آف انڈیا کو بھی ملامت کی کہ وہ گاندھی جی کی

جان بچانے میں ناکام رہی، انہوں نے کہا کہ سردار پٹیل ایک مضبوط اور کارگذار وزیر داخلہ کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ اس الزام کا ان کے پاس کیا جواب ہے کہ گاندھی جی کی جان بچانے کے لئے انہوں نے کوئی احتیاطی قدم کیوں نہ اٹھایا۔

سردار پٹیل کا بیان

سردار پٹیل نے اپنے مخصوص انداز میں یہ الزامات سہے، کوئی شبہ نہیں کہ اس حادثہ سے وہ بہت متاثر تھے لیکن اس بات پر خفا بھی تھے کہ لوگ انہیں کیوں ملزم گردان رہے ہیں؟ جب کانگریس پارلیمنٹری پارٹی کا اجلاس ہوا تو انہوں نے کہا کہ ان کے خلاف اس طرح کے الزامات لگا کر کانگرس کے دشمن اس تنظیم میں افتراق پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے گاندھی جی سے اپنی وفاداری کا اعادہ کیا اور کہا، پارٹی کو ان الزامات سے متاثر نہیں ہونا چاہیئے۔ بلکہ مضبوطی کے ساتھ متحد ہو کر اس صورت حال کا مقابلہ کرنا چاہیئے جو گاندھی جی کی موت سے پیدا ہوگئی ہے۔ ان کی اپیل رائیگاں نہیں گئی، کانگریس پارٹی کے بہت سے ممبروں نے انہیں یقین دلایا کہ وہ ان کے ساتھ ہیں۔"

تقریب قتل پر شیرینی کی تقسیم

مجموعی حیثیت سے سارا ملک گاندھی جی کے قتل سے غمزدہ تھا، لیکن بعض شہروں میں گاندھی جی کے حادثۂ قتل کی تقریب پر مٹھائی تقسیم ہوئی اور جشن منایا گیا، گوالیار اور اجین میں خاص طور پر۔

گاندھی جی کا قاتل ہیرو بن گیا

گاندھی جی کے قاتل گوڈسے پر مقدمہ چلایا گیا گوڈسے کی گرفتاری پر پبلک کا ردعمل اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ ہندوستانیوں کے ایک طبقہ پر فرقہ وارانہ زہر کس طرح اثر کر چکا تھا، بعض معزز خاندانوں کی خواتین نے اپنے ہاتھ

سے سوئیٹر بن کر گوڈسے کو بھیجا، اس کی رہائی کے لئے ایک تحریک بھی اٹھی،
اس کے حامی علانیہ طور پر اس کے اقدام کو سراہ نہیں سکتے تھے۔ لہٰذا انہوں نے کہنا
شروع کیا کہ گاندھی جی چونکہ عقیدۂ عدم تشدد کے پرستار تھے لہٰذا ان کے قاتل کو
پھانسی نہیں ملنی چاہیئے۔ جواہر لال کے پاس اور میرے پاس اس مضمون کے بہت سے
تار آئے کہ گوڈسے کو پھانسی دینا گاندھی جی کے اصولوں کے خلاف ہے۔ قانون بہر حال
اپنا راستہ چلتا رہا، ہائی کورٹ نے اس کی سزا یابی کی توثیق کر دی۔

آزادیٔ ہند کی قیمت

ہندوستان نے آزادی حاصل کر لی، لیکن اپنی وحدت قربان کر دی۔

پاکستان کی نئی حکومت جب بنی تو اقتدار اُن لوگوں کے ہاتھ میں آیا جن کی
خدمت اور قربانی کی فہرست بالکل سادہ تھی، پاکستان کے متعدد حکمران خود غرض تھے،
یہ پبلک لائف میں صرف اپنے مفاد کے لئے آئے تھے۔ (۱)

پاکستان کی نئی حکومت

پاکستان کی نئی حکومت کے رہنماؤں کی اکثریت یو پی، بہار اور بمبئی سے آئی تھی۔ یہ لوگ ان علاقوں
کی زبان میں بات بھی نہیں کر سکتے تھے جن سے پاکستان مرکب تھا، نتیجہ یہ ہوا، کہ
حاکم اور محکوم کے درمیان ایک خلیج پیدا ہو گئی۔ یہ خود ساختہ لیڈر اس خوف میں مبتلا
تھے کہ اگر آزادانہ انتخابات منعقد ہوئے تو ان میں سے اکثر منتخب نہیں ہو سکیں گے
لہٰذا انہوں نے جب تک ممکن ہوا انتخابات کو ملتوی کرنا شروع کر دیا تاکہ اپنی قسمت
سنوار سکیں اور زیادہ سے زیادہ مدت تک اقتدار کی باگ اپنے ہاتھ میں رکھیں،
دس سال کی مدت گزر چکی ہے اور اب جا کر کہیں دستور بن پایا ہے اور یہ بھی حرف
آخر نہیں نظر آتا بار بار اس میں تبدیلیوں کی کوشش ہوتی رہتی ہے، کوئی شخص یہ
نہیں کہہ سکتا کہ نئے دستور کے ماتحت پہلا انتخاب کب ہوگا؟ اور ہوگا بھی یا نہیں؟ (۲)

اسلام ناکام رہا

مسٹر جناح اور ان کے متبعین نے یہ محسوس نہیں کیا کہ جغرافیہ ان کے خلاف ہے۔ مغربی اور مشرقی پاکستان میں کوئی باہمی رابطہ نہیں ہے۔ ان دونوں علاقوں کے مسلمان ہر اعتبار سے مذہب کے سوا ایک دوسرے سے قطعاً مختلف ہیں۔ اس سے بڑا فریب اور کیا ہو سکتا ہے کہ کہا جائے کہ مذہبی رابطہ ان علاقوں کو متحد کر دے گا۔ جو جغرافیائی، اقتصادی، لسانی اور ثقافتی اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف ہوں۔ یہ صحیح ہے کہ اسلام ایک ایسا معاشرہ قائم کرنا چاہتا ہے جو نسلی، لسانی، اقتصادی اور سیاسی سرحدوں سے ماورا ہو۔ تاریخ گواہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ ایک صدی گذر جانے کے بعد مسلم ممالک کو صرف اسلام کی بنیاد پر وحدت کے رشتہ میں پرونے کا کام اسلام انجام نہیں دے سکا۔ (۱۴)

پاکستان ایک قوم نہیں بن سکتا

یہ تھی پوزیشن ماضی میں! اور یہ ہے پوزیشن آج!

کوئی شخص بھی یہ توقع نہیں کر سکتا کہ مغربی اور مشرقی پاکستان کے مسلمان اپنے اختلافات ختم کر کے ایک قوم بن جائیں گے، صرف مغربی پاکستان میں تین صوبے، سندھ، پنجاب اور سرحد ایک دوسرے کے مفاد کے خلاف برسرِکار اور بایکدوسرے سے بالکل متضاد اور متبائن مقاصد کے حامل ہیں، بہرحال جو ہونا تھا ہو چکا، پاکستان کی نئی حکومت ایک حقیقت ہے، ہندوستان اور پاکستان دونوں کے مفاد کا تقاضا یہ ہے کہ وہ آپس میں دوستانہ روابط استوار کریں اور ایک دوسرے سے اشتراک و تعاون کریں، اس کے خلاف جو قدم بھی اٹھے گا وہ ہولناک مصیبت، تباہی اور بدبختی کا پیش خیمہ ہوگا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جو کچھ ہوا وہ ناگزیر تھا بعض دوسرے لوگ اسی شد و مد کے ساتھ یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ ہوا غلط تھا،

اور اس سے احتراز ممکن تھا۔ آج یہ کہنا مشکل ہے کہ دونوں میں سے کس کا اندازہ صحیح تھا، صرف تاریخ ہی اس کا فیصلہ کرے گی کہ آیا تقسیم قبول کرکے ہم نے دانشمندانہ اور صحیح قدم اٹھایا ہے؟ (۴)

(صفحہ ۲۷، ۲۶، ۲۵، ۲۴، ۲۲۳)

یہ مولانا کی کتاب کا آخری باب ہے!

اس باب میں مولانا نے جو تاثرات ظاہر فرمائے ہیں وہ زیادہ تر ذاتی ہیں، لیکن ان میں جہاں کہیں صداقتی رنگ آگیا ہے اس پر گفتگو ناگزیر ہے۔

(۱)

پاکستان کی پہلی وزارت مشتمل تھی، لیاقت علی خاں، چند دیگر نشتر، فضل الرحمٰن وغیرہ پر، یہ سب عوامی آدمی تھے، ان کی خدمات اور قربانیوں کا ہر پاکستانی کو دل سے اعتراف تھا، مولانا اگر ان کی خدمات اور قربانیوں سے ناواقف ہیں تو ہمدردی کے مستحق ہیں۔

پاکستان کی نئی حکومت کے رہنماؤں کی اکثریت کو یوپی، بہار اور بمبئی کے لوگوں پر مشتمل بتانا غلط بیانی کا شاہکار ہے۔

اس نئی حکومت میں لیاقت علی اور چند دیگر کے سوا اور کون سا شخص یوپی، بہار یا بمبئی کا تھا، تقریباً ایک درجن آدمیوں کی کابینہ میں دو آدمی مہاجر ہوں تو اکثریت کہلائیں گے؟

پھر اس بد نام نہاد "اکثریت" پر یہ الزام لگانا کہ یہ لوگ ان علاقوں کی زبان میں بات بھی نہیں کر سکتے تھے، جن سے پاکستان مرکب تھا، کیسی جسارت انگیز غلط بیانی ہے۔

اوّل تو یہ الزام سرے سے غلط ہے۔ پاکستانی کابینہ کی غیر معمولی اکثریت

خالص پنجابی، بنگالی، سندھی اور سرحدی احباب پر مشتمل ہے لیکن اگر ایسا نہ ہوتا اور واقعی یہ اکثریت یو پی، بہار اور بمبئی کے احباب پر مشتمل ہوتی تو بھی کیا قباحت ہوتی؟

مرکزی حکومت میں ہر صوبہ کے لوگ ہوتے ہیں اور وہ عام سرکاری زبان سے واقف ہوتے ہیں، لیکن ہر زبان سے واقف ہوں یہ قطعاً ضروری نہیں ہے۔

مولانا آزاد جس کابینہ کے رکن تھے اس کے ارکان کا کیا حال ہے؟

کیا مولانا آزاد گجراتی جانتے تھے؟

کیا پنڈت نہرو مرہٹی سے واقف ہیں؟

کیا مرار جی ڈیسائی تلگو میں بول سکتے ہیں؟

کیا پٹیل صاحب ملیالم میں گہرافشانی پر قادر تھے؟

کیا گوبند ولبھ پنت پنجابی میں نطق گوہربار کر جنبش دے سکتے ہیں؟

کیا راجندر پرشاد بنگالی میں اظہار خیال پر قادر ہیں؟

کیا ڈاکٹر کاٹجو کو کنّڑ زبان بولنا تو بڑی چیز ہے، سمجھ بھی سکتے ہیں؟

کیا مسٹر گیڈگل اڑیہ میں کلام کر سکتے ہیں؟

کیا لال بہادر شاستری ناگاؤں سے گفتگو پر قادر ہیں؟

پھر ان سب پر کابینہ کا دروازہ کیوں کھل گیا؟

(۴)

انتخابات میں تاخیر کا سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ بعض نئے اور ناقابل عبور مشکلات حل کرنا تھے جن سے ہندوستان دوچار نہیں تھا اور ایسے حالات میں انتخابات مؤخر ہو ہی جاتے ہیں۔ خود مولانا ۱۹۳۹ء سے ۱۹۴۶ء تک صدر رہے اور ہندوستان کی قومی پارلیمنٹ "کانگریس" کوئی انتخاب مسلسل سات سال نہ کرا سکی۔ یہ ہمارے اس دعوے کا ثبوت ہے۔

(۳)

اس باب کا سب سے زیادہ تکلیف دہ اور افسوسناک حصّہ یہی ہے۔
مولانا بھی مولانا حسین احمد کی طرح اس کے قائل ہیں کہ ملتیں اوطان سے بنتی ہیں، جواب میں وہی کہا جا سکتا ہے۔ جو اقبال نے حسین احمد سے کہا تھا۔

سرود بر سر منبر کہ ملت از وطن است
چہ بے خبر ز مقام محمد عربی است،

کتنی عجیب بات ہے۔ مولانا آزاد اور مولانا حسین احمد کو عالم دین ہونے کی حیثیت سے جس فکر دینی کا علمبردار ہونا چاہیئے اس کی تبلیغ اقبال اور جناح کے حصّہ میں آئی ہے۔

کاش اس فرقہ زہاد سے اٹھتا نہ کوئی
کچھ ہوئے تو یہی رندان قدح خوار ہوئے

مولانا نے اتنا بڑا دعوےٰ کرتے وقت یہ نہ سوچا کہ اگر مشرقی اور مغربی پاکستان میں کوئی باہمی ربط نہ ہوتا تو پاکستان بنتا کیسے؟ پھر پاکستان بننے کے بعد وہ ربط کیسے فنا ہو سکتا ہے؟

اسلام کی ناکامی کا جو مرثیہ مولانا نے پڑھا ہے وہ بھی تاریخ کا ایک عبرت انگیز باب ہے۔

مولانا تحریک خلافت کے زعیم کبیر رہ چکے ہیں۔ اس سلسلہ میں وہ "امام الہند" بھی بننے تھے۔ اگر جغرافیہ واقعی اتنی افتراق انگیز چیز ہے اور مذہبی رشتہ کوئی چیز نہیں اور اسلام کی بنیاد پر مسلم ممالک کو متحد کرنے میں اسلام ناکام رہا ہے۔ تو اسلام کی ناکامی سے زیادہ مولانا کو اپنی گزشتہ زندگی پر ماتم کرنا چاہیئے تھا۔ کیا وہ مولانا ہی نہیں تھے جنہوں نے طرابلس کے شہیدوں پر، الہلال کے صفحات پر صف ماتم بچھا کر اسلامی ہند

میں آگ لگا دی تھی؟ کیا وہ مولانا کا الہلال ہی نہیں تھا؟ جس نے عراق کے حادثہ پر "مشہدِ اکبر" کے عنوان سے وہ مقالہ شائع کیا تھا جس نے ایوانِ فرنگ میں زلزلہ ڈال دیا تھا؟ کیا وہ مولانا ہی نہیں تھے جو خلافت عثمانیہ کے بقاء و تحفظ کے لیے بار بار جیل گئے؟

اگر اسلام اتنا ہی ناکام تھا، اگر جغرافیہ واقعۃً ایسی ہی چیز ہے تو وہ بنیاد منہدم ہوئی جاتی ہے؛ جس نے مولانا کو مولانا بنایا۔

(۴)

پاکستان کی اندرونی سیاست پر مولانا نے جو تبصرہ کیا ہے، یہ انہیں زیب نہیں دیتا تھا۔ اس لئے کہ یہ تبصرہ صرف مزعومات اور مفروضات پر مبنی ہے۔

باقی رہا ہندوستان اور پاکستان کا آپس میں دوستانہ روابط رکھنا، تو جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے، وہ ہمیشہ اس کا متمنی رہا ہے۔ اس راستہ میں کانٹے ہندوستان ہی کی طرف سے بچھائے گئے، رکاوٹیں پنڈت جی نے ڈالیں۔ آج بھی اگر وہ معاملہ فہمی پر آمادہ ہوں تو ساری مشکلیں آن کی آن میں ختم ہو سکتی ہیں۔ لہٰذا مولانا کی یہ نصیحت پاکستان سے زیادہ ہندوستان کے لئے ہے۔

رہا پاکستان کے وجود کا صحیح، یا غلط ہونا، تو واقعی اس کا صحیح فیصلہ تاریخ ہی کر سکتی ہے اور بہتر ہے کہ یہ اسی پر چھوڑ دیا جائے۔

آزادیٔ ہند کا البم — "چند تصویریں"

بترتیب حروفِ تہجّی

(۱)

اپنی جھلک ــــ

گرفتاری کی اطلاع :

(اگست ۱۹۴۲ء، بمبئی)

بمبئی کے دوران قیام میں عام طور پر میں بھولا بھائی ڈیسائی کے ہاں ٹھہرا کرتا تھا۔ اس موقع پر ورکنگ کمیٹی اور آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے اجلاس کے موقعہ پر، بھی وہیں ٹھہرا، بھولا بھائی بیمار تھے۔ گذشتہ کچھ عرصہ سے ان کی طبیعت ناساز چلی آرہی تھی، مجھے بڑی حیرت ہوئی جب جلسہ سے واپسی پر میں نے انہیں اپنا منتظر پایا۔ کافی رات گذر چکی تھی، میں نے چاہا وہ جاکر آرام کریں، انھوں نے بتایا کہ میرے ایک عزیز محمد طاہر کو اس کے ایک دوست نے جو پولیس میں ہے بتایا ہے کہ تمام کانگرسی لیڈر علی الصباح گرفتار کر لیے جائیں گے!

بھولا بھائی بہت پریشان تھے اور یہی خبر سنانے کے لیے میرے منتظر تھے میں تکان سے چور ہو رہا تھا اور اس طرح کی افواہوں پر کان دھرنا نہیں چاہتا تھا۔ میں نے بھولا بھائی سے کہا، اگر یہ خبر درست ہے تو میرے پاس آزادی کے صرف چند گھنٹے رہ جاتے ہیں کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ جلدی سے کھانا کھاؤں اور فوراً سو رہوں تاکہ صبح تازہ دم ہو کر حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے اٹھوں؟ ــ

بھولا بھائی راضی ہو گئے۔ اور میں بستر پر جا کر دراز ہو گیا،

صـــ ۸۳

گرفتاری کا منظر

میں عام طور پر صبح تڑکے بیدار ہونے کا عادی ہوں آج بھی (۷ راگست ۱۹۴۲ء) ٹھیک چار بجے بیدار ہو گیا لیکن تکان اب تک باقی تھی؛ سر بوجھل ہو رہا تھا، دو ٹکیاں اسپرین کی استعمال کیں اور ایک پیالی چائے پی اور کام پر بیٹھ گیا۔ یا اس لیے کہ اسپرین کا اثر تھا، یا اس لیے کہ تکان بہت تھی پھر سو گیا۔

مشکل سے پندرہ منٹ گذرے ہوں گے کہ میں نے محسوس کیا کوئی شخص میرے پاؤں چھو رہا ہے۔ آنکھ کھولی تو دیکھا، دھیرو بھائی ڈیسائی بھولا بھائی کے بیٹے، ایک سفید کاغذ ہاتھ میں لیے کھڑے ہیں، میں فوراً سمجھ گیا، یہ وارنٹ گرفتاری ہے۔ دھیرو نے کہا، ڈپٹی کمشنر برآمدہ میں منتظر کھڑا ہے، میں نے کہا، اس سے کہہ دو، مجھے تیار ہونے میں ذرا دیر لگے گی

میں نے غسل کیا، لباس تبدیل کیا، اپنے پرائیویٹ سکریٹری اجمل خاں کو ضروری ہدایات دیئے، پھر برآمدہ میں پہنچ گیا، بھولا بھائی اور ان کی بہو ڈپٹی کمشنر سے کھڑے باتیں کر رہے تھے، میں نے مسکراتے ہوئے بھولا بھائی کو دیکھا، اور کہا "آپ کے دوست جو اطلاع کل شام کو لائے تھے، وہ درست نکلی،

پھر میں ڈپٹی کمشنر کی طرف متوجہ ہوا

"میں تیار ہوں!!"

اب صبح کے پانچ بج چکے تھے

صـــ ۸۴

اطمینان اور سکون

(بمبئی اسٹیشن پر) ایک یوروپین ملٹری آفیسر ہمارے

پاس آیا اور دریافت کیا، آیا ہم چائے پئیں گے؟ میں اگرچہ صبح صبح پی چکا تھا، لیکن ایک کپ اور لانے کا آرڈر دے دیا۔

صفحہ ۸۵

گرفتاری کا زندہ دلی کے ساتھ خیر مقدم

(بمبئی اسٹیشن) ایک سٹری آفیسر نے ہمیں گننا شروع کیا، نہ لیلائے کیا بات تھی، کئی بار شمار کرنے کے بعد بھی وہ مطمئن نہیں ہوا، ہمارے کمپارٹمنٹ میں پہنچ کر اس نے زور سے کہا،

"تیس نفر!"

دو یا تین مرتبہ جب وہ یہی الفاظ دوہرائے گیا تو میں نے بھی اسی طرح چیخ چیخ کر کہا،

"تیس!"

یہ سن کر وہ پھر چکر میں پڑ گیا، اور از سر نو شمار کرنے لگا؛

صفحہ ۸۵

قیدی کا فرمان

قلعۂ احمد نگر کی جیل میں ہمیں لوہے کے برتنوں میں کھانا دیا گیا، میں نے جیلر سے کہا، ہم چینی کی پلیٹوں میں کھانے کے عادی ہیں، جیلر نے معافی مانگی اور چینی کے برتن مہیا کر دینے کا وعدہ کر لیا۔

صفحہ ۸۸

طبی معائنہ سے انکار

۳ر اگست ۴۲ء کو جب میں کلکتہ سے بمبئی روانہ ہوا تھا، انفلوئنزا میں مبتلا تھا۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس کے دوران میں بھی یہی کیفیت رہی۔ گورنمنٹ اس حقیقت سے واقف تھی۔ انسپکٹر جنرل جو ڈاکٹر بھی تھا، میرا طبی معائنہ کرنے کے لیے آیا، میں نے

انکار کر دیا۔

صـ ۸۹

زندہ دل قیدی

قلعہ احمد نگر کی جیل میں ہمارے پہنچنے کے پانچ چھ دن بعد ایک افسر جیل کا سپرنٹنڈنٹ بن کر آیا، تاکہ ہماری دیکھ بھال کر سکے۔ ہمیں اس کا نام نہیں معلوم تھا۔ غور و فکر کے بعد طے پایا کہ اس کا کوئی نام رکھنا چاہیئے، مجھے یاد آیا کہ جب چاند بی بی قلعۂ احمد نگر کی اسی جیل میں نظر بند تھی تو داروغۂ زنداں ایک حبشی تھا جس کا نام چیتا خان تھا، میں نے تجویز پیش کی کہ ہم اپنے سپرنٹنڈنٹ کا یہی نام کیوں نہ رکھیں؟ میرے رفقاء نے گرم جوشی سے تائید کی۔ یہ نام ایسا چل پڑا کہ جیل کے سب لوگ اسے چیتا خاں کہنے لگے۔

صـ ۸۹

بہن کا انتقال

(اپریل ۱۹۴۳ء بیگم ابوالکلام کا انتقال ہو چکا ہے)

تین مہینے کے بعد قسمت نے مجھے غم کا ایک اور تحفہ دیا میری بہن آبرو بیگم جو بھوپال میں رہتی تھیں، دو ہفتے کے بعد مجھے اطلاع ملی کہ وہ بھی اس جہان سے رخصت ہو گئیں۔

صـ ۹۲

وزارت قبول کرنے سے انکار

(مسلم لیگ کو نظر انداز کر کے مرکز میں عارضی حکومت قائم کرنے کی دعوت وائسرائے نے جواہر لال کو دی ہے۔ اگست ۱۹۴۶ء)

"میرے رفقاء نے بہت زور دیا کہ میں عارضی حکومت میں شامل ہو جاؤں، گاندھی جی کی رائے بھی یہی تھی۔ کامل احتیاط کے ساتھ غور کرنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ مجھے کابینہ سے باہر رہنا چاہیئے۔ میرے بہت سے دوستوں کی یہ رائے تھی اور

اب بھی ہے کہ میرا یہ فیصلہ غلط تھا ان کا خیال تھا کہ ملکی مفاد کا تقاضا اور جن حالات سے ہم گذر رہے تھے، ان کا مطالبہ یہ تھا کہ میں وزارت قبول کر لیتا اب میں محسوس کرتا ہوں کہ شاید میرا فیصلہ صحیح نہیں تھا۔ ممکن تھا کہ میں ملک کی زیادہ خدمت کر سکتا، اگر میں نے وزارت قبول کر لی ہوتی۔ اس وقت میرا خیال تھا کہ میں باہر رہ کر زیادہ بہتر طور پر ملک کی خدمت کر سکوں گا لیکن اب محسوس کرتا ہوں کہ شاید یہ وزارت قبول کرنے کے بعد خدمت کا زیادہ موقع ملتا!

ص ۱۶۳

دستور ساز اسمبلی کی صدارت سے انکار

(کانگرس کی پیمان شکنی کے باعث مسلم لیگ عارضی حکومت میں شریک ہونے کے باوجود دستور ساز اسمبلی میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کر چکی ہے کانگرس اپنی عہد شکنی پر قائم رہتے ہوئے دستور اسمبلی کی کارروائی لیگ کے بغیر جاری رکھنے کا فیصلہ کر چکی ہے)

۱۱ دسمبر ۱۹۴۶ء کو دستور ساز اسمبلی کا پہلا جلسہ منعقد ہوا۔ اب سوال پیدا ہوا کہ صدر کسے منتخب کیا جائے؟ جواہر لال اور سردار پٹیل کی رائے تھی، کوئی ایسا شخص صدر بنایا جائے جو وزیر نہ ہو، دونوں نے مجھے یہ عہدہ قبول کرنے پر مجبور کیا، لیکن میں رضامند نہ ہوا، پھر کئی اور نام زیر بحث آئے لیکن کسی نام پر اتفاق نہ ہو سکا، آخر کار ڈاکٹر راجندر پرشاد چن لیے گئے۔ اگرچہ وہ وزیر حکومت تھے۔ یہ انتخاب بہت خوش آئند ثابت ہوا کیونکہ صدارت کے فرائض انھوں نے نہایت امتیاز کے ساتھ ادا کیے بہت سے نازک مسائل پر انھوں نے قیمتی مشورے دیئے۔

ص ۱۶۴

انگریز کی خوبی کا اعتراف

(لارڈ ویول وائسرائے ہند اور مسٹر اٹیلی وزیر اعظم برطانیہ کے درمیان اختلاف رائے پیدا ہوتا ہے، مسٹر اٹیلی ہندو

مسلم تصفیہ کے بغیر انتقال اختیارات کی تاریخ مقرر کرنا چاہتے ہیں۔ لارڈ ویول کہتے ہیں کہ اس خلفشار کی حالت میں اگر اختیارات منتقل کر دیئے گئے تو خون ریزی اور بدامنی کی ساری ذمہ داری برطانیہ پر عائد ہوگی جسے تاریخ کبھی معاف نہ کرے گی۔ مسٹر اٹیلی جب لارڈ ویول کی بات نہیں مانتے تو وہ استعفا دے دیتے ہیں)

"دس سال گذر جانے کے بعد اب جو واقعات پر نظر کرتا ہوں تو حیران ہوتا ہوں کہ لارڈ ویول اور مسٹر اٹیلی میں کس کی رائے درست تھی؟ حالات اتنے پیچیدہ تھے کہ کوئی واضح فیصلہ کرنا آج بھی آسان نہیں۔ مسٹر اٹیلی کا فیصلہ ان کے اس عزم کا آئینہ دار تھا کہ ہندوستان کو آزاد ہونا چاہیئے۔ جس شخص میں ذرا بھی شہنشاہیت پسندانہ رجحان ہوتا وہ ہندوستان کی کمزوری سے ضرور فائدہ اُٹھاتا۔ انگریز اگر چاہتے تو ہندوستانی اختلافات کی آڑ لے کر مزید کچھ عرصہ تک حکومت کر سکتے تھے۔ ہمیں یہ فراموش نہ کرنا چاہیئے کہ فرانسیسیوں نے دس سال تک ہند چینی میں اپنی حکومت قائم رکھی، حالانکہ فرانس برطانیہ کے مقابلہ میں کہیں کمزور تھا۔ لیکن انگریزوں نے ہندوستان کی کمزوری کی آڑ لے کر فائدہ نہیں اُٹھایا۔ تاریخ انہیں عزت کے ساتھ یاد رکھیگی اور ہم بھی بغیر کسی ذہنی تحفظ کے اس کا اعتراف کرتے ہیں۔

صفحات ۱۲۸

تقسیم ہند کی تجویز "۱۴ جون ۱۹۴۷ء کو آل انڈیا کانگرس کمیٹی کا جلسہ ہوا۔ آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے بہت سے جلسوں میں شریک ہو چکا ہوں، لیکن اس عجیب جلسے میں کاش میں شریک نہ ہوا ہوتا۔ کانگرس جس نے ہمیشہ ہندوستان کی آزادی اور وحدت کے لیے لڑائی جاری رکھی تھی، آج تقسیم ہند کے ریزولیوشن پر غور کر رہی تھی۔ پنڈت گوبند بلبھ پنتھ نے ریزولیوشن پیش کیا، پھر سردار پٹیل اور جواہرلال بولے، بعد میں گاندھی جی نے لب کشائی کی۔

سب سے بڑا المیہ کانگرس کی طرف سے لتنے ذلیل طریقے پر ہتھیار ڈال دینے کا منظر برداشت کر لینا میرے بس سے باہر تھا، اپنی تقریر میں میں نے صاف طور پر کہا کہ جس فیصلے پر ورکنگ کمیٹی پہنچی ہے، وہ نہایت افسوسناک حالات کا نتیجہ ہے۔ تقسیم ہندوستان کے لیے سب سے بڑا المیہ ہے اور اس کی تائید میں زیادہ سے زیادہ جو کچھ کہا جا سکتا ہے، یہ ہے کہ ہم نے اپنے مقدور بھر تقسیم سے بچنے کی کوشش کی، لیکن ناکام رہے۔ بہر حال ہمیں نہ بھولنا چاہیئے کہ قوم ایک ہے اس کی تہذیبی زندگی ایک ہے اور ایک رہے گی، سیاسی طور پر ہم ناکام ہوئے اور اسی لیے تقسیم ملک پر مجبور ہو گئے۔ ہمیں اپنی شکست تسلیم کر لینی چاہیئے، لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ عہد بھی کر لینا چاہیئے کہ ہماری تہذیب تقسیم نہیں ہوئی۔ اگر ہم پانی کو ایک چھڑی سے بلائیں تو بظاہر ایسا معلوم ہو گا کہ پانی تقسیم ہو گیا، لیکن وہ تقسیم نہیں ہوتا، چھڑی جیسے ہی ہٹائی جائے گی، تقسیم کے اثرات فوراً زائل ہو جائیں گے۔

سردار پٹیل بگڑ بیٹھے۔ سردار پٹیل کو میری تقریر پسند نہ آئی، ان کی ساری تقریر میری تقریر کا جواب تھی۔ انہوں نے کہا، تقسیم ملک کا ریزولیوشن جبر یا کمزوری کا نتیجہ نہیں، بلکہ ہندوستان کے موجودہ حالات کا بہترین حل یہی ہے۔

کانگرسی کارناموں کی نفی کانگرسیوں کے ہاتھوں پہلے دن کے مباحثے کے بعد ورکنگ کمیٹی کے ریزولیوشن کے خلاف آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے ممبروں میں بڑا جوش پایا جاتا تھا، نہ پنڈت پنتھ کی دل موہ لینے والی تقریر کام آئی، نہ سردار پٹیل کا زور بیان لوگوں کو ریزولیوشن منظور کرنے پر راضی کر سکا، اور یہ لوگ کامیاب ہوتے بھی کس طرح جبکہ ان کا تازہ کلام یوم آغاز سے آج تک کے کانگرسی کارناموں کی نفی کر رہا تھا۔ لہٰذا اب گاندھی جی کے لیے ضروری ہوا کہ وہ مباحثہ میں مداخلت کریں، انہوں نے کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ممبروں

سے اپیل کی وہ ورکنگ کمیٹی کی تجویز منظور کرلیں، انہوں نے کہا "حالات ایسے پیدا کر دیئے گئے ہیں کہ تقسیم کے سوا دوسرا چارہ نہیں۔ سیاسی حقیقت پسندی کا مطالبہ یہ ہے کہ ماؤنٹ بیٹن پلان منظور کرلیا جائے۔ (۱)

گاندھی جی کی اپیل بھی زیادہ کامیاب نہ ہوئی!

ریزولیوشن جب رائے شماری کے لیے پیش ہوا تو انتیس ۲۹ ووٹ حمایت میں اور پندرہ مخالفت میں آئے، گویا گاندھی جی تک کی اپیل کانگرس کے زیادہ ممبروں کو تقسیم ملک کی تجویز منظور کرنے پر آمادہ نہ کرسکی۔ (۲)

کانگرسی لیڈر مسلمانوں سے انتقام لینے کے درپے تھے!

بلاشبہ ریزولیوشن منظور ہوگیا، لیکن لوگوں کے دماغ کا کیا عالم تھا؟ ہر دل تقسیم کے خیال سے بوجھل ہو رہا تھا۔ شاید ہی کوئی ایسا آدمی ہوگا جس نے ذہنی تحفظ کے بغیر یہ تجویز منظور کی ہو، انتہا یہ ہے کہ جن لوگوں نے تقسیم کو قبول کرلیا تھا، خود ان کے جذبات بھی اس کے خلاف تھے۔ یہ بہت ناروا بات تھی، لیکن سب سے زیادہ بدترین چیز وہ فرقہ وارانہ پروپیگنڈا تھا جو جڑ پکڑتا جا رہا تھا۔ متعدد حلقوں میں علانیہ کہا جا رہا تھا کہ پاکستان کے ہندوؤں کو خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہندوستان میں ۴۵ ملین مسلمان موجود ہیں۔ اگر پاکستان میں ہندوؤں پر خدا نخواستہ بھی ظلم ہوا تو اس کے نتائج ہندوستان کے مسلمانوں کو بھگتنے پڑیں گے۔ (۳)

ہندوؤں کا بدلہ مسلمانانِ ہند سے لیا جائے گا!

آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے جلسہ میں سندھ کے ممبروں نے بڑے زور کے ساتھ تقسیم کے ریزولیوشن کی مخالفت کی، ان لوگوں کو ہر طریقے سے مطمئن کرنے کی کوشش کی گئی، اگرچہ پبلک پلیٹ فارم پر نہیں، لیکن نجی گفتگو میں انھیں یقین دلایا گیا کہ اگر پاکستان میں، انھیں کوئی بھی تکلیف پہنچی تو ہندوستان ہندوستانی

مسلمانوں سے اس کا بدلہ ضرور لے گا! (۴)

وحشت اور درندگی سے بھرپور تخیل

ان باتوں کا حال جب مجھے معلوم ہوا تو میں دم بخود رہ گیا۔ میں نے محسوس کیا کہ یہ خطرناک مذہب ہے، اس کے اثرات و نتائج بڑے دور رس اور تکلیف دہ ہوں گے، اس کا مطلب تو یہ ہوگا کہ تقسیم ہند کی تجویز ہندوستان اور پاکستان نے اس بنیاد پر منظور کی ہے کہ ایک ملک کی اقلیت دوسرے ملک کی اقلیت کے لیے یرغمال کی حیثیت رکھے گی، یہ تخیل وحشت اور درندگی کا مظہر تھا، بعد کے واقعات نے میرے اس اندیشہ کو صحیح ثابت کیا خون کی ندیاں تقسیم ہند کے فوراً بعد دونوں ملکوں کی نئی سرحدوں پر بہنے لگیں جو اسی مذہب مقام و یرغمال کا نتیجہ تھیں (۵)

ص ۱۹۶-۱۹۷-۱۹۸

مولانا آزاد کی خود نوشت سے اس باب میں، میں نے جو واقعات جمع کئے ہیں، ان سے مولانا آزاد کی شخصیت، کردار اور انداز و اطوار کا ایک دل آویز نقشہ نظر کے سامنے آجاتا ہے۔ مولانا آزاد کے راستہ کو غلط اور ان کے سیاسی افکار و عقائد سے سخت ترین اختلاف رکھنے کے باوجود جو ان میں آن تھی، شان تھی، وضع تھی، رکھ رکھاؤ تھا، سجاؤ تھا، بانکپن تھا، تمکنت تھی، وقار تھا، اس کا اعتراف میں بخل سے کام لینا کم از کم میرے لیے تو ممکن نہیں۔

ہر خطیب اور انشاء پرداز، مدبر اور سیاست داں، "انا" کے مرض میں گرفتار ہوتا ہے، لیکن مولانا کی انانیت سب سے مختلف تھی، دوسروں کا "انا" زیادہ تر رکیک اور مبتذل ہوتا ہے خواہ وہ چھوٹا ہی کیوں نہ ہو، لیکن مولانا کے "انا" میں ہمالہ کی رفعت تھی، اتنا موٹا اور چوڑا چکلا "انا" صرف مولانا کا حصہ تھا۔

غالب کے سوا اس باب میں ان کا کوئی حریف نہیں ۔ اور غالب بھی اس لیے پیچھے رہ جاتے ہیں کہ ان کی زندگی کا حلقہ محدود تھا ، اسی حلقہ میں وہ اپنے "انا" کا ڈنکا بجاتے رہے ۔ لیکن مولانا ، ادیب بھی تھے ، انشاپرداز بھی تھے ، صحافی بھی تھے ، خطیب بھی تھے ، عالم دین بھی تھے ، سیاست دان بھی تھے ، نیشنلزم کے حلقہ میں بھی موجود تھے جہاں ایک سے ایک گھاگھ موجود تھا ، لیکن وہ ادیبوں کی محفل ہو یا انشاپردازوں کا مجمع ، صحافیوں کا جمگھٹ ہو یا خطیبوں کی مجلس ، سیاست کا پلیٹ فارم ہو یا نیشنلزم کا اسٹیج ، علمائے کرام کی جمعیت ہو یا صوفیائے عظام کا زاویہ ، ــــــ اس شخص کا "انا" کہیں بھی امام الہند ، رئیس التحریر ، اور رب الارباب سے کم پر قناعت نہیں کرتا ۔

جس طرح عشق چھپائے نہیں چھپتا ، اور خود اسی بے اختیاطی میں معاملہ "پا بدستے دگرے ، دست بدستے دگرے" تک آجاتا ہے ، اسی طرح "انا" نے بھی نہ جانے کتنے یگانہ روزگار لوگوں کے بیڑے ڈبو دیے جن کی قابلیت ، ذہانت ، فراست ، علم و فضل ، ہر چیز شک و شبہ سے بالاتر تھی ، لیکن "انا" کے کثرت استعمال نے انہیں کہیں کا نہ رکھا ۔ یا نقل محفل بنا دیا ۔ ورنہ پھر سامان تفریح ۔

لیکن مولانا کے "انا" کا یہ وصف تھا کہ استعارہ اور کنایہ سے بے پروا ، وہ مجسم "انا" بن گئے تھے ، لیکن ان کے اس "انا" میں وہ دل کشی ، وہ جاذبیت ، وہ سحر ہے کہ طبیعت سیر نہیں ہوتی ۔ محسن الملک ہوں یا وقار الملک ، حالی ہوں یا شبلی ، موتی لال نہرو ہوں یا گاندھی جی ، محمد علی ہوں یا شوکت علی ، عمر میں سب سے چھوٹے لیکن "انا" کے پیمانے سے ناپیے تو ــــ طلوع صبح محشر چاک ہے میرے گریباں کا !

کانگریس جیسے ادارہ میں جہاں گاندھی جی کی پوجا ہوتی تھی ، جہاں موتی لال ، جواہر لال ، اور سردار پٹیل کا طوطی بولتا تھا ، جہاں نیشنلزم کے دعوے کے باوجود مکمل

طور پر کمیونلزم کی کار فرمائی تھی، جہاں محمد علی کا چراغ نہ جل سکا، جس نے گاندھی کو گاندھی بنایا تھا، جہاں شوکت علی کا بھرم قائم نہ رہ سکا، جس کی قوتِ عمل و فعلی نے کانگرس کو صحیح معنی میں، ہندو مسلم اتحاد کا نشان (SYMBOL) بنا دیا تھا، جہاں سے اجمل خاں جیسے مرد حکیم و حلیم کو دل برداشتہ ہو کر نکلنا پڑا تھا وہاں ابوالکلام نامی ایک شخص کا اپنے قد آور اور بلند و بالا "انا" سمیت زندگی کی آخری سانس تک موجود رہنا، کانگرس کا نہیں ابوالکلام کا کمال تھا۔ اپنے اس کمال پر مولانا کو حق ہے کہ وہ ہر شخص سے کہیں،

کہ کس نمی طلبد زتو صلۂ دگرے۔ مگر آفریں

پورے انشراحِ قلب کے ساتھ، مولانا کے اس کارنامے پر آفریں کے پھول نچھاور کرنے، اور تحسین کے ڈونگرے برسانے پر مجبور ہے۔

یوں تو مولانا کی یہ ساری کتاب مولانا کے "انا" کی منہ بولتی تصویر ہے، لیکن اس باب سے جو واقعات میں نے مختلف ابواب میں چھانٹ کر جمع کئے ہیں، انہیں پیش نظر رکھ کر مولانا کے انا کا ایک دل آویز مرقع نظر کے سامنے آجاتا ہے۔

ذرا غور تو کیجئے، ایک نہایت نازک زمانہ میں جب انگریز زندگی اور موت کی کشمکش میں گرفتار ہیں، بغاوت کے الزام میں۔ بمبئی کا ڈپٹی کمشنر وارنٹ گرفتاری لیے ہوئے دہلیز پر کھڑا ہے اور اذنِ باریابی طلب کرتا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں:۔

اس سے کہہ دو، مجھے تیار ہونے میں ذرا دیر لگے گی!!"

پھر نہایت اطمینان سے چائے پیتے ہیں، بعض خطوط مکمل کرتے ہیں" غسل کرتے ہیں، کپڑے بدلتے ہیں" اور پھر با ہزاراں جاہ و تمکین برآمد ہوتے ہیں

—— اس تکلف سے گویا بتکدہ کا در کھلا۔ اور ڈپٹی کمشنر سے جواب تک کھڑا ہوا تھا اور مولانا کے میزبان سے وقت گذاری کے لیے باتیں کر رہا تھا، فرماتے ہیں:

"میں تیار ہوں"[۱]

ایک نامعلوم منزل کی سمت یہ نو گرفتار لے جائے جا رہے ہیں۔ اسٹیشن پر چائے کا سوال کیا جاتا ہے، مولانا بے تکلف آرڈر دے دیتے ہیں، انگریز سپرنٹنڈنٹ قیدیوں کا شمار کر رہا ہے، مولانا اسے چھیڑ کر حواس باختہ کر دیتے ہیں، وہ پھر گننے لگتا ہے، زنداں خانۂ قلعہ احمد نگر میں اسیران بلا محبوس ہیں، لوہے کے برتنوں میں قیدیوں کو کھانا ملتا ہے۔ مزاج شاہی رکھنے والا قیدی کہتا ہے:

"یہ کیا ——؟ ہم تو چینی کے برتنوں میں کھانے کے عادی ہیں" جیلر معذرت کرتا ہے، اور انداز خسروانہ رکھنے والا زندانی اس معذرت کو قبول کر لیتا ہے۔ جیل کا سپرنٹنڈنٹ ایک انگریز فوجی ہے، مولانا اس کا نام پڑھنے کی زحمت نہیں اٹھاتے، ان کا بے خشن حافظہ ان کے سامنے چاند بی بی کی تصویر پیش کر دیتا ہے۔ وہ بھی اسی قلعہ میں قید تھی، اس کا داروغہ زنداں ایک حبشی تھا جس کا نام چیتا خاں تھا۔ مولانا اس انگریز کا نام چیتا خاں رکھ دیتے ہیں۔ اور یہ نام قبول عام اور خلعت دوام حاصل کر لیتا ہے

دیکھیو تو دل فریبیٔ انداز نقش پا
موج خرام یار بھی کیا گل کتر گئی

مولانا کی اس جھلک میں، کچھ دوسرے لوگ یعنی مولانا کے رفقاء کار بھی ایسے ہیں جن کی جھلکیاں نظر آ رہی ہیں۔ ایک نظر ان پر بھی ڈالتے چلیے،

(۱)

ماؤنٹ بیٹن پلان، یعنی تقسیم ہند کا اصول گاندھی جی نے، پٹیل نے، نہرو نے

منظور کر لیا، لیکن کابینہ اسکیم منظور نہ کر سکے، یہ کیسے محب وطن تھے، جنھوں نے اپنی مسند پر ملک کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا گوارا کر لیا، لیکن آپس میں میل ملاپ قائم رکھ کر ملک کی وحدت قائم نہ رکھ سکے، ـــــ اگر مولانا کا لب و لہجہ ان ساتھیوں اور رفیقوں کا ذکر کرتے ہوئے تلخ ہو جاتا ہے۔ تو یہ عین مقتضائے فطرت ہے۔

(۲) اہنسا، عدم تشدد اور انسانیت کے علمبرداروں کے منہ سے مولانا نے جب یہ سنا ہوگا کہ ہم ہندوؤں کا بدلہ مسلمانوں سے لیں گے تو ان کے حساس قلب پر کیا کچھ نہ گزر گئی ہوگی؟ ـــــ اور پھر یہ لوگ، کوئی غیر نہیں، اپنے تھے۔ کانگرس کے ورکنگ کمیٹی کا ممبر، مولانا کے کہن سال رفیق طریق، پھر وہ اگر ہم مسلم لیگیوں اور پاکستانیوں کے الفاظ مستعار لے کر یہ فرماتے ہیں کہ کانگرس نے ذہنی تحفظ کے ساتھ تقسیم ہند قبول کی تھی، تو کیا غلط کہتے ہیں؟

(۳)

یہ مولانا کہہ رہے ہیں کہ کہیں اور نہیں آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے جلسہ میں پاکستان کے پابہ رکاب ہندو رہنماؤں کو یقین دلایا جا رہا ہے کہ ہم تمہارا بدلہ ہندوستان کے لمبگوں مسلمانوں سے لیں گے ـــــ ورکنگ کمیٹی کا سینئر ممبر، کانگرس کا سابق صدر یہ سرگوشیاں سن رہا ہے، مگر کچھ نہیں کر سکتا۔ اس کے ساتھی اور رفیق اتنا بھی نہیں کر سکتے کہ یہی سوچ کر لب و لہجہ نرم کر لیں کہ یہ سابق صدر کانگرس، یہ ہر حالت میں کانگرس کا ساتھ دینے والا، یہ اپنی ملت سے کٹ کر، ہماری ہر مصیبت اور دکھ میں حصہ لینے والا مسلمان ہے۔

(۴)

یہ عمال و انتقام کے جب فلسفہ پر مولانا کے رفقاء غور کر رہے تھے، انھوں نے اس پر عمل بھی کیا ـــــ، اور بدقسمتی کی بات یہ ہے کہ اس کابینہ، وزارت کے ایک ممبر

خود مولانا بھی تھے ـــــ قاتل اگر رقیب ہے تو تم گواہ ہو!"

اس سے بڑھ کر غم انگیز واقعہ اور کیا ہوسکتا تھا۔ مولانا مسلمان تھے، اور کانگرس کے لیے اپنا سب کچھ، حتیٰ کہ اپنا وجود تک کھو چکے تھے۔ پھر بھی ان کے رفقار کار کی عالی ظرفی کا یہ عالم تھا کہ ان کی موجودگی میں، ان کی قوم کے بے گناہ افراد کے لیے انتقام دیر غال کی اسکیم تیار ہو رہی تھی۔ یہ ستم تو ابراہیم گاردی کے ساتھ مرہٹوں نے بھی نہیں کیا تھا جو کھلم کھلا ہندو مسلم جنگ لڑ رہے تھے!

---

(۲)

سر اسٹیفرڈ کرپس

والیان ریاست سے کرپس کی غداری "والیان ریاست کے نمائندوں سے گفت گو کرتے وقت سر اسٹیفرڈ کرپس کا رویہ واضح اور بے باکانہ تھا۔ انہوں نے مہاراجہ کشمیر سے کہا کہ ریاستوں کا مستقبل ہندوستان کے دامن سے وابستہ ہے کسی والیٔ ریاست کو ایک لمحہ کے لئے بھی یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ اگر اس نے انڈین یونین سے باہر رہنے کا فیصلہ کیا تو تاج برطانیہ اس کی مدد کرے گا۔ لہٰذا والیانِ ریاست کو اپنے مستقبل کے لئے ہندوستان کی طرف دیکھنا چاہیئے نہ کہ برطانیہ کی طرف' مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ریاستوں کے بہت سے نمائندے یہ سن کر ہکا بکا رہ گئے اور انھوں نے سر جھکا لیا۔ (۱)

(صـ۵۹)

کرپس سے راز و نیاز "اگست ۱۹۴۵ء، برطانیہ کے نئے انتخابات میں مسٹر چرچل کی قدامت پسند پارٹی کو شکست فاش سے دوچار ہونا پڑا، اور مسٹر ایٹلی کی لیبر پارٹی نے غیر معمولی کامیابی حاصل کی اور اس طرح برطانیہ کی عنان (حکومت) اس کے ہاتھ میں آگئی، سر اسٹیفرڈ کرپس

مسٹر اٹیلی کے دست راست اور لیبر پارٹی کے روح رواں بنے ہوتے ہیں۔

برطانیہ کے عام انتخابات میں لیبر پارٹی کی فتح مندی کا حال جیسے ہی مجھے معلوم ہوا میں نے سر اسٹیفرڈ کو مبارک باد کا ایک پیغام بھیجا۔

کرپس نے میرے تار کا جواب بحری تار سے دیا اور یقین دلایا، کہ ہندوستان کو مایوسی سے دوچار نہیں ہونا پڑے گا۔ (۲)

(صہ ۱۱۸)

کرپس ہمارے پرانے دوست ہیں

(برطانوی حکومت کی طرف سے کابینہ وفد کی آمد کا اعلان ہوا ہے۔ ۱۷ر فروری ۱۹۴۶ء، الیوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے گفت گو)

میں نے نمائندہ سے کہا کہ لیبر گورنمنٹ نے بڑا مناسب قدم اٹھایا ہے مجھے اس بات کی خاص طور پر خوشی ہے کہ وفد میں سر اسٹیفرڈ کرپس بھی شامل ہیں جو ہمارے پرانے دوست ہیں۔ (۳)

(صہ ۱۳۸)

کرپس کے نام نجی خط

مسٹر جے سی گپتا بنگال کے ایک سربرآوردہ کانگریسی رہنما ہیں، پہلی دفعہ جب سر اسٹیفرڈ کرپس آئے تھے تو یہ ان کے میزبان تھے مسٹر گپتا نے مجھ سے کہا کہ وہ کرپس سے ملنے دہلی جا رہے ہیں میں نے سر اسٹیفرڈ کے نام ایک خط دیا۔ جس میں ان کی دوبارہ آمد پر خیر سگالی اور خیر مقدم کے جذبات میں نے اس میں ظاہر کئے تھے۔

(صہ ۱۳۹)

کرپس نے عارضی حکومت بنوادی

(نئے صدر کانگریس کی حیثیت سے جواہر لال نے صوبوں کی گروپ بندی

کے خلاف بیان دے کر عملاً کابینہ پلان کو مسترد کر دیا ہے۔ مسلم لیگ نے بھی جواہر لال کے اس بیان، وائسرائے کے سکوت اور مسٹر ایٹلی کی خاموشی کے پیش نظر کابینہ پلان مسترد کر کے یوم راست اقدام منانے کا فیصلہ کیا ہے اور عارضی حکومت میں شرکت سے انکار کر کے صورتِ حال پر از سرِ نو غور کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اس ساری مدت میں سر اسٹیفرڈ کرپس مجھ سے برابر خط و کتابت کرتے رہے ہیں تے انہیں لکھا کہ لیگ اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہے۔ اس کی ذمہ داری لیگ ہی پر ہے۔ اس وجہ سے طے شدہ سوال کو از سرِ نو زیرِ بحث نہیں لانا چاہیئے اگر ایسا ہوا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ برطانوی حکومت سے سمجھوتہ اور معاہدہ کبھی بھی قطعی اور آخری صورت اختیار نہیں کر سکے گا رائے عامہ پر اس کا بہت بُرا اثر پڑیگا، اور نئے مسائل پیدا ہو جائیں گے۔

سر اسٹیفرڈ کرپس نے جواب دیا کہ وہ پورے طور پر مجھ سے متفق ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ حکومت بھی یہی رویہ اختیار کرے گی۔ بالآخر حالات نے وہی صورت اختیار کی جس کی مجھے امید تھی۔ ۱۲ اگست ۱۹۴۶ء کو وائسرائے نے ایک کمیونکے شائع کر کے عارضی حکومت کی تشکیل کا کام جواہر لال کو سونپ دیا۔ (۴)

(صہ ۱۶۴)

کانگرس کی منطق یہ تھی کہ جو برطانوی حکومت مسلم لیگ کے مطالبات کو مبنی بر حق و صداقت سمجھے، وہ حق ناشناس، شہنشاہیت پرست، مردود اور معتوب۔ اور جو برطانوی حکومت کانگرس کے سامنے گھٹنے ٹیک دے۔ اور اس کی اقلیت کش پالیسی پر مہر تصدیق ثبت کر دے۔ وہ انسانیت دوست، جمہوریت نواز اور حق پرست)

مسٹر اٹیلی کے دست راست اور لیبر پارٹی کے روح رواں بنے ہوئے ہیں۔

برطانیہ کے عام انتخابات میں لیبر پارٹی کی فتح مندی کا حال جیسے ہی مجھے معلوم ہوا میں نے سر اسٹیفرڈ کو مبارک باد کا ایک پیغام بھیجا۔

کرپس نے میرے تار کا جواب بحری تار سے دیا اور یقین دلایا، کہ ہندوستان کو مایوسی سے دوچار نہیں ہونا پڑے گا۔ (۲)

(صفحہ ۱۱۸)

کرپس ہمارے پرانے دوست ہیں

(برطانوی حکومت کی طرف سے کابینہ وفد کی آمد کا اعلان ہوا ہے۔ ۱۷ ؍ فروری ۱۹۴۶ء، ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ سے گفت گو)

میں نے نمائندہ سے کہا کہ لیبر گورنمنٹ نے بڑا مناسب قدم اٹھایا ہے مجھے اس بات کی خاص طور پر خوشی ہے کہ وفد میں سر اسٹیفرڈ کرپس بھی شامل ہیں جو ہمارے پرانے دوست ہیں۔ (۳)

(صفحہ ۱۳۸)

کرپس کے نام نجی خط

مسٹر جے سی گپتا بنگال کے ایک سربرآوردہ کانگریسی رہنما ہیں پہلی دفعہ جب سر اسٹیفرڈ کرپس آئے تھے تو یہ ان کے میزبان تھے مسٹر گپتا نے مجھ سے کہا کہ وہ کرپس سے ملنے دہلی جا رہے ہیں میں نے سر اسٹیفرڈ کے نام ایک خط دیا۔ جس میں ان کی دوبارہ آمد پر خیر سگالی اور خیر مقدم کے جذبات میں نے اس میں ظاہر کئے تھے۔

(صفحہ ۱۳۹)

کرپس نے عارضی حکومت بنوادی

(میں نے صدر کانگریس کی حیثیت سے جواہر لال نے صوبوں کی گروپ بندی

کے خلاف بیان دے کر عملاً کابینہ پلان کو مسترد کر دیا ہے۔ مسلم لیگ نے بھی جواہر لال کے اس بیان، وائسرائے کے سکوت اور مسٹر ایٹلی کی خاموشی کے پیش نظر کابینہ پلان مسترد کر کے یوم راست اقدام منانے کا فیصلہ کیا ہے اور عارضی حکومت میں شرکت سے انکار کر کے صورتِ حال پر از سرِ نو غور کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اس ساری مدت میں سر اسٹیفرڈ کرپس مجھ سے برابر خط و کتابت کرتے رہے ہیں تے انہیں لکھا کہ لیگ اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہے۔ اس کی ذمہ داری لیگ ہی پر ہے۔ اس وجہ سے طے شدہ سوال کو از سرِ نو زیر بحث نہیں لانا چاہیئے اگر ایسا ہوا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ برطانوی حکومت سے سمجھوتہ اور معاہدہ کبھی بھی قطعی اور آخری صورت اختیار نہیں کر سکے گا۔ رائے عامہ پر اس کا بہت برا اثر پڑیگا، اور نئے مسائل پیدا ہو جائیں گے۔

سر اسٹیفرڈ کرپس نے جواب دیا کہ وہ پورے طور پر مجھ سے متفق ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ حکومت بھی یہی رویہ اختیار کرے گی۔ بالآخر حالات نے وہی صورت اختیار کی جس کی مجھے امید تھی۔ ۱۲ اگست ۱۹۴۶ء کو وائسرائے نے ایک کمیونکے شائع کر کے عارضی حکومت کی تشکیل کا کام جواہر لال کو سونپ دیا۔ (۴۴)

(ص ۱۶۳)

کانگرس کی منطق یہ تھی کہ جو برطانوی حکومت مسلم لیگ کے مطالبات کو مبنی بر حق و صداقت سمجھے، وہ حق ناشناس، شہنشاہیت پرست، مردود اور معتوب۔ اور جو برطانوی حکومت کانگرس کے سامنے گھٹنے ٹیک دے۔ اور اس کی اقلیت کش پالیسی پر مہر تصدیق ثبت کر دے۔ وہ انسانیت دوست، جمہوریت نواز اور حق پرست،

صوبوں کے گورنر جب تک، اختیارات خصوصی سے کام لے کر اقلیتوں کی حفاظت کرتے رہے۔ وہ سامراج کے نمائندے تھے۔ جب انڈیا ایکٹ کے نفاذ کے بعد، انہوں نے کانگرس کی اقلیت کُش پالیسی میں اس سے تعاون کیا تو وہ "جنٹلمین" بن گئے ——— جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے۔

(ا)

کانگریس اور مسلم لیگ کے نقطۂ نظر سے ہٹ کر، ذرا انسانیت، اور اصول کی کسوٹی پر، کرپس کے اس بیان کو لیجئے۔

والیان ریاست برطانیہ کے "فرزند ارجمند" اور "یار وفادار" تھے، انگریزوں نے جو چاہا وہ انہوں نے کیا۔ ہندوستان کے عوام اور لیڈر، انگریزوں سے لڑ سکتے تھے، مگر والیان ریاست اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ حکومت نے ہر موقع پر انہیں استعمال کیا۔ اور انہوں نے گو اپنے ملک کے ساتھ غداری کی لیکن ان کے ساتھ حق وفا ادا کر دیا۔

۱۸۵۷ء کے غدر میں جن چند والیان ریاست نے انگریزوں کے خلاف ہتھیار اٹھائے تھے وہ کچل دیئے گئے۔ باقی ماندہ والیان ریاست نے صدق دل سے، ان آقایان سفید فام کے پسینہ پر اپنا خون بہا دیا۔ نظام نے اگر غدر میں انگریزوں کا ساتھ نہ دیا ہوتا تو لبقول الفنسٹن، انگریز ختم ہو گئے ہوتے، گوالیار نے اگر انگریزوں کا ساتھ نہ دیا ہوتا تو بندیل کھنڈ اور وسطی ہند میں انگریز ہمیشہ ہمیشہ کے لئے فنا ہو گئے ہوتے، رامپور نے اگر انگریزوں کا ساتھ نہ دیا ہوتا، تو اودھ میں انگریزوں کا نشان نہ ملتا، کشمیر نے اگر انگریزوں سے وفاداری نہ برتی ہوتی تو پنجاب میں "یوسف بے کارواں" بن جاتے۔

اب ہندوستان کی آئینی تبدیلیوں کے وقت انسانیت اور شرافت کا تقاضا

یہ تھا کہ بجائے کان پکڑنے کے، انہیں عدم تشدد کی تلوار کے سامنے بٹھا دیتے کہ خود ان کے لئے کوئی اسکیم وضع کرنی چاہیئے تھی۔ یہ کیسی دورخی پالیسی تھی؛ ایک طرف حکومت برطانیہ یہ اعلان کر رہی تھی کہ والیانِ ریاست آزاد ہیں جو چاہیں کریں۔ دوسری طرف ان کا نمائندہ سر کرپس انہیں ڈانٹ رہا تھا، خبردار جو تم نے آزادی کا خیال بھی اپنے دل میں آنے دیا، یہ طرزِ عمل نہ سیاست کے مطابق تھا نہ تدبر کے!

(۲)

یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کانگریس باقاعدہ پس پردہ حکومت کے وزیروں سے در پردہ ساز باز کر رہی تھی۔ ورنہ اس طرح کا تار تو نظام یا گائیکواڑ بڑودہ نے بھی کبھی چرچل کو نہیں دیا تھا۔

(۳)

سر کرپس کے پرانے دوست ہونے میں کون شبہ کر سکتا تھا؟
لائے اس بت کو التجا کر کے
کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے،

(۴)

ان چند سطروں میں مولانا نے نہایت بلاغت کے ساتھ کانگریس کی پیمان شکنی، اور انگریزوں کی بدعہدی کا مرقع پیش کر دیا ہے۔

صورتِ حال یہ تھی کہ کابینہ وفد نے اپنے سفارشات پیش کئے، مسلم لیگ اور کانگرس دونوں نے بغیر کسی ترمیم و تغیر کے "مکمل" طور پر یہ منظور کر لیئے۔

پھر کانگریس نے "گروپ بندی" کے خلاف فیصلہ صادر کر دیا جو صریحی

پیمان شکنی تھی۔ جواب میں مسلم لیگ نے بھی سفارشات مسترد کر دیئے۔ کانگریس کی طرف سے مولانا نے کرپس سے فریاد کی، انہوں نے مسلم لیگ کے دلائل رد کر دیئے۔ اور کانگریس کی تحویل میں حکومت دے دی، !——
کیا اسی کا نام انصاف ہے، ؟ —— انگریزوں کو اسی انصاف پر ناز ہے، ؟ کانگریس کو اسی اصول پر فخر ہے ؟

---

(۳)

مسٹر اٹیلی

مبارک باد کا تار

(جون ۱۹۴۵ء شملہ کانفرنس کی ناکامی کے بعد۔)

جولائی اور اگست کا مہینہ میں نے گلمرگ (کشمیر) میں گذارا۔ ابھی میں وہیں تھا کہ معلوم ہوا برطانیہ کے عام انتخابات میں لیبر پارٹی نے بے نظیر کامیابی حاصل کی ہے۔ میں نے فوراً مبارک باد کا ایک تار مسٹر اٹیلی کو بھیجا۔ اور امید ظاہر کی، اب کہ لیبر پارٹی کے ہاتھ میں عنان اقتدار آگئی ہے، وہ ضرور اپنے وہ عہد پورے کرے گی جو حزب مخالف کی حیثیت سے سال ہا سال سے ہندوستان کے ساتھ کرتی آئی ہے۔ (۱)

اٹیلی کی یقین دہانی

مسٹر اٹیلی نے کہا کہ لیبر پارٹی ہندوستان کی سیاسی گتھی سلجھانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرے گی۔ (۲)

مجھے یقین تھا کہ لیبر پارٹی ایک نئے زاویہ سے ہندوستان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرے گی۔ میں نتائج کے بارے میں بہت پر امید تھا۔ (۳)

(صفحہ ۱۱۸)

لیبر پارٹی سے امیدیں

(ستمبر ۱۹۴۵ء، کانگرس کمیٹی کا جلسہ)

میں نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا۔ لیبر پارٹی

کی حکومت بن جانے سے برطانیہ کے طرز روش میں عظیم تبدیلی ہوئی ہے، ہندوستان کے ساتھ لیبر پارٹی کا رویہ ہمیشہ دوستانہ رہا ہے، ہمیں اسے موقع دینا چاہیے کہ وہ اپنا اخلاص ثابت کرے۔

میں نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا کہ شملہ کانفرنس (برطانیہ کی طرف سے) ہندوستانی مسائل کے تصفیہ کی نہایت سنجیدہ کوشش تھی، اور اب کہ لیبر پارٹی برسر اقتدار ہے ہمیں مزید ترقی پسندانہ اقدامات کا برطانیہ کی طرف سے انتظار کرنا چاہیے۔ (۴)

(ضمن ۱۲۰)

مسٹر اٹیلی کا شاندار بیان

(وزیر اعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی ۱۹ فروری ۱۹۴۶ء کو ہندوستان میں کابینہ وفد بھیجنے کا اعلان کر چکے ہیں۔)

۱۵ مارچ ۱۹۴۶ء کو ہندوستان کی صورت حالات پر دارالعوام میں مسٹر اٹیلی نے ایک بیان دیا، یہ اتنا شاندار بیان تھا، کہ ہندوستان اور برطانیہ کے تعلقات کی تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی انہوں نے بغیر کسی ایچ پیچ کے تسلیم کر لیا تھا کہ حالات اب بالکل بدل چکے ہیں، انہیں نئے انداز سے سلجھانے کی ضرورت ہے انہوں نے یہ بھی کہا، پرانے طریقوں پر پھر عمل پیرا ہونا تصفیہ کے بجائے تعطل کا موجب ہوگا۔ اس بات نے ہندوستان پر نہایت خوشگوار اثر ڈالا۔ (۵)

مسٹر اٹیلی کے بیان کے اہم نکات

مسٹر اٹیلی نے اپنے بیان میں جن نکات پر زور دیا تھا، ان میں سے چند خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

مسٹر اٹیلی نے تسلیم کیا تھا کہ غلطیاں دونوں طرف سے ہوئیں لیکن اب ضرورت

آگے دیکھنے کی ہے، پیچھے مڑ کر دیکھنے کی نہیں، انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ اب موجودہ حالات میں ۳۲ء، ۴۲ء، بلکہ ۴۶ء تک کے فارمولوں کو آزمانے کی ضرورت نہیں ہے، موصوف نے یہ بھی فرمایا کہ وہ ہندوستانیوں کے باہمی اختلافات کو کوئی خاص اہمیت نہیں دیتے، کیونکہ ہر طرح کے اختلافات و افتراق کے باوجود تمام ہندوستانی آزادی کے معاملہ میں متحد ہیں، آزادی کا مطالبہ ہر ہندوستانی کا ہے خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان، سکھ ہو یا مرہٹہ سیاست دان ہو یا سرکاری ملازم۔ مسٹر اٹیلی نے بالفاظ واضح اس کا اعتراف بھی کیا کہ اب ہندوستان میں قومیت کا تصور غیر معمولی طور پر نشوونما پاچکا ہے، حتیٰ کہ فوجی سپاہیوں تک کے دل میں گھر کر چکا ہے، جنہوں نے جنگ کے زمانے میں شاندار خدمات انجام دیئے تھے انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ اگر ہندوستان میں سماجی اور اقتصادی اختلافات موجود ہیں تو یہ خود ہندوستانیوں ہی کو حل کرنا ہوں گے۔ انہوں نے فرمایا کہ کابینہ وفد ایک مثبت رجحان کے ساتھ جا رہا ہے، اس نے طے کر لیا ہے کہ وہ کامیاب ہو کر آئے گا۔ (۶)

(ص ۱۳۹)

لیبر پارٹی نے ہندوستان کو آزادی دیکر انتقام لیا

(۳ جون ۱۹۴۷ء مسٹر اٹیلی نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی پیش کردہ تقسیم ہند کی تجویز منظور کر لی۔)

لیبر گورنمنٹ نے اپنا رویہ کیوں تبدیل کیا؟ میں اس تکلیف دہ نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس کا یہ اقدام ہندوستانی کی بجائے برطانوی مفاد پر مبنی تھا۔ لیبر پارٹی ہمیشہ کانگرس کی ہمدرد رہی تھی، اس کے رہنما اٹلی نے متعدد مواقع پر علانیہ مسلم لیگ کو رجعت پسند جماعت قرار دیا تھا۔ اب مسلم لیگ کے مطالبہ کے

سامنے اس کا سر جھکا دینا میری رائے میں صرف برطانوی مفاد کے تحفظ کی خاطر تھا، لیبر پارٹی نے آزادیِ ہند کا وعدہ کیا تھا، لیکن وہ یہ نہیں فراموش کر سکی کہ سیاسی کشمکش کے زمانہ میں کانگرس ہمیشہ انگریزوں کے خلاف برسر کار رہی تھی" (۷)

(ص ۱۹۱ ۔ ۱۹۲)

مسٹر اٹیلی کے بارے میں مولانا آزاد نے جو تاثرات ظاہر فرمائے ہیں، اور لیبر پارٹی کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے، وہ اضطراب خیال کی بہترین مثال ہے، وہ ان دونوں سے امیدیں بھی باندھتے ہیں، ان کے اقدام وعمل کی تعریف بھی کرتے ہیں، ان کے خلوص اور حسن نیت کے گن بھی گاتے ہیں اور پھر آخر میں یہ بھی فرما دیتے ہیں کہ لیبر پارٹی نے ہندوستان سے غداری کی، اٹیلی نے ہندوستان کو آزادی دے کر اس سے انتقام لیا، ———

کیا بات ہے تیری گفتگو کی، !

ضروری ہے کہ مولانا کے خیالات کا ذرا وضاحت کے ساتھ تجزیہ کیا جائے ۔

(۱)

سوال یہ ہے کہ حکمران قوم کے برسر اقتدار افراد کو ان کی کامیابی پر مبارکباد دینا، اور ان سے کھلے اور واضح الفاظ میں نظر التفات کی دریوزہ گری کرنا کس اصول کے مطابق تھا ؟

کانگرس کے رہنماؤں کا قائد اعظم پر سب سے بڑا اعتراض یہ تھا، کہ وہ انگریزوں کے دوست اور نیاز مند ہیں، وہ ہندوستان کی آزادی نہیں چاہتے وہ ملک دشمن عناصر سے ساز باز کرتے ہیں، سوال یہ ہے کہ کیا کبھی قائد اعظم

نے مسٹر چرچل کو، مسٹر بالڈون کو، مسٹر لائڈ جارج کو، مسٹر چیمبرلین کو، ان کے وزیر اعظم بننے پر تار بھیجا، اور صدا لگائی کہ ———— نگاہ لطف کے امیدوار ہم بھی ہیں؟ یہ کیسی ستم ظریفی ہے پھر بھی کانگریس انگریز دشمن، اور قائد اعظم انگریز نواز، !

(۲)

مسٹر اٹیلی دوسرے بہت سے انگریزوں اور یورپینوں کی طرح، اس کے قائل تھے کہ اکثریت کو بالادستی حاصل ہونی چاہیے۔ اقلیت کو اکثریت کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا چاہیے۔ یہی جمہوریت ہے، اور ان کے ملک میں یہی ہوتا رہتا تھا، آج ایک پارٹی برسر اقتدار ہے کل دوسری آج ایک جماعت اکثریت میں ہے، کل کوئی اور، سیاسی جماعتیں حالات کے لحاظ سے ہر دل عزیزی حاصل کرتی اور کھوتی رہتی ہیں، اور اسی بنیاد پر وہ اکثریت اور اقلیت میں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔

لیکن ہندوستان کی اقلیت اور اکثریت سیاسی نہیں مذہبی تھی، لہٰذا مستقل، !

جو جماعتیں سیاسی بنیاد پر قائم ہوتی ہیں، ان کی کثرت و قلت میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے، کبھی کنزرویٹو، کبھی لیبر، کبھی لبرل کے ہاتھ میں اقتدار آتا رہتا ہے، لیکن اگر جماعتوں کی بنیاد قوم اور مذہب ہو، تو خود یورپ میں بھی وہی حالات پیدا ہو جائیں جو ہندوستان میں تھے، کیا انگلستان میں، فرانس میں، جرمنی میں، اسپین میں، امریکہ میں، یہ ممکن ہے کہ عیسائی اکثریت پر یہودی اقلیت غالب آجائے؟ یہ اقلیت و اکثریت مستقل ہے، اکثریت ہمیشہ اکثریت رہے گی، اور اقلیت ہمیشہ اقلیت، ان ممالک نے، دین اور سیاست

کی الگ الگ حد بندی کر رکھی ہے، لہٰذا عیسائی یہودی نصاریٰ ہیں کوئی تصادم نہیں ہوتا، انگلستان میں یہودی وزیراعظم ہو سکتا ہے، یہودی کی حیثیت سے نہیں انگریز کی حیثیت سے، لیکن ہندوستان میں ایک مسلمان کبھی بھی وزیراعظم نہیں ہو سکتا، مولانا ابوالکلام آزاد اپنے تمام خدمات، اور قربانیوں کے باوجود نہ ہو سکے تو اور کون ہو سکے گا؟

لیکن مسٹر ایٹلی نے یہ نکتہ نہیں سمجھا، نہ سمجھنے کی کوشش کی، وہ اقلیت کو، کوئی اہمیت نہیں دیتے تھے، اکثریت کی عظمت کے معترف تھے، وہ وزیراعظم ہوئے تو صدر کانگریس نے انہیں مبارکباد کا تار بھیجا، اور جواب میں انہوں نے شکریہ ادا کرنے کے بعد اپنے خدمات پیش کر دیئے۔

(۳)

اور یقیناً لیبر پارٹی اور ایٹلی سے جو امیدیں مولانا اور ان کے رفقاء نے قائم کی تھیں، وہ پوری ہوئیں، لیبر پارٹی نے حق اور انصاف سے تجاوز کر کے کانگریس کو وہ سب کچھ دیدیا جس کی وہ مستحق نہیں تھی، اور اقلیتوں سے وہ سب کچھ چھین لیا، جو بلا شرکت غیرے ان کا تھا،

(۴)

مسٹر ایٹلی کی طرف سے جو ترقی پسندانہ رویہ مولانا اور ان کے رفقاء کے حسب توقع ظاہر ہوا، اس کا سب سے اہم ثبوت یہ ہے کہ عنان وزارت عظمیٰ ہاتھ میں لیتے ہی ایٹلی نے فرما دیا،

"اقلیت کو، اکثریت کے راستہ میں حائل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔۔۔!"

(۵)

اور ہندوستانی مسائل کو سلجھانے کا وہ نیا انداز کیا تھا جو مسٹر اٹیلی نے اختیار کیا؟ یہ کہ

بخالِ ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را، !

(۶)

ہندوستان کے فرقہ وارانہ اختلافات کو صرف "سماجی اور اقتصادی اختلاف،، قرار دینا، مسٹر اٹیلی کی ذہانت اور خبثِ نفس دونوں کا کمال ہے،'! یہ بیان دیکر مسٹر اٹیلی نے مسلمانوں اور ہندوستانی اقلیتوں کی جائز شکایات کی بالکل نفی کر دی،

سوزِ جگر سے ہونٹ پہ چھالہ افترا!
شورِ فغاں سے جنبشِ دیوار و در غلط!

(۷)

مولانا اپنے اس عقیدہ پر آخر وقت تک، بلکہ ہندوستان کی آزادی کے بارہ سال بعد تک، یعنی اس کتاب کے لکھتے وقت تک قائم رہے کہ:۔ ہندوستانی مسائل کا بہترین حل کابینہ وفد کا فیصلہ ہے، لیکن کسی طرح بھی اپنے ہم نفسوں سے یہ بات وہ نہ منوا سکے، انہیں منقسم ہندوستان میں وہی لذت ملتی تھی، جو ہندوستان میں مولانا کو مل سکتی تھی،

مولانا کو اس پر ناز تھا کہ کابینہ وفد کی اسکیم درحقیقت ان کے ذہن رسا کی پیداوار تھی، انہیں اس پر فخر تھا کہ گاندھی جی اور جواہر لال ان کے ہمنوا تھے لیکن بعد میں گاندھی جی اور جواہر لال نے یہ اسکیم مسترد کر کے وہ فخر مولانا سے چھین لیا،

حکومت ہند کے محکمہ والیان ریاست کے سکریٹری مسٹر وی پی مینن نے کا ایک بیان، پرتاپ دہلی کی کسی اشاعت میں (اوائل جون ۱۹۵۹ء) شائع ہوا ہے، جو درحقیقت مولانا کی اس کتاب پر تبصرہ ہے، مسٹر مینن نے صاف الفاظ میں مولانا پر الزام لگایا ہے کہ وہ

(۱) فرقہ پرست تھے۔

(۲) مسلم لیگ کو خوش رکھنا چاہتے تھے،

(۳) کابینہ وفد کی اسکیم اگر بروئے کار آجاتی، تو ہندوستان کا ہر صوبہ پاکستان بن جاتا،

یہ راز اب بارہ سال کے بعد مسٹر مینن نے منکشف کیا ہے کہ کابینہ وفد کی اسکیم، صوبوں کی عارضی مگر جبری گروپ بندی کی وجہ سے عرق مے ناب نہیں ہوئی، بلکہ گاندھی جی، جواہر لال، پٹیل کے دماغ میں یہ اندیشہ گھوم رہا تھا کہ اس طرح ہندوستان کا ہر صوبہ "پاکستان" بن جاتا،

کاش مسٹر مینن کے اس بیان کو مولانا پڑھ سکتے، پھر یقیناً بے ساختہ ان کے منہ سے نکل جاتا،

لوہ بھی کہتے ہیں یہ بے ننگ و نام ہے
یہ جانتا اگر تو لٹاتا نہ گھر کو میں

آصف علی

قیدیوں کی تبدیلی

(زندان خانہ قلعہ احمد نگر)

سنہ ۴۴ء کے وسط میں گورنمنٹ آف انڈیا اس نتیجہ پر پہنچی کہ اب ہمیں احمد نگر میں نظر بند رکھنا ضروری نہیں ہے۔

(ص ۹۶)

آصف علی کا تبادلہ

سردار پٹیل اور شنکر راؤ دیو پونا جیل بھیج دئے گئے، جواہر لال نینی جیل پھر وہاں سے المورڑا بھیج دئے گئے۔ آصف علی بٹالہ جیل میں بھیج دے گئے۔ یہاں دہلی کے سیاسی قیدی نظر بند تھے۔ میں انکو پہنچا دیا گیا۔

ص ۹۷-۹۸

آصف علی کی علالت

اپریل سنہ ۴۵ء کے آخر میں اخبارات سے مجھے معلوم ہوا کہ بٹالہ جیل میں آصف علی بیمار ہیں، حالت نازک ہے۔ بڑی دیر تک ان پر بے ہوشی کا دورہ طاری رہا۔ جس سے ان کی زندگی خطرے میں پڑ گئی تھی۔ حکومت نے انہیں رہا کرنے کا فیصلہ کیا اور دہلی بھیج دیا۔

(ص ۹۹)

بیوی سے محبت (ارونا آصف علی کی متشددانہ سرگرمیوں کی خبر قلعہ احمد نگر کے جیل میں پہنچ گئی)

جب ہمیں یہ حالات معلوم ہوئے تو میں نے دیکھا کہ آصف علی کو اپنی اسیری کی تو کوئی پرواہ نہیں ہے۔ لیکن جس خطرہ میں ان کی بیگم کود پڑی تھیں اس نے انہیں سخت پریشان کر دیا تھا، میں نے ان سے کہا۔

"تمہیں پریشان نہ ہونا چاہیئے بلکہ اس پر نازاں ہونا چاہیئے کہ ایک بلند مقصد کے لئے وہ بے نظیر ہمت اور حوصلہ کے ساتھ مصروف عمل ہیں۔

(۲)

(ص ۱۱۷)

آصف علی کابینۂ وزارت میں (اگست ۴۶ء عارضی حکومت میں مولانا آزاد کو وزارت پیش کی جاتی ہے لیکن بوجوہ وہ قبول نہیں کرتے)

"میں نے مشورہ دیا کہ آصف علی کابینہ میں لے لئے جائیں، آصف علی کو جب یہ خبر معلوم ہوئی انہوں نے بہت زور دیا کہ میں شریک وزارت ہو جاؤں لیکن میں نے ان کی رائے سے اتفاق نہیں کیا۔ (۱۲۱)

(ص ۱۶۳)

---

(۱) آصف علی دلی کے رہنے والے تھے۔ اور دلی کی تہذیب و شرافت کا مرقع، اردو مادری زبان تھی۔ انگریزی میں اردو سے زیادہ دسترس حاصل تھی۔ آدمی ذہین تھے، بیرسٹری شروع کی اور بہت جلد صف اول

کے وکلا میں شامل ہو گئے۔

قومی سیاسیات سے تحریک خلافت کے زمانہ میں دلچسپی ہوئی بڑی سی داڑھی رکھ لی، کھدر پہننے لگے، پریکٹس ترک کر دی جیل چلے گئے جیل میں کئی اچھی نظمیں لکھیں جو بابائے اردو نے اپنے رسالہ اردو (اورنگ آباد دکن) میں (۱۹۲۲ء) شائع کیں اور ادبی حلقوں میں پسندیدگی کی نظر سے دیکھی گئیں، واقعہ یہ ہے کہ وہ بڑا ستھرا ادبی ذوق رکھتے تھے، میں نے انگریزی میں تو ان کی کوئی تقریر نہیں سنی۔ لیکن اردو کے ایک ڈبیٹ میں (جامعہ ملیہ اسلامیہ ۱۹۳۲ء) حصہ لیتے دیکھا تھا، انداز خطیبانہ، اور اسلوب دلچسپ تھا۔

آصف علی کی جیل سے رہائی، تقریباً اس طرح ہوئی جس طرح ڈاکٹر محمود کی، قلعہ احمد نگر کی جیل سے عمل میں آئی تھی۔ مولانا محمد علی مغفور ایک شعلہ خو تھے وہ بھلا اس کمزوری کو کس طرح برداشت کر سکتے تھے۔ خفا ہو گئے۔ اس زمانہ میں وہ شخص پبلک پلیٹ فارم پر ایک لمحہ کے لئے بھی نہیں ٹک سکتا تھا جس سے علی برادران یا ان میں سے کوئی ایک خفا ہو۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آصف علی جیل سے رہائی کے بعد عملی طور پر سیاست سے الگ ہو گئے اور بیرسٹری میں (تارک تعاون) ہونے کے باوجود منہمک ہو کر خوب روپیہ کمانے لگے۔

۱۹۲۷ء میں ریاست اندور میں ہولناک ہندو مسلم فساد ہوا مسلمان بے طرح مارے اور لوٹے گئے۔ حدود ریاست کے اندر باہر کے مسلمانوں کا داخلہ ممنوع قرار دیا گیا۔ اور اندرون ریاست میں مسلمانوں کی پکڑ دھکڑ گرفتاری اور سزایابی کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو گیا۔

مولانا محمد علی کے برادر نسبتی، اور ماموں زاد بھائی مسٹر معظم علی اندور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس تھے۔ ریاست کے خلاف مولانا کے اقدام وعمل کا اثر معظم صاحب پر پڑ سکتا تھا، لیکن انہوں نے پروانہ کی اور والی اندور کی مسلم آزاری کے خلاف "ہمدرد" میں مقالات کا سلسلہ شروع کر دیا۔

مولانا محمد علی کی تجویز یہ تھی کہ مسلمانان اندور کے لئے کچھ اور نہیں کیا جا سکتا تو کم از کم قانونی امداد تو انہیں پہنچانی چاہیئے۔ مولانا کی اپیل پر سب سے پہلے ڈاکٹر سیف الدین کچلو نے (جو تقسیم ہند کے بعد ہندوستان ہی میں رہ گئے، اور اب بھی وہیں ہیں) لبیک کا نعرہ بلند کیا، اور رضاکارانہ طور پر اپنے خدمات پیش کر دئے۔ مولانا اور ڈاکٹر کچلو کے درمیان خاصے گہرے سیاسی اختلافات تھے۔ جنہوں نے ذاتی رنجش کی صورت اختیار کر لی تھی۔ لیکن کچلو کے اس جذبہ سے مولانا بہت متاثر ہوئے اور ہمدرد میں ان کی تعریف کی، حکومت اندور نے جیسے ہی ڈاکٹر کچلو اندور پہونچے انہیں حدود ریاست سے نکل جانے کا حکم دے دیا، وہ دلی آئے اور مولانا محمد علی سے حالات بیان کئے اب مولانا نے چاہا کہ آصف علی چلے جائیں، آصف علی نے ایک ہزار روزانہ محنتانہ کا مطالبہ کیا، نیز اپنا اور اپنے منشی اور ملازم کا سفر خرچ اور معاوضہ مستزاد۔ مولانا نے جس طرح کچلو کے جذبہ لی کو ہمدرد میں خراج تحسین پیش کیا تھا، اس طرح آصف علی کے جذبہ طلب زر کی خوب خبر لی۔

۱۹۳۲ء میں ارونا آصف علی کی وجہ سے، آصف علی کو ابھرنے کا موقعہ پھر ملا۔

ارونا بڑی پُرجوش اور نتائج سے بے پرواہ ہو کر خطرات کی آگ میں کود پڑنے والی خاتون تھیں، مولانا ابوالکلام نے اپنی اس خود نوشت میں کہیں لکھا ہے کہ لیڈی ماونٹ بیٹن سے جواہر لال کافی متاثر تھے۔ اسی طرح ارونا آصف علی کے جوش اور جذبۂ ایثار اور ولولہ قربانی سے خود مولانا آزاد اور ڈاکٹر انصاری بہت متاثر تھے، ۱۹۳۲ء میں ڈاکٹر انصاری اور مولانا آزاد نے داخلۂ کونسل کا پروگرام کانگرس کے سامنے رکھا۔ جسے تھوڑے حیص بیص کے بعد اس نے منظور کر لیا۔ اس موقع پر مولانا نے آصف علی کو بھی ساتھ ساتھ رکھا مولانا کے تعلقات آصف علی سے پہلے بھی کافی تھے۔ کچھ ہم وطنی کی نسبت، کچھ ہم ذوقی اور ہم مشربی، اب ارونا کے باعث ان تعلقات میں اتنا استحکام پیدا ہوا کہ مولانا اپنی طبیعت اور عادات کے خلاف، جب دہلی آتے تو زیادہ تر آصف علی کے ہاں ٹھہرتے، یہاں پورے خلوص سے ان کی پیشوائی کی جاتی

آصف علی کی زندگی کا یہ دور کانگرس اور مولانا سے تعلقات کے باعث کچھ ایسا مستحکم ثابت ہوا کہ پھر زندگی بھر وہ اسی راہ پر گامزن رہے، ۱۹۴۵ء میں جب جواہر لال قانون شکنی کرتے ہوئے، کشمیر میں خاردار تار پھلانگ کر داخل ہوئے، اور گرفتار ہوئے تو ان کے ساتھ پھلانگ لینے والے اور گرفتار ہونے والے آصف علی بھی تھے۔

(۴)

ارونا سے آصف علی کی شادی محبت کا نتیجہ تھی۔ ——

عشق ازیں بسیار کردست و کند
سبحہ را زنار کردست و کند

اور آصف علی نے اس محبت کو، ایک سچے محبت کرنے والے اور شریف شخص کی طرح، بعد کی تلخیوں اور بدمزگیوں کے باوجود، زندگی کی آخری سانس تک نباہا۔

نہ ستم کا کبھی شکوہ نہ کرم کی خواہش
دیکھ تو ہم بھی ہیں کیا صبر و قناعت والے

آصف علی کی زندگی کا یہ پہلو نہایت شاندار ہے،

(۳)

پھر کچھ عرصہ میں جب مولانا کابینہ میں شریک ہو گئے تو آصف علی امریکہ میں ہندوستان کے سفیر بنا کر بھیج دئے گئے، وہاں سے آئے تو اڑیسہ کی گورنری پر مامور ہوئے۔ وہاں سے فارغ ہوئے تو سوئٹزرلینڈ میں سفیر ہند کی حیثیت سے پہنچے۔ وہیں مرض قلب میں وفات پائی،

سیاسی اختلاف نے ارونا آصف علی، اور آصف علی کی راہیں جدا کر دی تھیں، وہ کانگرسی تھے، یہ سوشلسٹ تھیں، وہ کانگرس کے وزیر و سفیر، یہ کانگرس کی مخالف اور دشمن، وہ راج بھون میں، جاہ و جلال کے ساتھ رہ رہے تھے۔ یہ شہرہ دیارہ کی گلیوں اور کوچوں میں اپنے انقلابی خیالات کا پرچار کر رہی تھیں، یہ امن و قانون کے محافظ، یہ قانون شکن اور امن سوز،

لیکن سوئٹزرلینڈ میں جب دل کا مہلک حملہ آصف علی پر

ہُوا تو اردو نا سر بالیں موجود تھیں۔

دیکھا وقت نزع رخ ے دل آرام کو
عید ہو گئی ذوق ے شام کو،

لاش دلی لائی گئی، مولانا آزاد نے نماز جنازہ پڑھائی۔ اور وہ جسم سپردِ خاک کر دیا گیا۔ جس نے ایک عرصہ تک شعر و ادب، آئین و قانون اور سیاست و حکومت کے ایوان میں لگما گہمی بپا کر رکھی تھی، !ـــــ ہمیشہ رہے نام اللہ کا، !

---

(۵)

ارونا آصف علی

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا جلسہ

۱۵ اگست ۱۹۴۲ء کو ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ بمبئی میں منعقد ہوا۔

میں نے افتتاحیہ تقریر میں کہا۔ جاپان کا حملہ قریب تر ہوتا جا رہا ہے، تو ہم وہ قوت حاصل کرنا چاہتی تھی کہ حملہ آور کا مقابلہ کر سکے، انگریز اگر چاہیں تو سنگاپور، ملایا اور برما کی طرح ہندوستان سے بھی فرار ہو سکتے ہیں لیکن ہندوستانی کہیں نہیں جا سکتے، یہ ان کا وطن ہے

آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے ورکنگ کمیٹی کی تجویز منظور کر لی۔

ص ۸۲-۸۳

نو گرفتاروں کا قافلہ

صبح صبح بمبئی کے ڈپٹی کمشنر نے مجھے گرفتار کیا، ہماری کار وکٹوریہ ٹرمنیس کی طرف جا رہی تھی، سارا اسٹیشن خالی پڑا تھا۔ جیسے ہی میں کار سے اتری میری نظر اشو کا مہتہ پر پڑی۔ پلیٹ فارم پر ایک ٹرین ہمارا انتظار کر رہی تھی۔ یہ ایک کاری ڈوڈ ٹرین تھی جو عموماً بمبئی سے پونا لائن پر چلتی تھی۔ میں ایک کمپارٹمنٹ میں پہنچایا گیا اور کھڑکی سے لگ کر بیٹھ گیا۔

جواہرلال، آصف علی، سید محمود فوراً ہی بعد جواہرلال آصف علی اور ڈاکٹر سید محمود نمودار ہوئے۔ جواہرلال نے مجھ سے کہا۔ گاندھی جی بھی لائے گئے ہیں۔ اور ایک دوسرے کمپارٹمنٹ میں ہیں۔

بہادر عورت ذرا دیر بعد گارڈ نے سیٹی دی اور ٹرین نے جنبش کی میں نے دیکھا بیگم آصف علی پلیٹ فارم پر کھڑی ہیں وہ اپنے شوہر کو الوداع کہنے آئی تھیں۔ جیسے ٹرین چلی انہوں نے مجھ پر ایک نگاہ ڈالی اور کہا۔

"میرے بارے میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں میں ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی نہیں رہوں گی۔ کچھ نہ کچھ ضرور کر کے دکھاؤں گی۔"

بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا کہ جو کچھ انہوں نے کہا تھا، وہ واقعی کر دکھایا۔ (۱)

صفحہ ۸۴-۸۵

بیگم آصف علی کا کردار "ہندوستان خالی کر دو" کی تحریک نے کئی نمایاں شخصیتوں کو ابھرنے میں مدد دی، ان میں بیگم آصف علی کا نام خاص طور پر قابل ذکر ہے۔

ہماری گرفتاری کے بعد انہوں نے سارے ملک کا دورہ کیا، اور برطانیہ کے مساعیٔ جنگ کی مخالفت اور مزاحمت کے سلسلہ میں غیر معمولی تنظیمی صلاحیت کا ثبوت دیا۔ ان کی سرگرمیاں تشدد اور عدم تشدد کی حد بندیوں سے آزاد تھیں۔ انہوں نے جو مناسب سمجھا کر گزریں۔

صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

کچھ عرصہ کے بعد حکومت ہند ان کی سرگرمیوں سے چوکنا ہوئی اور انہیں گرفتار کرنے کی کوشش کی، وہ روپوش ہوگئیں اور گرفتار نہ ہوسکیں۔ اس نازک موقع پہ بہت سے ہندوستانیوں نے ان کی بیش بہا امداد کی، ان مدد کرنے والوں میں بڑے بڑے سرکاری ملازمین اور بڑے بڑے صنعتکار بھی تھے جو عام طور پر حکومت برطانیہ کے بارہ فادار سمجھے جاتے تھے۔ بمبئی اور کلکتہ کے کئی سربرآوردہ تجارت پیشہ اصحاب نے ان کی بیش از بیش مدد کی، حد یہ ہے کہ وہ انڈین سول سروس کے اعلیٰ حکام اور انڈین آرمی کے افسران بالا کے گھروں میں اطمینان اور عافیت کے ساتھ روپوشی کی زندگی بسر کرتی رہیں۔ انہوں نے حسب دل خواہ فنڈ جمع کیا اور ہماری نظر بندی کے دوران میں برابر سرگرم عمل رہیں۔

لارڈ ویول سے رہائی کی سفارش

۴۵ء میں میں جب رہا ہوا تو وہ چھپتی چھپاتی مجھ سے ملنے کے لئے کلکتہ آئیں۔

میں نے لارڈ ویول سے ارونا آصف علی کے بارے میں گفتگو کی انہوں نے کہا ان کی گذشتہ سرگرمیوں کی بنا پر تو وہ انہیں گرفتار نہ کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔ لیکن ان کی آئندہ سرگرمیاں کیا ہوں گی یہ بھی تو معلوم ہونا چاہیئے، میں نے لارڈ ویول سے کہا، اب سیاسی صورت حال تبدیل ہوچکی ہے۔ اور بظاہر اس کا کوئی امکان نہیں ہے کہ وہ تخریبی سرگرمیاں جاری رکھیں۔

جب میں مطمئن ہو گیا کہ اب ان کی گرفتاری کا کوئی خطرہ نہیں ہے تو میں نے کہا کہ اب وہ نمودار ہو جائیں اور انہوں نے ایسا ہی کیا۔

ارونا آصف علی پر وائسرائے کا طنز ارونا آصف علی نے اپنی سرگرمیوں کی بنا پر وہ مقام حاصل کر لیا کہ وائسرائے نے اپنی ایک تقریر میں ان کا ذکر کرتے ہوئے کانگریس کے عقیدہ عدم تشدد پر چوٹ کی۔ انہوں نے کہا، جبکہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ایک ممبر کی بیوی متشددانہ سرگرمیوں میں مصروف ہے تو حکومت کے لئے یہ بہت دشوار ہے کہ عدم تشدد سے متعلق کانگریس کے اعلانات پر یقین کرے۔ (۲)

صـ ۱۱۶-۱۱۷

بحریہ کی بغاوت میں ارونا کا دور (بحریہ کے فوجی افسروں کی شورش! اہالیان بمبئی کی ان سے ہمدردی)

بیگم آصف علی نے بحریہ کے افسروں کا معاملہ اپنے ہاتھ میں لے لیا اور وہ ان کی پر زور پشت پناہ بن گئیں۔ میری تائید حاصل کرنے کے لئے وہ دہلی آئیں۔

میں نے ان سے کہا کہ بحریہ کے افسروں کا طرز عمل عقلمندی سے دور ہے۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ بلا کسی شرط کے وہ اپنے کام پر واپس جائیں، سردار ولبھ بھائی پٹیل بمبئی میں تھے۔ انہوں نے بھی مجھ سے مشورہ کیا۔ میں نے ان سے کہا۔ بحریہ کے افسروں نے جو قدم اٹھایا ہے وہ غلط ہے۔

(صـ ۱۳۱)

شادی سے پہلے یہ مس گنگولی کے نام سے مشہور تھیں، کوہ منصوری پر ان کی اور آصف علی کی نگاہیں ملیں، اور ایک دوسرے کی راز دان بن گئیں۔ آصف علی کی والدہ پرانے خیالات کی خاتون تھیں انہیں آرزو تھی کہ اپنے اکلوتے بیٹے کے لئے کوئی چاند سی بہو کسی برابر کے خاندان سے بیاہ کر لائیں گی۔ چاند سی بہو تو آگئی۔ لیکن نہ وہ اپنے خاندان کی تھی نہ اپنی قوم کی نہ اپنے مذہب کی۔ سول میرج نے، دونوں کو ایک نہ ٹوٹنے والے رشتہ میں منسلک کر دیا تھا۔

آصف علی کے گھر میں داخل ہونے کے بعد ارونا نے ایک مشرقی بہو کی طرح ساس کی خدمت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ لیکن وہ پردہ کی بیوی نہ تھیں، تعلیم سے بہرہ ور اونچی سوسائیٹیوں کی ممبر، سیاست سے ذوق، ملکی خدمت کے جذبہ سے مخمور، بہت جلد گھر کی چار دیواری سے نکلیں اور سارے ملک کی اہم شخصیت بن گئیں۔ مولانا آزاد اور ڈاکٹر انصاری کی سرپرستی نے انہیں بہت جلد کانگرس کی صف اول میں پہنچا دیا۔

۱۹۳۶ء کا واقعہ ہے۔ میں جامعہ ملیہ دہلی میں تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ معلوم ہوا کہ مولانا آزاد آج کل دہلی میں ہیں، اور دریا گنج میں ایک کوٹھی کرایہ پر لے لی ہے وہیں مقیم ہیں۔ اور ترجمان القرآن کی تسوید و تحریر میں مصروف ہیں، میں نے اور میرے ایک عزیز دوست عبدالسلام قدوائی (ندوی) نے پروگرام بنایا کہ مولانا سے ملنا چاہئے مولانا کی بارگاہ میں، جامعہ کے دو غیر معروف طالب علم، بغیر پہلے

سے وقت مقرر کئے، امنگ اور حوصلہ کے بل پر پہنچ گئے ۔

بڑی سی کوٹھی! مولانا اس کے تنہا مکین!

ایک ملازم بڑی دیر کے بعد نظر آیا، اس سے کہا مولانا سے ہم ملنے آئے ہیں۔ اس نے ایک مرتبہ ہم دونوں کے سراپا پر نظر ڈالی۔ اور خاموش ہوگیا، اتنے میں ایک کار کمپاؤنڈ میں داخل ہوئی ڈاکٹر انصاری اپنی مخصوص دل فریب مسکراہٹ کے ساتھ نمودار ہوئے۔ ان کے پیچھے ارونا آصف علی سفید ساڑھی میں ملبوس، چھوٹا سا قد، گندمی رنگ، بڑی بڑی آنکھیں، ہونٹوں پر ایک جاں نواز تبسم، ساری کا پلو سنبھالتی ہوئی اتریں اور ڈاکٹر صاحب کے ساتھ مولانا کی بارگاہ رفعت مآب میں پہنچ گئیں۔ اتنی دیر میں ملازم کو جواب سوجھ گیا، اس نے بڑی رکھائی سے کہا۔

"آپ کیسے جاؤ گے۔؟

ظاہر ہے یہ سوال لاجواب تھا۔ ہم چلے آئے۔

اس کے بعد، بیگم آصف علی کو متعدد جلسوں میں دیکھا۔ ان کی تقریریں سنیں، دل نے ہر مرتبہ اچھا ہی اثر قبول کیا، اور یہ اثر پذیری اس وقت اور بڑھ گئی، جب ہندوستان تقسیم ہوا، فوج اور پولیس کے تعاون سے ہندو اکثریت نے جب مسلمانان ہند میں شکست خوردگی کا احساس پیدا کر دیا، وہ ہمت ہار بیٹھے، اور چلتی ٹرینوں تک سے انہیں اٹھا اٹھا کر پھینکا جانے لگا، تو ان کے لئے یہ وسیع سرزمین تنگ ہوگئی اس زمانہ میں مسلمانوں کا حوصلہ بلند رکھنے، ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے، اور ان کا ہراس دور کرنے کے سلسلہ میں ارونا آصف علی نے جو بیش بہا خدمات انجام دئے، وہ کبھی فراموش نہیں کئے جاسکیں گے۔ انہوں نے

سارے ہندوستان کا دورہ کیا۔ اور مسلم محلوں میں گشت کر کے ولولہ آفریں تقریروں کا ایک سلسلہ شروع کر دیا۔ ان تقریروں کا بڑا اچھا اثر ہوا، اور کم از کم وقتی طور پر مسلمانوں کی دہشت میں، بڑی حد تک کمی ہو گئی۔

(۲)

بظاہر وائسرائے کا یہ اعتراض وزنی تھا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ "ہندوستان خالی کر دو" کی تحریک کے بعد، آصف علی اور ارونا آصف علی کے درمیان سیاسی اختلافات کی ایسی وسیع خلیج پیدا ہو گئی جس نے دونوں کی خاص طور پر آصف علی کی زندگی تلخ کر دی۔ آصف علی نے اپنے ساتھ انہیں امریکہ لے جانا چاہا۔ مگر وہ نہ گئیں۔ آصف علی نے اپنے ساتھ اڑیسہ کے راج بھون میں رکھنا چاہا، لیکن راج بھون میں قدم رکھنا وہ گوارا نہ کر سکیں، آصف علی نے چاہا وہ ان کے ساتھ سوئٹزرلینڈ چلیں مگر وہ نہ آئیں آصف علی مر گئے، تو ارونا کا دل پسیجا خوب روئیں، لیکن

اب وفا ہے نہ جفا، یار وفا باقی ہے
تھی جہاں شمع وہاں خاک ہے پروانہ کی

ارونا کا سیاسی مسلک اب بھی وہی ہے جو کانگریس کا نہیں ہے:

(۶)

خان بہادر اللہ بخش

سر اسٹیفرڈ کرپس سے ملاقات کے لئے

نیشنلسٹ مسلم کنونشن خان بہادر اللہ بخش سندھ کے حیثیت منسٹر بھی مدعو کئے گئے۔ خان بہادر اللہ بخش نے حال میں دلّی کی نیشنلسٹ مسلم کنونشن کی صدارت کے بعد نمایاں حیثیت حاصل کر لی تھی۔ میں نے کنونشن میں کوئی حصہ نہیں لیا تھا لیکن پس پردہ رہ کر اسے ضروری امداد دی تھی۔ یہ کانفرنس شاندار طور پر کامیاب ہوئی۔ اطراف و اکناف سے چودہ سو ڈیلی گیٹ شرکت کے لئے آئے یہ اجتماع اتنا اثر انگیز ثابت ہوا کہ برطانوی، اور اینگلو انڈین اخبارات جو نیشنلسٹ مسلمانوں کو حقیر ثابت کیا کرتے تھے اسے نظر انداز نہ کر سکے۔ انہیں اس اعتراف پر مجبور ہونا پڑا کہ یہ کانفرنس اس بات کا ثبوت ہے کہ نیشنلسٹ مسلمان نظر انداز نہیں کئے جا سکتے۔ (۱)

(صفحہ ۴۹)

توہین آمیز برتاؤ اللہ بخش وائسرائے کا دعوت نامہ پا کر دہلی آ گئے، اور سر اسٹیفرڈ کرپس سے انٹرویو کا انتظار کرنے لگے لیکن انٹرویو نہ آج ہوتا ہے نہ کل چونکہ یہ بڑی بے تکی بات تھی، میں نے کرپس سے اس مسئلہ پر گفتگو کی انہوں

نے جواب دیا وہ بہت جلد اللہ بخش سے ملیں گے لیکن اس وعدہ کے باوجود عملی طور پر انٹرویو کا تعین نہیں ہوا۔ اللہ بخش اس صورتِ حال سے بہت جز بز ہوئے اور مزید انتظار کرنے پر تیار نہ ہوئے۔ مجھے جب یہ خبر ملی تو میں نے سخت لب و لہجہ میں کریپس سے گفت گو کی اور کہا یہ صرف اللہ بخش کی توہین نہیں ہے بلکہ اس ٹھوس مسلم تنظیم کی بھی توہین ہے۔ جس کے وہ نمائندے ہیں۔ میری مداخلت کارگر ہوئی، دوسرے روز دونوں کی ملاقات ہوگئی۔ اس واقعہ سے میں بہت بد دل ہوا۔ کرپس کا یہ طرزِ عمل تدبّر سے خالی تھا۔ (۲)

(صـ ۵۴)

---

(۱)

خان بہادر اللہ بخش مرحوم" خان بہادر" ہونے کے باوجود کانگریس کے چہیتے تھے۔ سندھ چونکہ غیر معمولی مسلم اکثریت کا صوبہ تھا۔ اس لئے کانگریس کو اپنے مسلمان" کی ضرورت تھی۔ جو اس کے چشم ابرو پر رقص کر سکے، خان بہادر کو ایسی تنظیم درکار تھی، جو ہر حالت میں ان کی وزارتِ عظمیٰ قائم رکھنے میں مدد دے۔ سندھ میں غیر مسلم لیگی وزارت بننے کے معنی یہ تھے، کہ مسلم اکثریت کے صوبوں میں نہ مسلم لیگ مقبول ہے نہ تحریک پاکستان، اس لئے پنجاب میں "سر" خضر حیات خان اور سندھ میں "خان بہادر" اللہ بخش، کانگریس کے منظورِ نظر بن گئے۔

سندھ کے مسلم زعما میں چپقلش رہتی تھی۔ کانگریس متحد تھی۔ لہٰذا وہ اقلیت میں ہونے کے باوجود ایک ٹھوس طاقت بن گئی۔ اس نے خان بہادر کا ساتھ دیا اور وہ وزیرِ اعظم بن گئے۔

وزیراعظم بننے کے بعد وہ کانگریس کی نظر میں اور چڑھ گئے۔ کانگریس نے بصرف نہ کثیر، دہلی میں، سر کرپس کی آمد سے کچھ پہلے مسلم نیشنلسٹ کنونشن کا ڈھونگ رچایا، تاکہ انگریزوں کو یقین ہوجائے کہ مسلمانوں کی نمائندگی صرف مسلم لیگ نہیں کرتی نیشنلسٹ مسلمانوں کی جماعت بھی، کرتی ہے۔

لیکن اس کونشن کو رقم خطیر صرف کرنے اور پس پردہ رہ کر زیادہ مدد دینے کے باوجود مولانا زیادہ کامیاب نہ بنا سکے اور مسلمانوں کی رائے عامہ پر اس "شو" کا کوئی اثر پڑا، نہ حکومت مرعوب ہوئی۔ نہ انگریز حقائق سے چشم پوشی کر سکے۔

اس زمانہ میں خان بہادر صاحب دن دہاڑے اپنے وطن میں قتل کر دیئے گئے۔ مسٹر ایوب کھوڑو پر سازش قتل کا الزام لگایا گیا، وہ گرفتار کر لئے گئے، لیکن عدالت سے بری ہو گئے۔ قاتل کا آج تک سراغ نہ لگ سکا۔

الہی اللہ بخش کے بھائی مولا بخش کو، ڈاکٹر خان صاحب اور فیروز خان نون نے، ری پبلکن پارٹی کا رکن رکین بنا لیا۔ وزیر کی حیثیت سے انہوں نے جو شہرت حاصل کی وہ سب کے علم میں ہے۔ سر غلام حسین، ہدایت اللہ نے ایک مرتبہ انہیں سندھ کی مسلم لیگی کابینہ میں شریک کر لیا تھا، مگر قائداعظمؒ نے حکم دیا کہ یہ اقدام واپس لیا جائے لیکن قائداعظم کے انتقال کے بعد مرکزی ری پبلکن پارٹی نے انہیں وزیر بنا کر گذشتہ "غلطی" کی تلافی کر دی۔

(۲)

مولانا کی مداخلت سے رفع شر کیلئے سر کرپس نے، خان بہادر کو شرف

بازیابی تو عطا کر دیا، لیکن جس شخص کی پشت پر اپنی قوم کی رائے عامہ نہ ہو، وہ کیا کر سکتا ہے؟ خان بہادر سندھ کے وزیر اعلیٰ تھے۔ لیکن مسلمانانِ سندھ ان سے اور اُن کی سیاست سے بیزار تھے۔ مولانا کانگریس کے صدر تھے لیکن، اپنی قوم کی تائید سے محروم، دونوں کرپس سے تو ملے، لیکن خالی ہاتھ گئے تھے، خالی ہاتھ واپس آئے۔

---

(۷)

لارڈ اکینلک

بحریہ کے ہندوستانی افسروں کی شورش (یہ خبر سننے کے بعد اور حالات سے آشنا ہونے کے بعد)

میں نے کمانڈر انچیف سے فوری ملاقات کی درخواست کی۔ دوسرے روز دس بجے صبح پارلیمنٹ ہاؤس میں لارڈ اکینلک نے مجھ سے ملاقات کی، میں نے ان کے غور و فکر کے لیے دو نکات پیش کئے

(۱) کانگرس نے بحری افسروں کے طرزِ عمل کو پسند نہیں کیا اور انہیں مشورہ دیا ہے کہ بغیر کسی شرط کے اپنے کام پر واپس چلے جائیں، لیکن بہر حال یہ بات کانگرس کے لیے باعث تشویش ہوگی اگر انہیں ہدف انتقام بنایا جائے۔ اگر حکومت نے کوئی انتقامی کارروائی کی تو کانگرس اس معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے لیگی۔

(۲) نسلی امتیاز اور دوسری شکایات کی پوری پوری تحقیق کی جائے۔ اور ان کا تدارک کیا جائے۔

کمانڈر انچیف کا شریفانہ برتاؤ لارڈ اکینلک نے دوستانہ انداز میں مجھ سے گفتگو کی۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کا لب و لہجہ میری توقع سے زیادہ پر تپاک تھا، انہوں نے کہا کہ اگر بحریہ کے ہندوستانی حکام نے

بغیر کسی شرط کے ڈیوٹی پر جانا قبول کر لیا تو ہر گز انہیں ہدف انتقام نہیں بنایا جائیگا جہاں تک نسلی امتیاز کا تعلق ہے، ان کی پوری کوشش یہ ہوگی کہ یہ شکایت پورے طور پر رفع کر دی جائے۔

لارڈ اکینلک نے مجھے پورے طور پر مطمئن کر دیا، میں نے ایک بیان شائع کر کے بحریہ کے افسران سے اپیل کی کہ وہ اپنے کام پر واپس چلے جائیں۔ اور انہیں یقین دلایا کہ ان کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی نہیں کی جائے گی (۱)

صہ ۱۳۱

---

(۱)

لارڈ اکینلک، ہندوستان کے آخری کمانڈر انچیف تھے، جنگ کے زمانہ میں وہ العالمین کے محاذ پر اپنی سپاہ کے ساتھ موجود تھے۔ جب دفعتہً جنرل رومیل کی جرمن فوجوں نے اتحادیوں کے سارے استحکامات ختم کر دیئے، اور مصر براہ راست خطرہ میں آگیا، اس موقع پر اکینلک نے بڑی پامردی اور استقلال کا ثبوت دیا۔

تقسیم کے بعد لارڈ اکینلک نے تجویز پیش کی کہ کچھ عرصہ تک ہندوستان اور پاکستان کا فوجی نظام مشترک رہے، لیکن راجندر پرشاد وغیرہ نے یہ بات نہ مانی۔

پاکستان بننے کے بعد ایک، مرتبہ اکینلک پاکستان کسی تجارتی سرگرمی کے سلسلہ میں آئے، تو ہندوستان کے اخبارات نے تہلکہ مچا دیا کہ وہ ہندوستان کے خلاف پاکستان کے ساتھ سازشیں کر رہے ہیں!

(۸)

سر ایون جنکنس

(جون ۱۹۴۵ء، شملہ کانفرنس)

وائسریگل لاج کا منظر کانفرنس شروع ہونے سے پہلے، ہم وائسریگل لاج پہنچ گئے۔ لان پر وائسرائے ہمارے استقبال کے لیے کھڑے تھے، یہاں رسمی طور پر ہم سب کا تعارف کرایا گیا، میں بہت کم زور تھا، میرے لیے کھڑا ہونا مشکل ہو رہا تھا، میں نے وائسرائے کے پرائیویٹ سکریٹری سر ایوان جنکنس سے اپنی معذوری بیان کی، وہ مجھے ایک گوشہ میں لے گئے، یہاں میرے لیے ایک صوفہ رکھ دیا گیا، میں بیٹھ گیا۔

عربی داں لیڈی چند منٹ بعد سر ایوان جنکنس دوبارہ آئے، ان کے ساتھ ایک لیڈی بھی تھی۔ اس خاتون کا تعارف کرتے ہوئے انہوں نے مجھ سے کہا، یہ عربی زبان کی فاضل خاتون ہیں۔ شاید ان کا خیال تھا کہ چونکہ میں تنہا بیٹھا ہوں، لہٰذا کوئی رفیق تنہائی چاہیئے۔ اور ایک مستشرق سے بڑھ کر میرا رفیق اور مونس کون ہو سکتا تھا؟

لطیفہ میں نے عربی میں اس لیڈی سے گفتگو کرنے کی کوشش کی، لیکن محسوس کیا کہ اس بیچاری کی عربی "لا" (نہیں) اور "نعم" (ہاں) سے زیادہ وسیع نہیں۔ پھر میں نے اس سے انگریزی میں پوچھا، وائسرائے کے پرائیویٹ سکریٹری کس

بنیاد پر اس غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے کہ آپ روانی کے ساتھ عربی زبان میں گفتگو کر سکتی ہیں؟

لیڈی نے جواب دیا کہ چند ماہ تک وہ بغداد میں رہ چکی ہے اور گذشتہ رات کی ڈنر پارٹی میں اس نے بعض مہمانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عرب لوگ جب کسی بات پر حیرت کا اظہار کرتے ہیں تو کہتے ہیں "عجیب عجیب"

پھر اس نے ایک قہقہہ لگاتے ہوئے کہا، بس یہی الفاظ میرے لیے بلائے جان بن گئے اور لوگوں نے سمجھ لیا کہ میں عربی کی فاضل اجل ہوں۔

ص ۱۰۸ - ۱۰۹

(۹)

مسٹر آرتھر مور

مسلمانوں کی مظلومیت مسلمانوں کے قتل عام سے متاثر ہو کر گاندھی جی نے جب مرن برت رکھا تو اسٹیٹس مین کے سابق ایڈیٹر مسٹر آرتھر مور نے بھی امپیریل ہوٹل میں مرن برت شروع کر دیا۔ ہند و مسلم فسادات نے انہیں بہت زیادہ متاثر کیا تھا۔

ایک انگریز ہندوستانی مسٹر آرتھر مور نے مجھ سے کہا کہ اگر یہ مصیبت ختم نہیں ہوتی تو فاقہ کر کے وہ اپنی جان دیدینگے وہ برسہابرس سے ہندوستان میں رہتے چلے آئے تھے۔ اور اب اس ملک کو اپنا وطن بنا چکے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ایک ہندوستانی کی حیثیت سے یہ ان کا فرض ہے کہ انسانیت کی تباہی اور بربادی کو روکنے کی کوشش کریں۔ جس کے مظاہر قدم قدم پر نمایاں تھے!

مسٹر آرتھر مور نے مجھ سے یہ بھی کہا کہ ان المناک واقعات کو دیکھنے کے مقابلہ میں جو ہندوستان میں رونما ہو رہے ہیں، مر جانا آسان ہے۔ میں نے انہیں پیغام بھیجا کہ گاندھی جی نے اپنا برت توڑ دیا ہے، وہ بھی ایسا ہی کریں۔ (۱)

صفحہ ۲۲۰ - ۲۲۱

---

(۱)

اس واقعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ دلّی میں مسلمانوں کے قتل عام نے غیر قوم اور غیر ملت کے لوگوں تک کو کس درجہ متاثر اور دل گرفتہ کر دیا تھا۔

مسٹر آرتھر مور ان لوگوں میں تھے جو مسلم لیگ کی سیاست سے کوئی ہمدردی نہیں رکھتے تھے، تحریک پاکستان سے انہیں کوئی دلچسپی نہیں تھی، وہ کانگرس اور کانگرسی رہنماؤں کے مداح اور ثنا خواں تھے، گو ان کے بعض اقدامات پر کبھی کبھی نکتہ چینی بھی کر جاتے تھے۔

آرتھر مور جیسے شخص کا دل پسیج گیا۔ لیکن نہ پسیجا تو سردار پٹیل کا، ——

آج اس دنیا میں سردار پٹیل موجود نہیں ہیں، آرتھر مور اگر زندہ بھی ہیں تو گوشہ نشین لیکن جس طرح پٹیل کی سنگ دلی تاریخ کا ایک حصہ بن چکی ہے، اسی طرح آرتھر مور کی انسانیت دوستی نے بھی تاریخ ہند میں اپنا ایک مقام حاصل کر لیا ہے،!

———— • ————

(۱۰)

بھولا بھائی ڈیسائی

ورکنگ کمیٹی کے ممبروں کو کرپس سے ملنے کی ممانعت

(کرپس مشن کے زمانے میں) میں نے ایک گشتی چٹھی ورکنگ کمیٹی کے تمام ممبروں کو بھیجی کہ جُداگانہ طور پر کوئی شخص بھی کرپس سے ملاقات نہیں کر سکتا۔ کرپس نے مجھ سے شکایت کی کہ پچھلی دفعہ جب وہ ہندوستان آئے تھے تو ورکنگ کمیٹی کے متعدد ممبروں سے انھیں ملاقات کا موقع ملا تھا۔ اس مرتبہ وہ محسوس کرتے ہیں کہ میں نے ان پر پابندیاں عائد کر دی ہیں۔ میں نے جواب دیا کہ جب ایک ذمہ دار تنظیم حکومت سے گفت و شنید میں مصروف ہو تو یہ کام صرف اس کے با اختیار نمائندوں ہی کو کرنا چاہیے لہٰذا ورکنگ کمیٹی کے کسی ممبر کو جداگانہ طور پر گفت و شنید کی اجازت کیسے دی جا سکتی ہے لیکن اگر وہ کسی ممبر سے ملنا چاہتے ہیں، سبب خواہ کچھ بھی ہو، میں خوشی سے انتظام کر دوں گا۔(۱)

بھولا بھائی سے ملنے کا اشتیاق

کرپس نے کہا کہ وہ خاص طور پر بھولا بھائی ڈیسائی سے ملنے کو بیتاب ہیں۔ ہندوستان کے پچھلے دورے کے موقع پر وہ اُن کے مہمان بھی رہے تھے۔ اپنے کھادی کے سوٹ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جس میں وہ ملبوس تھے انھوں نے زیرِ لب تبسم کے ساتھ کہا:

"یہ کپڑے جو میرے جسم پر نظر آرہے ہیں۔ بھولا بھائی ڈیسائی کا تحفہ ہیں۔"

(ص ۵۵)

بھولا بھائی کے اخراج کا سبب

اب میں ان واقعات کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں جو سنٹرل لیجسلیچر کی نئی کانگرس پارٹی سے بھولا بھائی کے اخراج کا سبب بنے۔ بہت سے لوگ متعجب تھے کہ وہ کس لیے نظر انداز کر دیئے گئے۔ کم ہی لوگ ایسے ہوں گے جنھیں واقعہ کے جملہ تفصیلات کا علم ہو مجھے اندیشہ ہے کہ اگر میں نے تمام متعلقہ حقائق بیان نہ کر دیئے تو پس پردہ تاریخ پردۂ خفا میں مستور رہے گی۔

کانگرس کے پرانے ممبر بھولا بھائی سے جلتے تھے

بھولا بھائی ڈیسائی بمبئی کے نہایت کامیاب اور سربرآوردہ وکیل تھے جو رفتہ رفتہ ہندوستان کے چوٹی کے قانون دانوں میں شمار ہونے لگے۔ پہلے پہل وہ کانگرس کے سرگرم کارکن نہیں تھے لیکن جب گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء منظور ہوا اور کانگرس نے انتخابات میں حصہ لینے کا ارادہ کیا تو کانگرس ٹکٹ پر وہ مرکزی اسمبلی کے ممبر منتخب ہو گئے۔ اور خود آپ ہی مرکزی اسمبلی کی کانگرس پارٹی کے لیڈر چُن لیے گئے۔ انھوں نے اپنے فرائض نہایت قابلیت اور امتیاز کے ساتھ انجام دیئے۔ اُن کی قابلیت اور جوشِ عمل نے کانگرس کے اندرونی حلقے میں انھیں ممتاز کر دیا۔ چنانچہ ورکنگ کمیٹی کے ممبر بھی منتخب ہو گئے اور رفتہ رفتہ کانگرس کے صفِ اوّل کے لیڈروں میں شمار ہونے لگے۔ ان کے اس عروج نے بعض قدیم ممبرانِ کانگرس کو حسد میں مبتلا کر دیا اور انھوں نے محسوس کیا کہ ایک ایسے شخص کو جو ابھی کچھ مدت پہلے کانگرس میں بھرتی ہوا ہے اتنی زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہیئے۔ (۲)

ورکنگ کمیٹی سے علیحدہ رکھے گئے بھولا بھائی کی صحت کچھ زیادہ اچھی نہ تھی اسی لئے میں نے انھیں کانگرس کی نئی ورکنگ کمیٹی میں شریک نہیں کیا۔ چنانچہ ۱۹۴۲ء میں دوسرے کانگرسی لیڈروں کی طرح وہ گرفتار نہیں کئے گئے۔ وہ اُن کانگرسی لیڈروں میں تھے جو جیل سے باہر رہے۔

بھولا بھائی کی لیاقت علی سے ملاقات گاندھی جی ۱۹۴۴ء میں جب رہا ہوئے تو دلّی کے بعض لوگوں کے دل میں خیال آیا کہ تعطّل دُور ہو سکتا ہے اگر کانگرس اور مسلم لیگ کے بجائے مرکزی اسمبلی کی کانگرس پارٹی اور مسلم لیگ پارٹی میں کوئی مفاہمت ہو جائے۔ اگر ایسا ہو سکے تو یہ ایک عارضی صورت ہو گی۔ لیکن اگر دورانِ جنگ تک قائم رہ جائے تو پھر اختتامِ جنگ کے بعد کانگرس اور مسلم لیگ میں مستقل بنیاد پر مفاہمت آسان ہو جائے گی۔ چند مشترک دوستوں نے اس سلسلے میں مسلم لیگ پارٹی کے ڈپٹی لیڈر لیاقت علی خاں سے اور بھولا بھائی ڈیسائی سے ملاقات کی۔ لیاقت علی خاں نے اتفاق کا اظہار کیا اور اُن کی اور بھولا بھائی ڈیسائی کی ملاقات ہوئی۔

گاندھی جی سے مشورہ کا فیصلہ بھولا بھائی ڈیسائی اس تجویز سے دلچسپی رکھتے تھے، لیکن انھوں نے یہ بات واضح کر دی کہ کانگرس کی منظوری کے بغیر وہ کوئی قدم نہیں اٹھا سکتے۔ انھوں نے زور دیا کہ مفاہمت صرف لیجسلیچر کی دونوں پارٹیوں کے درمیان ہی نہیں بلکہ کانگرس اور مسلم لیگ کے درمیان بھی ہونی چاہیے۔ کانگرس کے تمام لیڈر جیل میں تھے اُن سے صلاح و مشورہ کرنا کسی طرح ممکن نہ تھا۔ لہٰذا انھوں نے طے کیا کہ گاندھی جی کے پاس جائیں گے اور اُن کے مشورہ پر کاربند ہوں گے۔

گاندھی جی کی تحریری رضامندی بھولا بھائی ڈیسائی گاندھی جی سے ملے اور اُن سے لیاقت علی خاں اور دوسرے اصحاب سے ملاقات کی تفصیل بیان کی۔ گاندھی جی ہر پیر کو چُپ کا روزہ رکھتے تھے۔ اتفاق کی بات بھولا بھائی ڈیسائی کی ملاقات اُن سے پیر کے دن ہوئی۔ گاندھی جی نے گجراتی زبان میں اپنا جواب لکھ کر دے دیا جس کا خلاصہ یہ تھا کہ وہ اپنا کام جاری رکھیں اور ضروری تفصیلات کی رپورٹ دیتے رہیں۔

تجویز بفاہمت منڈھے نہیں چڑھی گاندھی جی کی حمایت سے مسلح ہو کر بھولا بھائی نے اپنی گفت و شنید جاری رکھی اور یہ معاہدہ طے پایا کہ وائسرائے کی نئی ایگزیکٹو کونسل از سرِ نو تشکیل پائے اور وہ صرف کانگرس پارٹی اور لیگ پارٹی کے ممبروں پر مشتمل ہو۔ گفت و شنید کنندگان نے یہ خواہش ظاہر کی کہ کانگرس پارٹی کے لیڈر کی حیثیت سے بھولا بھائی ایگزیکٹو کونسل میں شریک ہوں۔ لیکن یہ اگر کسی وجہ سے ممکن نہ ہو تو خان عبدالقیوم خاں جو اس وقت کانگرس پارٹی کے ڈپٹی لیڈر تھے کونسل میں شریک ہو جائیں۔ بھولا بھائی نے یہ تفصیل گاندھی جی کے گوش گزار کر دی۔ لیکن متعدد وجوہ سے یہ تجویز ناکام ہوئی اور معاملہ رفت گزشت ہو گیا۔ (۳۴)

حریف بازی لے گئے ۱۹۴۵ء میں جب ہم سب جیل سے باہر آئے تو یہ واقعات ہمارے علم میں بھی آئے۔ اب ان واقعات پر کانگرسی لیڈروں کے مابین بحث مباحثہ شروع ہو گئی۔ بدقسمتی سے اس موقع پر یہ حقیقت بالکل نظرانداز کر دی گئی کہ بھولا بھائی نے جو کچھ کیا گاندھی جی کے علم و اجازت سے کیا۔ سردار پٹیل نے خاص طور پر اس معاملے سے دلچسپی لی۔ اس دلچسپی اور بحث مباحثہ کا نتیجہ یہ نکلا کہ یقین کر لیا گیا بھولا بھائی ڈیسائی نے لیاقت علی سے معاہدہ کرتے وقت کانگرس کو پس پشت ڈال دیا۔ اور وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل میں شریک ہونے کی کوشش کی۔ بھولا بھائی کے حریفوں نے

ان کی پرائیویٹ زندگی پر اتہام لگا کر گاندھی جی کو بھی ان کے خلاف کر دیا۔ بیچارے پر جو الزامات لگائے گئے وہ زیادہ تر غلط تھے۔ لیکن کئی مہینے تک مخالفانہ پروپیگنڈا جاری رہا اور اس طرح ان کی شخصیت مستقل طور پر مجروح ہو گئی۔ (۵)

گاندھی جی کے حاشیہ نشین کچھ لوگوں نے یہ معمول بنا لیا تھا کہ گاندھی جی کے معتمد رفقاء کو متاثر کر کے گاندھی جی کے فیصلے پر اثر انداز ہوجایا کریں۔ یہ لوگ گاندھی جی کے معتمد رفقاء سے مختلف واقعات بیان کیا کرتے تھے۔ تاکہ یہ باتیں گاندھی جی تک پہنچ جایا کریں۔ عام طور پر گاندھی جی اس قسم کی باتیں ایک کان سے سُنتے دوسرے سے اڑا دیتے تھے۔ لیکن کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا اگر مسلسل اور بار بار اُن کے ذاتی حلقے کے لوگ کوئی بات گوش گزار کرتے تو ان کا فیصلہ متاثر ہو جاتا مجھے اچھی طرح یاد ہے ایک مرتبہ گاندھی جی کو اسی طرح موتی لال نہرو کے خلاف مسموم کر دیا گیا تھا۔ جواہر لال بھی ایک مرتبہ اس مہم کے ہدف بن چکے تھے۔ لیکن ان دونوں واقعات میں جب گاندھی جی کو اصل حقیقت معلوم ہوئی تو انھوں نے خوشگوار اور مجروحی طرز عمل اختیار کر کے معاملہ ختم کر دیا۔ بدقسمتی سے بھولا بھائی کے ساتھ ایسا نہ ہوا اور گاندھی جی اُن سے بدگمان اور برہم ہوتے چلے گئے۔ (۶)

بھولا بھائی کا بیان صفائی میں ابھی بیان کر چکا ہوں کہ وہ پیر کا دن تھا جب بھولا بھائی نے گاندھی جی سے مل کر مسلم لیگ سے گفت و شنید کرنے کی اجازت طلب کی تھی اور گاندھی جی نے اپنا جواب تحریری طور پر دے دیا تھا۔ بھولا بھائی نے گاندھی جی کی یہ تحریر محفوظ رکھی۔ سردار پٹیل اور دوسرے لوگوں کو دکھائی اور کہا کہ یہ گفت و شنید گاندھی جی کے علم اور اجازت سے انھوں نے جاری رکھی تھی۔ لہٰذا وہ کسی طرح بھی سزاوار ملامت نہیں ٹھہرائے جا سکتے۔ (۷)

کانگرس کا ٹکٹ نہیں دیا گیا حقیقت یہ ہے کہ بھولا بھائی نے اپنی صفائی میں جو کچھ کہا تھا اُس کا کوئی جواب اُن کے مخالفین کے پاس نہیں تھا۔ یہ دُکھ دینے والی بات تھی کہ اُن کے احتجاج پر کوئی توجہ نہ کی گئی اور برابر یہی پروپیگنڈا کیا جاتا رہا کہ وہ لیگ کے ساتھ کانگرس کے ساتھ سازش کر رہے تھے۔ اُن کے خلاف احساسات اتنے شدید ہو گئے تھے کہ جب عام انتخابات ۴۶-۱۹۴۵ء کے موسمِ سرما میں منعقد ہوئے تو اسمبلی کی ممبری کے لئے انھیں کانگرس کا ٹکٹ بھی نہیں دیا گیا۔(۸)

مرضِ قلب کا حملہ یہ ایک بہت بڑا دھچکا تھا بھولا بھائی کے لئے! اِس کا ان کی صحت پر بہت بُرا اثر پڑا۔ قلب کے مریض وہ پہلے ہی سے تھے لیکن اب متواتر دورے پڑنے لگے۔ انھیں اس بات کا غم تھا کہ انھوں نے وفاداری کے ساتھ کانگرس کی خدمت کی، کانگرس کی راہ میں شدائد اور مصائب برداشت کئے اور اس کا صلہ کیا ملا؟ ——— ذلت اور اخراج ——— !، (۹)

اسی غم میں انتقال اس واقعہ کے بعد میں پھر بمبئی گیا اور حسبِ معمول بھولا بھائی کے ہاں ٹھہرا۔ وہ بسترِ علالت پر دراز تھے۔ جب میں نے اُن سے خیریت دریافت کی تو وہ اتنے متاثر ہوئے کہ جواب دینے کے بجائے رونے لگے۔ انھیں سب سے بڑا غم اس بات کا تھا کہ گاندھی جی نے بھی جو تمام حقائق سے باخبر تھے نکتہ چینوں کے مقابلے میں ان کی حمایت نہ کی۔ میں نے انھیں تسلی دینے کی کوشش کی، لیکن میری کوشش ناکام ہوئی۔ میں نے یہ واقعہ گاندھی جی سے جب بیان کیا تو میں نے

محسوس کیا کہ بھولا بھائیؔ کے خلاف ان کے کان اتنے بھرے جا چکے تھے کہ اسے اُن کے دل میں اس غریب کے لئے کوئی گنجائش نہیں رہ گئی تھی۔ کچھ ہی عرصے بعد بھولا بھائیؔ کا انتقال ہو گیا ـــــ دل کی حرکت بند ہو گئی! (۱۰)

خدمت کا صلہ عتاب مجھے بڑا صدمہ ہوتا ہے جب کبھی بھی یہ واقعہ یاد آجاتا ہے۔ کیونکہ بھولا بھائیؔ نے کانگرس کی خدمت دل و جان سے کی تھی لیکن بغیر کسی سبب کے وہ معتوب قرار دے دیئے گئے۔ (۱۱)

(ص ۱۳۵۔ ۱۳۶۔ ۱۳۷)

بھولا بھائی ڈیسائی کے بارے میں مولانا نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس سے کئی حقائق برافگندہ نقاب ہوتے ہیں۔

(۱)

یہ واقعہ کانگرس کے آمرانہ رجحان کی غمازی کر رہا ہے۔ سر کریپس سے اگر ورکنگ کمیٹی کے ممبر ملاقات کر لینے یا تبادلۂ خیالات کی انہیں اجازت دے دی جاتی تو نہ کانگرس کی تنظیم میں کوئی رخنہ پڑتا، نہ کوئی ممبر بالا بالا سر کریپس سے ہندوستان کے مستقبل کا فیصلہ کر لیتا۔ فیصلہ تو بہر حال کانگرس کو من حیث الجماعت کرنا تھا۔

(۲)

بھولا بھائیؔ ذاتی طور پر بڑے شریف اور مرنجان مرنج آدمی تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اختلافِ فکر و نظر کے باوجود لوگ اُن کی عزت کرتے تھے اور انہیں احترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔

مارچ سنہ ۱۹۳۸ء کا واقعہ ہے۔ میں بمبئی سے دہلی گیا اور حسب معمول قرولباغ میں بیگم محمد علی کی قیام گاہ پر ٹھہرا۔ مولانا شوکت علی مرکزی اسمبلی کے ممبر تھے۔ وہ بھی یہیں ٹھہرے تھے۔ میں انہیں سے ملنے اور روزنامہ "خلافت" و خلافت پریس کے بعض معاملات پر صلاح و مشورہ کرنے گیا تھا۔

دوسرے دن صبح کو جب وہ اسمبلی جانے لگے تو مجھے بھی اپنے ساتھ لیتے گئے سر عبدالرحیم صدر اسمبلی تھے انکے سیکرٹری سے لیکر صدر کی گیلری کا مجھے پاس دلوایا، لنچ کے لئے جب اجلاس برخاست ہوا تو اسمبلی کے ہوٹل میں ہم لوگوں نے لنچ کھایا۔ مشہور کرکیٹر مسٹر حسن علی اور ناگپور کے ڈپٹی کمشنر مسٹر مصباح العثمان مولانا کے علی گڑھ کے ساتھی اور بڑے عزیز اور محبوب دوست تھے۔ درحقیقت "گسٹ آف آنر" یہی دونوں حضرات تھے، میں تو طفیلی تھا۔

لنچ کے بعد حسن علی صاحب اور عثمان صاحب تو چلے گئے، مولانا پھر اسمبلی ہال میں پہنچ گئے اور میں اپنی نشست پر بیٹھ کر کارروائی دیکھنے لگا۔ کوئی پانچ بجے کے قریب اجلاس ختم ہوا۔ ہم لوگ کار میں آکر بیٹھ گئے۔ مولانا نے ڈرائیور سے فرمایا:

"امپیریل ہوٹل چلو!"

ذرا دیر میں کار امپیریل ہوٹل پہنچ گئی۔ ہال میں ایک پارٹی کا انتظام تھا۔ یہ پارٹی بھولا بھائی نے دی تھی۔ دروازے پر وہ اور ان کے صاحب زادے دھیرو بھائی مہمانوں کی پیشوائی کر رہے تھے۔ بھولا بھائی سفید کھدر کے چوڑی دار پاجامہ اور شیروانی میں ملبوس تھے۔ اردو میں مہمانوں سے مسکرا مسکرا کر بات چیت کر رہے تھے لب و لہجہ شستہ، تلفظ درست۔

اس پارٹی میں کانگریس کے رہنماؤں کے علاوہ ہر طبقے اور ہر خیال کے سربرآوردہ اصحاب موجود تھے۔ جسٹس سر شاہ سلیمان جج فیڈرل کورٹ آف انڈیا، مولانا شوکت علی،

قائد اعظم، میر غلام بھیک نیرنگ اور بہت سے دوسرے مختلف الخیال زعماء موجود تھے ــــــ یہ مختلف النوع اجتماع نتیجہ تھا بھولا بھائی کی دل آویز اور سحر طراز شخصیت کا۔

(۳)

اور ظاہر ہے کہ گاندھی جی کا فیصلہ کانگرس کا فیصلہ تھا، جس بات پر گاندھی جی صاد کر دیں، جو تجویز گاندھی جی منظور کر لیں، کانگرس کبھی اور کسی طرح اس سے انحراف کر ہی نہیں سکتی تھی۔

(۴)

اس سلسلے میں خان عبد القیوم خاں کا نام مولانا نے لیا ہے۔ یہ وہی خان عبد القیوم خاں ہیں جن کی منزلت کا کانگرس میں یہ عالم تھا کہ مرکزی اسمبلی میں ڈپٹی لیڈر کے منصب پر فائز تھے۔ اور وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل میں کانگرس کے لیڈر کی حیثیت سے ان کا نام لیا جا رہا تھا۔

جب کانگرس کی ہٹ دھرمی اور مسلم آزاری سے مایوس ہو کر انھوں نے نعرہ لگایا :

یاں قافلہ لٹتا ہے بس اب یاں سے چل اے دل
تو آپ ہی کہہ دے گا کہ منزل تو نہیں یہ!

اور مسلم لیگ میں صدق و اخلاص کی متاع لے کر شریک ہو گئے تو یہی کانگرسی لیڈر خان عبد القیوم خاں کے بارے میں یہ اعلان کرنے لگے کہ وہ اس قابل کب تھے کہ کانگرس میں رہیں۔ کانگرس سے ان کا نکل جانا اچھا ہی ہوا۔

(۵)

جیسا کہ مولانا نے فرمایا ہے کہ سردار پٹیل نے خاص طور پر اس معاملہ میں دلچسپی لی

واقعہ بھی یہ ہے کہ بھولا بھائی کو بدنام کرنے میں اور انھیں ہدفِ ستم بنانے میں سردار پٹیل پیش پیش تھے۔ ان کا بس چلتا تو گاندھی جی کو بھی نہ معاف کرتے، لیکن گاندھی جی کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے تھے لہٰذا ہر بلا کہ از آسمان آید، خانۂ انوری می جوید... ہر بلائے کز آسمان آید، گرچہ بر دیگرے قضا باشد، بر زمیں نارسیدہ می پرسد خانۂ انوری کجا باشد

(۶)

اکثر بڑے آدمیوں کی طرح گاندھی جی میں بھی یہ کمزوری تھی کہ وہ اپنے حاشیہ نشینوں کی بات پر آنکھ بند کر کے اعتماد کر لیتے تھے۔

مولانا محمد علی کو بھی گاندھی جی سے یہی شکایت تھی۔ وہ فرمایا کرتے تھے مہادیو ڈیسائی گاندھی جی کے نفسِ ناطقہ ہیں، جس سے بھی گاندھی جی کے تعلقات خراب ہوتے ہیں اگر تجزیہ کیا جائے تو معلوم ہوگا یہ مہادیو ڈیسائی کی سازش اور دراندازی کا نتیجہ ہے علی برادران سے گاندھی جی کی اُلفت اور شیفتگی کا وہ عالم تھا جس کا آج کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا۔ لیکن گاندھی جی اور علی برادران کے درمیان جو خلیج پیدا ہوئی وہ گاندھی جی کے انہی حاشیہ نشینوں کی کارفرمائی تھی۔ گاندھی جی رفتہ رفتہ علی برادران کے خلاف اتنے مسموم ہو گئے کہ ان کی سچی اور مبنی بر اصول باتوں کو بھی ناقابلِ التفات سمجھنے لگے۔ اس کا نتیجہ جو کچھ ہوا وہ کسے نہیں معلوم ؟!

(۷)

لیکن مصیبت یہ تھی کہ جو مزاوار ملامت، ٹھہرایا جاسکتا تھا یعنی گاندھی جی، اس کے خلاف لب کشائی کی جرأت کسی میں نہ تھی لہٰذا اُسے تاکا گیا، جو گو سزاوار ملامت نہ تھا لیکن مزاحمت اور مقاومت کی طاقت نہیں رکھتا تھا لہٰذا نہ صرف وہ سزاوار ملامت ٹھہرایا گیا بلکہ اُسے معتوب و مردود قرار دے دیا گیا۔

(۸)

ٹکٹ دینے کا فیصلہ جس بورڈ کے ہاتھ میں تھا اس کے ایک ممبر خود مولانا بھی تھے۔ اگر انھوں نے بھولا بھائی کی اتنی پُرزور وکالت وہاں کی ہوتی تو شاید اتنا عبرت ناک انجام بیچارے کا نہ ہوتا۔

(۹)

خدمت اور وفاداری کا یہ صلہ کانگرس کی طرف سے صرف بھولا بھائی ہی کو نہیں ملا ایسے مظلوموں کی فہرست بہت لمبی ہے :

اکیلے داغ تم ہی نے نہیں اٹھائے ستم
یونہی ازل سے مرے یار ہوتی آئی ہے

(۱۰)

بھولا بھائی کی شرافت کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہوگا کہ اس غم میں گھل گھل کر انھوں نے جان دے دی لیکن پبلک طور پر حرفِ شکایت زبان پر نہ لائے۔

(۱۱)

اس موقع پر میں ڈاکٹر کھارے کے ایک اہم اور معرکہ آرا بیان کا کچھ حصہ پیش کروں گا۔

میں پہلے ڈاکٹر کھارے کا تعارف کرادوں :

ڈاکٹر کھارے سی پی کے سب سے بڑے کانگرسی لیڈر تھے سی پی میں جب پہلی کانگرسی وزارت بنی تو وزارتِ اعلیٰ کی پگڑی انہی کے سر باندھی گئی۔

ڈاکٹر کھارے اپنے مزاج، طبیعت اور زبان کے اعتبار سے بڑے کھرے آدمی واقع ہوئے ہیں۔ سردار پٹیل نے سندھیا اسٹیم نیوی گیشن کمپنی کے منیجنگ ڈائرکٹر سر والچند ہیراچند کے بھائی کی سفارش کی کہ ایک بہت بڑا سرکاری ٹھیکہ انھیں دیا جائے۔ ڈاکٹر کھارے نے سردار کی اس سفارش کا کوئی اثر نہیں لیا اور جو مناسب سمجھا

کیا۔ مسٹر نیاز محمد خاں سی پی کے ایک دیانت دار اور کارگزار پولیس افسر تھے۔ جب مسٹر مصر ا مشہور کانگرسی لیڈر پر ایک مسلمان لڑکی کے ساتھ زنا بالجبر کا الزام عائد ہوا اور پولیس نے تفتیش شروع کی تو بڑے بڑے کانگرسی نیتاؤں نے ڈاکٹر کھارے پر زور دیا کہ وہ نیاز محمد خاں کو موقع واردات سے تبدیل کر دیں۔ لیکن ڈاکٹر کھارے نے بہنایت کٹر ہندو ہونے کے باوجود یہ بات ہی نہ مانی۔

سردار پٹیل نے گاندھی جی کے کان کھارے کے خلاف بھرنے شروع کئے۔ رفتہ رفتہ گاندھی جی اُن سے ناراض ہو گئے۔ ڈاکٹر کھارے نے گاندھی جی کی خوشامد کرنے کے بجائے وزارت اور کانگرس سے مستعفی ہونے کا ارادہ کر لیا۔ بعد میں انہیں دوبارہ گاندھی جی کے حلقۂ عقیدت میں شریک کرنے کی بار بار کوشش کی گئی لیکن وہ اپنی ضد پر قائم رہے۔ ۱۹۴۲ء کی کوئٹ انڈیا تحریک کے زمانے میں کچھ عرصے تک ڈاکٹر کھارے، لارڈ لن لتھ گو وائسرائے ہند کی ایگزیکٹیو کونسل کے ممبر رہے۔ پھر جب گاندھی جی نے مرن برت رکھا اور وائسرائے نے سخت رویہ اختیار کیا تو یہ مستعفی ہو گئے۔ اس لئے نہیں کہ انہیں گاندھی جی سے ہمدردی تھی بلکہ اس لئے کہ یہ گاندھی جی کی اختیاری موت کی ذمہ داری اپنے سر نہیں لینا چاہتے تھے۔

رہائی کے بعد گاندھی جی خود ان سے ملے اور دوبارہ انہیں کانگرس میں شریک ہو جانے کا مشورہ دیا، لیکن یہ بھی اپنی آن کے پکے تھے، جواب دیا، جب تک کانگرس مجھ سے معافی نہ مانگ لے اس وقت تک میں اس تجویز پر غور نہیں کر سکتا۔

ابھی ڈاکٹر کھارے نے مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی کی وفات سے ایک دن پہلے یعنی ۱۰ مئی ۱۹۴۶ء کو "ترنا بھارت" ایک مرہٹی روزنامہ کو یہ بیان دیا تھا:

"جن دنوں مسٹر ڈیسائی آزاد ہند فوج کی پیروی کر رہے تھے، میری

ان سے ۱۹۔۲۰۔ دسمبر ۱۹۴۵ء کو آزاد ہند فوج کے سپاہیوں کے ڈیفنس کے سلسلے میں ملاقات ہوئی تھی۔ سرکاری کام کے بعد مسٹر ڈیسائی نے مجھ سے پوچھا:

"گاندھی جی سے تمھاری کیا بات چیت ہوئی ؟"

میں نے جواب دیا:

"میں نے گاندھی جی سے صاف کہہ دیا جب تک کانگرس ورکنگ کمیٹی میرے خلاف منظور شدہ ریزولیوشن واپس نہیں لے لیتی، اپنی غلطی پر اظہار افسوس نہیں کرتی میرا کانگرس میں شامل ہونا بے معنیٰ ہے۔"

گاندھی جی نے کہا: "یہ کیسے ہو سکتا ہے!"

میں نے کہا: "اگر کانگرس ورکنگ کمیٹی یہ اعلان کر دے کہ اس نے میرے بارے میں غلطی کی تھی، پھر میں کانگرس میں شامل ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کر سکوں گا۔"

میری یہ بات سن کر مسٹر ڈیسائی نے مجھ سے کہا:

"کانگرس ہائی کمان نے میرے ساتھ بھی ویسی ہی کارروائی کی ہے جیسی آپ کے ساتھ کی تھی۔ جنوری ۱۹۴۵ء میں میں نے نواب زادہ لیاقت علی خاں سے ایک معاہدہ کیا جسے گاندھی جی کی منظوری حاصل تھی۔ اسی معاہدے کے نتیجے کے طور پر لارڈ ویول انگلستان گئے۔ کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ممبر رہا ہوئے۔ اور شملہ کانفرنس منعقد ہوئی۔ مجھے قدرتاً یہ توقع تھی کہ شملہ کی گفت و شنید میں مجھے شریک رکھا جائے گا۔ لیکن کانگرس ورکنگ کمیٹی کے پہلے ہی اجلاس میں سردار پٹیل اور پنڈت نہرو نے میرے صلح (معاہدہ) پر سخت نفرت ظاہر کی۔ مجھ پر الزام لگایا کہ میں نے کانگرس کی پیٹھ میں

چھرا گھونپا ہے۔ مجھے اس بات کا بڑا صدمہ ہوا۔ میں یہ بات گاندھی جی کے علم میں لایا۔ انھوں نے کہا:

"ورکنگ کمیٹی کے ممبر تمھیں پسند نہیں کرتے، تمھیں حلف نہیں کرنی چاہیئے۔ آج ورکنگ کمیٹی میں قوم ہے۔"

میں نے جواب دیا:

"ورکنگ کمیٹی کو رہا کرا دیا! میں مرکزی اسمبلی پارٹی کا لیڈر ہیں۔!"

گاندھی جی نے کہا:

"مجھے تم سے ڈر لگتا ہے، تمھیں وائسرائے کی کونسل میں شریک نہیں ہونا چاہیئے، مجھے لکھ کر دے دو کہ تم اس عہدے کے قابل نہیں ہو!"

یہ سن کر مجھے آپ (کھارے) کا قصہ یاد آ گیا۔ میں نے گاندھی جی سے کہا۔

"آپ نے ڈاکٹر کھارے سے بھی ناانصافی کی تھی۔ میں ایسی کوئی تحریر آپ کو نہیں دوں گا، اور نہ کبھی میں ایسی تجویز منظور کر سکتا ہوں۔"

میں نے ڈیسائی سے پوچھا:

"آپ نے یہ بات پبلک میں کیوں نہیں کہی؟"

مسٹر ڈیسائی نے جواب دیا:

"گالیاں دینا میرا شیوہ نہیں ہے۔"

واقعہ یہ ہے کہ مسٹر ڈیسائی کی اسی صدمے کے باعث موت ہوئی۔

---

(۱۱)

جواہر لال نہرو

جواہر لال انگریزوں کے ہمدرد تھے

جواہر لال نے کرپس کے لندن واپس جاتے ہی نیوز کرانیکل کے نمائندے کو ایک بیان دیا جس کا مفاد یہ تھا کہ گو کانگریس نے کرپس مشن کی پیشکش مسترد کر دی لیکن ہندوستان برطانیہ کی مدد کرنے کو تیار ہے۔ مجھے اندیشہ پیدا ہوا کہ جواہر لال کا یہ بیان عوام کو اضطراب خیال میں مبتلا کر دے گا۔ وہ الہ آباد جا چکے تھے میں کلکتہ واپس جانے کے انتظامات مکمل کر چکا تھا۔ میں نے فیصلہ کیا کہ راستہ میں الہ آباد اترتا ہوا جواہر لال سے گفتگو کر کے آگے بڑھوں گا۔ میں نے جواہر لال سے کہا کہ ورکنگ کمیٹی ایک تجویز منظور کر چکی ہے اگر انہوں نے کوئی ایسا بیان دیا جس سے یہ تاثر پیدا ہو کہ کانگریس مساعی جنگ کی مخالفت نہ کرے گی تو ورکنگ کمیٹی کی ساری تجویز دھری رہ جائے گی۔ جواہر لال شروع میں تو بحث پر آمادہ ہو گئے لیکن آخر میں میری رائے انہوں نے مان لی۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی جب انہوں نے یہ کہا کہ اب وہ کوئی بیان نہیں دیں گے۔

(۱)

جواہر لال کی صفائی

یہاں یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ جواہر لال تمام مسائل پہ بین الاقوامی نقطہ نظر سے نہ کہ قومی نقطہ نظر سے

غور کرنے کے عادی ہیں:۔

(۲)

جواہر لال کرپس تجاویز کے حق میں تھے

اس ساری مدت میں جواہر لال سخت قسم کی ذہنی پریشانی میں مبتلا رہے، وہ ابھی کچھ دن ہوئے چین کا دورہ کرکے واپس آئے تھے۔ وہ چیانگ کائی شیک اور ان کی اہلیہ سے بہت زیادہ متاثر تھے۔ ایک مرتبہ ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ کے دوران میں جواہر لال میرے پاس آئے، ہم میں جو گفتگو ہوئی اس سے مجھے یقین ہو گیا کہ وہ کرپس مشن کی پیش کش قبول کر لینے پر تیار ہیں۔ اگرچہ برطانیہ کے رویہ میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی اس گفتگو سے میں بہت پریشان ہوا

مفاد ہند کے خلاف جواہر لال کا رویہ

دو بجے رات تک سو نہ سکا، صبح ہوتے ہی شریمتی راجیشوری نہرو کے گھر گیا جہاں جواہر لال مقیم تھے، ایک گھنٹے سے زیادہ عرصہ تک ہم میں گفتگو ہوتی رہی، میں نے ان سے کہا کہ ان کے خیالات کا رجحان ہمارے بہترین ملکی مفاد کے خلاف ہے، اگر حقیقی اختیارات ہندوستان کو نہیں منتقل ہوتے اور وائسرائے کی صرف نئی ایگزیکٹیو کونسل تشکیل پذیر ہوتی ہے تو کرپس مشن سے جو چیز ہمیں حاصل ہوگی وہ ہے صرف وعدہ! وہ بھی وعدۂ فردا!

(۳)

جواہر لال بھانپ گئے

جواہر لال دنیا کے تازہ واقعات و حوادث سے بہت زیادہ آشفتہ خاطر تھے انہیں خود بھی اپنے موقف پر اطمینان نہیں تھا، ان کے دماغ میں جو کش مکش ہو رہی تھی اس نے انہیں بے حس بنا دیا تھا۔ کچھ دیر تک وہ چپ چاپ میری باتیں سنتے رہے، پھر انہوں نے کہا، میں ایک لمحہ کے لئے بھی اپنے ذاتی رجحانات کی بنا پر کوئی فیصلہ کرنا نہیں چاہتا، میرا فیصلہ وہی ہوگا جو میرے رفقا کا ہوگا۔

(۴)

ذہنی بوجھ

جواہر لال کی فطرت کچھ اس طرح کی ہے کہ جب وہ دماغی کشمکش

میں مبتلا ہوتے ہیں تو نیند کی حالت میں بھی باتیں کرنے لگتے ہیں۔ شریمتی رامیشوری نہرو نے مجھے بتایا گذشتہ دورودسے جواہر لال سوتے میں خوب باتیں کرتے ہیں، وہ کسی مسئلہ پر مباحثہ کرتے نظر آتے ہیں، کبھی چپکے چپکے بڑبڑانے لگتے ہیں، کبھی زور سے بولنے لگتے ہیں۔ حالت خواب میں گفتگو کرتے وقت کبھی کرلپس کا نام لیتے ہیں، کبھی گاندھی جی کا حوالہ دیتے ہیں، کبھی امیر ذکر کرتے ہیں۔ یہ مزید ثبوت اس بات کا تھا کہ کتنا بڑا ذہنی بوجھ تھا جس کے ماتحت ان کا دماغ کام کر رہا تھا۔ (۵)

(صفحہ ۶۴، ۶۵، ۶۶، ۶۷)

لاٹھی چارج کا حکم

(گاندھی جی اور ممبران ورکنگ کمیٹی گرفتار کرکے بمبئی سے پونا اور احمد نگر لے جائے جا رہے ہیں۔

معلوم ہوتا ہے ہماری گرفتاری کی خبر پونا پہنچ چکی تھی۔ سارے پلیٹ فارم پر پولیس ہی پولیس نظر آتی تھی۔ پبلک کا کوئی آدمی اندر آنے کا مجاز نہ تھا۔ بالائی پل پر ایک بہت بڑا مجمع موجود تھا، جیسے ہی ٹرین اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر داخل ہوئی، نعرے بلند ہوئے۔

"مہاتما گاندھی کی جے"

یہ نعرے سنتے ہی پولیس کو لاٹھی چارج کرنے کا حکم کمشنر نے دیا۔ اس نے کہا حکومت کے احکام ہیں کسی طرح کے مظاہروں اور نعروں کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

جواہر لال کا جذبہ مبارک

جواہر لال کھڑکی سے لگے بیٹھے تھے، جیسے ہی انہوں نے دیکھا کہ مجمع پر پولیس لاٹھی چارج کر رہی ہے وہ کمپارٹمنٹ سے کود پڑے اور چلاتے ہوئے آگے بڑھے۔

"تمہیں لاٹھی چارج کرنے کا کوئی حق نہیں ہے"

پولیس کمشنر کی معذرت پولیس کمشنر ان کے پیچھے دوڑا اور انہیں کمپارٹمنٹ میں واپس لانے کی کوشش کی۔ جواہر لال نے اس کی ایک نہ سنی اور شدید غضب کے الفاظ ان کے منہ سے نکلتے رہے۔ اس اثنا میں ورکنگ کمیٹی کے ایک اور ممبر شنکر راؤ دیو بھی پلیٹ فارم پر آ گئے۔ پولیس کے چار سپاہیوں نے انہیں گھیر لیا۔ اور ان سے کہا وہ اپنے کمپارٹمنٹ میں واپس جائیں۔ جب انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا تو سپاہیوں نے انہیں گود میں اٹھا لیا اور کمپارٹمنٹ میں واپس لے آئے۔ میں نے جواہر لال سے التجا کی کہ وہ واپس آ جائیں۔ جواہر لال غصہ میں بھپرے ہوئے نظر آ رہے تھے۔ لیکن انہوں نے میری درخواست قبول کر لی۔ پولیس کمشنر میرے پاس آیا۔ اس نے دو یا تین بار مجھ سے کہا۔

"مجھے بہت افسوس ہے جناب! مجھے بہت افسوس ہے۔ لیکن میں حکم کا بندہ ہوں، حکم کی تعمیل مجھ پر فرض تھی۔"

(صفحہ ۸۶)

(قلعۂ احمد نگر کا جیل)

جواہر لال کا ذوقِ آرائش جواہر لال نے تجویز پیش کی کہ ہمیں ایک باغیچہ تعمیر کرنا چاہیئے۔ اس سے دو فائدے ہوں گے۔ ایک تو یہ کہ ہم مصروف رہیں گے، دوسرے یہ جگہ خوبصورت ہو جائے گی۔ ہمیں یہ تجویز پسند آئی۔ جیل کے سپرنٹنڈنٹ سے ہم نے درخواست کی وہ پونہ سے ہمیں بیج منگوا دے۔ اس کے بعد ہم نے زمین ہموار کرنی شروع کر دی۔ جواہر لال سب سے پیش پیش تھے۔ ہم نے کم و بیش چالیس قسم کے بیج ڈالے۔ ان کی باقاعدہ آبیاری کرتے اور زمین کو صاف رکھتے۔ پھر جب شگوفے پھوٹنے لگے تو ہم ان کے نشو و نما کو مسرور کن محویت کے ساتھ دیکھا کرتے۔ پھر وہ وقت آیا کہ کلیاں کھل کر پھول بن گئیں۔ ہمارا احاطہ حسن و نشاط کا مرقع بن گیا۔ (صفحہ ۸۹) (۷)

میرا کارنامہ

دسمبر ۴۶ء مولانا آزاد نے کانگریس کی امداد سے خضر حیات خان کو وزیر اعظم بنادیا، مسلم لیگ کو وزارت سازی کا موقع نہیں ملا، مولانا کی اس حکمت عملی اور تدبر پر ہر چہار طرف سے شور مبارک باد برپا ہے)

ملک نے میرے اس کارنامے پر جس طرح تحسین و ستائش کے پھول برسائے تھے اس سے میں بہت خوش تھا، لیکن ایک واقعہ ایسا ہوا ——— خوش قسمتی سے وقتی طور پر ——— جس نے مجھے غمزدہ کر دیا۔ (۸)

جواہر لال اور میں

شروع ہی سے جب کانگریس میری سرگرمیوں کا مرکز بنی، میں اور جواہر لال بہترین دوست تھے، ہم ہمیشہ ایک دوسرے کی آنکھوں سے دیکھتے تھے، اور ایک دوسرے کی تائید پر بھروسہ کرتے تھے، ہم دونوں کے درمیان رقابت یا حسد کا سوال کبھی نہیں پیدا ہوا اور میرا خیال تھا کہ ایسا کبھی ہو بھی نہیں سکتا، حقیقت واقعہ یہ ہے کہ نہرو خاندان سے میرے تعلقات کی تاریخ پنڈت موتی لال نہرو کے زمانہ سے شروع ہوتی ہے، پہلے بھی میں جواہر لال کو ایک بھائی کے بیٹے کی حیثیت سے دیکھتا رہا اور وہ بھی اپنے والد کے دوست کی حیثیت سے میرا احترام کرتے رہے۔

نہرو خاندان کے کچھ لوگ میرے مخالف تھے

جواہر لال طبعاً پرتپاک قلب اور فیاض طبیعت کے مالک ہیں۔ ذاتی رشک و رقابت کا خیال ان کے دماغ میں کبھی نہیں پیدا ہوا۔ لیکن بہر حال ان کے خاندان اور حلقہ احباب میں کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو میرے ساتھ ان کے گرم جوشانہ تعلقات کو پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھتے تھے، اور اس بات کے درپے رہتے تھے کہ ہم دونوں کے درمیان رشک رقابت کی خلیج پیدا کر دیں۔

جواہر لال مجھ سے بگڑ بیٹھے

جواہر لال میں ایک کمزوری بھی ہے، وہ تخیل پسند

آدمی ہیں، ان لوگوں نے اس کمزوری سے فائدہ اٹھایا اور انہیں میرے خلاف کر دیا۔ انہوں نے ان سے گفتگو کی اور کہا کہ کانگرس اور یونینسٹ پارٹی کا اتحاد اصولی طور پر غلط ہے، انہوں نے جواہر لال کو یہ بات سمجھائی کہ مسلم لیگ ایک عوامی تنظیم ہے، کانگرس کو اس کے ساتھ مل کر مخلوط وزارت بنا لینے میں کوئی حرج نہ تھا، لیکن یونینسٹ پارٹی جیسی جماعت سے کانگرس کا اتحاد بالکل غلط ہے، جواہر لال اس رائے سے خاص طور پر متاثر ہوئے اور شاید انہوں نے خیال کیا کہ میں نے یونینسٹ پارٹی کے ساتھ کانگرس کو شریک وزارت کر کے اصول قربان کر دیا ہے۔ (۹)

میرا اقتدار لوگوں کو نہ بھایا

جو لوگ میرے اور جواہر لال کے درمیان اختلاف پیدا کرنا چاہتے تھے، انہوں نے جواہر لال کو یہ بھی باور کرایا کہ اس کارنامے پر تعریف و تحسین کے جو ڈونگرے مجھ پر برسائے گئے ہیں ان سے کانگرس کے دوسرے لیڈروں کا بھی متاثر ہونا لازمی ہے، یہ لوگ جواہر لال کی خاص فطرت سے واقف تھے، لہٰذا دوسروں کے خلاف لگائی بجھائی کرتے رہتے تھے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اگر خود ان کا اخبار نیشنل ہیرالڈ میرے بارے میں ایسے شاندار الفاظ اور خیالات کا اظہار کرتا رہے گا تو نتیجہ یہ ہوگا کہ بہت جلد میں ایسی پوزیشن اختیار کر لوں گا کہ کانگرس میں میرا کوئی حریف باقی نہ رہ جائے گا۔ اور یہ بات خود کانگرس کے جمہوری روایات کے خلاف ہوگی۔ (۱۰)

جواہر لال کا مجھ پر سنگین الزام

میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ ذاتی تاثرات جواہر لال کے دل و دماغ کو متاثر کر سکتے ہیں، لیکن یہ ضرور کہوں گا کہ وہ نظریاتی طور پر ان خیالات سے متاثر ہوئے، بہر حال واقعہ کچھ بھی ہو بمبئی میں کانگرس ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کے وقت جب سے ہم دونوں نے کانگرس میں ایک ساتھ کام کرنا شروع کیا تھا، میں نے پہلی مرتبہ یہ دیکھا کہ ہر معاملہ

ہیں وہ میری مخالفت کر رہے ہیں۔ انہوں نے برملا یہ بھی کہا کہ میں نے پنجاب میں جو پالیسی اختیار کی وہ غلط تھی بلکہ یہاں تک کہہ دیا کہ میں نے کانگرس کا وقار خاک میں ملا دیا۔ یہ باتیں سن کر میں متعجب بھی ہوا اور ملول بھی۔ میں نے پنجاب میں جو کچھ کیا تھا وہ یہی تو تھا کہ اس حقیقت کے باوجود کہ گورنر مسلم لیگ کی وزارت قائم کرنے پر تلا ہوا تھا۔ کانگرس کو بھی ایوان وزارت میں دھکیل کر پہنچا دیا۔ یہ میری ہی مساعی کا نتیجہ تھا کہ مسلم لیگ نظر انداز کر دی گئی۔ اور کانگرس اقلیت میں ہونے کے باوجود پنجاب کے معاملات میں فیصلہ کن عنصر بن گئی۔ (۱۱)

(صفحہ ۱۲۷، ۱۲۸)

یونینسٹ پارٹی کے جواہر لال مخالف تھے

جواہر لال نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا۔ پنجاب کابینہ میں کانگرس کی شرکت اس حالت میں کہ وہ اکثریتی پارٹی نہیں بے نام سی ہے۔ اس طرح شرکت کرنے کے بعد مفاہمانہ رویہ اختیار کرنے اور کبھی کبھی اپنے اصولوں سے دستبردار ہونے پر وہ مجبور ہو جائے گی۔ (۱۲)

(صفحہ ۱۲۷)

جواہر لال نے غلطی تسلیم کر لی

ہو سکتا ہے کہ جواہر لال نے محسوس کیا ہو کہ بات بہت آگے بڑھ گئی ہے اور میرے جذبات کو اس گفتگو سے صدمہ پہنچا ہے۔ نیز حسب معمول بھولا بھائی ڈیسائی کے یہاں ٹھہرا ہوا تھا۔ دوسرے دن صبح صبح وہ میرے پاس آئے اور بڑی محبت و اخلاص کے ساتھ مجھے یقین دلایا کہ ان کی نکتہ چینی ایک لمحہ کیلئے بھی میری قیادت سے برگشتگی کا نتیجہ نہیں تھی۔ انہوں نے نہایت صفائی کے ساتھ اس بات کا اعتراف کیا کہ ان کی رائے غلط تھی۔ اور یہ خواہش ظاہر کی کہ اب یہ باتیں ہم فراموش کر دیں۔ مجھے جواہر لال سے یہی توقع تھی۔ ان کی فطرت کچھ ایسی ہے

کہ جب وہ کسی خیال سے متاثر ہوتے ہیں تو کسی ذہنی تحفظ کے بغیر اس کا اظہار کر دیتے ہیں۔ لیکن بعد میں اپنی غلطی کا احساس کرتے ہیں تو اس کے اعتراف میں بھی تامل نہیں کرتے، میں اس صاف گفتگو سے بہت متاثر ہوا، وہ اور میں ہمیشہ گہرے دوست رہے تھے، اور اس بات نے مجھے بہت تکلیف پہنچائی تھی کہ ہم دونوں کے درمیان کسی طرح کا بھی اختلاف ہو (۱۴۳)

(صفحہ ۱۳۰)

کشمیر میں جواہر لال کی گرفتاری (کابینہ وفد ہندوستان میں موجود ہے، شیخ عبداللہ نے کشمیر خالی کر دو کا نعرہ لگایا۔ مہاراجہ نے انہیں گرفتار کر لیا۔)

جواہر لال کشمیر کی اس جد و جہد سے جو نمائندہ حکومت کے لئے جاری تھی ہمیشہ سے دلچسپی لیتے آئے تھے، جب شیخ عبداللہ گرفتار کر لئے گئے، انہوں نے محسوس کیا کہ کشمیر جانا چاہیئے، یہ بھی خیال کیا گیا کہ شیخ عبداللہ اور ان کے رفقا کے لئے قانونی امداد مہیا کرنے کا انتظام کیا جائے، میں نے آصف علی سے کہا کہ یہ کام وہ کریں، جواہر لال نے کہا کہ وہ آصف علی کے ساتھ کشمیر جائیں گے، دونوں روانہ ہو گئے، مہاراجہ کی حکومت اس فیصلہ سے بہت پریشان ہوئی۔ اس نے ان دونوں کے داخلہ پر پابندی عائد کر دی، یہ لوگ راولپنڈی سے آگے بڑھ کر جب کشمیر کی سرحد پر پہنچے تو ادری میں انہیں روک لیا گیا انہوں نے مہاراجہ کا حکم ماننے سے انکار کر دیا، مہاراجہ کی حکومت نے انہیں گرفتار کر لیا، اس واقعہ سے سارے ہندوستان میں سنسنی پھیل گئی۔ (۱۴۴)

جواہر لال نے غلطی کی جہاں میں حکومت کشمیر کے اس اقدام پر سخت برہم تھا، وہاں میرے خیال میں کشمیر کے معاملہ پر اس وقت ایک نئی جنگ شروع کرنا بھی مناسب نہ تھا۔ (صفحہ ۱۴۸)

جواہر لال کی فطرت

(عارضی حکومت قائم ہونے کے بعد صوبہ سرحد سے اطلاع ملتی ہے کہ ڈاکٹر خان کے چیف منسٹر ہونے کے باوجود صوبہ سرحد کے لوگ کانگرس کے بجائے مسلم لیگ کے وفادار ہیں، جواہر لال اس سرکاری رپورٹ کو من گھڑت قرار دیتے ہیں اور صوبہ سرحد کے دورے کا فیصلہ کر لیتے ہیں)

جواہر لال کی فطرت کچھ اس قسم کی ہے کہ اکثر ان کے اقدامات وقتی جذبے اور ہیجان کے تابع ہوتے ہیں؛ ویسے وہ دوسروں کی بات سننے پر آمادہ رہتے ہیں۔ لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ حقائق پر غور کئے بغیر وہ کوئی فیصلہ کر لیتے ہیں اور جب فیصلہ کر لیں تو اس پر اڑ جاتے ہیں، پھر نتائج سے بے پرواہ آگے ہی بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

اپنے فیصلہ پر جواہر لال اڑے رہے

جب مجھے اس فیصلہ کا علم ہوا، میں نے جواہر لال سے کہا کہ وہ جلد بازی سے کام نہ لیں، کانگرس نے مرکز میں ابھی ابھی وزارت قبول کی ہے اور ابھی اپنے آپ کو وہ مستحکم نہیں کر سکی، اس موقع پر اگر انہوں نے سرحد کا دورہ کیا تو ناراضامند عناصر کو کانگرس کے خلاف سرگرم عمل ہونے کا موقعہ مل جائے گا۔ لہٰذا بہتر یہ ہے کہ کسی دوسرے مناسب وقت کے لئے دورہ ملتوی کر دیں۔ گاندھی جی نے بھی میری تائید کی لیکن جواہر لال اپنی بات پر اڑے رہے، انہوں نے کہا نتائج خواہ کچھ بھی ہوں، وہ بہرحال سرحد جائیں گے۔ (۱۵)

(صفحہ ۱۶۹-۱۷۰)

ماؤنٹ بیٹن اور جواہر لال

(مارچ ۱۹۴۷ء۔ نئے وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے سردار پٹیل کو تقسیم ہند کا قائل کر لیا ہے)

اب لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اپنی عنانِ توجہ جواہر لال کی طرف مبذول کی، پہلے پہل تو جواہر لال نے نہایت سختی سے تقسیم ہند کے تخیل کی مخالفت کی لیکن لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی ترغیب اس وقت تک جاری رہی جب تک رفتہ رفتہ جواہر لال کی مخالفت

کمزور نہ پڑ گئی۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے ہندستان آنے کے ایک مہینے کے اندر ہی اندر تقسیم ہند کے نعرے کا مخالف جواہر لال اگر اس کا پرزور حامی نہیں تو کم از کم خاموش سامع بن گیا۔

(۱۶)

لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا اثر جواہر لال پر

مجھے اکثر حیرت ہوتی ہے کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے کس طرح جواہر لال کو جیت لیا، جواہر لال ایک بااصول آدمی ہیں لیکن جذباتی بھی ہیں اور شخصی اثرات سے متاثر بھی ہو جاتے ہیں، ہو سکتا کہ سردار پٹیل کی بحث نے ان پر کوئی اثر کیا ہو، لیکن وہ اثر بہر حال فیصلہ کن نہیں تھا، جواہر لال لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے بہت زیادہ متاثر تھے اور ان سے بھی زیادہ لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا ان پر اثر تھا، وہ نہ صرف نہایت ذہین خاتون ہی بلکہ دل کو موہ لینے والے اطوار اور دوستانہ انداز کی بھی مالک ہیں، وہ اپنے شوہر کی انتہا سے زیادہ مداح ہیں، اکثر مواقع پر وہ ان لوگوں کے سامنے اپنے شوہر کی ترجمانی بڑے دلآویز پیرایہ میں کرتی ہیں جو ان سے متفق نہیں ہوتے۔

کرشنا مینن اور جواہر لال

دوسرا شخص جس نے اس مسئلہ پر جواہر لال کو ہموار کیا، کرشنا مینن تھا، میں جانتا ہوں جواہر لال اس کے مشورے کان دھر کر سنتے ہیں، میں نے محسوس کیا کہ کرشنا مینن نے اکثر انہیں غلط مشورہ دیا، سردار پٹیل اور میں کم ایسا ہوا ہے کہ کوئی بات ایک ہی طرح سوچیں، لیکن ہم دونو کرشنا مینن کی بدخوئی پر متفق تھے۔

(۱۷)

(صفحہ ۱۸۳-۱۸۴)

جواہر لال تقسیم ہند کے مبلغ بن گئے

چند روز بعد جواہر لال مجھ سے ملنے آئے، انہوں نے کہا کہ ہمیں خوش خیالی میں نہیں مبتلا رہنا چاہئیے حقیقت کا مقابلہ کرنا چاہئیے۔ آخر میں انہوں نے مجھ سے کہا کہ میں تقسیم ہند

کی مخالفت ترک کر دی، انہوں نے کہا کہ تقسیم یقینی ہے اور یہ عقل مندی نہیں ہے کہ جو بات بہر حالی ہونے والی ہے اس کی مخالفت کی جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ بات دور اندیشی سے بعید ہے کہ اس مسئلہ پر میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی مخالفت کروں۔

(۱۸)

جواہر لال سے میرا اختلاف

میں نے جواہر لال سے کہا کہ میں یہ بات تسلیم نہیں کر سکتا۔ میں صاف طور پر دیکھ رہا ہوں کہ ہم ایک کے بعد دوسرا غلط فیصلہ کر رہے ہیں، میں نے جواہر لال کو متنبہ کیا کہ اگر ہم تقسیم پر رضامند ہو گئے تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی، تاریخ کی شہادت یہ ہوگی کہ ہندوستان کی تقسیم مسلم لیگ اور کانگریس دونوں کے اشتراک سے عمل میں آئی۔

(۱۹)

(صفحہ ۱۸۵-۱۸۶)

جواہر لال اور دلّی کا قتل عام

(دلّی میں مسلمانوں کا قتل عام شروع ہو چکا ہے، حکومت کے مقرر کردہ اسپیشل مجسٹریٹ اور فوجی سپاہی بھی مسلمانوں کے قتل و غارت میں حصہ لے رہے ہیں)

۱۹۴۶-۴۷ء کے لرزہ خیز زمانہ میں جواہر لال نے بحیثیت ایڈمنسٹریٹر ہونے کا ثبوت دیا۔ وزیر بننے کے پہلے ہی دن سے انہوں نے محسوس کر لیا تھا کہ حکومت کو اپنے شہریوں کے درمیان کسی طرح کا امتیاز روا نہ رکھنا چاہیے۔ اسے ہندو، مسلمان، سکھ عیسائی، پارسی اور بدھ سب سے مساویانہ سلوک کرنا چاہئے۔ جو شخص بھی ہندوستان کا شہری ہے وہ قانون کی نظر میں یکساں حقوق کا حامل ہے۔

(۲۰)

فسادات بہار اور جواہر لال

جواہر لال کے ایڈمنسٹریٹر ہونے کی صلاحیت کا پہلا مشاہدہ ۱۹۴۶ء میں ہوا، کلکتہ کی خونریزی کے بعد ہی تو اکھالی میں فسادات پھوٹ پڑے جہاں ہندوؤں کو بے حد نقصان اٹھانا پڑا۔

بہار کے ہندوؤں نے نواکھالی کے ہندوؤں کا بدلہ لینے کیلئے مقامی مسلمانوں کو ہدفِ ستم بنا لیا، اور بہار کے سارے صوبے میں وسیع پیمانہ پر مسلمانوں کے قتل و بربادی کا بازار گرم ہو گیا۔ صوبائی حکومت اس صورتِ حال سے عہدہ برا نہ ہو سکی۔ حکومتِ ہند کو سختی کے ساتھ قدم اٹھانا پڑا۔ اس زمانے میں تقریباً دو ہفتے تک میں پٹنہ میں مقیم رہا۔ میں اس بات سے بہت متاثر ہوا کہ وہ پوری قوت اور سختی سے مسلمانوں کی تباہی و بربادی روکنے کی فکر میں لگے ہوئے تھے۔ ہم سب اسی کام میں مصروف تھے لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس کارِ دشوار میں سب سے نمایاں حصہ جواہر لال نے لیا۔ **(۲۱)**

(صفحہ ۲۱۲ - ۲۱۳)

جواہر لال کے بارے میں مولانا کے تاثرات و خیالات بڑے وقیع ہیں، اس لیے اہم اور مستند بھی!

مولانا کے اور جواہر لال کے تعلقات ذاتی نوعیت کے تھے، اور یہ زندگی کی آخری سانس تک قائم رہے، ان تعلقات میں دوستی تھی، اپنائیت تھی، وضع کا نباہ تھا، اگر یہ کہا جائے تو ذرا بھی مبالغہ نہ ہوگا کہ کانگریس سے آخر وقت تک مولانا کے وابستہ رہنے میں جہاں دوسرے فکری و نظری عوامل کارفرما تھے، وہاں موتی لال اور جواہر لال سے ان کے عزیزانہ تعلقات بھی ایک اہم عامل کی حیثیت رکھتے تھے۔

مولانا نے جواہر لال کے بارے میں جو کچھ فرمایا ہے، اس کے بعض پہلوؤں پر گفتگو ناگزیر ہے۔

(۱)

سامی جنگ کے سلسلہ میں جواہر لال کی روش یہ تھی کہ وہ انگریزوں کا ساتھ دینے کے لیے مجبور ہوں، خاص طور پر جاپان کا سر کچلنے کو بیتاب تھے۔ اس روش کا اگر تجزیہ کیا

جاتے، تو بلاشبہ اس میں فکری و نظری عناصر ہی نظر آئیں گے، لیکن جو بات خاص طور پر جواہر لال کو متاثر کر رہی تھی وہ تھا لاالحب علی بل لبغض معاویہ والا معاملہ جواہر لال کسی طرح بھی سوبھاش چندر بوس کو گوارا نہیں کر سکتے، سارے ہندوستان میں وہی ایک ایسے شخص تھے جو ان کے کامیاب حریف تھے، وہ کسی بات میں بھی جواہر لال سے پیچھے نہیں تھے، قابلیت خدمات، ایثار، قربانی، بے خوفی، دلیری، حب وطن، ہر دل عزیزی، قبول عام، تدبر، معاملہ فہمی، ہر منزل میں وہ جواہر لال سے اگر آگے نہیں تو پیچھے بھی نہیں تھے، ــــــــــ اور ایک بات میں آگے بھی تھے،۔

جواہر لال اپنی آزادروی کے باوجود ہر معاملہ میں "باپو" یعنی گاندھی جی کے سامنے جھک جانے کے عادی تھے، سوبھاش چندر بوس نے یہ کام سیکھا ہی نہیں تھا، وہ باپو کو اپنا ہمنوا بنانے کی کوشش کرتے تھے، لیکن خود باپو کے نقش قدم پر رہروی کریں، یہ ناممکن تھا، ان کی اس چیز نے عوام میں انہیں جواہر لال سے زیادہ ہردلعزیز بنا دیا تھا، اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ گاندھی جی، جواہر لال، سردار پٹیل، مولانا آزاد، راجندر پرشاد سب نے گھٹنے ٹیک دیئے۔ انہیں دوبارہ صدر کانگریس ہونے سے نہ روک سکے۔

جنگ شروع ہونے کے بعد بوس کی سرگرمیوں نے اسے نہ صرف ہندوستان کا، بلکہ ایشیا کا ہیرو بنا دیا، گاندھی جی تو مصلحت دیکھ کر اس کا کلمہ پڑھنے لگے اور بغیر اس کے کہ اس نے معافی مانگی ہو، از خود انہوں نے اسے معاف کر دیا، لیکن جواہر لال معاف نہ کر سکے، انہیں حریف کو زک دینے کی صورت یہی نظر آئی کہ اس کے مخالف کیمپ کا ساتھ دیا جائے، چنانچہ ساتھیوں کے روکنے کے باوجود وہ بار بار مسائل جنگ کے سلسلہ میں ایسا بیان دے دیتے تھے، جو انگریزوں کے لئے مفید مطلب ہوتا تھا۔ جس سے کانگریس کی سودے بازی پر برا اثر پڑتا تھا۔

(۲)

مولانا نے جواہر لال کی جو صفائی " قومی اور بین الاقوامی حدود" کو قائم کرکے دی ہے وہ قابل قبول نہیں ہے، قومی معاملات ہوں یا بین الاقوامی ہر معاملہ میں ان کی روش وہی ہوتی ہے جو ان کے اغراض ومقاصد کے قریب ہوتی ہے "کشمیر کا مسئلہ" قومی ہے، تبت کا "بین الاقوامی" لیکن دونوں مسائل کی نوعیت یکساں ہے، مگر کیا جواہر لال کا طرز عمل بھی یکساں ہے؟!

(۳)

لیکن جواہر لال کے ساتھ، نہ کرپس تھے، نہ مولانا آزاد نہ کانگرس ــــــــــ وہ تو ہر مسئلہ کا بوس کی روشنی میں مطالعہ کر رہے تھے اور اسی بنیاد پر رائے قائم کرتے تھے،

(۴)

یہ جواہر لال کی دیرینہ عادت ہے، اور اسی عادت نے انہیں گاندھی جی کا چہیتا بنا دیا تھا۔

۱۹۳۱ء میں جب گاندھی اِرون پیکٹ ہوا تو درحقیقت وہ گاندھی جی کی طرف سے اعتراف شکست تھا۔ وائسرائے نے گاندھی جی کا کوئی خاص مطالبہ نہیں منظور کیا تھا، سول نافرمانی کے اسیروں کی بڑی تعداد کو رہا کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ بعض دہشت پسندوں کو پھانسی کی سزا ہو چکی تھی۔ ان کیلئے گاندھی جی نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا لیکن وائسرائے لارڈ ارون ٹس سے مس نہ ہوئے۔ پھر بھی گاندھی جی نے صلح کر لی۔

جواہر لال نے خود اپنی خود نوشت میں اس واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہم لوگ ڈاکٹر انصاری کی کوٹھی میں سوئے ہوئے تھے، رات گئے گاندھی جی لارڈ ارون سے معاہدہ صلح کرکے واپس تشریف لائے، ہم سب کو جگا کر معاہدہ دکھایا گیا۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جسے " بہترین شکست کے بجائے صلح کہا جا سکے" اس حادثہ نے میرے ہوش و حواس پراگندہ کر دیئے۔ لیکن "باپو" ایک فیصلہ کر آئے تھے، ہمیں ماننا پڑا۔

"گاندھی اروِن پیکٹ" کے بعد بھی کئی مرتبہ ایسے واقعات پیش آئے، جواہر لال نے ہر مرتبہ، اسی ہچکچاہٹ کا اظہار کیا۔

(۵)

اس "ذہنی بوجھ" کے اسباب و عوامل کا تجزیہ سطورِ بالا میں کیا جا چکا ہے۔

(۶)

جواہر لال کی جرأت بیباک ایک ایسی حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا اس معاملہ میں شاید ہندوستان کا کوئی لیڈر، ان کا حریف نہیں بن سکتا۔

اس موقع پر اپنا ایک مشاہدہ میں بیان کر دینا چاہتا ہوں:

۱۹۲۸ء کا واقعہ ہے!

میں دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کا ایک طالب علم تھا۔ اس زمانہ میں سائمن کمیشن کی آمد آمد کی خبر لکھنؤ میں مشتہر ہوئی، تمام کالجوں اور یونیورسٹیوں اور اسکولوں کے طلبہ نے طے کیا کہ چار باغ کے اسٹیشن پر "سائمن گو بیک" کے نعروں سے خیر مقدمی مظاہرہ کیا جائے۔

لکھنؤ یونیورسٹی کے بورڈنگ ہاؤس اور ندوہ کے بورڈنگ ہاؤس میں چند قدم کا فاصلہ ہے۔ طے یہ ہوا کہ صبح جو جلوس جائے وہ ندوہ اور لکھنؤ یونیورسٹی کے طلبہ کا مشترکہ جلوس ہو، چار باغ اسٹیشن کے سامنے طویل و عریض میدان شہر کے طلبہ اور باشندوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ اس مظاہرہ کی قیادت کرنے جواہر لال خاص طور پر الٰہ آباد سے لکھنؤ تشریف لائے تھے، چنانچہ مظاہرین کے آگے آگے وہ موجود تھے۔

لکھنؤ کے سٹی مجسٹریٹ عین الدین تھے، (ڈبلیو زیڈ احمد کی اہلیہ اور مشہور رقاصہ تیتا کے والد) یہ بڑے سخت مزاج آدمی تھے۔ مظاہرے کو روکنے اور مظاہرین کو درہم برہم کرنے کا کام حکومت نے انہیں کو سونپا! یہ ایک اسپ تک سیر پر سوار موقع واردات پر موجود تھے۔ گھوڑے سوار پولیس بھی ڈنڈے اور پستول سے مسلح کافی

تعداد میں موجود تھی، اس موقع پر چوہدری خلیق الزماں، پنڈت گوبند بلبھ پنت، موہن لال سکسینہ وغیرہ مقامی کانگرسی لیڈر بھی موجود تھے۔

علین الدین صاحب نے مجمع کو حکم دیا کہ برخاست ہو جائے جواہر لال نے کہا، ہم سائمن صاحب کا خیر مقدم کئے بغیر واپس نہیں جا سکتے، علین الدین نے اپنے سوار دل کو حکم دیا۔

"بزن"!

یہ سوار اپنے بڑے بڑے ڈنڈے لے کر مجمع پر پل پڑے بھلا گھوڑوں کی ٹاپوں اور سپاہیوں کے ڈنڈوں کا مقابلہ کون کرتا؟ بھگدڑ مچ گئی، لیکن میں اس واقعہ کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا کہ جواہر لال کے پائے ثبات میں جنبش تک نہیں پیدا ہوئی، وہ چٹان کی طرح اپنی جگہ کھڑے رہے، ایک موقعہ تو ایسا آیا کہ اگر بہت سے طلبہ انہیں گھیرے میں نہ لے لیتے تو شاید وہ گھوڑے کے پاؤں تلے روندے جاتے، لیکن ان کا استقلال قائم رہا،

اس اثنا میں سائمن صاحب کا قافلہ اترا، اور مجمع نے علین الدین صاحب کی موجودگی میں مسلسل نعرے لگانا شروع کئے۔

"سائمن گو بیک"

تھوڑی دیر کے بعد مجمع منتشر ہو گیا۔

شام کو امین آباد پارک میں زبردست احتجاجی جلسہ ہوا، جس میں جواہر لال نے بڑی پرجوش تقریر کی، ڈائس پر پنڈت پنت بھی بیٹھے تھے، کسی سپاہی کا ڈنڈا ان کے ماتھے پر پڑا تھا، جس سے ماتھا کھل گیا تھا، پٹی باندھے بیٹھے تھے، خون ابتک رس رہا تھا۔

(۷)

الموڑہ جیل میں بھی جواہر لال کا شغل بیکاری یہی تھا۔

(۸)

مولانا کے اس "کارنامہ" کی حقیقت یہ ہے کہ پنجاب میں تقریباً ساری مسلم نشستوں پر اگرچہ لیگ نے قبضہ کر لیا تھا، اور از روئے اخلاق و آئین اسے تشکیل وزارت کا حق تھا، لیکن مولانا نے سر خضر حیات خان اور ان کے تین چار ساتھیوں، قزلباش اور برق وغیرہ کو مسلمانانِ پنجاب کا نمائندہ تسلیم کر لیا، کانگرس کو سکھوں کو اور دوسرے غیر مسلم عناصر کو، خضر حیات کا پشت پناہ بنا دیا، مسلمانوں کی اکثریت چونکہ عددی تھی، لہٰذا مبینہ غداروں کو اپنے ساتھ ملا لینے کے بعد، مولانا نے درحقیقت کانگرسی بظاہر یونینسٹ حکومت قائم کرا دی ——————— مولانا ہندوؤں کے شورِ مبارکباد سے اتنے مسحور ہوئے کہ انہوں نے یہ نہ سوچا، اسطرح وہ پاکستان کی بنیاد مستحکم کر رہے ہیں، انہوں نے سوچا، اور بجا طور پر سوچا کہ جب اس طرح ساری اکثریت چال بازیوں کے باعث اب اقلیت بنائی جا سکتی ہے تو سارے ہندوستان کی عنانِ اقتدار ہاتھ میں لے لینے کے بعد مسلم اکثریت کے صوبے بالکل کانگرس کے رحم و کرم پر ہوں گے، وہاں وہی حکومت بن سکے گی جو کانگرس کی منظورِ نظر ہو۔

(۹)

نہرو خاندان کے لوگ مولانا سے چاہے جتنے خفا ہوں، لیکن یہ ماننا پڑے گا، انہوں نے جو بات نہرو کو سمجھائی، وہ تھی اصولی اور سچّی!

واقعی مسلم لیگ عوامی جماعت تھی، اس سے اشتراک و تعاون کانگرس کے شایانِ شان تھا، لیکن یونینسٹ جماعت، جس نے ہمیشہ کانگرس کے سر پر ڈنڈے برسائے جس نے کانگرس کی ہر تحریک کو پوری بہیمیت سے کچلا، جس نے کانگرسی لیڈروں کو ہتھکڑیاں پہنا کر جیل بھیجا، جس نے انگریزوں کی حمایت اور جاں نثاری میں اپنے ملک قوم اور وطن سے غداری کی، جو صرف جاگیرداروں، اور بڑے بڑے زمینداروں پر

تشکیل تھی، جس میں سر اور خاں بہادر اور رائے بہادر بھرے ہوئے تھے، جس کے ارکان میں سے ایک آدمی بھی ایسا نہیں تھا، جس نے کبھی بھولے سے بھی، کسی عوامی تحریک میں حصہ لیا ہو، جس نے انگریزوں کی وفاداری پر قوم اور ملت کی وفاداری کو ترجیح دی ہو، محض مسلم لیگ کو زک دینے کے لئے "ایسی جماعت سے ساز باز کرنا" اور سازش سے کام لے کر اس کی وزارت بنوا دینا، یقیناً مولانا کا ایسا کارنامہ تھا جس پر ہندوؤں کی مسرت بجا تھی، جس پر مولانا بھی فخر کرنے میں، ممکن ہے حق بجانب ہوں، لیکن ملت اسلامیہ کا جہاں تک تعلق ہے، اس نے نفرت اور حقارت کے ساتھ اس کارنامہ کو دیکھا تھا، یہ کارنامہ اس کی نظر میں بالکل ایسا ہی تھا جیسے جعفر و صادق کا،

چنانچہ خود کانگرس کے معاملہ فہم طبقہ نے بھی اسے پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا اور جواہر لال نے بالکل بجا طور پر کہا کہ مولانا نے

"یونینیسٹ پارٹی کے ساتھ کانگرس کو شریک وزارت کر کے اصول قربان کر دیا تھا"

(۱۰)

یہ مولانا کی غلط فہمی تھی!

اقلیت کا کوئی فرد بھی، اپنی قوم اور ملت سے زیادہ غداری کرنے کے بعد بھی "ایسی پوزیشن" نہیں حاصل کر سکتا کہ اکثریت اسے اپنا قائد مطلق تسلیم کر لے اور یہ بات کچھ فطری سی ہے، ہندوستان ہی میں نہیں، دنیا کے ہر ملک میں یہی ہوتا ہے روس میں، انگلستان میں، جرمنی میں، امریکہ میں، کوئی یہودی خواہ کتنا ہی قابل ہو، اس کے خدمات کتنے ہی وقیع ہوں، اس کے کارنامے کیسے ہی لازوال ہوں، چرچل، آئزن ہاور، ڈیگال اور ایڈنائر کا مقام نہیں حاصل کر سکتا۔

(۱۱)

حیرت ہے، مولانا، جن کی زندگی کا پہلا دور علمائے سوء کے خلاف دشنام و پیکار میں گزرا تھا، اور جو زندگی کے آخری دور میں ان لوگوں کے خلاف صف آرا رہے جو جماعتی تنظیم میں شگاف ڈالنے کے عادی تھے، خود ایسا کارنامہ انجام دے گئے جو ان دونوں کا جامع تھا، اتنے خوش اور نازاں ہیں!

ناطقہ سر بہ گریباں کہ اسے کیا کہیے
خامہ انگشت بدنداں کہ اسے کیا لکھیے؟

(۱۲)

جواہر لال کا یہ خیال بے بنیاد نہیں تھا؛ بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا کہ ایسا ہوا بھی۔

(۱۳)

یہ جواہر لال کی وہی کمزوری ہے، جسے "لچک" سے تعبیر کیا جا سکتا ہے ——— ——— ان پر القا اور الہام نہیں ہوا تھا کہ انہوں نے صحیح موقف اختیار کر کے غلطی کی۔ یہ احساس انہیں مولانا کے پاس لایا تھا کہ لے دے کے ایک مولانا ہی تو ہیں جنہیں کانگرس "شو بوائے" کے طور پر استعمال کر رہی ہے؛ یہ بھی دل برداشتہ ہو کر اگر دامن جھاڑتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوں تو کانگرس واقعی بالکل ہندو جماعت بن جائے گی، کانگرس کے "ہندو جماعت بن جانے کے مقابلہ میں" یہ بے اصولی جواہر لال نے گوارا کر لی۔

(۱۴)

تاریخ کا یہ بھی کتنا عجیب اور حیرت انگیز واقعہ ہے،
شیخ عبداللہ جب ایک قومی کارکن کی حیثیت سے "کشمیر خالی کر دو" کا نعرہ بلند

کرتے اور کشمیریوں کی آزادی کا مطالبہ کرتے ہیں، مہاراجہ خفا ہو کر انہیں گرفتار کر لیتے ہیں، تو جواہر لال ملک کے وسیع تر مفاد کو پس پشت ڈال کر، صدر کانگریس اور حکومت برطانیہ کے مذاکرات میں جمود پیدا کر کے اور اسطرح آزادی ہند کے امکان میں مزید تاخیر پیدا کر کے کشمیر پہونچتے ہیں، قانون شکنی کرتے ہیں اور گرفتار ہو جاتے ہیں۔

لیکن یہی شیخ عبداللہ جب ایک مرتبہ پھر چند سال کے بعد وزیر اعظم کشمیر کی حیثیت سے کشمیر کے حق خود ارادیت کا نعرہ بلند کرتے ہیں تو ہر دستور اور آئین سے منہ موڑ کر انہیں وزارت سے ڈسمس کر دیا جاتا ہے وہ گرفتار کر لئے جاتے ہیں بغیر مقدمہ چلائے انہیں جیل میں ٹھونس دیا جاتا ہے۔ اور سالہا سال تک ان کی خبر نہیں لی جاتی انہیں غدار قرار دیا جاتا ہے، بیچاری مردولا سارا بائی عبداللہ کی حمایت کرتی ہے۔ تو وہ بھی گرفتار کر لی جاتی ہے۔ اور یہ سب کچھ مہاراجہ ہری سنگھ نہیں کرتے، جواہر لال نہرو کرتے ہیں

میرے تغیر رنگ پہ مت جا
انقلابات ہیں، زمانے کے

وہی بات، مہاراجہ ہری سنگھ کریں تو غلط، اور وزیر اعظم ہند جواہر لال کریں تو درست

تم بھی وہی کہو تو، کہے اک جہاں بجا
میں بھی وہی کہوں تو کہے اک جہاں غلط

(۱۵)

سرحد کے اس دورہ سے بہرحال ایک فائدہ تو ہوا، ڈاکٹر خان صاحب، اور خان عبدالغفار خان کا بھرم کھل گیا، کیونکہ ان کے "طرۂ پر پیچ وخم" کا "پیچ وخم" سرحد کے عوام نے دن دہاڑے اور پنڈت نہرو کے سامنے نکال دیا تھا۔

(۱۶)

بھلا دیتی ہیں سب رنج والم، حیرانیاں میری
تیری تمکین بے حد کی قسم، ایسا بھی ہوتا ہے

(۱۷)

مولانا کا اور حسرت موہانی کا ریاسی اور ادبی مسلک بالکل جداگانہ تھا، اور ہمیشہ جدا رہا، لیکن جواہر لال کی بارگاہ میں کرشنا مینن کو باریاب اور کامیاب دیکھ کر ضرور انہیں حسرت کا یہ شعر، کسی نہ کسی وقت یاد آتا ہوگا۔

گر وفاداری اغیار کا عوغا ہے یہی !
جان سے ہم بھی گذر جائیں گے سوچا ہے یہی

(۱۸)

یہ بات اگر جواہر لال نے شروع ہی میں محسوس کرلی ہوتی، تو مولانا کو اتنا صدمہ بھی نہ ہوتا، اور حالات بھی اس قدر زیادہ نازک صورت نہ اختیار کرتے،

ہرچہ دانا کند، کند ناداں
لیک بعد از خرابی بسیار !

لیکن مولانا کا استقلال قابل داد ہے کہ وہ "خرابی بسیار" کے بعد بھی اپنی ضد پر قائم رہے۔

(۱۹)

یہ تو صحیح ہے کہ تاریخ کبھی بھی کانگرس کو معاف نہیں کرے گی، لیکن اس بات پر نہیں کہ اس نے تقسیم کیوں قبول کی ؟ اس بات پر کہ اس نے ذہنی تحفظ کے ساتھ، تقسیم کیوں قبول کی ؟

دونوں میں بڑا فرق ہے، اور اس فرق کی نشاندہی خود مولانا بھی کئی مقامات پر

اپنی کتاب میں فرما چکے ہیں۔

(۲۰)

لیکن اس احساس کے باوجود عملی طور پر جواہر لال کچھ نہ کر سکے!

خود مولانا نے اپنی اس خود نوشت میں تحریر فرمایا ہے کہ جواہر لال نے گاندھی جی کے سامنے اعتراف کیا کہ مسلمان کتے بلی کی طرح قتل کئے جا رہے ہیں، اور وہ کچھ نہیں کر سکتے سردار پٹیل نے انہیں ڈانٹ دیا کہ جو کچھ ہو رہا ہے اس سے زیادہ کے مسلمان مستحق ہیں۔

جواہر لال کی یہ ادا ہے، ——————— بسیار شیوہ ہاست بتاں را کہ نام نیست ——————— کہ وہ اپنی قوم اور اپنی حکومت کے ظلم وستم کے خلاف خوب زور شور سے احتجاج کرتے ہیں، لیکن نہ اپنی حکومت کو راہ راست پر لا سکتے ہیں، نہ قوم کی اصلاح کر سکتے ہیں۔

اردو کا حامی، جواہر لال سے زیادہ ہندوستان میں کوئی نہیں ہے۔ بابائے اردو مولوی عبدالحق اگر ہندوستان میں ہوتے تو شاید اس مسئلہ پر دونوں میں رقابت ہو جاتی، لیکن اردو سے اس والہانہ شیفتگی کے باوجود وہ اسے اس کا حق نہ دلا سکے۔

مسلمانوں کو وہ آئین وقانون کی میزان میں وہی درجہ دیتے تھے جو ہندوؤں کو حاصل تھا، لیکن مسلمان ان کی نظر کے سامنے، ان کی راجدھانی میں کتے بلی کی طرح کٹتے رہے، لیکن نہ وہ سردار پٹیل سے وزارت داخلہ چھین سکے، نہ خود مستعفی ہو سکے، نہ حکومت کی مشنری میں ردوبدل کر سکے، نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی ہمدردیاں مسلمانوں کے کام نہ آسکیں وہ سیہ بختی کے بدستور شکار رہے۔

(۲۱)

اب بھی جب چند روز پہلے بہار میں فساد ہوا، اور سینکڑوں ہی میں مسلمان تہ تیغ بے دریغ ہوئے، تو وہ مقتول مسلمانوں کے لئے دعائے مغفرت

اور ان کے پسماندگان کے لئے التجائے صبرِ جمیل' اور بہار کے ہندوؤں کو مسلمانوں سے حسنِ سلوک کی نصیحت کرکے چلے آتے۔ کسی ہندو قاتل کو سزا ملی ہو یا کوئی ہندو لٹیرا پکڑا گیا ہو، اس غلطی کا صدور تا تحریر سطور ہذا تو نہیں ہوا۔

---

(۱۲)

چیانگ کائی شیک

ہندوستان سے چیانگ کی ہمدردی

آغاز جنگ کے ساتھ ہی جنرلمو چیانگ کائی شیک نے اس بات پر زور دینا شروع کیا کہ حکومت برطانیہ کو ہندوستان سے معاملات روبراہ کر لینے چاہئیں۔ پھر جب پرل ہاربر پر جاپان نے حملہ کیا تو چیانگ کائی شیک کے اس اصرار نے اور زیادہ شدت اختیار کر لی میدان جنگ میں جاپان کے کود نے کا یہ قدرتی نتیجہ تھا کہ چیانگ کائی شیک اور چینی حکومت کی اہمیت میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا اور چین بھی امریکہ، برطانیہ، روس اور فرانس کی طرح بڑی طاقتوں میں شمار ہونے لگا۔

جواہر لال اور چیانگ کائی شیک

جنگ شروع ہونے سے کچھ ہی مدت پہلے جواہر لال نے جنوبی چین کا دورہ کیا تھا، چیانگ کائی شیک ان کے میزبان تھے۔ اس طرح ان دونوں میں بڑے گہرے اور قریبی تعلقات و مراسم پیدا ہو گئے۔

ہندوستان کے مطالبۂ آزادی سے چیانگ کی ہمدردی

جواہر لال کے دورۂ چین کا ایک نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ چیانگ کائی شیک نے ایک مشن ہندوستان بھیجا اور مجھے بہ حیثیت صدر کانگرس ایک خط بھیجا جس میں ہندوستان کے جذبۂ آزادی کے ساتھ پوری پوری ہمدردی کا اظہار کیا

تھا۔

چیانگ کائی شیک ہندوستان میں اب چیانگ کائی شیک نے فیصلہ کیا کہ انھیں خود بھی ہندوستان کا دورہ کرنا چاہیئے، اور وائسرائے، نیز کانگرسی رہنماؤں سے مل کر مفاہمت باہمی کی کوئی صورت پیدا کرنی چاہیئے۔

صـــ ۴۲

چیانگ کائی شیک کا مشورہ ۹ر فروری ۱۹۴۲ء کو جنرل اور میڈم چیانگ کائی شیک دہلی پہنچے، دو دن بعد میں نے اور جواہر لال نے ان سے ملاقات کی، انہوں نے کہا،

" محکوم قومیں دو میں سے ایک ہی طریقے پر عمل کر کے آزادی حاصل کر سکتی ہیں، یا تو تلوار سونت لی جائے اور غیر ملکی حکمرانوں کو نکال باہر کیا جائے، ورنہ پھر پُرامن ذرائع سے آزادی حاصل کی جائے۔ اس صورت میں آزادی کی طرف جو قدم بڑھے گا، وہ تدریجی ہوگا ؟ "

اس کے بعد جنرلمو نے پوچھا،

" ہندوستان کی صحیح جگہ کہاں ہے ؟ نازی جرمنی کے ساتھ یا جمہوریتوں کے ساتھ ؟ "

پھر انہوں نے کہا

" اگر برطانوی حکومت خود مختار حکومت، درجۂ نوآبادیات کے برابر عطا کرتی ہے، تو اسے ضرور قبول کر لینا چاہیئے ! "

جواہر لال نے مجھ سے اردو میں کہا

" کانگرس کے صدر آپ ہیں، آپ ہی جواب دیجیئے۔ "

میں نے کہا "اگر دوران جنگ میں برطانوی حکومت ہمیں درجۂ نو آبادیات کی پیشکش کرے گی اور اس پر رضامند ہو جائے گی کہ نمائندگان ہند، آزادی اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہوں، تو کانگرس ہرگز اس طرح کی پیشکش مسترد نہیں کرے گی۔!"

ص ۴۳-۴۴

تاج محل دیکھنے کی آرزو

جنرلسمو نے تاج محل دیکھنے کی خواہش ظاہر کی، حکومت نے اپنے پسندیدہ آدمیوں کے ساتھ ان کے دورہ کا پروگرام بنا دیا، لیکن میڈم چیانگ کائی شیک نے اصرار کیا کہ جواہرلال ضرور ہمارے ساتھ آگرہ جائیں گے۔ اس طرح وہ چیانگ پارٹی کے ایک ممبر بن گئے، حکومت کو یہ بات بہت گراں گذری۔!

ص ۴۴-۴۵

گاندھی جی سے چیانگ کی ملاقات

دہلی سے جنرلسمو کلکتہ گئے، گاندھی جی برلا پارک میں مقیم تھے۔ جنرلسمو اور میڈم چیانگ کائی شیک ان سے ملنے وہیں آئے، یہ ملاقات تقریباً دو گھنٹہ تک جاری رہی میڈم چیانگ کائی شیک ترجمان کے فرائض انجام دے رہی تھیں (کیونکہ جنرل سمو چینی کے سوا کوئی دوسری زبان نہیں جانتے تھے، اور میڈم آسانی سے انگریزی بول لیتی تھیں) گاندھی جی نے انہیں بتایا کہ جنوبی افریقہ میں پہلے پہل کس طرح انہوں نے ستیہ گرہ کا آغاز کیا۔ اور پھر کیونکر تدریجی طور پر، عدم تشدد، اور عدم تعاون کی تکنیک نے نشو و نما کے مراحل ہندوستان کے سیاسی مسائل حل کرنے کے سلسلہ میں طے کئے ہے؟

گفتگو کا اچھا اثر نہ پڑا

اس ملاقات کے وقت میں کلکتہ میں موجود نہیں تھا۔ بعد میں جواہرلال نے اس ملاقات کے حالات مجھے بتائے، یہ وہ زمانہ

تھا کہ جواہر لال، تمام معاملات میں، گاندھی جی کے ہمنوا نہیں تھے۔ انہوں نے کہا، گاندھی جی نے حسین انداز میں جنرل سمٹ سے بات چیت کی، اس کا کچھ اچھا اثر ان پر نہ پڑا۔

میرے لیے اس بارے میں محاکمہ کرنا آسان نہیں، ہو سکتا ہے کہ جنرل سمٹ گاندھی جی کے موقف کے موثرات صحیح طور پر سمجھ نہ سکے ہوں، یہ بھی ممکن ہے کہ گاندھی جی کے دلائل کو انہوں نے وزنی نہ محسوس کیا ہو۔ لیکن مجھے بڑی حیرت ہو گی اگر واقعتہً وہ گاندھی جی کی شخصیت سے متاثر نہ ہوئے ہوں جس کی سحر طرازی سے غیر ملکی ہمیشہ متاثر ہوتے رہے ہیں۔

ص ۴۴ - ۴۵

مولانا نے جنرل چیانگ کائی شیک کے بارے میں جو خیالات ظاہر فرمائے ہیں ان سے مندرجہ ذیل امور ثابت ہوتے ہیں:-

(۱)

غلام ہندوستان کی آزادی سے آزاد چین کے سربراہ مملکت چیانگ کائی شیک کو غیر معمولی ہمدردی تھی۔

(۲)

جواہر لال سے چیانگ کائی شیک کو بہت زیادہ تعلق خاطر تھا۔

(۳)

جواہر لال جب چین گئے تو آزاد چین کے سربراہ مملکت نے غلام ہندوستان کے لیڈر جواہر لال کو اپنا مہمان رکھا۔

(۴) خود جنگ کے خطرناک ترین زمانہ میں راستے کے خطرات سے بے پرواہ ہو کر ہندوستان آئے، جواہر لال سے ملے اور حکومت ہند کی ناراضی، برہمی اور خفگی کی پروا کئے

بغیر، کانگرسی رہنماؤں سے براہِ راست رابطہ قائم کیا۔

(۵)

جب تاج محل کی زیارت کے لیے وہ آگرہ جانے لگے تو میڈم چیانگ کائی شیک نے اصرار کر کے جواہر لال کو اپنی پارٹی میں شریک کیا۔

یہ سب باتیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ چیانگ کائی شیک کو ہندوستان کی آزادی اور جواہر لال کی ذات سے کس درجہ تعلق خاطر رہا۔

لیکن جواہر لال نے آزاد ہندوستان کے وزیر اعظم کی حیثیت سے ان احسانات کا جواب کس طرح دیا؟

داخلی شورش کے بعد جب ماؤزے تنگ کی کمیونسٹ پارٹی چین پر قابض ہو گئی اور چیانگ کائی شیک فارموسا میں چینی حکومت کے سربراہ بن کر پہنچے تو جواہر لال کی آنکھیں بدل گئیں۔ انہوں نے چیانگ کائی شیک سے اتنی ہمدردی بھی نہیں کی جتنی وہ تبت کے دلائی لامہ سے کر رہے ہیں۔

جواہر لال کا یہ شیوہ کچھ نیا نہیں ہے۔ یہ ان کی دیرینہ عادت ہے۔
مصر کے نحاس پاشا سے بھی غلامی کے زمانے میں ان کے بہت گہرے تعلقات تھے، ممکن نہ تھا کہ لندن جاتے اور آتے وقت وہ نحاس پاشا کے مہمانِ خصوصی نہ بنیں۔!

لیکن جب جمال عبدالناصر نے مصر پر قبضہ کر لیا اور تطہیر کی مہم شروع کی تو مصر کے سیاسی لیڈروں میں سب سے پہلے نحاس ہی شکار بنائے گئے۔ اس واقعہ کے بعد کئی مرتبہ جواہر لال مصر گئے، جمال عبدالناصر کے مہمان بنے، ان سے دوستی کی پینگیں بڑھائیں لیکن کبھی بھولے سے نحاس پاشا کی خیریت نہ دریافت کی، وہ کچھ اور نہیں کر سکتے تھے تو کم از کم چیانگ کائی شیک کی طرح یہ تو کر سکتے تھے کہ جس طرح وہ ہندوستان آنے کے بعد حکومت

برطانیہ کے معتوب کانگرسی لیڈروں سے ملے اور ذاتی رابطہ انہوں نے قائم رکھا۔ اسی طرح جواہر لال شوق سے جمال عبد الناصر کے مہمان بنتے، لیکن نحاس بیچارے سے مل تو لیتے ! ظاہر ہے نحاس پاشا ان سے ناصر کے خلاف سازش کرنے تو نہ بیٹھ جاتے !

درد کے ملنے سے اے یار برا کیوں مانا
اس کو کچھ اور سوا دید کے منظور نہ تھا

---

(۱۳)

سر خضر حیات خاں

مسلم لیگ کے خلاف کانگریس سے خضر حیات کا تعاون

(جون ۴۵ء شملہ کانفرنس وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے لئے کانگریس بضد ہے کہ وہ مسلمانوں کو نامزد کرنے کا حق بھی رکھتی ہے مسلم لیگ کو اصرار ہے کہ مسلمان ممبروں کی نامزدگی صرف مسلم لیگ ہی کرے گی)

"پنجاب کے وزیر اعظم کی حیثیت سے خضر حیات خاں بھی اس کانفرنس میں شریک تھے۔ اس زمانہ میں متعدد بار وہ مجھ سے آکر ملے۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ تمام اختلافی مسائل پر ان کا رویہ نہایت معقول تھا۔ وہ ہمارے مددگار ثابت ہوئے، انھوں نے پیش آمدہ مسائل میں ہم سے پورا پورا تعاون کیا۔ (۱)

(صفحہ ۱۱)

خضر حیات کے نام سے جناح کا اختلاف

ایگزیکٹو کونسل کے ممبروں کی جو عارضی فہرست خود لارڈ ویول نے تیار کی تھی اس میں پنجاب کے وزیر اعظم خضر حیات خاں

کا نام بھی تھا، مسٹر جناح نے نہایت سختی کے ساتھ اس تجویز کی مخالفت کی۔ (۴۲)

کانگریس خضر حیات کے ساتھ تھی

خضر حیات خاں بھاگے بھاگے مجھ سے ملنے آئے، میں نے انہیں یقین دلایا کہ کانگریس کو ان کی شمولیت پر قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہے، یہی بات میں نے بار بار لارڈ ویول سے بھی گوش گذار کی۔ (۴۳)

(ص ۱۱۴)

میری حکمتِ عملی نے خضر حیات کو وزیر اعلیٰ بنا دیا

(۱۹۴۶ء کے عام انتخابات کے بعد وزارت سازی کے سلسلہ میں مولانا آزاد لاہور پہنچتے ہیں)

"پنجاب کی صورت حالات خاص طور پر نہایت نازک تھی۔ یہ مسلم اکثریت کا صوبہ تھا لیکن کسی پارٹی کو بھی واضح اکثریت انتخابات میں حاصل نہیں ہوئی تھی، مسلم ممبران اسمبلی، یونینسٹ پارٹی اور مسلم لیگ میں منقسم تھے۔ میں نے دونوں جماعتوں سے گفتگو کی، مسٹر جناح کی ہدایت کے مطابق لیگ پارٹی نے میری دعوت قبول نہیں کی پھر بھی میں نے گفت و شنید کا سلسلہ ایسے انداز میں جاری رکھا کہ یونینسٹ پارٹی کیسے کانگریس کی تائید کے ساتھ تشکیل وزارت کا مرحلہ آسان ہو گیا گورنر ذاتی طور پر مسلم لیگ کی طرف مائل تھا لیکن میری اس حکمت عملی کے باعث اب اس کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار باقی نہ رہ گیا کہ یونینسٹ پارٹی کے لیڈر خضر حیات خاں کو تشکیل وزارت کی دعوت دے۔" (۴۴)

میں نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔

یہ پہلا موقع تھا کہ پنجاب میں کانگریس شریک حکومت بنی، یہ ایسی بات تھی جو اب تک ناممکن سمجھی جاتی رہی، سارے ملک کے سیاسی حلقوں نے اعتراف کیا کہ میں نے غیر معمولی صلاحیت اور تدبر کا ثبوت دیتے ہوئے پنجاب میں وزارت سازی کا کارنامہ انجام دیا ہے۔ ملک کے مختلف اطراف و جوانب سے مبارکباد

کے نامہ دوں کی خبر پر جبر مار ہو گئی۔ نیشنل ہیرالڈ نے جو یو پی کانگرس کا ترجمان ہے مجھے مبارک باد دی کہ میں نے ایسا طرز کار اختیار کیا جس سے پنجاب کا پیچیدہ اور مشکل مسئلہ حل ہو گیا۔ اس اخبار نے تو میرے بارے میں یہاں تک لکھ دیا کہ پنجاب کے حالات کو اس طرح مٹھی میں لے لینا میری صلاحیت اور تدبر کی ایسی شاندار مثال ہے۔ جس کی نظیر اب تک کسی کانگریسی لیڈر کے ہاں نظر نہیں آئی۔ (۵)

(ص ۱۲۸)

خضر حیات کانگرس کے زیر اثر آ گئے خضر حیات خاں کانگرس کی پشت پناہی کے باعث اب پنجاب کے وزیر اعظم تھے اور قدرتی طور پر کانگرس کے زیر اثر بھی۔ (۶)

ص ۱۲۹

خضر حیات خاں کے بارے میں مولانا نے جن تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ وہ بڑے سبق آموز ہیں، جو واقعات اس باب میں بیان ہوئے ہیں وہ افسوسناک بھی ہیں اور خطرناک بھی، مولانا کو اپنے جس کارنامہ پر فخر ہے، جس کی داد نیشنل ہیرالڈ اور دوسرے کانگریسی اخبارات نے دی، مولانا کو اس پر فخر ہے، اسی طرح کا فخر نظام حیدر آباد کو بھی تھا جب اس نے انگریزوں کا ساتھ دے کر ٹیپو سلطان کی حکومت ختم کرائی تھی، حکیم احسن اللہ خاں کو اور میر رجب علی اور الٰہی بخش کو بھی تھا، جنہوں نے بہادر شاہ کی حکومت ختم کرائی، علی نقی کو بھی تھا، جس نے واجد علی شاہ کا تختہ ڈبویا، جبر نہ ہے

قائداعظم اور مسلم لیگ کے خلاف مولانا آزاد اتنے آگے جا پہنچے کہ وہ یہ سب کچھ کرنے پر تیار ہو گئے ؛ انہوں نے ذرا نہ سوچا کہ ملت اسلامیہ تو ممکن ہے انہیں معاف کر دے ، لیکن تاریخ کبھی نہیں معاف کرے گی !

اب میں الگ الگ مولانا کے اشارات کی روشنی میں حالات کا جائزہ لوں گا :

(۱)

خضر حیات خاں جب مولانا سے بار بار آکر ملے اور مسلم لیگ کے خلاف مورچہ بنانے میں مددگار ہی ثابت ہوئے ! تو مولانا نے ایک لمحہ کے لئے بھی نہ اپنے ماضی پر نظر ڈالی ، نہ خضر حیات کی تاریخ گذشتہ کے ورق الٹے ، انہوں نے ذرا دیر کے لئے بھی نہ سوچا کہ ——————— کس سے پیمان وفا باندھ رہی ہے بلبل ؛

(۲)

قائداعظم نے خضر حیات کے نام سے اختلاف اس لئے کیا کہ وہ جانتے تھے ، خضر حیات ، اپنی وزارت قائم رکھنے کے لئے مسلمانوں کے ملی مقاصد کا سودا کر لینے سے دریغ نہیں کریں گے ۔ پھر یہ اگزیکٹو کونسل میں ان مسلمانوں کو جگہ ملنی چاہئے تھی جو اپنی قوم کے سچے نمائندے ہوں ، خضر حیات خاں اپنی ذات کے سوا کس کے نمائندے تھے ۔؟

(۳)

خضر حیات کو مسلم لیگ کے خلاف کانگرس کا سہارا درکار تھا ، کانگرس مسلم لیگ کو نیچا دکھانے کے لئے ۔ خضر حیات جیسے سلطنت انگلشیہ کے یار وفادار سے ناجائز تعلق پیدا کر سکتی تھی ۔ لیکن قائداعظم ، اصول اور

حق و صداقت کے سوا کسی چیز کو سامنے نہیں رکھتے تھے، وہ بھلا کب گوارا کر سکتے تھے کہ وہ شخص مسلمانوں کے نمائندہ کی حیثیت سے ایگزیکٹو کونسل میں شریک کیا جائے جو مسلمانوں کا نمائندہ نہیں ہے اور مفاد ملی کے خلاف دشمنوں سے ساز باز کرتا رہا ہے؟

(۱۴)

مولانا اگر کانگریس میں شریک تھے، تو اس کا انہیں حق تھا، مسلم لیگ سے اگر خفا تھے، قائداعظم سے اگر بیزار تھے، پاکستان کے ذکر سے اگر چڑتے تھے، مسلمانوں کی قومی انفرادیت ان کے لئے ناقابل برداشت تھی، دو قومی نظریہ سے اختلاف تھا یہ سب باتیں سمجھ میں آسکتی ہیں۔ لیکن کیا دنیا کے کسی آئین اخلاق اور دستور سیاست کی رُو سے مولانا کو غلط بیانی کا حق بھی تھا، دو اور دو کو چار کہنے کے بجائے تین ثابت کرنے کے بھی وہ مجاز تھے؟ سفید کو سیاہ، اور سیاہ کو سفید بھی کہہ سکتے تھے؟

کس اطمینان سے مولانا نے فرمایا ہے۔

"پنجاب مسلم اکثریت کا صوبہ تھا لیکن کسی پارٹی کو بھی واضح اکثریت انتخابات میں حاصل نہیں ہوئی مسلم ممبران اسمبلی، یونینسٹ پارٹی اور مسلم لیگ میں منقسم تھے"؛

گویا مسلم لیگ اور یونینسٹ پارٹی میں مسلمان ممبر تقریباً برابر بٹے ہوئے تھے۔

لیکن کیا واقعہ یہی ہے؟

میں اسی کتاب میں کسی جگہ تفصیل سے انتخابات کے اعداد و شمار پیش کر چکا ہوں، اب اعادہ کی ضرورت نہیں۔ لیکن بہر حال کیا حقیقت

یہ نہ تھی کہ مسلم لیگ نے مسلم نشستوں کی چار نشستوں کے سوا سب نشستوں پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس کے بعد بھی اگر مولانا یہ کہہ سکتے ہیں کہ مسلم ممبران اسمبلی یونینسٹ پارٹی اور مسلم لیگ میں بٹے ہوتے تھے۔ تو گو ان کی زبان کو کوئی نہیں روک سکتا۔ نہ قلم پر پابندی عائد کر سکتا ہے۔ لیکن اس طرح خود مولانا نے غلط بیانی کا ارتکاب کر کے اپنی رسوائی کا سامان نہیں پیدا کیا؟

مولانا فرماتے ہیں:

"میں نے دونوں جماعتوں سے گفتگو کی مسٹر جناح کی ہدایت کے مطابق لیگ پارٹی نے میری دعوت قبول نہیں کی۔"

سوال یہ ہے کس استحقاق کی بنا پر آپ گفتگو کیلئے تشریف لے گئے تھے؟ یہ تو ایسا ہی تھا جیسے بمبئی میں تشکیل وزارت کیلئے قائد اعظم اپنی خدمات پیش کر دیتے؛ صاف الفاظ میں مولانا کو کہنا چاہیئے تھا کہ وہ پنجاب کی مسلم اکثریت کو ممبران اسمبلی کی مسلم اکثریت کو اپنی سازش اور تین چار مسلم ممبروں کی غداری کے بل پر سزا دینے تشریف لے گئے، یہ بتانے گئے تھے کہ ——— ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہے سنگ گراں اور! اور ماننا چاہیئے کہ بلاشبہ خضر حیات خاں کی خدمات حاصل کر کے مولانا پنجاب کی مسلم اکثریت اور اسمبلی کی مسلم اکثریت کو سزا دینے میں کامیاب ہو گئے۔ یہ دوسری بات ہے کہ اس کی قیمت پاکستان کی صورت میں ادا کرنی پڑی۔

مولانا نے یہ بات بھی بڑی دلچسپ فرمائی ہے

گو میں ذاتی طور پر مسلم لیگ کی طرف مائل تھا۔ لیکن میری حکمت عملی کے باعث اس کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہ رہا کہ وہ

یونینسٹ پارٹی کے لیڈر خضر حیات خاں کو تشکیل وزارت کی دعوت دے!
گورنر ذاتی طور پر اور صفاتی طور پر صرف خضر حیات خاں اور مولانا پر مائل تھا ورنہ وہ اتنی بڑی دھاندلی ہرگز نہیں کر سکتا تھا کہ چار نفوس کے مجمع بے کراں کے لیڈر کو وزارت بنانے کی دعوت دیتا اور ۸۵ افراد کی پارٹی کو بے حقیقت سمجھ کر نظر انداز کر دیتا، پنجاب کا یہ گورنر ——— سر برٹرینڈ گلینسی ——— ہی تھا جس نے لارڈ ویول پر زور دیا تھا کہ مسلم لیگ اور قائد اعظم کی مخالفت کے باوجود ہر حالت میں خضر حیات کو وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل میں شریک ہونا چاہیئے۔ درحقیقت وہ "خضر گلینسی" آزاد محور تھا جو شملہ کانفرنس کی ناکامی کا سبب بنا۔ پھر یہی وہ گورنر تھا۔ جس نے خضر حیات کی وزارت برقرار رکھنے کے لئے لیگی لیڈروں کو جیل میں ڈالا۔ لیگی خواتین پر لاٹھی چارج کرایا جیل کی چار دیواری تک۔ بس اس نے لیگی رضا کار خواتین ——— مس شاہنواز مس سکندر حیات، بیگم وقار النساء نون وغیرہ ——— کو زدو کوب کرایا۔ اس کے بارے میں مولانا فرماتے ہیں کہ یہ لیگ کی طرف مائل تھا، یقیناً مولانا کی قوت حافظہ قابل رشک حد تک غیر معمولی تھی۔ لیکن اپنے علاوہ ہر شخص کی قوت حافظہ سے مایوس ہو جانا اور پھر اطمینان سے غلط بیانی کرنا، مولانا ہی کی جراُت بیباک کا حصہ تھا۔

(۵)

مولانا کے اس کارنامہ نے، مسلمانوں کے ہاں صف ماتم بچھا دی اور وہ غم و غصہ کی حالت میں محسوس کرنے لگے کہ کانگرس ان کی اقلیت ہی پر نہیں اکثریت پر بھی چھاپہ مارتی ہے۔ ہندوؤں کے ہاں

گمی کے چراغ جلے کہ مسلم اکثریت کا ایک بڑا صوبہ، بغیر فوج کشی اور بغیر رائے عامہ کی تائید کے ہمارا باج گذار ہوگیا۔ ہندو اخبارات نے جو خراج تحسین مولانا کو پیش کیا بلا شبہ وہ اس کے سزاوار تھے۔ جو کام گاندھی جی کی روحانیت کانگرس کے تشدد، خضر حیات کی غداری برطانوی حکومت کی ریشہ دوانی سے نہیں ہوسکا۔ وہ یک چشم زدن مولانا کی "حکمت عملی" سے انجام پا گیا۔

خار کو گل اور گل کو خار جو چاہے کرے
تو نے جو چاہا کیا اے یار جو چاہے کرے!

(۶)

ٹیپ کا بند یہی ہے۔ مولانا کے یہ الفاظ آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں:۔

"خضر حیات خاں کانگرس کی پشت پناہی کے باعث اب پنجاب کے وزیر اعظم تھے، ــــــ اور ذاتی طور پر کانگرس کے زیر اثر بھی"۔

اس اجمال پہ ہزار تفصیلیں قربان! ــــــــ کیا بات ہے تیری گفتگو کی۔!

---

(۱۴)

ڈاکٹر خان صاحب

(۱۹۴۶ء کے عام انتخاب میں سرحد

ڈاکٹر خان صاحب کی کوتاہیاں

کانگریس نے اپنے جوڑ توڑ سے صوبے میں اپنی وزارت بنالی، عوام کا ایک بڑا طبقہ کانگریس اور کانگریس وزارت کے خلاف ہے۔)

ڈاکٹر خان صاحب کا دوبارہ وزیر اعلیٰ بننا اور زیادہ مخالفوں کی تقویت کا سبب بنا۔ ڈاکٹر خان صاحب کو یہ موقع حاصل تھا کہ وہ اپنے طرزِ عمل سے سارے صوبے کو جیت لیتے لیکن ان سے پے در پے ایسی غلطیاں سرزد ہوئیں جنہوں نے مخالفوں کی طاقت میں اور اضافہ کر دیا۔ (ا)

خان برادران کی کنجوسی

یہ غلطیاں زیادہ تر ذاتی اور سماجی قسم کی تھیں۔ سرحد کا پٹھان اپنی میزبانی کے لئے مشہور ہے، وہ اپنی روٹی کا آخری ٹکڑا بھی خوشی خوشی مہمان کے سامنے رکھ دیتا ہے، اس کا دسترخوان ہر ایک کے لئے کھلا رہتا ہے۔ اس جذبۂ میزبانی کی توقع وہ دوسروں سے بھی رکھتا ہے۔ خاص طور پر ان لوگوں سے جو سماج میں کسی بڑے منصب پر فائز ہوں، بخل اور کنجوسی سے زیادہ کوئی چیز بھی اس میں انحراف لائے۔

برگشتگی کا جذبہ پیدا کرنے والی نہیں ہے۔ بدقسمتی سے خان بھائی اپنے متبعین کی نگاہ میں اسی چیز سے محروم تھے۔

(۲)

دولت مند، لیکن بخیل

خان بھائی دولت مند آدمی ہیں، لیکن خوئے میزبانی سے تہی دامن! ڈاکٹر خان صاحب کے وزیر اعلیٰ بننے کے بعد بھی ان کے دستر خوان پر شاید ہی کوئی مدعو ہو کر آیا ہو۔ چائے یا کھانے کے وقت اگر کچھ لوگ آ جاتے تو ان سے یہ کبھی نہ کہا جاتا کہ ما حضر تناول فرمائیے۔

(۳)

خان کے بخل نے بہتوں کو دشمن بنا دیا

بخل اس سیاسی فنڈ پر بھی اثر انداز تھا، جس پر انہیں تصرف حاصل تھا۔ الیکشن کے زمانے میں کانگریس نے ایک رقم خطیر ان کی صواب دید پر چھوڑ دی لیکن خان بھائیوں نے اس فنڈ کا روپیہ کم سے کم خرچ کیا، کئی کانگرسی امیدوار اس لئے ناکام ہوئے کہ معقول اور بروقت امداد نہ مل سکی۔ بعد میں جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ اس مد کا روپیہ لے کر بیٹھا ہے تو یہ لوگ ان کے بدترین دشمن بن گئے۔

(۴)

ایک دلچسپ اور سبق آموز واقعہ

ایک موقع پر پشاور سے کچھ لوگ الیکشن فنڈ کے سلسلہ میں میرے پاس کلکتہ آئے، چونکہ یہ چائے کا وقت تھا، میں نے چائے اور بسکٹ پیش کئے، وفد کے کئی لوگوں نے بسکٹوں پر حیرت کی نظر ڈالی۔ ایک آدمی نے بسکٹ اٹھایا اور مجھ سے اس کا نام پوچھا، معلوم ہوتا تھا یہ بسکٹ اسے پسند آیا، پھر ان لوگوں نے مجھ سے کہا کہ ایسے ہی بسکٹ انہوں نے ڈاکٹر خان صاحب کے گھر میں دیکھے ہیں لیکن انہوں نے ہم لوگوں کو نہ کبھی بسکٹ کھلائے نہ چائے پلائی۔

سیاہ جھنڈیوں سے جواہر لال کا استقبال ۱۹۴۶ء میں صحیح پوزیشن یہ تھی کہ ہم وہلی بیٹھے ہوئے خان بھائیوں کی ہر دلعزیزی اور مقبولیت کے بارے میں جو رائے رکھتے تھے وہ حقیقت پر مبنی نہ تھی۔ جواہر لال جب پشاور پہنچے تو یہ انکشافات ایک ناخوشگوار جھٹکے کی طرح انہیں محسوس ہوا، ڈاکٹر خان صاحب صوبے کے وزیر اعلیٰ تھے اور وزارت کانگریس کی تھی، جب جواہر لال ہوائی اڈے پر اترے تو انہوں نے دیکھا کہ ہزاروں پٹھان کالی جھنڈیاں لئے جمع ہیں، اور مخالفانہ نعرے لگا رہے ہیں۔ ڈاکٹر خان صاحب اور دوسرے وزراء جو جواہر لال کے استقبال کے لئے آئے تھے خود ہی پولیس کے پہرے میں کھڑے تھے اور بالکل ہی بے بس ثابت ہو رہے تھے۔ (۵)

ڈاکٹر خان صاحب کا پول کھل گیا، جواہر لال جیسے ہی طیارے سے اترے ان کے خلاف مخالفانہ نعرے لگنے لگے۔ مجمع کے کچھ لوگوں نے کار پر حملہ کرنے کی کوشش بھی کی، ڈاکٹر خان صاحب اتنے گھبرائے ہوئے تھے کہ انہوں نے اپنا ریوالور نکال کر شوٹ کرنے کی دھمکی دی۔ اس کے بعد ہی ان کو جانے کا راستہ مل سکا۔ جواہر لال اور وزراء سرحد کی کاریں پولیس کے گھیرے میں آگے بڑھ رہی تھیں

کچھ اندر پردہ حقائق دوسرے روز جواہر لال قبائلی علاقے کے دورے پر پشاور سے روانہ ہوئے، ہر جگہ انہوں نے مخالفوں کے بڑے بڑے جتھے کھڑے دیکھے، وزیرستان کے ملک خاص طور پر ان مظاہروں کے ذمہ دار تھے۔ بعض مقامات پر جواہر لال کی کار پر پتھراؤ بھی کیا گیا، ایک مرتبہ ایک پتھر ان کی پیشانی پر آکر لگا۔ ڈاکٹر خان صاحب اور ان کے رفقاء بالکل بے بس نظر آ رہے تھے، آخر جواہر لال نے معاملہ خود ہی اپنے ہاتھ میں لے

لیا۔ نہ انہوں نے کمزوری دکھائی نہ خوف کھایا، زبردست ہمت اور حوصلہ کا مظاہرہ کیا، اُن کے اس دلیرانہ رویّے سے پٹھان بہت متاثر ہوئے۔ ان کی واپسی کے بعد ان تمام واقعات پر لارڈ ویول نے افسوس کا اظہار کیا اور حکام سرحد کے رویّے کی تحقیقات کرنی چاہی، لیکن جواہرلال نے اس رائے سے کہ ان کے خلاف کوئی کارروائی کی جائے اتفاق نہ کیا۔ لارڈ ویول جواہرلال کی اس بات سے بہت متاثر ہوئے انہوں نے ان کے رویّے کی بڑی تعریف کی۔ (۶)

(صفحہ ۱۷۰، ۱۷۱)

ڈاکٹر خان کا پختونستان (تقسیم ہند کی سکیم کانگریس منظور کر چکی ہے، جون ۱۹۴۷ء)

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اعلان کیا تھا کہ صوبوں کو حق خود اختیاری دیا جائیگا چنانچہ انہوں نے اعلان کر دیا کہ صوبہ سرحد کو بھی موقع دیا جائے گا کہ حق خود اختیاری کی اساس پر اپنے مستقبل کا فیصلہ کرے۔ چنانچہ انہوں نے تجویز کیا کہ سرحد میں ریفرنڈم کا انتظام کیا جائے۔ کہ آیا وہ ہندوستان کے ساتھ وابستہ رہنا چاہتا ہے یا پاکستان کے ساتھ؟ ڈاکٹر خان صاحب اب تک سرحد کے وزیر اعلیٰ تھے، اس مرحد پر کانگریس ورکنگ کمیٹی میں وہ بھی موجود تھے لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اپنا پلان انہیں سمجھایا کہ سرحد میں ریفرنڈم کیا جائے گا، اور ڈاکٹر خان صاحب سے پوچھا آیا انہیں کوئی اعتراض ہے؟ ڈاکٹر خان صاحب سرحد کے وزیر اعلیٰ تھے اور ان کا دعوےٰ تھا کہ سرحد کی رائے عامہ ان کے ساتھ ہے لہٰذا وہ ریفرنڈم کی تجویز پر کوئی اعتراض نہ کرسکے۔ لیکن انہوں نے ایک نیا مسئلہ کھڑا کر دیا، انہوں نے کہا کہ اگر ریفرنڈم ہوتا ہے تو پھر سرحد کے پٹھانوں کو یہ حق ملنا چاہیئے کہ پختونستان کے نام سے وہ اپنی ایک الگ حکومت قائم کرسکیں۔ (۷)

خان بھائی سرحد میں بالکل بے اثر تھے

واقعہ یہ تھا کہ خان بھائی سرحد میں اتنے طاقت ور نہیں تھے جتنا کانگریس نے سمجھ رکھا تھا تقسیم ہند کے ایجیٹیشن کے بعد سے اُن کا اثر و رسوخ کم ہوتا جا رہا تھا اور اب کہ پاکستان بالکل سامنے آ رہا تھا اور مسلم اکثریت کے صوبوں سے وعدہ کر لیا گیا تھا کہ وہ اپنی ایک آزاد حکومت قائم کر سکتے ہیں۔ جذبات کا دھارا اپنے ساتھ سرحد کو بھی بہا لے گیا، ڈاکٹر خان صاحب نے دیکھا کہ قیادت قائم رکھنے کے لیئے پختونستان کا مطالبہ ضروری ہے۔ بہت سے پٹھان پنجابی تسلط کے خوف سے اپنی ایک چھوٹی سی حکومت پر قناعت گوارا کر لیں گے۔ لیکن لارڈ ماؤنٹ بیٹن کوئی نیا مطالبہ سننے کو تیار نہیں تھے، وہ اپنی سکیم کو جلد از جلد بروئے کار لانا چاہتے تھے اور مطالبۂ پختونستان کی تفصیل بھی ابھی زیر بحث نہیں آئی تھی۔ (۸)

(ص ۱۹۴)

مولانا نے ڈاکٹر خان کے بارے میں جو انکشافات کیئے ہیں وہ بڑے دلچسپ اور عجیب ہیں۔ اگر مسٹر غلام محمد کو ڈاکٹر خان صاحب کی یہ حقیقت معلوم ہوتی تو شاید وہ انہیں پاکستان کا گم شدہ ہیرو بنانے کی کوشش نہ کرتے۔ مسٹر اسکندر مرزا اگر ان اسرار سربستہ کے امین ہوتے تو شاید وہ بھی ڈاکٹر خان صاحب کو مغربی پاکستان کا چیف منسٹر نہ بناتے اور ری پبلکن پارٹی کا قائد اعظم بنانے کی جد و جہد نہ کرتے، خود ڈاکٹر خان صاحب آج زندہ ہوتے اور مولانا کے یہ ارشادات پڑھتے تو ضرور کہہ اٹھتے۔

اب کہاں قسمت آزمانے جائیں،
تو ہی جب خنجر آزما نہ ہوا؟

مولانا کے ارشادات کی روشنی میں، اب بعض مخصوص حقائق پر میں گفت گو

کروں گا۔

(۱)

یہ بالکل نیا انکشاف ہے ـــــــــــ انکشاف اس اعتبار سے کہ عام طور

پر تو مسلمان اس حقیقت سے آشنا تھے، لیکن شاید پہلا موقع ہے کہ ایک سابق

صدر کانگریس نے اس طرح واشگاف الفاظ میں یہ حقیقت تسلیم کی ہے۔

(۲)

یہ ایسا انکشاف ہے جس کا علم خان صاحب کے مخالفوں کو بھی نہیں تھا، اس

لئے کہ انہیں ان سے کچھ زیادہ واسطہ نہیں تھا اور اگر تھا بھی تو مخالفانہ، بھلا کسی

مخالفت کی وہ میزبانی کیوں کرتے، لیکن اپنے متبعین اور حامیوں اور جاں نثاروں

کے ساتھ یہ سلوک، واقعی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش واقعہ ہے۔

(۳)

ڈاکٹر خان صاحب کی میزبانی کے ایک واقعہ کا تذکرہ اس موقع پر ضرور

کروں گا۔

انڈیا ایکٹ کے ماتحت جب صوبائی انتخابات منعقد ہوئے تو مسلم لیگ کی

طرف سے سرحد کا دورہ کرنے، مولانا شوکت علی پشاور پہنچے، سرحد میں کانگریس وزارت

قائم تھی اور ڈاکٹر خان صاحب صوبہ کے وزیر اعلیٰ تھے۔

مولانا شوکت علی، ڈاکٹر خان صاحب اور خان عبدالغفار خان کے ایک زمانہ

میں مرشد رہ چکے تھے اور یہ لوگ اپنے آپ کو مولانا کا "سپاہی" اور "رضا کار"

کہنے پر فخر کرتے تھے، بعد میں حالات بدلے، اور یہ دونوں بھائی کانگریس کے

گہوارہ میں چلے گئے، لیکن بہرحال معاملہ حسرت کی زبان میں وہ تھا۔

بھلا سنتے یہ بھی قصۂ سرلیط ماضی
بھلایا نہ جائیگا ـــ ہم سے نہ تم سے

مولانا شوکت علی، پشاور پہنچے، تو ڈاکٹر خان صاحب نے ایک روز دوپہر کے کھانے کی دعوت دی۔ مولانا نے بلے تامل یہ دعوت قبول کرلی اور وقت مقررہ پر پہنچ گئے۔ دعوت اچھی خاصی تھی۔ لیکن حاضرین کم سے کم یعنی خود ڈاکٹر خان صاحب، مولانا شوکت علی، اور ایک آدھ کوئی اور۔ اس وقت تو یہ خیال ہُوا تھا کہ دعوت چونکہ سیاسی ہے۔ اس لئے اس موقع پر زیادہ مجمع ڈاکٹر خان صاحب نے مناسب نہ سمجھا۔ اب معلوم ہُوا، اس کا سبب بخل تھا۔

بہرحال دعوت ہوئی اور مولانا شوکت علی اپنی مستانہ اور دل رُبا اداؤں کے ساتھ مسلم لیگ اور اس کے اغراض و مقاصد کی تبلیغ و تلقین بھی کرتے رہے لیکن ڈاکٹر خان صاحب نے تائل ہونے کے لئے تو یہ دعوت دی نہیں تھی۔ وہ مسکراتے رہے، ہوں ہاں کرتے رہے۔

کھانے کے بعد مولانا اُٹھے اور اپنے مخصوص دل فریب انداز میں گھڑی دیکھی اور فرمایا۔

"بہت کام ہے بہت کام ہے۔ اب جاؤں گا، اب جاؤں گا!"

ڈاکٹر خان صاحب نے اخلاقاً کہہ دیا۔

"گرمی اتنی شدید پڑ رہی ہے۔ اس وقت کہاں جایئے گا؟"

برجستہ اور بُشاشتہ مولانا شوکت علی نے جواب دیا،

"مجھے لُو اور گرمی سے ڈراتے ہو، خود جہنم سے نہیں ڈرتے!"

یہ الفاظ سن کر خان صاحب پر سناٹا چھاگیا، پھر انہوں نے کچھ نہیں کہا، مولانا چپ چاپ آکر بیٹھا کر رخصت ہو گئے۔

(۴)

واقعی ڈاکٹر خان صاحب نے اپنی ہر دلعزیزی اپنے ہاتھوں کھوئی، ورنہ یہ خزانۂ قارون صرف کرکے کتنی آسانی سے وہ اپنی قیادت برقرار رکھ سکتے تھے۔

(۵)

کتنا دلچسپ منظر ہوگا وہ بھی، جب خان صاحب جواہر لال کے استقبال کے لئے ہوائی اڈہ پر پہنچکر خود ہی پولیس کی پناہ میں آگئے۔

—— دیکھا کہ وہ ملتا نہیں اپنے ہی کو کھو آئے۔

(۶)

مولانا نے جواہر لال کو شجاعت کے بارے میں جو کچھ کہا ہے وہ تو صحیح ہے، اس لئے کہ واقعی اس موقع پر انہوں نے کوئی کمزوری نہیں دکھائی تھی۔ لیکن عفو درگزر کے بارے میں جو کچھ کہا ہے وہ غلط ہے۔ کیونکہ اس واقعہ کے بعد ہی، خان محبوب علی خان، پولیٹیکل ایجنٹ کے منصب سے معطل کر دیئے گئے اور ان کے خلاف باقاعدہ محکمانہ کارروائی ہوئی، پھر پاکستان بننے کے بعد وہ اپنے منصب پر دوبارہ بحال کئے گئے۔

اس موقع پر یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اس مظاہرہ میں وزیر ہی پیش پیش تھے، اور ان قبائل پر، جواہر لال کی حکومت نے (جس میں مسلم لیگ ابھی شریک نہیں ہوئی تھی)، فضائی بمباری کی تھی۔

(۷)

ڈاکٹر خاں کی جہاں یہ بے بسی قابلِ رحم ہے کہ وہ ریفرنڈم کی مخالفت نہ کر سکے، وہاں یہ ذہانت قابلِ داد ہے کہ انہوں نے فوراً پختونستان کا سوال پیدا

کر دیا۔ یہ اب معلوم ہوا کہ پختونستان صرف عبدالغفار خان کی جائداد نہیں ہے، اس میں خان صاحب بھی برابر کے شریک تھے۔

(۸)

مولانا کے ان ارشادات پر مزید گفتگو کی اس لئے ضرورت نہیں کہ یہ بے نقاب حقائق ہیں۔

ورنہ در محفل رنداں خبرے نیست کہ نیست!

---

(۱۵)

بابو راجندر پرشاد

فوج کی تقسیم کا سوال

(ہندوستان تقسیم ہو چکا ہے۔ پاکستان اور بھارت میں نئی حکومتیں بن چکی ہیں۔)

فوج کے بارے میں یہ فیصلہ ہوا کہ ایک چوتھائی فوج پاکستان کے حصے میں اور تین چوتھائی ہندوستان کے حصے میں آئی۔ پھر یہ سوال پیدا ہوا کہ آیا فوج کی تقسیم ابھی عمل میں آئے یا ایک متحدہ کمان کے تحت دو تین سال تک کام کرتی رہے؟

مشترک فوج کی تجویز

فوج کے کمانڈروں کا مشورہ تھا کہ کچھ مدت تک جنرل اسٹاف مشترک رہے۔ میں نے اس تجویز کی تائید کی۔ میں یہ بات بھی ریکارڈ پر لے آنا چاہتا ہوں کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی بھی پختہ رائے یہی تھی۔ مجھے یقین ہے کہ اگر فوج متحدہ کمان کے ماتحت رہتی تو آزادی کے بعد خون کی ندیاں نہ بہنے پاتیں۔

راجندر بابو کا اصل روپ

مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میرے رفقاء نے میری رائے سے اتفاق نہیں کیا۔ بلکہ اختلاف کا اظہار کیا۔ سب سے زیادہ جس چیز نے مجھے متحیر کیا وہ ڈاکٹر راجندر پرشاد

کی مخالفت تھی۔ وہ امن کے مبلغ اور عدم تشدد کے علمبردار ہمیشہ سے چلے آرہے تھے۔ لیکن فوج کی تقسیم کے مسئلہ میں سب سے زیادہ شدت اور اصرار کے ساتھ پیش پیش وہی تھے۔ انھوں نے فرمایا کہ اگر ہندوستان دو حکومتوں میں تقسیم ہو چکا ہے تو پھر ایک دن کے لیے بھی متحدہ فوج نہ قائم رہ سکتی ہے، نہ رہنی چاہیئے۔ (۱)

فوج بھی شریک قتل و غارت ہو گئی

میں سمجھتا ہوں، یہ نہایت خطرناک فیصلہ تھا، اس نے فوج کو قومیت کی بنیاد پر تقسیم کر دیا، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فرقہ وارانہ زہر فوج میں بھی سرایت کر گیا۔ جو اب تک اس سے محفوظ تھی۔ ۱۵ اگست ۴۷ء کے بعد جب دونوں طرف سے معصوم مردوں اور عورتوں کے خون کی ندیاں بہنے لگیں تو کتنے افسوس کا مقام ہے کہ کسی نہ کسی حد تک فوج کے آدمیوں نے بھی اس قتل و غارت میں حصہ لیا (۲)

ص ۱۰۱-۱۰۲

---

(۱)

راجندر پرشاد گاندھی جی کے خاص الخاص چیلے مانے جاتے ہیں۔ عدم تشدد پر ان کا اعتقاد آزادی سے پہلے اس درجہ مستحکم تھا کہ آزادی ہند بھی اس کے مقابلہ میں ثانوی حیثیت رکھتی تھی لیکن آزادی کے بعد ان کی روش بدل گئی۔ اور وہ بھی فوج کو اسی طرح ضروری سمجھنے لگے جس طرح وہ لوگ جو ہمیشہ سے عدم تشدد کے نظریہ کو ایک مذاق سمجھتے رہے ہیں۔

(۲)

دبے الفاظ میں بابو جی نے بہرحال اعتراف کیا ہے کہ فوج بھی مسلمانوں کے قتل و غارت میں ہندو عوام کا ساتھ دے رہی تھی! ــــ تو خود حدیث مفصل بخواں ازیں مجمل!

---

(۱۶)

راج گوپال اچاری

ماڈریٹ انقلاب پسند کانگریس ورکنگ کمیٹی کے دوسرے ممبروں کا جہاں تک تعلق تھا اُن کی بڑی تعداد جنگ کے بارے میں کوئی معین رائے نہیں رکھتی تھی۔ یہ سب گاندھی جی کی رہنمائی سے لو لگائے بیٹھے تھے۔ صرف راج گوپال اچاری ایک ایسے شخص تھے جو تجاویز کرپس کو بے چون وچرا مان لینے کے حق میں تھے۔ لیکن اُن کے خیالات کچھ زیادہ وزن نہیں رکھتے تھے۔ یہ بڑی بدقسمتی کی بات تھی کہ کانگرسی حلقے میں وہ ایسے شخص سمجھے جاتے تھے جسے بمشکل کسی ماڈریٹ (معتدل مزاج سیاست داں) سے ممتاز کیا جا سکتا تھا۔ (۱)

(صفحہ ۱۵)

پاکستان کی تائید کرنے والا پہلا کانگرسی لیڈر گذشتہ کچھ عرصے سے شری راج گوپال اچاری کو ملک کے فرقہ وارانہ حالات نے بہت زیادہ پریشان کر رکھا تھا۔ اُن کا خیال تھا کہ کانگرس اور مسلم لیگ کے اختلاف کے باعث ہندوستان کی آزادی رکی ہوئی ہے۔ کرپس مشن کے مسترد ہونے کے فوراً بعد وہ کھلے بندوں کہنے لگے کہ اگر کانگرس مسلم لیگ کے مطالبات تسلیم کرلے تو آزادیٔ ہند کے راستے کا پتھر ہٹ جائے گا۔ انھوں نے ان خیالات کے اظہار پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ مدراس اسمبلی کی کانگرس پارٹی کے سامنے اس مضمون کی ایک

تجویز پیش کی اور اُسے منظور کرالیا۔ (۲)

راجہ جی کی خودسری راج گوپال اچاری نے یہ تجویز پیش کرنے سے پیشتر نہ مجھ سے نہ ہمارے رفقا میں سے کسی اور سے مشورہ کیا۔ اخبارات میں یہ تجویز پڑھ کر میں بے کل ہوگیا۔ میں نے اُن سے کہا کہ مدراس اسمبلی نے جو تجویز منظور کی ہے وہ کانگرس کی اعلان کردہ پالیسی کے خلاف ہے۔ ورکنگ کمیٹی کے ایک ذمہ دار ممبر کی حیثیت سے انھیں چاہیے تھا کہ اپنے رفقاء ورکنگ کمیٹی سے مشورہ کرتے، پھر اپنے خیالات ظاہر کرتے اور بعد اس اسمبلی سے تجویز منظور کراتے، ورکنگ کمیٹی ان کی بات نہ مانتی تو استعفا دے کر اپنے خیالات کا پرچار کرتے۔ انھوں نے مجھے ایک خط لکھا۔

راجہ جی کا استعفا "میں آپ پر واضح کرچکا ہوں کہ اس مسئلے پر میرے احساسات کتنے شدید ہیں، میں فرض ناشناسی کا مرتکب ہوں گا اگر لوگوں کو اس بات کے سوچنے اور اس راہ پر چلنے کی دعوت نہ دوں جو میرے نزدیک صحیح اور درست ہے۔ لہٰذا مجھے اجازت دیجیے کہ میں ورکنگ کمیٹی سے مستعفی ہوجاؤں۔" (۳)

(ص ۶۱، ۶۸، ۶۷)

گاندھی جی کا آمرانہ حکم (اپریل ۱۹۴۲ء کا بقیہ وفد دہلی میں مقیم ہے) سری راج گوپال اچاری نے جب یہ مہم شروع کی کہ کانگرس مسلم لیگ کا مطالبہ مان لے بلکہ یہاں تک آگے گئے کہ اصولی طور پر تقسیم ہند کی بھی حمایت کرنے لگے۔ تو انھیں ورکنگ کمیٹی سے الگ ہونا پڑا اور کانگرس کے حلقے میں وہ غیر مقبول ہوگئے۔ گاندھی جی نے بھی راجہ جی کی سرگرمیوں کو پسند نہیں کیا۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ راجہ جی کابینہ وفد سے ملاقات کریں۔ وفد نے راجہ

جی کو ہدایت کی وہ فی الحال مدراس سے باہر نہ نکلیں ۔ گاندھی جی کی یہ خواہش تھی کہ وہ دہلی بھی نہ آئیں ۔ (۴)

(ص ۱۴۶)

---

(۱)

مدراس میں کانگرس کی مقبولیت اور اثر و رسوخ میں راجہ جی کے ایثار، قربانی اور خدمات کو بڑا دخل تھا۔ گاندھی جی نے انہیں اتنی عقیدت تھی کہ گو وہ اعلیٰ ذات کے ہندو (برہمن) تھے اور گاندھی جی کا درجہ حسب و نسب کے اعتبار سے اُن سے پست تھا، وہ بنئے تھے، پھر بھی خاندانی رسم و رواج اور مذہبی پابندیوں کو ٹھکرا کر انھوں نے اپنی لڑکی گاندھی جی کے صاحبزادے مسٹر دیوی داس سے بیاہ دی۔ لیکن چونکہ وہ آزاد خیال تھے اور اپنے مسلک پر سختی سے قائم رہنے کے عادی تھے اس لئے کبھی بھی انھیں کانگرس میں وہ مقام حاصل نہ ہو سکا جو ہونا چاہیے تھا۔

(۲)

راجہ جی کی آزاد خیالی کا یہ بھی ایک ثبوت ہے کہ جب انھوں نے دیکھا کہ تقسیم ہند قبول کئے بغیر چارہ نہیں تو بے تامل خطرات سے بے پروا ہو کر اپنی ہر دلعزیزی کو داؤں پر لگا کر انھوں نے پاکستان کی حمایت شروع کر دی۔ بمبئی کے ایک جلسے میں جب انھوں نے اپنے خیالات کا بے لاگ طریق پر اظہار کیا تو مہا سبھائی ہندوؤں نے نہیں کانگرسی ہندوؤں نے اُن پر گندے انڈے پھینکے، تارکول پھینکا اور نہ جانے کس کس قسم کا کوڑا کرکٹ پھینکا۔ لیکن اُن کی استقامت میں فرق نہ آیا۔ ان مخالفانہ مظاہروں سے وہ ذرا بھی متاثر نہ ہوئے اور اپنی روش پر قائم رہے۔

(۳)

ہندوستان کے تمام ہندو اکثریت کے صوبوں میں کانگرس کی وزارت قائم تھی۔ مدراس میں بھی کانگرس وزارت برسرِکار تھی۔ اور راجہ جی وزیرِاعظم تھے۔ راجہ جی نے مزید جرأت کا ثبوت دیا۔ اور انھوں نے اسمبلی کی کانگرس پارٹی کے جلسے میں پاکستان کی تجویز منظور کرالی۔

اس واقعے سے کانگرسی لیڈر حد درجہ برہم ہوئے۔ اس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ الہ آباد میں مولانا آزاد نے ورکنگ کمیٹی کا جلسہ طلب کیا۔ بمبئی سے سردار پٹیل اور راجہ جی جو اتفاق سے وہاں موجود تھے ایک ہی دن، ایک ہی ٹرین سے اور ایک ہی کمپارٹمنٹ میں روانہ ہوئے۔ لیکن راستے بھر سردار پٹیل نے راجہ جی سے گفتگو نہیں کی، وہ ان کی صورت دیکھنا نہیں چاہتے تھے بات کرنا کس طرح گوارا کرلیتے۔

الہ آباد پہنچنے کے بعد بیچارے پر اس درجہ یورش ہوئی کہ آخرکار انھیں ورکنگ کمیٹی کی ممبری سے مستعفی ہونا پڑا۔

(۴)

کانگرس ورکنگ کمیٹی سے مستعفی ہو جانے کے بعد بھی اپنی طرف سے راجہ جی نے گاندھی جی اور دوسرے لیڈران کانگرس سے تعلقات منقطع نہیں کئے تھے۔ گاندھی جی نے اس رویہ کا یہ جواب دیا کہ ان پر پابندی عائد کردی کہ کابینہ وفد کے ارکان سے نہ صرف ملاقات اور تبادلۂ خیالات نہ کریں، بلکہ سرے سے دہلی ہی نہ آئیں۔ مبادا ان کے آنے سے کوئی ایسی بات رونما ہو جائے جس سے مسلم لیگ کے موقف کو تقویت پہنچے۔

راجہ جی ایک زیرک آدمی ٹھہرے، انھوں نے گاندھی جی کو نظرانداز کر کے

صدر کانگرس سے اپنے دہلی آنے کے ارادہ کا اظہار کیا۔ انھوں نے اجازت دے دی، کیونکہ وہ نہیں جانتے تھے کہ اندر ہی اندر کیا ہو رہا ہے۔ تب راجہ جی دہلی آئے مگر گاندھی جی کے عتاب سے نہ بچ سکے۔

---

(۱۷)

زلیخا بیگم ابوالکلام

مرض مزمن: گذشتہ چند سال سے میری اہلیہ بیمار چلی آرہی تھیں۔ ۱۹۴۱ء میں جب میں نینی جیل میں تھا، ان کی حالت بہت نازک ہو گئی تھی۔ رہا ہونے کے بعد میں نے ڈاکٹروں سے مشورہ کیا، انہوں نے تبدلۂ آب و ہوا کی رائے دی، وہ رانچی چلی گئیں جہاں سے جولائی ۱۹۴۲ء میں واپس آئیں۔ اب ان کی حالت نسبتاً بہتر تھی، لیکن اگست کے پہلے ہفتہ میں جب میں بمبئی کے لئے روانہ ہوا تو ان کی صحت نے پھر سے تشویش ناک صورت اختیار کر لی۔ ۹ اگست ۱۹۴۲ء کو میری گرفتاری کی خبر سن کر انہیں سخت دھچکا لگا۔ ان کی صحت جو پہلے ہی تشویش ناک تھی اب بحد زیادہ ابتر ہو گئی۔

تشویش ناک اطلاعات: احمد نگر کے زمانہ نظر بندی میں ان کی گرتی ہوئی صحت کی اطلاعیں برابر مجھے ملتی رہیں۔ ۱۹۴۳ء کے آغاز میں مجھے گھر سے اطلاع ملی کہ ان کی حالت بہت نازک ہے، پھر پے بہ پے تشویش ناک اطلاعات آنے لگیں، ان کے معالج سخت پریشان تھے۔ وہ اس کی زندگی خطرہ میں محسوس کر رہے تھے۔ انہوں نے بطور خود گورنر کو لکھا کہ مجھے ان سے ایک مرتبہ ملنے کی اجازت دی جائے۔ کیونکہ ان کے بچنے کی اب کوئی امید

نہیں ہے، حکومت نے ڈاکٹروں کے اس خط کو نظر انداز کر دیا، میں نے خود بھی وائسرائے کو لکھا، لیکن ہماری مراسلت بے نتیجہ رہی۔

وفات اپریل کا مہینہ تھا، دوپہر کے وقت چیتا خاں تشریف لائے یہ بالکل غیر معمولی بات تھی، انہوں نے زبان سے کچھ نہ کہا، ایک تار میری طرف بڑھا دیا، یہ کلکتہ سے آیا تھا، اس میں تحریر تھا کہ میری اہلیہ وفات پا گئی ہیں، میں نے وائسرائے کو لکھا، حکومت آسانی کے ساتھ مجھے کلکتہ منتقل کر سکتی تھی، تاکہ آخری مرتبہ میں مرنے والی کو دیکھ لیتا، اس خط کا مجھے کوئی جواب نہ ملا۔

(صہ ۹۱/۹۲)

میری رہائی جون کی ایک شام کو میں نے ریڈیو پہ سنا کہ وائسرائے ہندوستان کا سیاسی مسئلہ طے کرنے کے لئے شملہ میں ایک کانفرنس منعقد کر رہے ہیں جس میں کانگریس مسلم لیگ اور دوسری سیاسی جماعتوں کے نمایندے مدعو کئے گئے ہیں، صدر کانگریس اور ورکنگ کمیٹی کی رہائی کے احکامات جاری کر دیئے ہیں تاکہ وہ کانفرنس میں حصہ لے سکیں۔ دوسرے روز ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے مجھے رہائی کا حکم سنایا اور بتایا کہ کلکتہ ایکسپریس بنکورا سے پانچ بجے شام جائے گی۔ فرسٹ کلاس کا ایک ڈبہ میرے لئے ریزرو کر دیا گیا ہے۔ دوسرے روز صبح میں ہوڑہ پہنچ گیا۔

پلیٹ فارم اور ہوڑا اسٹیشن پر آدمی ہی آدمی نظر آرہے تھے بدقت تمام میں اپنے کمپارٹمنٹ سے نکل کر کار تک پہنچا، بنگال کانگریس کی صدر مسز لبانیہ پربھا دت اور دوسرے مقامی لیڈر میرے ساتھ کار میں بیٹھے تھے۔

یادِ ماضی جب کار ہوڑا برج سے گذر رہی تھی میرا دماغ ماضی کے مناظر میں کھویا ہوا تھا۔ مجھے وہ دن یاد آگیا جب آج سے

تین سال پہلے کانگرس کے جلسہ میں شرکت کے لیے میں بمبئی سے روانہ ہوا تھا میری اہلیہ مجھے الوداع کہنے دروازہ تک آئی تھیں، آج تین سال کے بعد واپس آیا ہوں لیکن وہ میرا انتظار کرنے والی گھر کے بجائے قبر میں ہمیشگی کی نیند سو رہی ہے اور میرا گھر خالی ہے۔ بے ساختہ مجھے ورڈس ورتھ کا یہ شعر یاد آگیا۔

"لیکن وہ اپنی قبر میں سو رہی ہے اور آہ
یہ جدائی جو میرے حصہ میں ہے۔"

میں نے اپنے رفقا سے کار موڑنے کو کہا، کیونکہ گھر جانے سے پہلے میں اس

سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

کی قبر کی زیارت کر لینا چاہتا تھا، میری کار ہاروں سے ڈھکی ہوئی تھی، میں نے ایک ہار اٹھایا اور اس کی قبر پر رکھ دیا، پھر فاتحہ پڑھا اور چلا آیا۔"[1]

(ص ۹۹-۱۰۰)

---

(۱)

زلیخا بیگم، مولانا کی اہلیہ محترمہ کا نام تھا، مولانا اتنے زیادہ ان پر ملتفت نہیں تھے، جتنی یہ شوہر پر جان چھڑکتی تھیں، میں نے جب کراچی سے ۱۹۵۱ء میں ماہنامہ "ریاض" نکالا تو اس کے کاتب منشی جمیل احمد صاحب لکھنوی تھے، یہ عرصہ دراز تک مولانا کے پاس الہلال میں ملازم رہ چکے ہیں، مولانا ان پر بہت مہربان تھے، گھر میں بھی ان کی آمد و رفت تھی، جمیل صاحب سے ایک دن مولانا کا ذکر چھڑ گیا، وہ فرماتے تھے کہ زلیخا بیگم، مولانا سے غیر معمولی محبت کرتی تھیں، کہنے لگے، مولانا جب رانچی میں نظر بند کیے گئے۔ تھا لبا

۱۹۱۶ء) زلیخا بیگم ایک ہی سوال ہر شخص سے کیا کرتی تھیں،
"مولانا اس وقت کیا کر رہے ہوں گے؟"

اپنی اہلیہ کے بارے میں مولانا نے غبار خاطر میں بھی، اپنے تاثرات قلمبند کیے تھے، وہ چونکہ حادثہ کے فوراً بعد لکھے گئے تھے، اس لیے ان میں ایک خاص کیفیت ہے۔ ضروری حصہ درج ذیل ہے:—

بیمار بیوی

"میری بیوی کی طبیعت کئی سال سے علیل تھی، ۱۹۴۱ء میں جب میں جیل میں مقید تھا تو اس خیال سے کہ میرے لئے تشویش خاطر کا موجب ہوگا، مجھے اطلاع نہیں دی گئی، لیکن رہائی کے بعد معلوم ہوا کہ تمام زمانہ کم و بیش علالت کی حالت میں گذرا تھا۔ مجھے قید خانہ میں اس کے خطوط ملتے رہے، ان میں ساری باتیں ہوتی تھیں لیکن اپنی بیماری کا کوئی ذکر نہیں ہوتا تھا، رہائی کے بعد ڈاکٹروں سے مشورہ کیا گیا تو ان سب کی رائے تبدیلی آب و ہوا کی ہوئی اور وہ رانچی چلی گئی، رانچی کے قیام سے بظاہر فائدہ ہوا تھا، جولائی میں آئی تو صحت کی رونق چہرہ پر واپس آ رہی تھی۔

اس تمام زمانہ میں میں زیادہ تر سفر میں رہا۔ وقت کے حالات اس تیزی سے بدل رہے تھے کہ کسی ایک منزل میں دم لینے کی مہلت ہی نہیں ملتی تھی، ایک منزل میں ابھی قدم پہنچا نہیں کہ دوسری منزل سامنے نمودار ہو گئی۔

صد بیاباں بگذشت و دگرے در پیش است

خاموش گفتگو

جولائی کی آخری تاریخ تھی کہ میں تین ہفتے کے بعد کلکتہ واپس ہوا اور پھر چار دن کے بعد آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے اجلاس بمبئی کے لئے روانہ ہو گیا۔ یہ وہ وقت تھا کہ ابھی طوفان آیا نہیں تھا مگر طوفانی

آثار ہر طرف امنڈنے لگے تھے۔ حکومت کے ارادہ کے بارے میں طرح طرح کی افواہیں مشہور ہو رہی تھیں، ایک افواہ جو خصوصیت کے ساتھ مشہور ہوئی، یہ تھی کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس کے بعد ورکنگ کمیٹی کے تمام ممبران کو گرفتار کر لیا جائے گا اور ہندوستان سے باہر کسی غیر معلوم مقام پر بھیج دیا جائے گا۔ یہ بات بھی کہی جاتی تھی کہ لڑائی کی غیر معمولی حالت نے حکومت کو غیر معمولی اختیارات دے دیئے ہیں اور وہ ان سے ہر طرح کام لے سکتی ہے، اس طرح کے حالات پر مجھ سے زیادہ تو لیجا کی نظر رہا کرتی تھی اور اس نے وقت کی صورت حال کا پوری طرح اندازہ کر لیا تھا، ان چار دنوں کے اندر جو میں نے دو سفروں کے اندر بسر کئے ہیں اس قدر کاموں میں مشغول رہا کہ ہمیں آپس میں بات چیت کرنے کا موقع بہت کم ملا۔ وہ میری طبیعت کی افتاد سے واقف تھی کہ اس طرح کے حالات میں ہمیشہ میری خاموشی بڑھ جاتی ہے، میں پسند نہیں کرتا کہ اس خاموشی میں خلل پڑے، اس لئے وہ بھی خاموش تھی، لیکن ہم دونوں کی یہ خاموشی بھی گویائی سے کم نہ تھی، ہم دونوں خاموش رہ کر بھی ایک دوسرے کی باتیں سن رہے تھے اور ان کا مطلب اچھی طرح سمجھ رہے تھے،

خدا حافظ ۳ اگست کو جب میں بمبئی کے لئے روانہ ہونے لگا تو وہ حسب معمول دروازہ تک خدا حافظ کہنے کے لئے آئی، میں نے کہا اگر کوئی نیا واقعہ پیش نہیں آگیا تو ۱۳ اگست تک واپسی کا قصد ہے، اس نے خدا حافظ کے سوا اور کچھ نہیں کہا، لیکن اگر وہ کہنا بھی چاہتی تو اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتی تھی جو اس کے چہرے کا خاموش اضطراب کہہ رہا تھا، اس کی آنکھیں خشک تھیں، مگر چہرہ اشکبار تھا۔

خود را بجبلہ پیش تو خاموش کردہ ایم۔

گذشتہ پچیس برس کے اندر کتنے ہی سفر پیش آئے اور کتنی ہی مرتبہ گرفتاریاں
ہوئیں لیکن میں نے اس درجہ افسردہ خاطر اسے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ کیا یہ جذبات
کی وقتی کمزوری تھی جو اس کی طبیعت پر غالب آگئی تھی؟ میں نے اس وقت ایسا
ہی خیال کیا تھا، لیکن اب سوچتا ہوں تو خیال ہوتا ہے کہ شاید اسے صورت
حال کا ایک مجہول احساس ہونے لگا تھا، شاید وہ محسوس کر رہی تھی کہ اس
زندگی میں یہ ہماری آخری ملاقات ہے۔ وہ خدا حافظ اس لئے نہیں کہہ رہی تھی
کہ میں سفر کر رہا تھا، اس لئے کہہ رہی تھی کہ خود سفر کرنے والی تھی۔

افکار و عقائد میں شریک اقدام و عمل میں مددگار

وہ میری طبیعت کی افتاد سے اچھی طرح واقف تھی وہ جانتی
تھی کہ اس طرح کے موقعوں پر اگر اس کی طرف سے ذرا بھی اضطراب طبع کا اظہار ہوگا
تو مجھے سخت ناگوار گزرے گا اور عرصہ تک اس کی تلخی ہمارے تعلقات میں
باقی رہے گی۔ ۱۹۱۶ء میں جب پہلی مرتبہ گرفتاری پیش آئی تھی تو وہ اپنا اضطراب
خاطر نہیں روک سکی تھی، اور میں عرصہ تک اس سے ناخوش رہا تھا، اس واقعہ نے
ہمیشہ کے لئے اسکی زندگی کا ڈھنگ پلٹ دیا اور اس نے پوری کوشش کی کہ
میری زندگی کے حالات کا ساتھ دے۔ اس نے صرف ساتھ ہی نہیں دیا بلکہ
پوری ہمت اور استقامت کے ساتھ ہر طرح کے ناخوشگوار حالات برداشت
کئے وہ دماغی طور پر میرے افکار و عقائد میں شریک تھی، اور عملی زندگی میں رفیق
و مددگار۔ پھر کیا بات تھی کہ اس موقع پر وہ اپنی طبیعت کے اضطراب پر غالب
نہ آسکی، غالباً یہی بات تھی کہ اس کے اندرونی احساسات پر مستقبل کی پرچھائیں پڑنا
شروع ہو گئی تھیں۔

علالت کی پہلی اطلاع

۲۳ مارچ کو مجھے پہلی اطلاع اس کی علالت کی ملی۔ گورنمنٹ بمبئی نے ایک ٹیلی گرام کے ذریعے سپرنٹنڈنٹ کو اطلاع دی کہ اسی مضمون کا ایک ٹیلی گرام اسے کلکتہ سے ملاہے، نہیں معلوم جو ٹیلی گرام گورنمنٹ بمبئی کو ملا وہ کس تاریخ کا تھا اور کتنے دنوں بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ مجھے یہ خبر پہنچا دینی چاہیئے۔

یہ تار جو ۲۳ مارچ کو یہاں پہنچا، فوجی خط رمز (CODE) میں لکھا گیا تھا۔ سپرنٹنڈنٹ اسے حل نہیں کر سکتا تھا، وہ اسے فوجی ہیڈکوارٹر میں لے گیا وہاں کوئی آدمی موجود نہ تھا اس لیے پورا دن اس کے حل کرنے میں نکل گیا، رات کو اس کی حل شدہ کاپی مجھے مل سکی۔

ریڈیو اور اخبارات سے اطلاع

دوسرے دن اخبارات آئے تو ان میں بھی یہ معاملہ آچکا تھا۔ معلوم ہوا ڈاکٹروں نے صورت حال کی حکومت کو اطلاع دے دی ہے، اور جواب کے منتظر ہیں۔ پھر بیماری کے متعلق معالجوں کی روزانہ اطلاعات نکلنے لگیں۔ سپرنٹنڈنٹ روز ریڈیو پر سنتا تھا، اور یہاں بعض رفقاء سے اس کا ذکر کر دیتا تھا۔

سپرنٹنڈنٹ کی ہمدردی

جس دن تار ملا اس سے دوسرے دن سپرنٹنڈنٹ میرے پاس آیا، اور یہ کہا کہ اگر میں اس بارے میں حکومت سے کچھ کہنا چاہتا ہوں تو وہ اسے فوراً بمبئی بھیج دے گا اور یہاں کی پابندیوں اور مقررہ قاعدوں سے اس میں کوئی رکاوٹ نہیں پڑے گی، وہ صورت حال سے بہت متاثر تھا اور اپنی ہمدردی کا یقین دلانا چاہتا تھا لیکن میں نے اس سے صاف صاف کہہ دیا کہ میں حکومت سے کوئی درخواست کرنا نہیں چاہتا۔ پھر وہ جواہر لال کے پاس گیا، اور ان سے اس بارے میں گفتگو کی۔ وہ سہ پہر کو میرے پاس آئے

اور بہت دیر تک اس بارے میں گفتگو کرتے رہے۔ میں نے ان سے بھی وہی بات کہہ دی جو سپرنٹنڈنٹ سے کہہ چکا تھا۔ بعد کو معلوم ہوا کہ سپرنٹنڈنٹ نے یہ بات حکومت بمبئی کے ایما پر کہی تھی۔

میرا سکون جاتا رہا جونہی خطرناک صورت حال کی پہلی خبر ملی، میں نے اپنے دل کو ٹٹولنا شروع کیا۔ انسان کے نفس کا بھی کچھ عجیب حال ہے ساری عمر ہم اسکی دیکھ بھال میں بسر کر دیتے ہیں، پھر بھی یہ معمہ حل نہیں ہوتا۔ میری زندگی ابتدا سے ایسے حالات میں گذری ہے کہ طبیعت کو ضبط و انقیاد میں لانے کے متواتر موقعے پیش آتے رہے، اور جہاں تک ممکن تھا ان سے کام لینے میں کوتاہی نہیں کی۔

تا دست رسم بود، زدم چاک گریباں،
شرمندگی از خرقۂ پشمینہ ندارم!

تاہم میں نے محسوس کیا کہ طبیعت کا سکون مل گیا ہے اور اسے قابو میں رکھنے کے لئے جدوجہد کرنی پڑے گی۔ یہ جدوجہد دماغ کو نہیں مگر جسم کو تھکا دیتی ہے، وہ اندر ہی اندر گھلنے لگتا ہے۔

ظاہر اور باطن کی کشمکش اس زمانہ میں میرے دل و دماغ کا جو حال رہا میں اسے چھپانا نہیں چاہتا، میری کوشش تھی کہ اس صورت حال کو پورے صبر و سکون کے ساتھ برداشت کر لوں، اس میں میرا ظاہر کامیاب ہوا، لیکن شاید باطن نہ ہو سکا۔ میں نے محسوس کیا کہ اب دماغ بناوٹ اور نمائش کا وہی پارٹ کھیلنے لگا ہے جو احساسات اور انفعالات کے ہر گوشہ میں ہم ہمیشہ کھیلا کرتے ہیں اور اپنے ظاہر کو باطن کی طرح نہیں بننے دیتے۔

صبر کا دکھاوا

سب سے پہلی کوشش یہ کرنی پڑی کہ یہاں زندگی کی جو روزانہ معمولات ٹھہرائی جاچکی ہیں ان میں فرق نہ آنے پائے۔ چائے اور کھانے کے چار وقت ہیں جن میں مجھے اپنے کمرے میں نکلنا اور کمروں کی قطار کے آخری کمرے میں جانا پڑتا ہے، چونکہ زندگی کے معمولات میں وقت کی پابندی کا منٹوں کے حساب سے عادی ہوگیا ہوں، اس لئے یہاں بھی اوقات کی پابندی کی رسم قائم ہوگئی اور تمام ساتھیوں کو بھی اس کا ساتھ دینا پڑا۔ میں نے ان دنوں میں بھی اپنا معمول بدستور رکھا۔ ٹھیک وقت پر کمرے سے نکلتا رہا اور کھانے کی میز پر بیٹھتا رہا، بھوک یک قلم بند ہوگئی تھی، لیکن میں چند لقمے حلق سے اتارتا رہا۔ رات کو کھانے کے بعد کچھ دیر تک صحن میں چند ساتھیوں کے ساتھ نشست رہا کرتی تھی۔ اس میں بھی کوئی فرق نہیں آیا جتنی دیر تک وہاں بیٹھتا تھا، جس طرح باتیں کرتا تھا اور جس قسم کی باتیں کرتا تھا وہ سب کچھ بدستور ہوتا رہا۔

ضبط کی نمائش

اخبارات یہاں بارہ بجے سے ایک بجے کے اندر آیا کرتے ہیں۔ میرے کمرے کے سامنے دوسری طرف سپرنٹنڈنٹ کا دفتر ہے۔ جیلر وہاں سے اخبار لے کر میرے پاس سیدھا میرے کمرے میں آتا ہے۔ جونہی اس کے کمرے سے نکلنے اور چلنے کی آہٹ آنا شروع ہوتی تھی، دل دھڑکنے لگتا تھا کہ نہیں معلوم آج کیسی خبر اخبار میں ملے گی لیکن پھر میں فوراً چونک اٹھتا۔ میرے صوفے کی پیٹھ دروازے کی طرف ہے، اس لئے جب ایک آدمی اندر آکے سامنے کھڑا نہ ہوجائے میرا چہرا دیکھ نہیں سکتا، جب جیلر آتا تھا تو میں حسب معمول مسکراتے ہوئے اشارہ کرتا کہ اخبار ٹیبل پر رکھ دے اور پھر کچھ لکھنے میں مشغول ہوجاتا گویا اخبار دیکھنے کی کوئی جلدی نہیں۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ یہ تمام ظاہرداریاں جو دکھاوے کا ایک پارٹ تھیں جسے دماغ کا مغرورانہ احساس کھیلتا رہتا تھا، اور اس لئے کھیلتا تھا کہ

کہیں اس کے دامن صبر و قرار پر بے حالی اور پریشان خاطری کا کوئی دھبہ نہ لگ جائے۔

بدہ یا رب دلے، کیں صورت بے جاں نمی خواہم

زہر غم کا پیالہ

بالآخر ۹ اپریل کو زہر غم کا یہ پیالہ لبریز ہو گیا۔

فانّ ما تحذرین قد وقع

۲ بجے سپرنٹنڈنٹ نے گورنمنٹ بمبئی کا ایک تار میرے حوالے کیا جس میں حادثے کی خبر دی گئی تھی۔ بعد کو معلوم ہوا کہ سپرنٹنڈنٹ کو یہ خبر ریڈیو کے ذریعے صبح ہی کو معلوم ہو گئی تھی اور اس نے یہاں بعض رفقا سے اس کا ذکر بھی کر دیا تھا لیکن مجھے اطلاع نہیں دی گئی۔

۲۶ سال کی رفاقت کا خاتمہ

اس طرح ہماری چھبیس برس کی ازدواجی زندگی ختم ہو گئی اور موت کی دیوار ہم دونوں میں حائل ہو گئی ہم اب بھی ایک دوسرے کو دیکھ سکتے ہیں مگر اسی دیوار کی اوٹ سے۔

مجھے ان چند دنوں کے اندر برسوں کی راہ چلنی پڑی۔ میرے عزم نے میرا ساتھ نہیں چھوڑا، مگر میں محسوس کرتا تھا کہ میرے پاؤں شل ہو گئے ہیں،

غافل نیم ز راہ، دلے آہ چارہ نیست

ایں رہزناں کہ بر دل آگاہ می زنند

مرثیہ

یہاں احاطے کے اندر ایک پرانی قبر ہے، نہیں معلوم کس کی ہے؟ جب سے آیا ہوں سینکڑوں مرتبہ اس پر نظر پڑ چکی ہے لیکن اب اسے دیکھتا ہوں تو ایسا محسوس ہونے لگتا ہے، جیسے ایک نئی طرح کا انس اس سے طبیعت کو پیدا ہو گیا ہے، کل شام کو دیر تک اسے تکتا رہا اور متمم بن نویرہ کا مرثیہ جو اس نے اپنے بھائی مالک کی موت پر لکھا تھا، بے اختیار یاد آگیا۔

لقد لامنی عند القبور علی البکاء　　رفیقی لتذران الدموع السوافک

نقال اتبکی کل قتبر رأیتہ ۔ لقد توی بین اللو ۔ ی فالد کادک
فقلت لہ ان الشجا یبعث الشجا ۔ فدعنی فھذا کلہ قتبر مالک

اب قلم روکتا ہوں ۔

سودا خدا کے واسطے کر قصہ مختصر
اپنی تو نیند اڑ گئی تیرے فسانے میں

"غبار خاطر" کے اس اثر انگیز اقتباس کے بعد، میں محترمہ حمیدہ سلطان صاحبہ کے ایک مضمون کا اقتباس بھی پیش کرنا چاہتا ہوں، حمیدہ سلطان کی والدہ، اور زلیخا بیگم سے بہناپا تھا، اور تعلقات عزیزانہ حد تک پہنچ گئے تھے، لہٰذا ان کی تحریر کے مستند ہونے میں شبہ نہیں،

حمیدہ سلطان صاحبہ اپنے مضمون میں جو مولانا کی وفات کے بعد شائع ہوا ہے فرماتی ہیں :-

یہ تھیں زلیخا بیگم نرگسی آنکھیں، دراز پلکیں، جڑی بھنویں، پگھلے ہوئے سونے کا سا رنگ، بیضوی چہرہ، یاقوتی لب، ساون کی گھٹاؤں کے مانند کالے لانبے بال، بوٹا سا قد، مائل بگداز دلآویز جسم، سفید کالی کنی کی سوتی باریک ساری بے پروائی سے لپیٹے، مشرقی حیا آمیز اداؤں کا قافلہ اپنے جلو میں لئے میں نے اسی دنیا کی حور کو دیکھا ہے، یہ مولانا ابوالکلام آزاد کی رفیقہ حیات زلیخا بیگم تھیں۔

فرض شناس بیوی ایک مرتبہ صبح دس بجے (میری والدہ) انکے یہاں پہنچیں تو خلاف عادت اس دن وہ پندرہ منٹ بعد مسکراتی ہوئی آئیں بعد معانقہ کرتے ہوئے کہا "معاف کیجئے گا"! آپ کو اتنی دیر میرا انتظار کرنا

پڑا۔ میں مولانا کو کھانا کھلا رہی تھی، وہ بہت تھوڑا اور سادہ کھانا کھاتے ہیں۔ دو چمچے ابلے ہوئے چاول، تھوڑی دال، سبزی یا گوشت اور دہی، چونکہ بہت سویرے اٹھ جاتے ہیں، اس لئے دوپہر کے کھانے کے بعد بارہ بجے سے بھی پہلے لیٹ جاتے ہیں، پھر دو بجے غسل کر کے نماز پڑھتے ہیں، اس کے بعد کاموں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور ملنے والوں کا تانتا رات گئے تک لگا رہتا ہے۔

وہ انداز حجاب بیگم آزاد کے بکھرے بالوں کی طرف اشارہ کر کے (والدہ) بولیں "مگر بھاوج معلوم ہوتا ہے ہمارے بھائی کو آپ کی زلف پریشان بہت پسند ہے جو آپ سر نہیں گوندھتیں" وہ لجا کر بولیں "اے نہیں نہیں یہ بات نہیں، ان کے بار بار جیل جانے سے میری طبیعت کچھ خفقانی ہو گئی ہے کہ چوٹی گوندھنے سے دل گھبراتا ہے" وہ انداز حجاب آج بھی مجھے یاد ہے یہ اس دن ان پر تنقید کرنے کی ٹھان کر گئی تھیں، پھر ان کی خالی کلائیوں کی طرف اشارہ کر کے کہا "اے نوج ایسی بھی کیا سادگی، وہم نہیں آتا۔ اللہ تمہارا سہاگ قائم رکھے ایک ایک چوڑی ہاتھ میں ڈال لیا کرو"

دل بجھ گیا تھا انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا "آخر ہیں تا آپ بھی نند، بالکل سسرال والوں کی طرح طعنے دے رہی ہیں، اچھا آئندہ میں آپ کی خوشی کا خیال رکھوں گی، دوسرے ہفتے جو وہ ملنے آئیں تو پشت پر چوٹی لہرا رہی تھی چکن کا خوبصورت بلاؤز پہنے تھیں اور ہلکی دھانی ریشمی ساری زیب تن تھی، ہاتھوں میں سونے کی دو دو چوڑیاں تھیں، کانوں میں بُندے۔ اچھے لباس اور ہلکی سی آرائش نے ان کی من موہنی صورت کو اور بھی دلربا کر دیا تھا۔ یہ ان کو گلے لگا کر مسرور لہجے میں بولیں "ہائے ہے کہیں بری نظر نہ لگ جائے، آج تو ماشاءاللہ، چشم بددور

بہت اچھی لگ رہی ہو" وہ حسب عادت لجا کر بولیں " آپ کو خوش کرنا تھا، ورنہ مجھے تو اب رنگین کپڑے اور زیور پہنتے ہوئے شرم آتی ہے۔" "اے ہے اور سنو! حد کر دی تم نے بھی! ابھی تمہاری عمر کون سی ایسی ہے سہاگنیں تو بڑھاپے میں بھی پیلا کپڑا پہنتی ہیں۔

شوہر پرست بیوی

ایک دن صبح جو ہم پہنچے تو بیگم آزاد کی نرگسی آنکھوں میں ڈورے دیکھ کر والدہ نے ان سے مسکرا کر کہا "کیا رتجگا کیا ہے بھاوج! آنکھیں گلابی ہو رہی ہیں" وہ ہنس کر بولیں " آپ کی تو عادت ہے ہی بنانے کی! آج کل مولانا قرآن پاک کی تفسیر لکھ رہے ہیں، رات کو وہ دیر کے بعد اٹھ بیٹھتے ہیں، جتنی دیر وہ لکھتے ہیں میں پنکھا جھلتی ہوں، موسم بہت گرم ہے، باہر بھی حبس ہی رہتا ہے، بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ جاگیں، محنت کریں اور میں آرام سے سوتی رہوں!"

ستی ستونتی

مولانا آزاد کی شادی زلیخا بیگم سے ہوئی تو وہ بارہ سال کے معصوم لڑکے تھے اور زلیخا بیگم چھ سال کی ننھی منی بچی تھیں، ان کے والد آفتاب الدین صاحب بغداد کے ایک شریف خاندان کے چشم و چراغ تھے، ان کا سلسلہ نسب حضرت صدیق اکبر سے جا ملتا ہے۔ آفتاب الدین صاحب مولانا کے والد بزرگوار کے خاص مریدوں میں سے تھے، زلیخا بیگم ان کی پانچویں صاحبزادی تھیں ان کے پیدا ہوتے ہی انہوں نے پیر کے قدموں پہ لا کر ڈال دیا، انہوں نے بہت محبت سے اس حسین پیاری بچی کو گود میں لیا اور زلیخا نام رکھا، بعد میں موہنی صورت والی بچی ان کو اتنی اچھی لگی کہ اس کو انہوں نے اپنی بہو بنا لیا، چھ سال کی بالی عمر میں زلیخا بیگم بیاہ کر آئیں، ان کے ننھے سے دل پہ اسی وقت سے ہی اپنے یوسف جمال شوہر کا قبضہ ہو گیا اور شباب کی منزل پہ قدم رکھتے ہی

وہ اس عظیم انسان کی پرستش کرنے لگیں۔ مولانا کے ہر خیال کو انہوں نے سر آنکھوں پر رکھا، ہجر کی سختیاں بھی سہیں اور مالی مشکلات بھی برداشت کیں مگر لب پر کبھی اف تک نہ لائیں، مولانا صاحب کی مالی حالت سیاسی جدوجہد میں حصہ لینے کی وجہ سے کبھی اچھی نہیں رہی، ان کی رفیق حیات نہ اچھا کھاتی نہ اچھا پہنتی، ان تمام تکالیف کو محبت اور سکون سے برداشت کرتی جو شوہر کی جدائی اور مالی پریشانی کی وجہ سے اس پر گذرتیں۔ زلیخا بیگم کا زیادہ وقت یاد الٰہی اور مولانا کی کامیابی کی دعاؤں میں گذرتا، ہر وقت کڑھتے رہنے کے باعث ان کی صحت گر گئی تھی، مگر یہ ستی ستونتی اپنی دھن میں مگن رہی، اپنی خرابیٔ صحت کا ذکر کبھی مولانا سے نہیں کیا، جس وقت بھی اور جتنے دن بعد بھی وہ گھر آتے یہ پاک طینت بیوی مسکراتی ہوئی ہمہ تن شوق بنی ان کا استقبال کرتی اور ہر طرح شوہر کو آرام پہنچانے کی کوشش کرتی

کم سنی کی شادی کا اثر

مولانا فطری طور پر آزاد طبیعت اور والہانہ جذبات کے مالک تھے، اس لئے اپنی کم عمری کی شادی سے ایک دوسرے بڑے فن کار غالب کی طرح خوش نہیں تھے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کو اپنی باوفا محبت کرنے والی بیوی کا خیال نہیں تھا یا ان کی ازدواجی زندگی اچھی نہیں گذری۔

بستر مرگ پر شوہر کی یاد

بیماری کے زمانہ میں، ان کو بس دن رات مولانا کی سلامتی کی دعائیں مانگنے اور رونے کے سوا کچھ یاد نہ رہا تھا، دوا انہوں نے بالکل چھوڑ دی تھی، غذا بھی برائے نام تھی، دق کا نامراد مرض دو سال سے پیچھا کئے ہوئے تھا۔ اب کمزور جسم پر اس نے بالکل تسلط جما لیا۔ ڈاکٹر بی سی رائے اور کلکتہ کے مشہور ڈاکٹروں نے ان کو دیکھا مگر مریض کو افاقہ کیسے ہوتا جبکہ نہ دوا تھی نہ غذا، وہ ہر ایک معالج سے یہی کہتی تھیں یہ بس خدا

کے لیے مجھے ایک مرتبہ مولانا کو دکھا دو۔" ان کی حالت دیکھ کر اور التجا سن کر آنکھوں میں آنسو بھرے ہر ڈاکٹر چار پائی سے اٹھتا تھا۔

باوفا بیوی کی یاد

(زلیخا بیگم کے انتقال کے بعد مولانا) ہر وقت کھوئے کھوئے سے رہنے لگے۔ زلیخا بیگم کی زندگی میں ان کو غالباً یہ احساس نہ تھا کہ اس باوفا بیوی سے خود ان کو بھی دلی لگاؤ ہے، لیکن مرنے والی کے جانے کے بعد جیسے ان کی زندگی میں کچھ بھی نہیں رہ گیا تھا، اپنی زندگی کی یہ متاع عزیز بھی ملک و قوم پر وہ نچھاور کر چکے تھے۔ اس خدا کی بھری ہوئی دنیا میں ان کے لئے کاموں اور مرحومہ کی یاد کے علاوہ کوئی دلچسپی نہیں رہ گئی تھی، اللہ تعالےٰ نے جیسے اور بہت سی نوازشوں سے مولانا آزاد کو نوازا تھا وہاں ایسی باوفا نیک طینت پاکیزہ صورت بیوی بھی عطا فرمائی تھی، زلیخا بیگم کی ذات پہ عالم نسواں جتنا فخر کرے بجا ہے،

معصوم اور فرشتہ صفت خاتون

میرا یہ کہنا تعلّی نہیں حقیقت ہے میری مرحومہ ماں حسن کی مورت تھیں میں نے اور بھی حسین و جمیل خواتین کو دیکھا لیکن جیسی معصومیت اور تقدس بیگم آزاد کی صورت پر میں نے دیکھا، ایسا پھر کبھی کہیں نظر نہیں آیا۔ وہ اس دنیائے آب و گل کی رہنے والی ہستی نہیں آسمانی مخلوق معلوم ہوتی تھیں، ان کی پاکیزگی خیال کا یہ عالم تھا کہ کبھی ٹیلیفون کا رسیور اس لئے نہیں اٹھاتی تھیں کہ نہ جانے دوسری طرف کون اور کیسا آدمی بات کر رہا ہوگا، اس زمانے میں ایسی عفت مآب خواتین کا خیال بھی نہیں کیا جا سکتا۔

غم جانکاہ

سنہ ۱۹۴۷ء کے بعد میں اکثر مولانا آزاد کی خدمت میں حاضر ہوتی وہ مجھ پر شفقت فرماتے۔ ایک مرتبہ دورانِ گفتگو میں مرحومہ کا ذکر میں نے کیا۔ مولانا صاحب ایک دم اس طرح خاموش ہو گئے، گویا اس ذکر نے ان کے نشتر لگا دیا۔ وہ بہت دیر سرنگوں خاموش بیٹھے رہے۔ میں بھی دم بخود پشیمان سی بیٹھی ان کے اس جانکاہ غم کا اندازہ کر رہی تھی ٭

(۱۸)

سی آر داس

نریمان سے بدسلوکی کا ذکر جب میں اس سلوک پر غور کرتا ہوں جو مسٹر نریمان کے ساتھ روا رکھا گیا تھا، تو میری چشم تصور میں پچھلا زمانہ تازہ ہو جاتا ہے اور سی، آر داس کی تصویر اُبھر آتی ہے — سی، آر، داس، تحریک عدم تعاون کی چند غیر معمولی قوت رکھنے والی شخصیتوں میں سے ایک!" (۱)

سی، آر، داس حقیقت پسند تھے ہماری قومی جد وجہد کی تحریک میں مسٹر سی آر داس ایک رتبۂ خاص پر فائز ہیں۔ ان کی نگاہ دور بیں، اور تخیلات وسیع تھے۔ ساتھ ہی ساتھ وہ عملی دماغ کے مالک تھے جو ہر مسئلہ کو حقیقت پسندی کے نقطہ نظر سے دیکھنے کا خوگر ہوتا ہے وہ اپنے خیالات وعقائد کا بیباکانہ اظہار کر سکتے تھے اور جس بات کو حق سمجھ لیتے تھے، پوری بے خوفی کے ساتھ اس پر اڑ جاتے تھے — داس کی شخصیت سے میں بہت متاثر تھا۔ (۲)

داس کی غیر معمولی صلاحیتیں جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں کہ مسٹر داس عملی دماغ کے آدمی تھے سیاسی مسائل پر وہ اس طرح

سوچتے تھے کہ جو بات کی جائے وہ مناسب بھی ہو اور قابلِ عمل بھی ، اُن کا فیصلہ تھا کہ اگر ہندوستان گفت و شنید کے ذریعہ آزادی حاصل کرنا چاہتا ہے تو ہمیں یہ مقصد قدم بہ قدم حاصل کرنا پڑے گا۔ جب معاملہ طلب التجا پہ آٹھہرا ہو تو یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ مکمل آزادی فوری طور پر حاصل ہو سکے گی ان کی پیشینگوئی تھی کہ سب سے پہلے ہمیں پراونشل اٹانومی (صوبائی خود مختاری) حاصل ہو گی وہ اس بات سے مطمئن تھے کہ محدود اختیارات بھی اگر ہمارے ہاتھ میں ہوں تو آزادیِ ہند کی طرف یہ ایک اقدام ہوگا۔ اور ہندوستانیوں میں زیادہ گراں بار ذمہ داریوں کو نبھانے کی استعداد، جب اور جیسے بھی کوئی موقع حاصل ہوا پیدا ہو جائے گی۔ مسٹر داس کی دور بینی کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ان کی وفات کے دس سال بعد انہی کی بتائی ہوئی لائن پر گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ (۱۹۳۵ء) نافذ ہوا۔

(ص ۱۶)

مسٹر داس کی وسعتِ قلب

سوراج پارٹی (داخلۂ کونسل کی حامی کانگریس جماعت) نے مرکزی اسمبلی اور صوبائی کونسلوں میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ سوراج پارٹی کی نمایاں تر امتیازی کامیابی یہ تھی کہ (جداگانہ انتخاب کے باعث) جو نشستیں مسلمانوں کے لئے مخصوص تھیں ان کا بڑا حصہ بھی اس نے جیت لیا۔ یہ نتیجہ تھا مسٹر داس کی حقیقت پسندی کا۔ مسٹر داس نے بنگال کے مسلمانوں کے خدشات اور خطرات دور کر دیئے اور ان کے بھی لیڈر بن گئے۔ جس طرح مسٹر داس نے بنگال کی فرقہ وارانہ گتھی سلجھائی وہ ناقابلِ فراموش ہے۔ اور آج بھی وہ مثالی حیثیت رکھتی ہے۔

اجمال کی تفصیل

بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت تھی، لیکن متعدد وجوہ د اسباب کے باعث وہ سیاسی اور تعلیمی طور پر پسماندہ تھے اگرچہ ان کی تعداد پچاس فی صد سے زیادہ تھی۔ لیکن مشکل سے تیس فیصد سرکاری آسامیاں ان کے حصہ میں آئی تھیں۔ مسٹر داس حقیقت پسند شخص تھے۔ انہوں نے فوراً محسوس کر لیا کہ جب تک مسلمانوں کو ان کے اقتصادی مستقبل کی سلامتی سے متعلق ضروری تحفظات اور ضمانات نہ دئیے جائیں۔ ان سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ جوش اور ولولہ کے ساتھ کانگریس میں شرکت کریں گے چنانچہ مسٹر داس نے اس سلسلہ میں ایک اہم اعلان شائع کیا جس نے نہ صرف بنگال کو، بلکہ سارے ہندوستان کو غیر معمولی طور پر متاثر کیا۔ مسٹر داس نے اپنے اعلان میں بتایا کہ جب بنگال میں کانگریس عنان اقتدار اپنے ہاتھ میں لے گی، وہ سرکاری اسامیوں کا ساٹھ فیصد جملہ نئے تقررات میں مسلمانوں کے لئے مخصوص کر دے گی جب تک ان کا تناسب پورا نہ ہو جائے۔ کلکتہ کارپوریشن کے سلسلہ میں انہوں نے ایک قدم اور آگے بڑھایا اور مذکورہ اصول کے ماتحت جملہ نئے تقررات کا ۸۰ فیصد مسلمانوں کے لئے مخصوص کر دیا۔ انہوں نے کہا جب تک ملازمتوں اور پبلک عہدوں میں مسلمانوں کو پورا پورا حق نہیں ملے گا۔ اس وقت تک بنگال میں صحیح قسم کی جمہوریت وجود پذیر نہیں ہو سکتی۔ ایک مرتبہ اگر غیر مساوی امتیازات (ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان) کا تدارک کر دیا گیا، تو مسلمان دوسری ملتوں سے برابر کا مقابلہ کر سکیں گے اور پھر ان کے لئے کسی اختصاص کی ضرورت باقی نہیں رہ جائے گی۔

کانگرسی داس سے خفا ہو گئے

مسٹر داس کے اس دلیرانہ اعلان نے بنگال کانگرس کی بنیادیں ہلا دیں بہت سے کانگرسی

لیڈروں نے بھپرے ہوئے انداز میں اس تجویز کی مخالفت کی اور مسٹر داس کیخلاف باقاعدہ ایک مہم شروع ہوگئی۔ انہیں موقع پرست کہا گیا۔ ان پر مسلمانوں کی کورانہ حمایت کا الزام لگایا گیا، لیکن وہ چٹان کی طرح ثابت قدم رہے۔ انہوں نے سارے صوبے کا دورہ کیا اور اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت کی۔ ان کے اس طرز عمل نے بنگال کے اندر، اور بنگال کے باہر مسلمانوں کو بہت زیادہ متاثر کیا۔

تقسیم ہند کا پہلا بیج

مجھے یقین ہے کہ اگر قبل از وقت ان کی وفات نہ ہو گئی ہوتی تو وہ ملک میں ایک نئی فضا پیدا کر دیتے، افسوس کا مقام ہے کہ ان کی وفات کے بعد ان کے متبعین نے انہیں خطا کار قرار دیا اور ان کے اعلان کی (اپنے عمل سے) تردید کر دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بنگال کے مسلمان کانگریس سے دور ہٹتے گئے۔ اس طرح تقسیم ہند کا پہلا بیج بنگال میں پڑا۔

(صفحہ ۲۱، ۲۰)

---

(۱)

مولانا نے مسٹر نریمان کا تذکرہ کیا ہے اُن کا مفصل ذکر اپنے موقعہ پر موجود ہے اس جگہ ربط کلام کے لئے اتنا پیش نظر رکھنا چاہیئے کہ مسٹر نریمان، بمبئی صوبہ کانگریس کمیٹی کے صدر تھے۔ اور کانگریس کے لئے بڑی قربانیاں کر چکے تھے۔ بار بار جیل گئے بمبئی کے گورنر سر جارج لائڈ سے، جس کے نام پر "لائڈ بیریج" مشہور ہے۔ انہوں نے ٹکر لی، لیکن وہ ذرا ہراساں نہ ہوئے۔

انڈیا ایکٹ کے ماتحت جب کانگریس نے عہدہ سازی کا کام شروع کیا، تو بمبئی میں، اصولی اور اخلاقی ہر لحاظ سے نریمان صاحب وزارت عظمیٰ کے مستحق تھے۔ اصولی اعتبار سے اس لئے کہ صوبہ کانگریس کے برسہا برس سے صدر چلے آ

رہے تھے۔ اور اخلاقی اعتبار سے یوں کہ وہ اقلیت (پارسی قوم) کے ایک فرد تھے۔ لہٰذا وہ ہر طرح کی حوصلہ افزائی کے سزاوار تھے

لیکن سردار پٹیل کا تعصب اسے گوارہ نہ کر سکا۔ کہ ہندوستان کے سب سے بڑے اور تجارتی و صنعتی صوبے کا وزیر اعلیٰ۔ ایک ہندو کے بجائے۔ اقلیت کا کوئی فرد ہو۔ چنانچہ انہوں نے راتوں رات مسٹر نریمان کو بغیر کسی وجہ کے معزول کر دیا۔ اور ان کے مقابلہ میں ایک نوآموز شخص مسٹر کھیر کو وزیر اعلیٰ بنا دیا۔

(۲)

واقعی مسٹر سی۔ آر۔ داس جیسے لیڈر صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں مولانا محمد علی مغفور بھی۔ داس کے حب وطن۔ وسعت قلب۔ عالی ظرفی۔ بے تعصبی، رواداری، اور شرافت و انسانیت کے بے حد قائل تھے۔ وہ بھی یہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر داس زندہ رہتا۔ تو ہندوستان کا نقشہ کچھ اور ہوتا۔

مسٹر داس کے متبعین میں سے، ایم سین گپتا۔ سوبھاش چندر بوس۔ سرت چندر بوس اور دوسرے بہت سے لوگ تھے۔ لیکن ان کے انتقال کے بعد یہ سب لوگ بدل گئے اور فرقہ پرستوں کی نئی قسم "کانگرس فرقہ پرست" کے بانی بن گئے۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اگر داس فارمولا عمل میں آتا تو نہ صرف بنگال میں ہندو مسلم اختلاف ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا بلکہ سارے ہندوستان میں ہندو اور مسلمان دوست اور بھائی بن کر رہتے ـــــــ لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا

(۳)

مولانا نے یہ جو فرمایا ہے کہ داس کی وفات کے بعد ان کے متبعین نے ان کے اعلان کی اپنے عمل سے تردید کر دی اور نتیجہ یہ ہوا کہ بنگال کے مسلمان، کانگریس سے دور ہٹتے گئے۔ اس طرح تقسیم ہند کا پہلا بیج بنگال میں پڑا۔ یہ غلط نہیں بالکل صحیح ہے۔

میں ابھی عرض کر چکا ہوں کہ اس کے متبعین میں سرت چندر بوس بھی تھے، جو آخر تک کانگریس کے مانے ہوئے لیڈر رہے ہیں۔ نہرو کابینہ میں بھی شریک تھے۔ ۱۹۴۶ء کے انتخابات میں، ایک کانگریسی لیڈر کی حیثیت سے انہوں نے وہ کیا کہ شاید ایک مہاسبھائی بھی اس کی جرأت نہ کر سکتا۔

۷ دسمبر ۱۹۴۵ء کو بمبئی میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر بوس نے کہا۔

"بنگال میں مرکزی اسمبلی کی مسلم نشستوں میں سے ہمیں پچاس فی صد مسلم نشستیں جیت لینے کی پوری امید ہے۔"

لیکن اس امید کی بنیاد کیا تھی؟

ایک نشست کے لئے مسٹر تمیز الدین (سابق اسپیکر پاکستان کانسٹی ٹیوشنٹ اسمبلی) اور سر عبد الحلیم غزنوی میں مقابلہ تھا۔ بنگال میں کاشتکار اور کسان زیادہ تر مسلمان تھے۔ زمیندار اور تعلقہ دار زیادہ تر ہندو۔

ان ہندو زمینداروں اور تعلقہ داروں کے نام مسٹر بوس نے ایک گشتی خط لکھا۔

"میرے دوست سر عبد الحلیم غزنوی مرکزی اسمبلی کے لئے امیدوار ہیں انہوں نے ملک کی بیش بہا خدمتیں انجام دی ہیں۔ مناسب ہے کہ اس مشکل وقت میں ان کے بہترین تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس لئے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ مہربانی کر کے ان کی حمایت کریں اور اپنے مسلمان ملازمین اور کاشتکاروں کو ہدایت کریں کہ وہ سر غزنوی کو ووٹ دیں۔ اُن کی کامیابی کے لئے آپ ... دوسری تدابیر بھی اختیار کریں!"

مسٹر بوس کا یہ خط کانگریسی ذہنیت کی منہ بولتی تصویر ہے۔

کانگریس ہمیشہ خان بہادروں اور سروں کو گالیاں دیتی رہی۔لیکن مسلم لیگ کی دشمنی میں اس نے حکومت برطانیہ کے ایک یار وفادار کو اپنا لیا۔اس کے "بیش بہا" خدمات کا اعتراف کرنے لگی۔حالانکہ یہ بیش بہا خدمات ہمیشہ انگریزوں کی تائید اور کانگریس کی مخالفت میں صرف ہوتے رہے تھے۔کانگریس کے نزدیک آزادی رائے کی کیا قیمت تھی۔اس کا اندازہ اس سے کیجئے کہ وہ زمینداروں اور تعلقہ داروں کو ہدایت کر رہی ہے کہ اپنے "مسلمان ملازمین اور کاشتکاروں کو مجبور کریں کہ وہ سرغزنوی کو ووٹ دیں۔

اور اس مکتوب گرامی میں ترغیب کا بندہ یہ جملہ ہے۔

"سرغزنوی" کی کامیابی کے لئے آپ دوسری تدابیر بھی اختیار کریں!"

اگرچہ مسٹر بوس نے نہیں بتایا کہ"دوسری تدابیر" سے ان کی مراد کیا ہے لیکن بے بتائے ہوئے ہی کون نہیں جانتا کہ ان فصیح و بلیغ اشارہ کا مدعا۔ترغیب اور تخویف ہی ہو سکتا ہے۔

کانگریس کی اس پستی پر ہندوستان کی کمیونسٹ پارٹی کے آرگن نے نکتہ چینی کی تھی۔مناسب ہوگا اگر اس کا ایک جملہ پیش نظر ہے۔

"سنہ ۱۹۲۰ء سے سنہ ۱۹۲۳ء تک سر عبدالحلیم غزنوی مسئلہ کے متعلق کانگریس اور دیش بندھو (سی آر داس) کے مقابلہ میں حکومت کی حمایت (کونسل کے اندر اور باہر) کرتے رہے ہیں۔مرکزی اسمبلی میں نمک پر ٹیکس بڑھانے میں سرکار کا ساتھ دیا سنہ ۱۹۳۲ء میں جب حکومت بنگال نے انقلابیوں کو کچلنے کے لئے قانون فوجداری میں ترمیم کرنا چاہی تو اعتدال پسند رہنما بھی اس کی تائید کرنے کے لئے تیار نہیں ہوئے لیکن غزنوی نام ان ہوائے زلف

لوگوں کی فہرست میں شامل ہے جنہوں نے اس موقع پر بھی حکومت
کی تائید کی تھی،

دوسرت چند روز بس کو دیکھنا چاہیے کہ ورکن نے مقابلہ میں سر عبدالحلیم
کی پیٹھ ٹھونک رہے ہیں"!

لیگی امیدوار مولوی تمیزالدین نے عدم تعاون کی تحریک میں وکالت
چھوڑ دی۔ اور تحریک خلافت کے سلسلہ میں دو سال کی قید کاٹی،
جیل میں انہیں کوڑے لگائے گئے اور اُن کا بازو ٹوٹ گیا۔ رہا
ہونے کے بعد وہ دانہ دانہ کو محتاج ہو گئے اور کئی دن تک کپڑا
بیچ کر پیٹ پالا، کانگریس سے وہ اس وقت علیحدہ ہوئے جب
بنگال کے کانگرسی رہنماؤں نے دیش بندھو (سی۔ آر۔ داس) کی مسلم
دوست پالیسی سے منہ پھیر لیا۔ اس کے بعد وہ مسلم لیگ میں شریک ہو
گئے!"

پورن چند جوشی نہ کانگرسی تھے، نہ مسلم لیگی۔ وہ دونوں کے مخالف تھے، اس
لئے کہ کمیونسٹ پارٹی کے سیکرٹری جنرل تھے لیکن بنگالی ہونے کے سبب سیاسیات
بنگال کے ماضی وحال سے واقف تھے۔ بنگال کے کانگرسی اور غیر کانگرسی رہنماؤں کا
نامۂ اعمال اُن کے سامنے تھا۔ لیگ کے مخالف ہوتے ہوئے بھی وہ یہ نہ برداشت
کر سکے کہ تمیزالدین جیسے سراپا ایثار اور آزمودہ کار۔ قومی کارکن کے مقابلہ میں، سر
عبدالحلیم غزنوی جیسے دیرینہ غدار ملک وقوم کو سہارا دیا جائے۔

لیکن کانگریس۔ تو ہر قیمت پر مسلم لیگ کو شکست دینے پر تُلی ہوئی تھی۔ اس
سلسلہ میں اصول، شرافت، انسانیت، دیانت جو چیز بھی سنگِ گراں بن کر حائل ہوتی
اُسے ٹھکرانے، کچلنے اور برباد کرنے کے لئے وہ تیار تھی چنانچہ تمیزالدین کی مخالفت

کرکے۔ اور سر عبدالحلیم غزنوی کے "بیش بہا" خدمات" کی داستان الف لیلے شائع کر وہ صرف یہ ثابت کر رہی تھی کہ جنگ میں سب کچھ جائز ہے۔

لیکن بنگال کے مسلمان قائد اعظم کے پرچم تلے متحد تھے۔ ان میں سیاسی شعور بیدار ہو چکا تھا۔ وہ دوست، دشمن کو پہچاننے لگے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مہاراجہ قاسم بازار اور مہاراجہ بردوان اور دوسرے بڑے بڑے نہایت سیاسی تعلقہ داروں اور، زمینداروں کی سرپرستی حاصل کرنے کے بعد بھی کانگریس تمیز الدین کو شکست نہ دے سکی۔ بیچارے سر غزنوی کی ضمانت تک ضبط ہو گئی ——————

"ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو؟"

---

(۱۹)

سوبھاش چندر بوس

بوس کی روپوشی ۲۶ جنوری ۱۹۴۱ء کو یہ خبر منظر عام پر آئی کہ سوبھاش چندر بوس ہندوستان سے روپوش ہو گئے۔ تقریباً ایک سال تک ان کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہو سکا۔ مارچ ۱۹۴۲ء میں برلن ریڈیو سے ان کی ایک تقریر نے تمام شبہات کا خاتمہ کر دیا، یہ بات واضح ہو گئی کہ وہ جرمن پہنچ چکے ہیں اور انگریزوں کے خلاف مصروف عمل ہیں۔ اس اثنا میں جاپان نے ہندوستان پر انگریزی تسلط کے خلاف زور شور سے پروپیگنڈہ شروع کر دیا، جاپان اور جرمن کے اس مسلسل پروپیگنڈہ نے ہندوستانیوں کی بہت بڑی تعداد کو متاثر کیا۔ بہت سے لوگ جاپان کے مواعید سے متاثر ہوئے اور یقین کر لیا کہ جاپان، ہندوستان کی آزادی اور ایشیا کے استحکام کے لئے مصروف عمل ہے۔ (۱)

جاپان کے مرعوب کن فتوحات ان لوگوں کا خیال تھا کہ جاپانی حملہ نے انگریزوں کی طاقت پارہ پارہ کر دی ہے۔ اس سے ہماری تحریک آزادی کو تقویت ملے گی۔ اس صورت حال سے ہمیں پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ ملک میں روز بروز ان لوگوں کی تعداد بڑھتی جا رہی تھی جو جاپان سے ہمدردی رکھتے تھے۔

گاندھی جی جاپان کی فتح کا یقین رکھتے تھے گاندھی جی اب شدت کے ساتھ محسوس کر رہے تھے، کہ اتحادی جنگ نہیں جیت سکیں گے جرمن اور جاپان کو فتح ہوگی (۲)

گاندھی جی بوس سے مرعوب ہو گئے میں نے یہ بھی دیکھا کہ ہندوستان سے سوبھاش چندر بوس کا جرمنی پہنچ جانا گاندھی جی پر بہت زیادہ اثر انداز ہوا تھا اس سے پہلے وہ بوس کی بہت سی سرگرمیوں کی مخالفت کر چکے تھے لیکن اب اُن کا نظریہ بدل گیا تھا۔ وقتاً فوقتاً بوس کے بارہ میں جس طرح کے فقرے وہ استعمال کرتے تھے اس سے مجھے یقین ہو گیا کہ وہ بوس کی ہمت اور جذبۂ عمل سے بہت زیادہ متاثر ہیں خاص طور پر ہندوستان سے ان کا صحیح سلامت نکل جانا ایسا کارنامہ تھا جس کی تعریف کرتے بھی نہیں تھکتے تھے۔ جب وہ سوبھاش چندر بوس کی تعریف کرتے تھے تو غیر محسوس طور پر ان کے خیالات جنگ کے بارہ میں بھی یہی صورت اختیار کر لیتے تھے (۳)

(صفحہ ۴۰، ۴۱)

---

(۱)

سوبھاش چندر بوس کے متعلق مولانا نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے، وہ بالکل درست ہے۔

بوس کلکتہ سے بھیس بدل کر، ایک مسلمان کے روپ میں داڑھی رکھ کر پشاور پہنچے۔ یہاں سے افغانستان، وہاں سے نہ جانے کس طرح جرمنی! پھر جب انھوں نے محسوس کیا کہ جرمنی سے زیادہ وہ جاپان میں رہ کر ملک کی خدمت کر سکتے ہیں جاپان چلے آئے یہاں ان ہندوستانیوں نے جو جاپان

کے ہاتھوں گرفتار ہوئے تھے۔ انہوں نے مجتمع کرکے ہندستان کی قومی فوج بنا لی۔ اور ایک مرتبہ توان کی یہ فوجیں آسام کے حدود تک پہنچ گئیں۔

پس جب تک ہندوستان میں رہے مسلمانوں کا جہاں تک تعلق ہے، ان کی اور کانگرسی لیڈروں کی ذہنیت میں کوئی فرق نہیں تھا صدر انڈین نیشنل کانگریس کی حیثیت سے وہ کئی بار تعداعظم سے ملے لیکن جب وہ جرمنی اور جاپان پہنچے، توان کے نقطہ نظر میں تبدیلی اور دل میں وسعت پیدا ہوگئی، انہوں نے محسوس کرلیا کہ جب تک سی۔ آر۔ داس کی پالیسی پر عمل نہیں کیا جائیگا مسلمانوں کو نہیں جیتا جاسکتا، نہ ہندوستان آزاد ہوسکتا ہے چنانچہ انہوں نے نیشنل آرمی میں مسلمانوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جو آزاد ہند حکومت بنائی اس میں بھی مسلمانوں کو بڑی گراں بار ذمہ داریاں سونپیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا، کہ آزاد ہند فوج کے مسلمان سپاہی آج بھی ان کے مداح اور ثناخواں ہیں۔

(۲)

اس واقعہ سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ گو گاندھی جی کی قیادت کی بنیاد روحانیت پر تھی، لیکن عام سیاستدانوں کی طرح وہ بھی پلٹے کھاتے رہتے تھے۔ جنگ میں انگریزوں کا ساتھ نہ دینے کا سبب وہ یہ بیان کرتے تھے کہ "عدم تشدد" کا عقیدہ شرکت جنگ کی اجازت نہیں دیتا۔ اور اس عقیدہ پر وہ اس درجہ مصر تھے کہ ہندوستان کی آزادی تک پر وہ عدم تشدد کو ترجیح دیتے تھے۔ لیکن اندرونی طور پر معاملہ یہ تھا کہ وہ انگریزوں کا ساتھ اس لئے نہیں دے رہے تھے کہ انہیں یقین کامل تھا کہ انگریز ہار جائیں گے اور جاپانی جیتیں گے۔ اس یقین کی بنا پر ان کی خیالی اور عملی ہمدردیاں جاپان کے ساتھ تھیں۔

(۳)

گاندھی جی اور بوس کے تعلقات پر ایک نظر ڈالی جائے تو کئی حقائق نظر کے سامنے آتے ہیں اور ہر حقیقت اس راز کی پردہ کشا ہے کہ اگرچہ گاندھی جی کی قیادت "روحانیت" "اندرونی آواز" اور تپسیا (ریاضت) پر قائم تھی، لیکن، پندار کا جہاں تک تعلق تھا، ان میں اور ایک سیاستدان میں کوئی فرق نہیں تھا،

مثال کے طور پر میں چند واقعات ذیل میں پیش کرتا ہوں۔

(۱)

گاندھی جی نے جواہر لال کے کامیاب اور برابر کے حریف کی حیثیت سے بوس کی پیٹھ تھپکی اور بے تامل انہیں کانگریس کا صدر بنا دیا۔

(۲)

لیکن سال بھر کے تجربہ کے بعد انہیں اندازہ ہوا کہ جواہر لال جس طرح "باپو" کے سامنے جھک جاتے ہیں، بوس نہیں جھکتے۔ جواہر لال اپنے مسلمہ اور معروف و مشہور سیاسی عقائد تک بھی "باپو" کی خاطر لچک پیدا کر لیتے ہیں، لیکن بوس اپنے کسی خیال اور نظریے میں ذرا بھی لچک گاندھی کی خاطر پیدا کرنے کو تیار نہیں ——— نتیجہ یہ ہوا کہ گاندھی جی بوس سے روٹھ گئے۔

(۳)

۱۹۳۸ء میں جب کانگریس کی صدارت کا مسئلہ درپیش ہوا تو گاندھی جی نے ڈاکٹر پٹا بھی سیتا رامیہ کو اس منصب بلند کے لئے نامزد کیا۔

اب تک کا معمول یہ تھا کہ کانگریس کی صدارت اس کے حصہ میں آتی تھی

جسے گاندھی جی نامزد کر دیں۔ وہی صدر منتخب ہو جاتا تھا لیکن بوس نے اس رسم کہن کے پرخچے اڑا دیئے۔ گاندھی جی کی طرف سے سیتا رامیہ کی نامزدگی کے باوجود انہوں نے اعلان کیا کہ میں مقابلہ کروں گا۔ گاندھی جی کانگریس کے مالک نہیں ہیں۔ یہ فیصلہ صوبائی کمیٹیوں کو کرنا چاہئیے کہ کون صدر ہو یا نہ ہو۔

بوس کے اس فیصلہ نے جمہوریت مآب کانگریس کے حلقہ میں تہلکہ مچا دیا۔ انہیں ہموار کرنے کی کوشش کی گئی۔ ان سے التجا کی گئی کہ وہ اپنا نام واپس لے لیں لیکن وہ اپنے فیصلہ پر اڑے رہے۔

عام خیال یہ تھا کہ جسے گاندھی جی کی دعائے خیر و برکت نہ حاصل ہو، وہ کسی حالت میں صدر کانگریس نہیں ہو سکتا۔ لیکن بوس نے یہ طلسم توڑ کر رکھ دیا انہوں نے مقابلہ کیا اور سیتا رامیہ کو شکست فاش دے کر دوبارہ صدر کانگریس مقرر ہو گئے۔

(۴)

گاندھی جی نے فوراً اعلان کیا کہ،

"میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہ شکست پٹابھی سیتا رامیہ کی نہیں، میری ہے!"

بوس نے اس اعلان کا بھی کوئی نوٹس نہیں لیا۔

(۵)

کانگریس سیشن کے موقع پر گاندھی نے شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا، تاکہ۔ ان کی عدم شرکت کی وجہ سے کانگریس کا اجلاس پھیکا رہے اور لوگ سمجھ لیں کہ کانگریس گاندھی جی کی دعائے خیر و برکت سے محروم ہو چکی ہے

(۶)

لیکن بوس نے اس کی بھی کوئی پرواہ نہ کی تیاریاں ہوتی رہیں، اجلاس

شروع ہو گیا۔

گاندھی جی نے جب دیکھا کہ یہ داؤں بھی ناکام ہوا، تو وہ اپنے وطن راجکوٹ پہنچے اور چھوٹے سے رجواڑے کے فرماں روا کی ایک مبینہ وعدہ خلافی پر احتجاج کرتے ہوئے مرن برت کا اعلان کر دیا۔ اصل مقصد یہ تھا کہ سارے ہندوستان میں ہلچل مچ جائے اور لوگ بوس اور کانگریس کے اجلاس کی طرف سے اپنی توجہ ہٹا لیں۔

لیکن یہ مقصد پورا نہیں ہوا۔ کانگریس کا سیشن نہایت کامیابی کے ساتھ اتمام کو پہنچا۔ وائسرائے نے داخلت کر کے، اور چیف جسٹس آف انڈیا سرماریس گائر کو ثالث بنا کر برت تڑوا دیا۔ لیکن بوس اس واقعہ سے ذرا بھی متاثر نہ ہوا۔

(۷)

اصول یہ تھا کہ صدر کانگریس اپنی ورکنگ کمیٹی خود نامزد کرتا تھا۔ بوس کے لئے یہ مسئلہ بڑا نازک بن گیا۔ اگر ورکنگ کمیٹی نئے لوگوں پر مشتمل ہوتی ہے اور پرانے ممبر نکال دیئے جاتے ہیں تو لوگ کہیں گے کہ بوس کو بھی گاندھی جی سے اور کانگریس کے مانے ہوئے لیڈروں سے کد ہے، اور اگر ورکنگ کمیٹی میں پرانے ممبر لئے جاتے ہیں۔ تو قدم قدم پر گاندھی جی کے اشارہ سے رکاوٹ ڈالینگے اور کام نہیں کرنے دینگے۔

آخر بوس نے بھی فیصلہ کیا کہ پرانے ممبروں کو خارج نہ کیا جائے چنانچہ انہوں نے اپنی نئی ورکنگ کمیٹی میں، جواہرلال، سردار پٹیل، مولانا آزاد، کرپلانی راجندر پرشاد وغیرہ کو نامزد کیا۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا گاندھی جی خالص سیاست داں تھے۔ ان کے اشارہ

سے یہ ورکنگ کمیٹی مستعفی ہوگئی۔

اب صورت حالات یہ تھی کہ بوس کانگریس کے صدر تھے۔ لیکن کانگریس کے تمام پرانے اور چوٹی کے لیڈر ان سے عدم تعاون کر رہے تھے۔ ان حالات میں بوس نے محسوس کیا کہ وہ کام نہیں کر سکتے۔ چنانچہ انہوں نے صدارت سے استعفا دے دیا۔ جو فوراً بسر و چشم منظور کر لیا گیا۔ اور ان کے حریف جواہر لال صدر منتخب کر لئے گئے۔

(۸)

لیکن انتقام کا چکر ابھی چل رہا تھا۔ مستعفی ہونے کے وجود، بوس کو معاف نہیں کیا گیا۔

سردار ولبھ بھائی پٹیل کے بڑے بھائی سردار وٹھل بھائی پٹیل، سابق صدر مرکزی اسمبلی بوس سے بہت متاثر تھے۔ ان کا انتقال امریکہ میں ہوا۔ اس وقت بوس بھی وہاں موجود تھے۔ وٹھل بھائی نے اپنی تمام املاک و جائداد ملک کے لئے وقف کر دی۔ اور اس کا ٹرسٹی بوس کو بنا دیا۔

لیکن سردار ولبھ بھائی پٹیل نے اس وصیت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور بمبئی ہائی کورٹ میں مقدمہ دائر کر دیا۔ اور استدعا کی کہ انہیں ٹرسٹی بنایا جائے۔ بوس کو ٹرسٹی بننے سے ذاتی فائدہ مقصود نہ تھا۔ یہ جھگڑا دیکھ کر انہوں نے عدالت میں مقدمہ کی پیروی نہیں کی۔ اور ولبھ بھائی پٹیل ——————
تنہا ٹرسٹی بن گئے۔

(۹)

پھر جنگ کے بعد جب بوس جاپان پہنچے، اور ان کی آزاد ہند فوج نے پر پرزے نکالنے شروع کئے۔ اتحادی اٹھنے لگے۔ اور جاپان نے بیک

چین، روس، برما، ملایا سنگاپور، انڈونیشیا کے علاقوں پر قبضہ کر لیا تو گاندھی جی کو یقین ہو گیا کہ وہ وقت جلد آنے والا ہے جب بوس فاتح اور کشور کشا کی حیثیت سے اپنے وطن میں داخل ہوگا۔ لہذا انہوں نے بوس کی تعریف و تحسین شروع کر دی۔ اور عدم تشدد کی آڑ لے کر اتحادیوں اور انگریزوں کی اخلاقی مدد تک کرنے سے انکار کر دیا۔

(۱۰)

لیکن جواہر لال گاندھی جی سے زیادہ مضبوط دل کے آدمی تھے۔ انہوں نے گاندھی جی کی طرح ہتھیار نہیں ڈالے۔ بوس کو زک دینے کے لیے علانیہ اتحادیوں کی تائید و حمایت شروع کر دی جس پر بعض دفعہ صدر کانگریس کی حیثیت سے مولانا آزاد جز بز بھی ہوئے۔ وہ بھی جواہر لال کے ہم خیال تھے۔ اور اس کے بارے میں دونوں پورے طور پر متفق تھے، لیکن وہ ذرا رکھ رکھاؤ کے ساتھ اتحادیوں کی تائید کرنا چاہتے تھے۔ جواہر لال جو بقول مولانا ذرا جذباتی قسم کے آدمی ہیں، انہوں نے بغیر کسی جھجک کے اپنے خیالات ظاہر کرنا شروع کر دیئے۔ چنانچہ جب چیانگ کائی شیک، ہندوستان آئے تو جواہر لال نہ صرف ان سے ملے، بلکہ اُن کی اس تجویز کے پورے طور پر ہمنوا ہو گئے۔ کہ اس جنگ میں انگریزوں کا ساتھ دینا چاہیئے"!

ان حقائق کی روشنی میں اندازہ ہوتا ہے کہ جنگ کے سلسلہ میں گاندھی جی اور جواہر لال کی پالیسی کا اختلاف صداقت پر اور اصول پر اتنا مبنی نہیں تھا، جتنا وہ سوبھاش چندر بوس کی ذات کے گرد گھوم رہا تھا۔

(۲۰)

سر سکندر حیات

سر سکندر سے سر کرپس کی اُمیدیں

"ایک شام کرپس نے مجھے فون کیا، کہ سر سکندر حیات خاں ان سے ملاقات کے لئے کل آ رہے ہیں۔ کرپس نے یہ امید ظاہر کی کہ سر سکندر حیات خاں فرقہ وارانہ مسئلہ کا تصفیہ کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ پنجاب مسلم اکثریت کا صوبہ ہے۔ اگر پنجاب نے ہندوستان سے الگ نہ ہونے کا فیصلہ کر لیا تو دوسرے مسلم اکثریت رکھنے والے صوبوں کے لئے یہ ایک قابل تقلید اقدام ہو گا۔ میں نے کرپس سے کہا کہ مجھے اس میں شبہ ہے کہ سر سکندر حیات اس فرقہ وارانہ گتھی کو حل کر سکیں گے لیکن بہر حال وہ دہلی آ رہے ہیں تو مجھے ان سے مل کر خوشی ہو گی۔

سر سکندر سے میری ملاقات

سر سکندر حیات دوسرے دن دہلی آ گئے، کرپس سے ملاقات کے بعد وہ مجھ سے آ کر ملے ان کا خیال تھا کہ تجاویز کرپس فرقہ وارانہ مسئلہ کا بہترین حل ہیں، وہ مطمئن تھے کہ اگر یہ مسئلہ ووٹ کے لئے پنجاب اسمبلی کے سامنے رکھا گیا تو اس کا فیصلہ قومی بنیاد پر ہو گا، نہ کہ فرقہ وارانہ لائن پر۔ میں نے ان کی رائے سے

اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ اگر پنجاب اسمبلی سے ووٹ اب لیا جائے تو بے شک ان کی پیشگوئی صحیح ثابت ہو سکتی ہے لیکن اختتام جنگ کے بعد کیا ہو گا ؟ اس کے بارے میں نہ وہ کچھ کہہ سکتے ہیں، نہ میں !

پتہ کی بات

میں نے سکندر حیات سے یہ بھی کہا کہ میں یہ تسلیم نہیں کر سکتا کہ جو اثر و رسوخ انہیں اب حاصل ہے وہ انہیں جنگ کے بعد بھی حاصل رہے گا۔ (۱)

(صفحہ ۵۸ ، ۵۹)

---

(۱) سر سکندر حیات پنجاب کے نہایت ذہین، دور اندیش، اور مدبر رہنما تھے، ذاتی طور پر نہایت شریف اور صفاتی طور پر قابل قدر (انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے ماتحت صوبوں کو اندرونی خود مختاری ملی۔ تو سر سکندر پہلے وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے ان کی فراست، ذہانت اور تدبر کے لئے اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ انہوں نے مختلف الخیال ہندو اور سکھ ممبروں تک کا ایک ایسا مجموعہ تیار کر لیا تھا جو ہر وقت اُن کے کام آتا تھا اور اس سے جو کام چاہتے تھے وہ لیتے تھے۔ وہ طبعاً اور مزاجاً اور شاید روایات خاندانی کے اعتبار سے بھی انگریزوں کے نیاز مند خصوصی تھے، لیکن مسلم لیگ میں آنے کے بعد اور قائد اعظم کے فیض صحبت سے ان میں یہ حوصلہ پیدا ہو گیا تھا کہ اگر وقت اور مصلحت کا تقاضا ہو تو، وہ انگریزوں کا، نہ صرف انگریزوں کا بلکہ سب کا ساتھ چھوڑ کر صرف اپنی قوم اور ملت کے ہو رہیں۔

سر سکندر کو سب سے پہلی مرتبہ میں نے ۱۹۳۲ء میں دیکھا۔ میں چند روز کے لئے بمبئی سے دہلی آیا ہوا تھا اور مولانا شوکت علی کے ساتھ مقیم تھا، ایک روز شام

کو وہ موٹر میں بیٹھے۔ مجھے ساتھ لیا اور نئی دہلی پہنچے۔ اور ایک مکان میں داخل ہوئے، یہ مرکزی اسمبلی کے ایک ممبر میاں غیاث الدین کی قیام گاہ تھی۔ سر سکندر سے ملنے کے لئے چند مخصوص احباب کو انہوں نے مدعو کیا تھا۔ انہی میں مولانا شوکت علی بھی تھے اور ان کے ساتھ یہ ناخواندہ مہمان بھی۔ حاضرین میں سر ضیاء الدین، بنگال کے سوال باز کبیر الدین احمد اور دوسرے اصحاب موجود تھے۔

سر سکندر بہت پریشان تھے۔ ملک برکت علی مرحوم نے ان کے لئے ایک بڑی مشکل پیدا کر دی۔ انہوں نے ایک بل پیش کرنے کا نوٹس دیا تھا، جس کی رو سے مسجد شہید گنج سکھوں سے چھین کر مسلمانوں کو واپس مل جانی چاہیئے تھی۔ سر سکندر اگر یوپی کے سمپورنانند کی طرح متعصب اور ناروادار وزیر اعلیٰ ہوتے تو یہ بل پاس کرا لیتے بھی وہ مسجد شہید گنج پر اس طرح مسلمانوں کا قبضہ ہو جانے دیتے جس طرح اجودھیا (فیض آباد) کی مسجد بابری پر ہندو بارہ سال سے جبراً قابض ہیں، لیکن وہ مسلمان تھے، با اصول تھے، مدبر تھے، نتائج و عواقب پر نظر رکھتے تھے۔ انہوں نے گورنر کو مشورہ دیا کہ یہ بل پیش کرنے کی اجازت نہ دی جائے، گورنر نے یہ مشورہ قبول کر لیا، لیکن اس سے مسلمانوں کے جذبات میں ہلچل پیدا ہو گئی، اس درد کا درماں تلاش کرنے وہ دلی تشریف لائے تھے۔ کہ قائد اعظم کی تائید حاصل کریں۔ قائد اعظم کی تائید حاصل کرنے کے لئے ان کے چند مخصوص دوستوں سے ملنا ضروری تھا۔ یہ اجتماع اسی سلسلہ میں تھا۔ سر سکندر چپ چپ اور کھوئے سے بیٹھے تھے لیکن بہت جلد مولانا شوکت علی کے طنز و مزاح نے وہ فضا پیدا کر دی، کہ سر سکندر بھی کھل گئے۔

مولانا شوکت علی میں ایک خاص وصف یہ تھا کہ علی گڑھ کے رشتہ سے وہ ہر علیگ کے مسلّمہ "بڑے بھیا" بن جاتے تھے۔ ان کی محبت اور خلوص کے پھندے سے

سے کسی غیر علیگ کا نکلنا بھی آسان نہ تھا، وہ بیچارہ تو روایات کہن کی پابندیوں
میں اپنے آپ کو ایسا جکڑا ہوا پاتا تھا کہ سرِتسلیم خم کرنے کے سوا کوئی چارہ
ہی باقی نہ رہ جاتا تھا۔ چنانچہ سر سکندر حیات خان بھی بڑے بھیا کے کشتگان
وفا میں تھے۔ شوکت صاحب کو جب کوئی مالی دشواری (ذاتی سلسلہ میں نہیں،
قومی سلسلہ میں) پیش آتی وہ بے تکلف اپنے علیگ بھائیوں کو خط لکھتے
کہ مقصد سے اتفاق ہو یا اختلاف۔ لیکن اگر مجھ پر بھروسہ کرتے ہو تو جو کچھ تھوڑا بہت
بھیج سکتے ہو بھیجو، ایک سے زائد بار میں نے سر سکندر کے چیک مولانا کی میز پر
دیکھے۔"

سر سکندر کو پنجاب میں وہ قوت حاصل تھی کہ وہ خضر حیات خاں کی طرح
مستوجب ملت ہوئے بغیر مسلم لیگ کو نظر انداز کر سکتے تھے۔ لیکن یہ ان کا حد سے بڑھا
ہوا جذبۂ ملی تھا کہ انھوں نے از خود مسلم لیگ سے وابستگی اختیار کی ۱۹۳۷ء میں
مسلم لیگ کا سیشن لکھنؤ میں منعقد ہوا۔ اس میں شرکت کی اور اپنے رفقاء کے ساتھ
مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔ اس کا بڑا اچھا اور خوش گوار اثر مسلم اکثریت کے
دوسرے صوبوں پر پڑا۔

سر سکندر حیات کے کردار کا ایک اور شاندار پہلو یہ ہے کہ لارڈ لنلتھگو،
وائسرائے تھے؛ ۔ کانگریس اور مسلم لیگ کے تعاون سے مایوس ہو کر، وار کونسل
قائم کی جس میں مسلمانوں، ہندوؤں اور دوسرے فرقے کے لوگوں کو شریک کیا۔ مسلم لیگ
نے اس کا بائیکاٹ کیا۔ اب لارڈ لنلتھگو نے ایک دوسرا کھیل کھیلا، پنجاب
کے سر سکندر حیات خان، بنگال کے مسٹر فضل الحق اور آسام کے سر سعد اللہ کو جو
اپنے اپنے صوبوں کے وزیر اعظم تھے مسلمانوں کے نمائندہ کی حیثیت سے شریک
کیا لیکن ان سے یہ کہا کہ وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے وہ شریک کئے جا رہے ہیں۔

قائد اعظم نے فوراً ایک اعلان شائع کیا کہ اگر کوئی مسلم لیگی شریک ہوا، تو اس کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ سکندر حیات، فضل الحق، سعد اللہ شریک ہو چکے تھے۔ اُن کے خلاف لیگ نے تادیبی کارروائی کرنے کے لئے بمبئی میں ورکنگ کمیٹی کا جلسہ طلب کیا۔

جلسہ میں سر سکندر اور سر سعد اللہ بھی شریک ہوئے۔ فضل الحق اڑے ہوئے تھے کہ مسٹر جناح میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، میں شریک رہوں گا۔ سکندر حیات اور سعد اللہ نے یہ مؤقف اختیار کیا کہ وائسرائے نے ہمیں مسلم قوم کے نمائندہ کی حیثیت سے نہیں، صوبائی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے شریک کیا ہے۔ لہٰذا شرکت پر ہم مجبور ہیں اگر مسلم نمائندے کی حیثیت سے شریک کیا ہوتا تو ہم قطعاً استعفا دے دیتے۔ قائد اعظم نے سر راجر لملی گورنر بمبئی کا مکتوب دکھایا جس میں مسلم نمائندہ کا ذکر تھا یہ خط دیکھتے ہی سر سکندر اور سر سعد اللہ نے فوراً وائسرائے کی وار کونسل سے استعفا دے دیا۔ فضل الحق نے نہیں دیا، وہ مسلم لیگ سے خارج کر دیئے گئے۔ یہ اُن کا بڑا یادگار اور عبرتناک کارنامہ ہے۔ توقع مسٹر فضل سے تھی۔ لیکن کام سر سکندر حیات نے کر دکھایا۔

سکندر حیات خاں جس بنیاد پر کرپس تجاویز کی تائید کر رہے تھے ان سے مسلمانوں کو فائدہ ہی تھا، نقصان نہ تھا۔ وہ یہ بھی جانتے تھے۔ کانگریس ان تجاویز کو منظور نہیں کر سکتی کیونکہ یہ تجاویز بھی پاکستان ہی کی مترادف تھیں۔ جب ہر صوبہ کو آزادی کا حق مل گیا تو پاکستان میں کسر کیا رہ گئی۔؟

---

(۲۱)

خان عبدالغفار خاں

ضرورت سے زیادہ بھروسہ صوبہ سرحد میں مسلمانوں کی غیر معمولی اکثریت ہے۔ ۳۷ء سے ۴۶ء میں وہاں کی وزارت کانگرس کے ہاتھ میں رہی
خان عبدالغفار خان اور ان کے خدائی خدمت گار اس خوشگوار صورت حالات کے ذمہ دار
تھے۔ صوبہ سرحد کے معاملات سے متعلق ہر بات میں ہم خان عبدالغفار خاں اور ان کے
بھائی ڈاکٹر خان صاحب پر بھروسہ کرنے کے عادی ہو گئے تھے۔ (۱)

سرحد میں مسلم لیگ کا زور مرکز میں جب عارضی حکومت قائم ہوئی تو احکامات جاری کر دیئے گئے کہ جنوبی وزیرستان کے قبائل
پر فضائی بمباری کا سلسلہ بند کر دیا جائے۔ اس اثنا میں جواہر لال کو سرکاری طور پر رپورٹیں
ملیں کہ سرحد کی آبادی کا بڑا حصہ کانگرس اور خان بھائیوں کے خلاف ہے۔ مقامی
حکام نے بار بار یہ اطلاع بھیجی کہ سرحد میں کانگرس عوام کی حمایت کھو چکی ہے۔ اور
اب عوام کی وفاداری کانگرس کی بجائے مسلم لیگ کے ساتھ ہے۔ جواہر لال کا خیال تھا
یہ رپورٹیں غلط ہیں اور انگریز افسروں کی گھڑی ہوئی ہیں جو ہمیشہ سے کانگرس کے خلاف
رہے ہیں۔ لارڈ ویول کو جواہر لال کی رائے سے اتفاق نہ تھا۔ اگرچہ وہ بھی ان
رپورٹوں کو صحیح نہیں سمجھتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ سرحد خان برادران اور مسلم لیگ کے مابین

برابر برابر بٹا ہوا ہے۔ لیکن کانگریسی حلقوں کا تاثر یہ تھا کہ صوبے کی کثیر آبادی خان بھائیوں کے ساتھ ہے۔ جواہر لال نے فیصلہ کیا کہ وہ صوبہ سرحد کا دورہ کر کے خود رائے قائم کریں گے۔ (۲)

(صفحہ ۱۶۹)

عبدالغفار خان کی فریب کاری

خان بھائیوں کا یہ دعویٰ غلط نہ تھا کہ باشندگان سرحد کا ایک بڑا طبقہ ان کا حامی ہے لیکن انسان اپنی قوت کے بارے میں ہمیشہ کچھ زیادہ ہی گمان رکھتا ہے۔ خان بھائی ہم پر یہ اثر ڈالنا چاہتے تھے کہ دوسرے صوبوں کے مسلمان تو کانگرس کے مخالف ہیں لیکن صوبہ سرحد مکمل طور پر کانگرس کے ساتھ ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایک مضبوط اور طاقتور جماعت خان بھائیوں کے خلاف تھی (۳)

(صفحہ ۱۷۰)

مسلم لیگ کے رحم و کرم پر

(جون ۴۷ء اپنے سابقہ اعلانات کے برعکس ماؤنٹ بیٹن کی ترغیب سے متاثر ہو کر پٹیل، جواہر لال اور گاندھی جی تقسیم ہند کا اصول قبول کر چکے ہیں)

۱۳ جون کو کانگرس ورکنگ کمیٹی کا جلسہ ہوا اور نئی صورتِ حالات پر غور کیا گیا سب سے پہلے جو چیز زیرِ بحث آئی وہ صوبہ سرحد کے مستقبل کا مسئلہ تھا۔ ماؤنٹ بیٹن پلان نے اس صوبہ کو عجیب خلفشار میں مبتلا کر دیا تھا۔ خان عبدالغفار خان اور ان کے رفقا ہمیشہ کانگرس کی حمایت اور مسلم لیگ کی مخالفت کرتے رہے تھے۔ لیگ انہیں اپنا پکا دشمن سمجھتی تھی۔ لیگ کی مخالفت کے باوجود خان بھائیوں نے سرحد میں کانگریسی وزارت قائم کر رکھی تھی۔ اور یہ کانگریسی حکومت اب تک وہاں برسرِ اقتدار تھی۔ تقسیم ہند سے خان بھائیوں اور کانگرس پارٹی کو عجیب ناگوار

صورت حالات سے دوچار ہونا پڑا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس اسکیم نے خان بھائیوں
اور ان کی جماعت خدائی خدمتگار کو مسلم لیگ کے رحم و کرم پر ڈال دیا تھا (۴)

کانگریس نے ہمیں بے یار و مددگار چھوڑ دیا

گاندھی جی نے ورکنگ کمیٹی میں تقسیم ہند کی حمایت کی، میں تو
ان کے طرزِ عمل کو سمجھ ہی رہا تھا۔ لہٰذا مجھے کچھ زیادہ تعجب ان کی تقریر سے نہیں ہوا لیکن
خان عبدالغفار خان کے حالِ زار کا اندازہ کون کر سکتا ہے، وہ سُن ہو کر رہ گئے۔
کئی منٹ تک وہ گم سم بیٹھے رہے پھر انہوں نے ورکنگ کمیٹی سے اپیل کی اور اسے
یاد دلایا کہ وہ ہمیشہ کانگریس کی حمایت کرتے رہے ہیں۔ اگر کانگریس نے انہیں بے یار و
مددگار چھوڑ دیا تو سرحد میں اس کا ردِعمل نہایت خطرناک ہو گا۔ ان کے دشمن ان پر
قہقہے لگائیں گے اور ان کے دوست کہیں گے کہ جب تک کانگریس کو سرحد کی
ضرورت تھی وہ خدائی خدمتگاروں کی پشت پناہی کرتی رہی۔ جب کانگریس نے مسلم
لیگ سے مصالحت کرنی چاہی تو سرحد کے رہنماؤں سے مشورہ لئے بغیر اس نے
تقسیم ہند کی اسکیم منظور کر لی۔ خان عبدالغفار خان نے بار بار کہا کہ صوبہ سرحد کانگریس
کے اس رویّے کو بے وفائی اور غداری پر محمول کرے گا۔ اگر اس نے خدائی خدمتگاروں
کو بھیڑیوں کے آگے ڈال دیا۔

(۵)

ماؤنٹ بیٹن سے سفارش

گاندھی جی عبدالغفار خان کی اس اپیل سے بہت متاثر
ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سوال وہ لارڈ ماؤنٹ
بیٹن کے سامنے اٹھائیں گے۔ انہوں نے ایسا کیا بھی جب وہ وائسرائے سے ملے
تو ان سے کہا کہ وہ تقسیم ہند کی اسکیم کی تائید نہیں کریں گے جب تک یہ اطمینان نہ ہو
جائے کہ خدائی خدمتگاروں کے ساتھ مسلم لیگ کا رویہ شریفانہ رہے گا۔ بھلا وہ ان
لوگوں کو بے یار و مددگار کیسے چھوڑ سکتے ہیں جنہوں نے مشکلات و مصائب کے

دور میں ہمیشہ کانگرس کا ساتھ دیا ہے ؟ (۶)

عبدالغفار خان کی مسٹر جناح سے ملاقات

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے جواب دیا کہ اس معاملہ پر وہ مسٹر جناح سے گفتگو کریں گے۔ اس گفتگو کا نتیجہ یہ نکلا کہ مسٹر جناح خان عبدالغفار خان سے ملنے پر آمادہ ہو گئے۔ دونوں ملے لیکن نتیجہ کچھ نہ نکلا اور یہ کوئی تعجب خیز بات نہ تھی۔ ایک مرتبہ جب کانگرس نے تقسیم کی اسکیم منظور کر لی پھر خان عبدالغفار خان اور ان کے رفقا کے مستقبل کا سوال زیر بحث لانا بے کار تھا۔ ماؤنٹ بیٹن پلان کی بنیاد اس اصول پر تھی کہ مسلم اکثریت کے صوبے الگ کر دیئے جائیں اور وہ اپنی ایک الگ حکومت بنالیں۔ سرحد میں مسلمانوں کی غیر معمولی اکثریت تھی۔ لہٰذا لازمی طور پر اسے پاکستان میں آنا تھا۔ جغرافیائی لحاظ سے بھی یہ صوبہ پاکستانی رقبہ کے اندر تھا۔ ہندوستان سے وہ کسی طرح بھی رابطہ قائم نہیں رکھ سکتا تھا۔

صفحہ ۱۹۲-۱۹۳-۱۹۴

آزاد سرحد کا نعرہ

خان برادران نے جب یہ دیکھا کہ کانگرس تقسیم ہند کو تسلیم کر چکی ہے تو ان کی سمجھ میں نہ آیا کہ اب کیا کریں۔ استصواب عام قبول کرنے سے یہ انکار نہیں کر سکتے تھے۔ انکار کا مطلب یہ ہوتا کہ اعتراف کر لیتے کہ سرحد کے عوام ان کے ساتھ نہیں ہیں۔ یہ پشاور واپس آئے اور احباب سے مشورہ کے بعد صوبہ سرحد کی آزادی کا نعرہ لگانے لگے۔ (۷)

کانگرس نے پٹھان اسٹیٹ کی تائید کی

کانگرس ورکنگ کمیٹی نے سرحد کانگرس کے اس فیصلے کو تسلیم کر لیا اور خان عبدالغفار خان کو اختیار دے دیا کہ جو مناسب قدم چاہیں اس سلسلے میں اٹھائیں، سرحد کانگرس کا مطالبہ اب یہ تھا کہ ایک آزاد پٹھان اسٹیٹ قائم کی جائے جس کا دستور

اسلامی جمہوریت، مساوات اور سماجی انصاف پر مبنی ہو، اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے خان عبدالغفار خان نے کہا کہ سرحد کے پٹھان اپنی جداگانہ اور ممتاز ثقافت نیز تاریخ کے حامل ہیں، اور ان اقدار کا قیام اس وقت تک ممکن نہیں جب تک وہ مکمل طور پر آزاد ہو کر اپنے ان اداروں کو فروغ نہ دے سکیں۔ انہوں نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ استصواب عام اس بات پر نہیں ہونا چاہیئے کہ سرحد پاکستان سے وابستہ رہے گا یا ہندوستان سے، ایک تیسری متبادل چیز بھی ہونی چاہیئے کہ دونوں سے الگ رہ کر اگر وہ آزاد ہونا چاہے تو پختونستان قائم کر لے۔ صرف اسی طرح استصواب باشندگان سرحد کے صحیح منشا و عزم کا مظہر ہو سکتا ہے اور اگر یہ بات منظور نہیں کی جا سکتی تو استصواب عام بے معنی ہو کر رہ جائے گا۔ کیونکہ پھر پختون پاکستان کے دوسرے عناصر میں جذب ہو کر رہ جائیں گے۔ (۸)

اے کاش ..... ! واقعی اگر استصواب عام میں آزاد پختونستان کا سوال بھی شامل کر لیا جاتا تو باشندگان سرحد کی بہت بڑی تعداد اس کی تائید کرتی۔ کیونکہ انہیں یہ دھڑکا لگا ہوا تھا کہ پنجاب انہیں نگل نہ لے۔ صرف یہی اندیشہ انہیں پاکستان کے خلاف ووٹ دینے پر آمادہ کر دیتا۔ (۹)

(صفحہ ۱۹۴-۱۹۵)

لارڈ ماونٹ بیٹن کی وضاحت

مسٹر جناح اور لارڈ ماونٹ بیٹن میں سے کوئی بھی پختونستان کا مطالبہ ماننے کیلئے تیار نہیں تھا۔ لارڈ ماونٹ بیٹن نے یہ بات واضح کر دی تھی کہ صوبہ سرحد ایک جداگانہ اور آزاد ریاست نہیں بن سکتا البتہ پاکستان یا ہندوستان میں جس کے ساتھ چاہے وابستہ رہ سکتا ہے۔ خان بھائیوں نے اعلان کر دیا کہ ان کی پارٹی استصواب عام میں کوئی حصہ نہیں لے گی۔ انہوں نے پٹھانوں سے اپیل کی کہ وہ استصواب کا بائیکاٹ

کریں لیکن مخالفت کارگر نہ ثابت ہوئی۔ استصواب عام ہوا اور باشندگان سرحد کی بھاری تعداد نے پاکستان کی حمایت میں ووٹ دیا۔ اگر خان برادران نے استصواب کا بائیکاٹ نہ کیا ہوتا اور ان کے حامیوں نے پوری پوری جدوجہد کی ہوتی تو آسانی سے اندازہ ہو سکتا تھا کہ پٹھان کس تناسب سے پاکستان کے خلاف ہیں۔ بہر حال استصواب کا نتیجہ مسلم لیگ کے حق میں رہا اور برطانوی حکومت نے اسے تسلیم بھی کر لیا۔

(۱۰)

تقسیم کے بعد خان برادران نے پلٹا کھایا

تقسیم ہند جب باقاعدہ طور پر عمل میں آگئی تو خان برادران نے حالات کے مطابق اپنا رویہ بدل لیا۔ انہوں نے اعلان کر دیا کہ آزاد پختونستان کا مطالبہ ایک جداگانہ حکومت کی تشکیل کا ہم معنی نہیں ہے بلکہ پاکستان کے ایک واحدہ کی حیثیت سے ایک خود مختار صوبہ کی تشکیل ہے۔" انہوں نے کہا کہ ان کا مقصد دستور پاکستان کو اس طرح مرتب کرانا ہے کہ وہ صحیح معنی میں وفاقی بن جائے۔ اور اپنے ہر واحدہ کو مکمل اندرونی آزادی کی ضمانت دے۔ تاکہ پٹھان سماجی اور تہذیبی زندگی سے پورے طور پر بہرہ ور ہو سکیں۔ جب تک اس طرح کے دستوری تحفظات نہ ہوں گے پنجاب سارے پاکستان پر چھا جائے گا" اور پٹھانوں اور دوسری اقلیتوں کے جائز حقوق کو تسلیم نہیں کرے گا۔

(۱۱)

خان برادران کا مطالبہ معقول تھا

یہ ماننا پڑے گا کہ خان برادران کا یہ مطالبہ معقول تھا۔ خود مسلم لیگ کی تجویز لاہور بھی اس سے ہم آہنگ تھی، اور اس تجویز میں مسلم لیگ نے کوئی تبدیلی نہیں کی تھی۔ مسٹر جناح کو کوئی حق نہیں تھا کہ وہ خان برادران پر پاکستان سے منقطع ہونے کا الزام لگاتے۔ واقعہ یہ ہے کہ خان عبدالغفار خان سے کراچی میں کئی مرتبہ ان سے ملاقات کی ایک

مرحلہ پہ تو ایسا نظر آ رہا تھا کہ گویا مفاہمت ہو جائے گی۔ پاکستان کے بعض سیاسی مبصرین کا خیال ہے کہ مسٹر جناح خان عبدالغفار کے اخلاص سے کافی متاثر ہوئے اور انہوں نے پشاور جا کر ان سے اور ان کے رفقا سے تبادلہ خیالات کا پروگرام بنا لیا۔ لیکن یہ ارادہ قوت سے فعل میں نہ آ سکا، بہت جلد خان بھائیوں کے سیاسی دشمنوں نے مسٹر جناح کا دماغ ان لوگوں کے خلاف مسموم کر دیا۔ خان عبدالقیوم خان جو سرحد میں اپنی وزارت بنا چکے تھے قدرتاً اس کے مخالف تھے کہ خان برادران اور مسٹر جناح میں معاملات رو براہ ہو جائیں۔ انہوں نے ایسا طریقہ اختیار کیا کہ مفاہمت ناممکن ہو گئی۔

خان عبدالقیوم خان کی استبداد پسندی واقعہ یہ ہے کہ خان عبدالقیوم خان کی حکومت نے معقولیت اور انصاف سے قطع نظر کر کے خدائی خدمتگاروں کو تمام غیر قانونی اور نامعقول ذرائع اختیار کر کے پریشان کرنا شروع کر دیا۔ جمہوریت سرنگوں ہو گئی اور قوت وقت کا سب سے بڑا فرمان بن گئی۔ خان عبدالغفار خان، ڈاکٹر خان صاحب اور خدائی خدمتگار جماعت کے دوسرے راہنما جیل بھیج دئیے گئے۔ جہاں تقریباً چھ سال تک بغیر کسی الزام یا عدالتی کارروائی کے محبوس رہے۔

عبدالقیوم خان سے عوامی برہمی خان عبدالقیوم خان کا رویہ اتنا تلخ تھا کہ خود مسلم لیگ کا ایک گروہ اس کی علانیہ مخالفت کرنے لگا۔ اس کا مطالبہ تھا کہ یا خان برادران پر مقدمہ چلایا جائے ورنہ انہیں رہا کر دیا جائے۔ اس طرح کی تمام کوششیں رائیگاں گئیں اور قانون کے نام پر غیر قانونی استبداد کی کارفرمائی جاری رہی۔

(۱۷)

(صفحہ ۱۹۵-۱۹۶)

خان عبدالغفار خان کے بارے میں بھی مولانا کے پیش کردہ معلومات بڑے نادر اور قیمتی ہیں۔

(۱)

درحقیقت اسی غلط بھروسہ نے حالات کو اتنا نازک اور پیچیدہ کر دیا، ایک طرف خان بھائی ہوا کے گھوڑے پر اڑنے لگے اور عوامی رابطہ کھو بیٹھے، دوسری جانب کانگرس نے صرف انہیں خوش دیکھ کر یہ سمجھ لیا کہ پٹھان اس کی مٹھی میں ہیں، حقیقت کا مقابلہ کرنے کی نہ خان برادران میں ہمت تھی، نہ کانگرس میں،

(۲)

لیکن مولانا شاید یہ بھول گئے کہ کانگرس کی عارضی حکومت نے جنوبی وزیرستان کے قبائل پر بمباری بند کرنے کا حکم کب دیا تھا؟ بمباری کے بعد!

واقعہ یہ ہے کہ جنوبی وزیرستان کے قبائل پر فضائی بمباری ہوئی، اور اتنی ہوئی کہ خان عبدالغفار خان جیسے وفادار ازلی کو پبلک طور پر اس کے خلاف احتجاج کرنا پڑا۔ اس کے بعد، بمباری کا سلسلہ بند کرنے کا حکم جاری کیا گیا۔

مولانا اپنی منطق سے ہر جگہ کام لینے کے ایسے عادی ہو گئے ہیں کہ مشکل سے کوئی ایسا واقعہ بیان فرماتے ہیں جو "مغالطہ" کا شاہکار نہ ہو! جو شخص واقعات و حقائق سے ناواقف ہو، یا مولانا کے سوء ظن کے مطابق جس کا حافظہ کمزور ہو وہ بڑی آسانی سے اس مغالطہ کا شکار ہو سکتا ہے۔

(۳)

اس سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ خان عبدالغفار خان" اور ان کے برادر بزرگ ڈاکٹر خان صاحب کی زندگی کا مقصد ہی یہ رہ گیا تھا کہ کانگرس کو اپنی وفاداری کا زیادہ سے زیادہ یقین دلائیں اور ملت کے احتیاج عام کی ذرا بھی پروا نہ کریں۔

گویا ان کا عمل اس پہ تھا۔

خلق می گوید کہ خسرو بت پرستی می کند
آرے آرے می کند با خلق عالم کار نیست

(۴)

بات تو یہی ہے!

———— الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا!

(۵)

مولانا نے خان عبدالغفار خان کے حالِ زار کا جو المناک نقشہ کھینچا ہے، وہ حقیقت کی منہ بولتی تصویر ہے؛

خان عبدالغفار خان، کانگریس کی پشت پناہی کی بنا پر، اپنی قوم اور اپنی ملت کو یکسر فراموش کیے ہوئے تھے؛ انہوں نے کبھی یہ سوچا ہی نہیں تھا کہ بساط الٹ سکتی ہے، نقشہ بدل سکتا ہے، حالات پلٹا کھا سکتے ہیں؛ اب پہلی مرتبہ وہ کانگریس کی پشت پناہی سے محروم ہو رہے تھے۔ اب پہلی مرتبہ انہیں اپنی قوم اور ملت کے سامنے حاضر ہونا پڑ رہا تھا، جسے اب تک وہ ٹھکراتے رہے تھے، جسے وہ بالکل ہیچ سمجھا کرتے تھے۔

ہاں آج کانگریس انہیں بے یار و مددگار چھوڑ رہی تھی۔ جو دوستی، خلوص، صداقت کے بجائے اغراض و مقاصد کی تابع ہوتی ہے۔ اس کا حشر یہی ہوتا ہے۔

خان عبدالغفار خان کو اس کا ڈر تھا کہ "وہ ہمیشہ کانگریس کی حمایت کرتے رہے اور کانگریس نے انہیں بے یار و مددگار چھوڑ دیا"؛ لیکن انہوں نے یہ کبھی فراموش کر دیا کہ ان کی خدمات لاکھ وقیع ہوں، لیکن اتنے تو نہ تھے جتنے نظام حیدر آباد اور دوسرے والیانِ ریاست کے، خان عبدالغفار خان کے خدمات کی مدت تو صرف چند سال تھی؛ نظام اور دوسرے والیانِ ریاست تو پشت ہا پشت سے سرکار ابد قرار

کے یار وفادار چلے آرہے تھے۔ خان عبد الغفار خان نے تو صرف وفاداری کی پونجی کانگرس کے قدموں پر نثار کی تھی اور سر پھیر دیا نہیں لیا تھا۔ لیکن نظام اور دوسرے والیانِ ریاست نے وفاداری کے ساتھ ساتھ خزانۂ عامرہ کی تھیلیاں بھی سرکارِ انگلشیہ کے قدموں پر پیش کی تھیں۔ سپاہی بھی دیتے تھے۔ ساز و سامانِ جنگ بھی پیش کیا تھا۔ آقایانِ فرنگ کی چشم و ابرو کا اشارہ پاکر اپنی رعایا کی گردنیں بھی کاٹی تھیں پھر جب آج مطلب نکل جانے کے بعد انگریز گائیکوار بڑودہ کو مہاراجہ سر عیب دگوالیار کو ہزہائی نس نواب صاحب بھوپال کو اعلیٰحضرت سکندر صولت دارا حشمت فریدون رتبت کیوان منزلت ارسطو فطرت لقمان حکمت قدر قدرت بندگان عالی متعالی ہز اگزالٹڈ ہائی نس حضور نظام کو اور دوسرے تمام چھوٹے بڑے فرماں روایانِ ریاست کو بے یار و مددگار چھوڑ رہے تھے، تو اگر کانگرس بھی خان عبد الغفار اور ڈاکٹر خان کو مطلب نکل جانے کے بعد بے حقیقت سمجھ کر بے یار و مددگار چھوڑ رہی تھی تو حیرت کیوں! اور افسوس کس لئے؟ ذرا آگے پیچھے دائیں بائیں نظر اٹھا کر خان عبد الغفار خان نے دیکھا ہوتا تو وہ ضرور محسوس کرتے اور کہہ اٹھتے

بلبل خراب، شمع تپاں سینہ چاک گل

تو اور بھی ستم زدۂ روزگار ہیں

انگریزوں کو اب والیانِ ریاست کی ضرورت نہ تھی۔ کانگرس کو اب خان برادران کی ضرورت نہ تھی۔ دونوں نے ایک جھٹکے میں اپنے وابستگانِ دامن سے پیچھا چھڑا لیا۔

(۶)

ستم ظریفی کی انتہا تھی گاندھی جی کی یہ سفارش بھی!

کیا گاندھی جی یہ سمجھ رہے تھے کہ خان برادران کو پھانسی دے دی جائے گی؟

آخر اس سفارش کی ضرورت کیا تھی؟ اور اس میں وزن کیا تھا؟ اور تقسیم کے بعد ان کی سفارش اثر انداز کیا ہو سکتی تھی؟ مسلم لیگ' ہندوستان کے مسلم لیگیوں کو، کانگریس کے دستِ جفا سے نہ بچا سکی؟ کانگریس کو مسلم لیگ سے اس طرح کی سفارش کا کوئی حق نہ تھا۔

یہ دوسری بات ہے کہ خلیق الزماں نے جب "انڈین نیشنل" کی حیثیت سے ہندوستانی جھنڈے کو سلامی دی' تو فوراً "سردار پٹیل نے انہیں ٹوکا

"میں ایک لمحہ کے لئے بھی یہ باور نہیں کر سکتا کہ ۲۴ گھنٹہ میں اس طرح وفاداری تبدیل ہو سکتی ہے! لیکن پاکستان میں آج تک کسی کانگریسی کو' کانگریسی ہونے کے جرم میں مدفِ ستم نہیں بنایا گیا۔ اور ڈاکٹر خان صاحب کا ستارہ ایسا اوج پر آیا کہ کانگریس بھی انہیں وہ کچھ نہیں دے سکتی تھی' جو انہوں نے پاکستان میں پا لیا!"

(۷)

آزاد سرحد کا جو نقشہ مولانا نے بیان فرمایا ہے وہ واقعی قابلِ غور ہے

(۸)

واقعہ یہ ہے کہ مولانا نے' جو معلومات پیش کئے ہیں وہ بہت زیادہ نادر اور قیمتی ہیں'

ذرا ملاحظہ فرمائیے' عالم مایوسی میں خان عبد الغفار خان' آزاد سرحد کا نعرہ لگاتے ہیں' کانگریس بجائے اس کے انہیں سمجھائے کہ یہ خودکشی ہے' سمجھوتہ کے خلاف ہے عملاً ناممکن ہے یا یہ کہے کہ پاکستان اب ایک الگ اور جداگانہ ملت ہے' اور اسے حق نہیں کہ وہ کسی ملک کے اندرونی معاملات میں دخل دے' ہاں خان عبد الغفار خان اپنی ذمہ داری پر جو چاہیں کریں' لیکن کانگریس کو اس سے سروکار نہ ہوگا'

وہ کرتی ہے کہ اس کی ورکنگ کمیٹی" سرحد کانگرس" کے اس فیصلہ کو تسلیم کر لیتی ہے۔ اور خان عبد الغفار خان کو اختیار دے دیتی ہے کہ اس سلسلہ میں جو قدم چاہیں اٹھائیں!

کیا اس سے بڑھ کر بھی فتنہ انگیزی کوئی ہو سکتی تھی؟

(۹)

یہی بات خان عبد الغفار خان اب بھی فرماتے رہتے ہیں۔

(۱۰)

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے جس اصول کے ماتحت سرحد کو یہ حق دیا تھا کہ وہ ہندوستان یا پاکستان میں سے جس کے ساتھ چاہے الحاق کر لے اسی اصول پر حیدر آباد، دکن، جونا گڑھ وغیرہ کے سلسلہ میں کیوں عمل نہیں کیا گیا؟

(۱۱)

مولانا نے آج بارہ سال بعد خان برادران کے پٹا کھانے کی جو داستان بیان فرمائی ہے، اہل نظر پہلے دن سے اس کے رمز آشنا ہیں:

(۱۲)

اس سلسلہ میں واقعی پاکستان کے بہت سے لوگ جن میں راقم الحروف بھی تھا، خان عبد القیوم کی تہدید لوسیہ ہی سے گھبرا اٹھے تھے، لیکن بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا اور پھر مغربی پاکستان ہائیکورٹ کے ایک فیصلہ سے بھی اس کی تصدیق ہو گئی کہ خان عبد القیوم خان کا موقف بالکل صحیح اور درست تھا۔

(۲۲)

شیخ عبداللہ

"نیشنل کانفرنس شیخ عبداللہ کی زیر قیادت باشندگان کشمیر کے سیاسی حقوق کے لئے مصروف جد و جہد پیکار تھی، جب کابینہ وفد نے ہندوستان کی سرزمین پر قدم رکھا تو شیخ عبداللہ نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر اور زیادہ شدت کے ساتھ اپنا مطالبہ پیش کرنا شروع کیا (جس طرح گاندھی جی نے "ہندوستان خالی کرو" کا نعرہ لگایا تھا اسی طرح) شیخ عبداللہ نے "کشمیر خالی کر دو" کا نعرہ لگایا، اور کشمیر کا مسئلہ کابینہ وفد کے سامنے پیش کیا، شیخ صاحب کا مطالبہ یہ تھا کہ مہاراجہ باشندگان کشمیر کو حکومت خود اختیاری عطا کریں۔ مہاراجہ کی گورنمنٹ نے اس مطالبہ کا جواب یہ دیا کہ شیخ عبداللہ اور ان کے رفقاء کو گرفتار کر لیا ۔ ... کچھ ہی عرصہ پہلے نیشنل کانفرنس کا ایک نمائندہ کشمیر کا وزیر بنا لیا گیا تھا، اس سے امید ہو چلی تھی کہ شیخ عبداللہ اور مہاراجہ میں مفاہمت ہو جائے گی لیکن شیخ عبداللہ اور ان کے رفقاء کی گرفتاری نے یہ امید ختم کر دی۔ (۱)

(صفحہ ۱۴۸)

---

(۱) شیخ عبداللہ کا واقعہ، تاریخ ہند کا سب سے بڑا المیہ ہے، یہ جواہر لال کے دامن پر ایسا داغ ہے، جو کبھی نہیں مٹ سکے گا، اس واقعہ نے جواہر لال کی شخصیت کو مجروح کر دیا، ان کی سیاست کو بے نقاب کر دیا، دنیا کی رائے عامہ کی نظر میں وہ رسوا ہوئے، بین الاقوامی سیاست میں انہوں نے جو وقار حاصل کر لیا تھا اسے خود اپنے ہاتھوں کھو دیا،

شیخ عبداللہ کی ساری زندگی، آزادیٔ کشمیر کی جدوجہد میں گذری، وہ جواہر لال نہرو کے ذاتی دوست تھے، اور اتنے گہرے کہ اس دوستی پر، انہوں نے اپنی ہر چیز قربان کر دی، صرف جواہر لال کی دوستی کے لیے، انہوں نے پاکستان کو چھوڑا، ملت پاکستان سے رشتہ توڑا، اہل کشمیر کی نظر میں سبک ہوئے۔

ہندوستان سے الحاق انہوں نے اس شرط پر کیا تھا کہ ریاست کے مستقبل کا فیصلہ استصواب رائے عامہ سے ہوگا، اس دستاویز پر جواہر لال نے دستخط کیے تھے، گاندھی جی نے تائید کی تھی، لارڈ ماؤنٹ بیٹن گواہ بنے تھے۔

شیخ عبداللہ کا شروع شروع میں یقیناً یہ ارادہ تھا کہ کشمیر کا ہندوستان سے الحاق کریں گے، اس لیے کہ انہیں جواہر لال سے اور ہندوستان سے بڑی امیدیں تھیں، لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ رفتہ رفتہ کشمیر اپنی انفرادیت سے محروم ہوتا جا رہا ہے، ہندوستان کا سامراجی شکنجہ اسے اپنی گرفت میں لیتا جا رہا ہے، تو وہ چونکے، بے شک انہیں جواہر لال کی دوستی، پاکستان اور ملت پاکستان سے زیادہ عزیز تھی، لیکن کشمیر کی انفرادیت، انہیں جواہر لال سے بھی زیادہ عزیز تھی، انہوں نے اس کاغذی عہد نامہ کی تکمیل پر اصرار

شروع کر دیا، جو جواہر لال نے استصواب رائے عامہ کے سلسلہ میں کیا تھا، اب بھی انہیں وضع کا پاس اس درجہ عزیز تھا کہ وہ یہ نہیں چاہتے تھے کہ کشمیر کا الحاق پاکستان سے ہو، صرف یہ چاہتے تھے کہ جغرافیائی اہمیت کے لحاظ سے اس کی انفرادیت تسلیم کر لی جائے، حق خود ارادیت دیا جائے، اور پاکستان ہندوستان دونوں اس کی آزادی تسلیم کر لیں،

جواہر لال یہ بھی گوارا کر سکے، انہوں نے بے تامل شیخ عبداللہ کو گرفتار کر لیا، اور خدا نہ شرماسکے، نہ اپنے ضمیر سے، نہ دنیا کی رائے عامہ سے، تقریباً چھ سال تک مقدمہ چلائے بغیر انہیں نظر بند رکھا، اور اب "بغاوت"، "سازش"، اور "غداری" کے الزام میں ان پر مقدمہ چل رہا ہے، سرکار کی طرف سے ایک سے ایک بڑھ کر وکیل موجود ہے مگر بےگناہ ملزم کی وکالت کے لئے کوئی سربرآوردہ وکیل سارے ہندوستان میں نہیں ملتا ———— شیخ عبداللہ بیچارے جواہر لال سے شکوۂ دوستانہ تک اس عنایت بے پایاں کا نہیں کر سکتے کیونکہ

شکوہ کے نام سے بے مہر خفا ہوتا ہے
یہ بھی مت کہہ، کہ جو کہیئے تو گلا ہوتا ہے،

---

(۲۲۳) کرن شنکر رائے

ناکردہ گناہوں سے انتقام

(جون ۱۹۴۷ء، تقسیم ہند کی تائید میں ورکنگ کمیٹی نے جو تجویز منظور کی تھی، آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے سامنے بغرض توثیق پیش ہے۔ سندھ کے ہندو ممبر، مسلم اکثریت سے ہراساں نظر آرہے ہیں؛ ان کی تسکین و دلدہی کے لیے نجی مجلسوں میں سردار پٹیل، اچاریہ کرپلانی وغیرہ) متعدد کانگرسی لیڈر انہیں یقین دلاتے ہیں کہ اگر تم پر ذرا بھی زیادتی ہوئی تو ہم ہندوستان کے مسلمانوں سے اس کا پورا پورا انتقام لیں گے!)

"کانگرس کے بعض ممبروں نے محسوس کیا کہ یہ خیالات کتنے خطرناک ہیں مجھے خاص طور پر یاد ہے کہ بنگال کے ایک سربرآوردہ کانگرسی لیڈر کرن شنکر رائے پہلے شخص تھے جو یہ واقعات میرے علم میں لائے کانگرس کی مسندِ صدارت پر اب مسٹر کرپلانی فائز تھے، کرن شنکر رائے نے ان سے کہا کہ یہ بڑا خطرناک نظریہ ہے۔ اگر اس طرح کے احساسات کو پروان چڑھنے دیا گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ پاکستان میں ہندو ہلاک اور برباد ہوں گے اور ہندوستان میں مسلمان موت کے گھاٹ اتریں گے اور تباہ ہوں گے

انتقام و یرغمال کا فتنہ

کسی شخص نے بھی کرن شنکر رائے کے معروضات اور انتباہ پر توجہ نہیں کی، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ وہ بیچارے نشانۂ تضحیک و استہزا بنا لیئے گئے۔ ان کی التجاؤں کے جواب میں کانگرسی لیڈروں نے کہا کہ

جب ہندوستان تقسیم ہی ہوگیا تو ہمیں یرغمال کا نظریہ بھی تسلیم کرلینا چاہیے ۔ انہوں نے بحث کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ پاکستان کے ہندو صرف اسی طرح محفوظ رہ سکتے ہیں (۱)
ان باتوں سے کرن شنکر رائے کی تشفی

بدترین خدشات پورے ہوئے

نہیں ہوئی، وہ تقریباً روتے ہوئے میرے پاس آئے ۔ انہوں نے ان یقین دہانیوں کو تسلیم نہیں کیا جو بعض کانگریسی لیڈروں کی طرف سے عمل میں آئی تھیں ۔ کرن شنکر رائے کو زندہ رہ کر بالآخر اپنے بدترین خدشات کو پورا ہوتے دیکھنا پڑا ۔

ص ۱۹۸ - ۱۹۹

---

(۱)

نہ جانے کس دل سے، کس عالم میں یہ الفاظ مولانا کے قلم سے نکلے ہوں گے ۔
ذرا سوچیے تو سہی، ایک شخص ہے جس نے اپنی زندگی کا بہترین حصہ ایک جماعت کی بے لوث اور بے لاگ خدمت میں صرف کیا ہے، جس نے اپنے علم و فضل، اپنی مشیخت اپنی شخصیت، اپنے وقار، ہر چیز کو قربان کر کے اس جماعت کا ساتھ دیا ہے، جس نے اس جماعت کا ساتھ دے کر اپنی قوم کی گالیاں کھائیں، دشمنی مول لی، آج ان خدمات، ان قربانیوں اور وفاداریوں کا صلہ اسے یہ دیا جا رہا ہے کہ اس کے سامنے بیٹھ کر اس کی قوم کے بے گناہ لوگوں کو ہدف انتقام و یرغمال بنانے کی پروگرام بنائے جا رہے ہیں ۔ انتقام و یرغمال کا نعرہ لگانے والی جماعت اس کے ان ہم قوموں کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی جن سے اسے اختلاف ہے، شکایت ہے، اس اختلاف و شکایت کا بدلہ معصوم اور بے گناہ ہم قوموں سے لینے کے منصوبے بن رہے ہیں ۔ وہ یہ سب کچھ اپنے کانوں سے سنتا ہے، لیکن خاموش ہے ۔ اس موقع پر تو فولاد و آہن کا دل بھی پھٹ جاتا، اس

شخص کا دل نہ جانے کس چیز کا بنا تھا کہ یہ داستان لکھنے کے لیے بارہ برس بعد تک دھڑکتا رہا۔

---

(۲۴)

گاندھی جی

پرنس آف ویلز کی آمد مانٹیگو چیمسفورڈ اصلاحات کے افتتاح کے سلسلہ میں اپنے وقت کے پرنس آف ویلز ۱۹۲۱ء میں ہندوستان آئے۔ کانگریس کا یہ فیصلہ تھا کہ شہزادہ کی تمام استقبالی سرگرمیوں کا سختی کے ساتھ بائیکاٹ کیا جائے۔ اس فیصلہ نے حکومت ہند کو پریشان کر دیا۔ وائسرائے حکومت برطانیہ کو یقین دلا چکے تھے کہ ملک میں، پرنس کا پرجوش اور شایانِ شان استقبال کیا جائے گا۔ جب انہیں کانگریس کے فیصلہ کا علم ہوا تو انہوں نے بائیکاٹ کی تحریک کو ناکام بنانے کے مرحلہ میں ہر حربہ استعمال کیا۔ حکومت اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکی اور پرنس آف ویلز جس شہر میں بھی گئے، سرد مہری کے ساتھ ان کا استقبال ہوا۔ ان کا آخری پڑاؤ کلکتہ میں ہونا تھا۔ جو اس وقت ہندوستان کا سب سے اہم شہر مانا جاتا تھا۔ دارالسلطنت کلکتہ سے دہلی منتقل ہو چکا تھا لیکن وائسرائے بہادر ہر کرسمس کے موقعہ پر کلکتہ میں نزول اجلال فرمایا کرتے تھے۔ کلکتہ میں ایک مخصوص تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ طے یہ ہوا کہ پرنس آف ویلز "وکٹوریہ میموریل ہال" کا افتتاح فرمائیں۔ وسیع اور عظیم پیمانہ پر شہزادہ کے استقبال کی تیاریاں شروع

کی گئیں۔ حکومت نے شہزادہ کے دورہ کلکتہ کو کامیاب بنانے کے سلسلہ میں کوئی دقیقہ فرو گزاشت نہیں کیا تھا۔

حکومت کی طرف سے گول میز کانفرنس کی تجویز

ہم سب علی پور جیل میں نظر بند تھے۔ پنڈت مدن موہن مالویہ حکومت اور کانگریس میں مفاہمت کے لئے کوشاں تھے۔ انہوں نے وائسرائے سے ملاقات کی اور اس تاثر کے ساتھ واپس آئے کہ اگر کلکتہ میں ہم پرنس آف ویلز کے بائیکاٹ کی تحریک واپس لے لیں تو حکومت، کانگریس سے سمجھوتہ کر لے گی۔ پنڈت مدن موہن مالویہ علی پور جیل تشریف لائے کہ مسٹر داس سے اور مجھ سے مشورہ کریں۔ تجویز کی بنیاد یہ تھی کہ ہندوستان کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے گی۔

ہم نے پنڈت مالویہ کو قطعی طور پر کوئی جواب نہیں دیا۔ کیونکہ ہم آپس میں صلاح و مشورہ کرنا چاہتے تھے۔ ہم دونوں مسٹر داس اور میں اس نتیجہ پر پہنچے کہ حکومت بند کو جس چیز نے مفاہمت پر مجبور کیا ہے وہ ہماری جاری کردہ پرنس آف ویلز کے بائیکاٹ کی تحریک ہے۔ ہمیں اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیئے اور گول میز کانفرنس میں شریک ہونا چاہیئے۔ ہم اچھی طرح محسوس کرتے تھے کہ گول میز کانفرنس سے ہمارا مقصد (آزادیٔ ہند) پورا نہیں ہوتا، لیکن ہماری سیاسی جد و جہد کے میدان میں یہ ایک بڑا اور اہم اقدام ثابت ہوگا۔ گاندھی جی کے سوا تمام کانگرسی رہنما جیل میں تھے ہماری تجویز یہ تھی کہ برطانوی پیش کش ہمیں قبول کر لینی چاہیئے لیکن ہماری شرط یہ تھی کہ گول میز کانفرنس شروع ہونے سے پہلے تمام کانگرسی رہنماؤں کی رہائی عمل میں آجانا چاہیئے۔

مالوی گاندھی ملاقات

دوسرے روز جب پنڈت مالویہ پھر ہم سے ملنے آئے تو ہم نے اپنی رائے سے انہیں مطلع کر دیا۔ ہم نے ان سے یہ کہہ دیا کہ انہیں گاندھی جی سے مل کر ان کی منظوری بھی حاصل کر لینی چاہیئے۔ پنڈت مالویہ نے صورت احوال سے وائسرائے کو مطلع کر دیا اور دورہ کے بعد وہ پھر ہم سے جیل میں آ کر ملے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہند ان تمام سیاسی رہنماؤں کو جیل سے رہا کرنے پر تیار ہے۔ جو اس بحث میں حصہ لیں گے۔ اس فہرست میں علی برادران، اور دوسرے بہت سے کانگرسی لیڈر شامل تھے۔ ہم نے ایک بیان تیار کیا جس میں ہم نے اپنے خیالات کا اظہار وضاحت سے کر دیا۔ پنڈت مالویہ نے یہ بیان لیا اور گاندھی جی سے ملنے بمبئی روانہ ہو گئے۔

گاندھی جی نے بہترین موقع کھو دیا

ہمیں یہ معلوم کر کے بہت تعجب اور دکھ ہوا کہ گاندھی جی نے ہماری تجویز نہیں مانی۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تمام سیاسی رہنما، خاص طور پر علی برادران سب سے پہلے غیر مشروط طور پر رہا کر دیئے جائیں۔ انہوں نے فرمایا کہ گول میز کانفرنس کے مسئلہ پر ہم اسیران سیاسی کی رہائی سے پہلے غور نہیں کر سکتے ہم دو لوگ مسٹر داس اور میں اس پر متفق تھے کہ یہ مطالبہ غلط تھا، جب حکومت اس سے متفق تھی کہ کانگرسی رہنما گول میز کانفرنس سے پہلے رہا کر دیئے جائیں گے۔ پھر خصوصی طور پر اس مسئلہ پر زور دینے کی کوئی وجہ نہیں تھی۔ پنڈت مالویہ، ہمارا تبصرہ لے کر پھر گاندھی جی کے پاس پہنچے۔ لیکن وہ اب بھی اپنی رائے پر قائم رہے، نتیجہ یہ ہوا کہ وائسرائے نے اپنی پیشکش واپس لے لی اس پیشکش کا اصل مقصد یہ تھا کہ کلکتہ میں پرنس آف ویلز کا بائیکاٹ نہ ہو لیکن چونکہ

کوئی مفاہمت نہ ہوئی، لہٰذا بائیکاٹ کی تحریک شاندار طور پر کامیاب ہوئی۔
مگر اس طرح ہم نے سیاسی مفاہمت کا ایک زریں موقع کھو دیا۔

گاندھی جی کی بے تدبیر سیاست

پھر گاندھی جی نے بمبئی میں مسٹر جناح کے زیرِ صدارت ایک کانفرنس طلب کی۔ اس کانفرنس میں گاندھی جی نے بہ نفس نفیس گول میز کانفرنس کی تجویز پیش کی۔ گاندھی جی کے شرائط تقریباً وہی تھے جو اس سے پہلے پنڈت مالویہ ان کے پاس لے کر گئے تھے۔ اس اثنا میں پرنس آف ویلز ہندوستان سے واپس جا چکے تھے۔ اور حکومت کو اس تجویز سے مزید دلچسپی باقی نہیں رہ گئی تھی۔ اس نے گاندھی جی کی تجویز پر کوئی توجہ نہیں کی اور اسے یکسر مسترد کر دیا۔ اس بات سے مسٹر داس بہت برہم ہوئے انہوں نے کہا۔

"گاندھی جی نے بہت بڑی غلطی کی ہے!"

میں مسٹر داس کے اس فیصلہ کو صحیح تسلیم کرنے پر مجبور تھا۔

گاندھی جی کی ایک اور زبردست غلطی

پھر چوری چورا کے حادثہ کے باعث گاندھی جی نے تحریک ترک موالات معطل کر دی۔ ان کا فیصلہ سیاسی حلقوں میں سنگین ترین سیاسی ردِ عمل کا، اور ملک میں بے حوصلگی پیدا کرنے کا موجب ہوا۔ حکومت نے صورت حالات سے پورا پورا فائدہ اٹھایا اور گاندھی جی کو گرفتار کر لیا، انہیں چھ سال کی سزائے قید ہوئی۔ اور تحریک ترک موالات، آہستہ آہستہ ختم ہو گئی۔!

(صفحہ ۱۶، ۱۷، ۱۸)

بےمثل شخصیت

گاندھی جی نے لارڈ لنلتھگو سے کہا۔ برطانوی حکومت کو ہتھیار ڈال کر ہٹلر کا مقابلہ روحانی طاقت سے

کرنا چاہیئے، لارڈ لنلتھ گو یہ سنکر ششدر رہ گئے۔ اُن کے نزدیک یہ بڑی عجیب اور غیر معمولی تجویز تھی۔ عام طور پر اُن کا معمول یہ تھا کہ گھنٹی بجا کر وہ اپنے اے۔ڈی۔ سی کو بلاتے تھے اور وہ گاندھی جی کو اُن کی کار تک پہنچا آتا تھا، لیکن اس موقع پر نہ انہوں نے گھنٹی بجائی۔ نہ اے۔ ڈی۔ سی کو بلایا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ گاندھی جی ایک گم سم اور حیران و پریشان وائسرائے کے سامنے سے اُٹھ کر تن تنہا اپنی کار تک آئے۔ گاندھی جی جب مجھ سے ملے تو انہوں نے یہ واقعہ بیان کیا، اور اس بات پر اظہارِ حیرت کیا کہ وائسرائے نے رسم و اخلاق کو بھی فراموش کر دیا۔ میں نے جواب دیا، آپ کی تجویز سے وائسرائے اتنا مبہوت ہو چکا ہوگا، کہ اسے یہ بھی یاد نہ رہا کہ معمولاً وہ کیا کیا کرتا تھا؛ میری یہ توجیہہ سنکر گاندھی جی ٹھٹھا مار کر ہنس پڑے۔

(۳۶)

گاندھی جی جنگ کے زمانہ میں تحریک چلانے کے مخالف تھے کرپس کے رخصت ہو جانے کے بعد

گاندھی جی کے رویّے میں بھی میں نے نمایاں تبدیلی محسوس کی۔ میں بتا چکا ہوں کہ پہلے پہل دورانِ جنگ میں تحریک سول نافرمانی شروع کرنے کے وہ سخت مخالف تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ بڑی مشکل سے میں انہیں انفرادی ستیہ گرہ پر راضی کر سکا تھا، اور اس کے لئے بھی انہوں نے بڑی کڑی شرطیں عائد کی تھیں۔

۱۹۴۲ء میں تیار ہو گئے

لیکن اب گاندھی جی منظم عوامی تحریک سول نافرمانی شروع کرنے کے لئے بے چین تھے۔ جون ۱۹۴۲ء میں، میں وارد ھا ان سے ملنے گیا۔ تقریباً پانچ روز ان کے پاس مقیم رہا۔ اس عرصہ میں جو گفتگو ہوئی اس سے میں نے محسوس کیا کہ جنگ کے

آغاز میں انہوں نے جو موقف اختیار کیا تھا، اب وہ اس سے کہیں دور اور
بہت آگے جا چکے ہیں۔

سردار پٹیل کا گاندھی جی پر اثر

گاندھی جی نے مجھ سے کہا کہ اگر جاپانی فوج نے ہندوستان کی سرزمین پر قدم رکھا تو وہ ہمارے دشمن کی حیثیت سے نہیں، بلکہ برطانیہ کے دشمن کی حیثیت سے آئے گی، اور سردار پٹیل بھی یہی رائے رکھتے تھے اور شاید گاندھی جی کو وہی اس راہ پر لائے تھے۔ بہر حال ہمارا باہمی اختلاف واضح ہو چکا تھا،

"ہندوستان خالی کر دو"

جولائی کے پہلے ہفتہ میں ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ واردھا میں ہوا، میں پانچ جولائی کو وہاں پہنچ گیا۔ اس موقع پر پہلی مرتبہ گاندھی جی نے مجھ سے "ہندوستان خالی کر دو" کی تحریک پر گفتگو کی۔ میں اس نئے تصور سے اپنے آپ کو ہم آہنگ نہ کر سکا۔ میرا خیال تھا کہ ہمیں ہر ایسی بات اور ہر ایسے کام سے باز رہنا چاہیئے کہ جو جاپان کی حوصلہ افزائی کا موجب ہو۔ یہ وہ وقت تھا جب جاپانی فوجیں برما پر قبضہ کر چکی تھیں۔ اور آسام کی طرف بڑھ رہی تھیں۔ میرے نزدیک بہتر صورت یہ تھی کہ ہم انتظار کریں اور دیکھیں کہ جنگ کا اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔ گاندھی جی نے مجھ سے اتفاق نہیں کیا، انہیں اس پر اصرار تھا کہ وقت آگیا ہے کہ کانگرس انگریزوں سے ہندوستان خالی کر دینے کا مطالبہ کرے۔ اگر انگریز یہ مطالبہ مان لیتے ہیں، تو ہم جاپانیوں سے کہہ دیںگے کہ اب وہ ایک قدم بھی آگے نہ بڑھیں، لیکن اس کے بعد بھی اگر ان کا اقدام جاری رہے تو یہ حملہ برطانیہ پر نہیں ہندوستان پر سمجھا جائے گا۔ اگر ایسی صورت حال پیدا ہوئی، تو ہم اپنی پوری طاقت سے جاپان کا مقابلہ کریںگے۔

گاندھی جی کی گول مول باتیں: میں کہہ چکا ہوں کہ آغاز جنگ کے وقت میری یہ رائے تھی کہ برطانیہ کا منظم طور پر مقابلہ کیا جائے لیکن گاندھی جی نے میری اس رائے سے اتفاق نہیں کیا تھا لیکن اب کہ ان کی رائے تبدیل ہو چکی تھی۔ میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ دشمن، جب ہندوستان کی سرزمین پر قدم رکھ چکا ہے تو برطانوی حکومت ایک منظم مخالفانہ تحریک کو کس طرح برداشت کرلے گی! گاندھی جی کا خیال تھا کہ لیگی، جب میں نے ان پر زور دیا کہ وہ اپنے پروگرام کی تفصیل بتائیں تو وہ سوا اس کے کوئی واضح بات نہ کہہ سکے کہ سابقہ مواقع کے برعکس اس مرتبہ لوگ رضاکارانہ طور پر گرفتار نہیں ہوں گے، وہ گرفتاری کا مقابلہ کریں گے اور اس وقت گرفتار ہوں گے، جب جسمانی طور پر مجبور کر دیئے جائیں۔

(صفحہ ۴۲، ۴۳۰، ۴۴، ۴۵، ۴۶، ۴۷)

بغاوت کا اعلان۔ صلح کی کوشش جب "ہندوستان خالی کر دو" کا ریزولیوشن پاس ہو گیا تو گاندھی جی کے سیکرٹری مہادیو ڈیسائی نے مس سلیڈ سے کہا کہ وہ جائیں۔ وائسرائے سے ملیں اور اس تجویز کا مدعا انہیں سمجھائیں۔ مس سلیڈ ایک برطانوی امیرالبحر کی لڑکی تھیں، لیکن انہوں نے گاندھی جی سے متاثر ہو کر ہندوستانی طرز حیات اختیار کر لیا تھا۔ اور عام طور پر میرا بین کے نام سے مشہور تھیں، یہ گاندھی جی کی بڑی مخلص چیلی تھیں، اور کئی برس سے ان کے آشرم میں رہ رہی تھیں، مس سلیڈ واردھا سے دہلی پہنچیں اور وائسرائے سے انٹرویو کی درخواست کی وائسرائے کے پرائیویٹ سیکرٹری نے جواب دیا کہ چونکہ گاندھی جی اعلان کر چکے ہیں کہ وہ بغاوت کے پروگرام پر غور کر رہے ہیں، لہٰذا وائسرائے ملاقات نہیں کر سکتے سیکرٹری نے یہ

بات بھی واضح کر دی کہ جنگ کے زمانہ میں حکومت کسی قسم کی باغیانہ سرگرمی گوارا نہیں کرے گی. خواہ تشدد پر مبنی ہو یا عدم تشدد پر. نہ گورنمنٹ کسی ایسی تنظیم کے نمائندے سے گفت گو کر سکتی ہے جو اس طرح کے خیال رکھتا ہو۔ اس کے بعد میرابن نے وائسرائے کے پرائیویٹ سیکرٹری سے ملاقات کی اور دیر تک اُن سے باتیں کرتی رہی۔

(صفحہ ۸۱۰)

گاندھی جی کی خود اعتمادی متزلزل ہو گئی! وائسرائے کا میرابن سے ملاقات کرنے سے انکار ایسا واقعہ تھا کہ گاندھی جی محسوس کرنے لگے، حکومت آسانی سے ہار ماننے والی نہیں۔ اس سلسلہ میں گاندھی جی کو جو اعتماد تھا وہ متزلزل ہو گیا۔

(صفحہ ۸۲۷)

گاندھی جی ضرورت کے وقت بھول بھی جاتے تھے، گاندھی جی کرپس سے مشن کے زمانہ میں جب پہلی بار ملے تو کرپس نے یاد دلایا کہ (دراصل) یہ وہی تجاویز ہیں جو کانگرسی رہنماؤں خصوصاً گاندھی جی کے مشورہ سے (کرپس کے دوران قیام واردھا میں) تیار کی گئی تھیں یعنی جنگ کے دوران میں وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کو پوری طرح پر ہندوستانی بنا دینا اور جنگ کے بعد ہندوستان کی آزادی کا اعلان کر دینا۔

گاندھی جی نے کہا انہیں (واردھا والی تجاویز) کے بارے میں کچھ یاد نہیں، (واردھا میں) کرپس سے ملاقات کے دوران میں اُن کی جو گفت گو ہوئی تھی، وہ بیشتر غذا کے بعض پہلوؤں سے متعلق تھی کرپس نے جواب دیا کہ یہ میری بدقسمتی ہے کہ گاندھی جی غذائی باتیں تو یاد رکھیں اور وہ تجاویز فراموش کر دیں جو

اُن کے رفقاء اور خود ان کے مشورہ سے تیار کی گئی تھیں۔

(صفحہ ۵۰)

میرا اور گاندھی جی کا اختلاف

گاندھی جی کا خیال تھا کہ جنگ اب ہندوستان کی سرزمین تک پہنچ چکی ہے۔ لہٰذا جیسے ہی سول نافرمانی کی تحریک شروع ہوگی، انگریز کانگریس سے صلح کر لیں گے اور اگر ایسا نہ ہوا تو بھی گاندھی جی کو یقین تھا کہ ایسی حالت میں جب جاپانی فوجیں ہندوستان کے دروازہ پر دستک دے رہی ہیں، انگریز کوئی سخت قدم نہیں اٹھائیں گے، لیکن میری رائے یہ نہیں تھی، میرا خیال تھا، جنگ کے اس نازک مرحلہ پر حکومت کسی قوامی تحریک کو برداشت نہیں کرے گی۔ انگریزوں کے لئے زندگی اور موت کا سوال ہے وہ تیزی سے اور سختی سے اپنا کام کر گزریں گے۔

میں اس خیال پر سختی سے قائم تھا کہ موجودہ حالات میں کوئی تحریک جو عدم تشدد پر مبنی ہو نہ کامیاب ہو سکتی ہے نہ چلائی جا سکتی ہے۔

"مستعفی ہو جاؤ" گاندھی جی کا مجھ سے مطالبہ

ہماری بحث و گفت گو کا سلسلہ ۵ جولائی کو شروع ہوا۔ اور کئی دن تک جاری رہا۔ اس سے پہلے متعدد مواقع پر بعض مسائل سے متعلق میں گاندھی جی سے اختلاف رائے کر چکا تھا، لیکن اب ہمارے اختلافات بہت زیادہ نمایاں اور واضح تھے، صورت حال نقطۂ عروج پر پہنچ گئی جب گاندھی جی نے مجھے ایک خط بھیجا، کہ میرا نقطۂ نظر ان سے اس درجہ مختلف ہے کہ اب ہم ایک ساتھ کام نہیں کر سکتے۔ اگر کانگریس یہ چاہتی ہے کہ گاندھی جی اپنی تحریک چلائیں تو مجھے کانگریس کی صدارت اور ورکنگ کمیٹی کی ممبری سے مستعفی ہو جانا چاہیئے۔ اسی طرح جواہر لال کو بھی استعفیٰ دے دینا چاہیئے۔

پٹیل نے گاندھی جی کو سمجھایا میں نے فوراً جواہرلال کو بلایا، اور گاندھی جی کا خط دکھایا۔ یہ خط پڑھ کر وہ ششدر رہ گئے، وہ فوراً گاندھی کے پاس پہنچے۔ اور اس اقدام کے خلاف انہوں نے سخت احتجاج کیا۔ پٹیل نے کہا کہ اگر میں کانگریس کی صدارت سے مستعفی ہوگیا اور جواہرلال بھی الگ ہوگئے تو ملک خطرناک حالات سے دوچار ہوگا۔ نہ صرف قوم کے خیالات پراگندہ ہوں گے بلکہ کانگریس کی بنیاد بھی ہل جائے گی۔

گاندھی جی نے توبہ کرلی گاندھی جی نے ۷ر جولائی کی صبح کو یہ خط میرے پاس بھیجا تھا۔ دوپہر کے وقت انہوں نے مجھے یاد کیا، انہوں نے ایک لمبی چوڑی تقریر کی جس کا خلاصہ یہ تھا کہ صبح کو انہوں نے جو خط بھیجا تھا، بڑی جلدی میں لکھ دیا تھا۔ بعد میں انہوں نے اس مسئلہ پر مزید غور کیا اور اب وہ اسے واپس لینا چاہتے ہیں۔ میں نے یہ بات مان لی۔ سہ پہر کو جب ورکنگ کمیٹی کا جلسہ ہوا تو گاندھی جی نے جو پہلی بات کہی وہ یہ تھی کہ نائب گنہگار مولانا کے حضور میں پھر حاضر ہے۔

(صفحہ ۷۵، ۷۶، ۷۷)

گرفتاری کے بعد گاندھی جی کی اداسی (گاندھی جی اور ممبران ورکنگ کمیٹی گرفتار ہو کر بمبئی سے پونا، اور احمدنگر لے جائے جارہے ہیں)

مسز نائیڈو اپنے کمپارٹمنٹ سے ہمارے پاس آئیں۔ انہوں نے کہا، گاندھی جی ہم سے ملنا چاہتے ہیں ہم ان کے کمپارٹمنٹ میں پہنچے۔ گاندھی جی بہت

زیادہ آشفتہ خاطر نظر آرہے تھے۔ اتنا اداس اور مضمحل میں نے انہیں کبھی نہیں دیکھا تھا، اس طرح یک بیک گرفتار ہو جانا ان کے سان و گمان میں بھی نہیں تھا، انکا خیال تھا حکومت کوئی سخت اقدام نہیں کریگی۔ اب ان کا اندازہ غلط ثابت ہوا۔ اب وہ چکرا رہے تھے کہ کیا کریں۔

گاندھی جی کا دماغی توازن

ایک منٹ کی گفت گو کے بعد گاندھی جی نے کہا، جیسے ہی آپ منزل مقصود پہ پہنچیں حکومت کو مطلع کیجئے کہ صدر کانگریس کی حیثیت سے آپ اپنا کام جاری رکھیں گے، مطالبہ کیجئے کہ آپ کا پرائیویٹ سکریٹری آپ کے ساتھ رہے اور دوسری ضروری سہولتیں آپ کو بہم پہنچائی جائیں اور اگر ضرورت ہو تو اس مسئلہ کو نقطۂ جنگ بنا لیجئے۔

میں گاندھی جی سے اتفاق نہ کرسکا

میں گاندھی جی سے اتفاق نہ کرسکا میں نے کہا اب حالات بالکل بدل چکے ہیں۔ ہم نے اپنا راستہ کھلی آنکھوں کے ساتھ منتخب کیا ہے اور اب ہمیں نتائج بھگتنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ یہ بات میری سمجھ میں آسکتی تھی کہ میں ان مسائل پر اڑ جاؤں جو کانگریس نے منظور کئے ہیں لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر یعنی ذاتی سہولتوں کے لئے میں کس طرح حکومت سے جھگڑ سکتا ہوں۔

ہم لوگ گفت گو کر رہے تھے کہ بمبئی کا پولیس کمشنر ہمارے پاس آیا، جو ہمارے ساتھ جا رہا تھا۔ اس نے مجھ سے کہا صرف مسز نائیڈو و گاندھی جی کے ساتھ ٹھہر سکتی ہیں۔ میں اور جواہر لال اپنے کمپارٹمنٹ میں چلے آئے۔

(صفحہ ۸۵۔۸۶)

گاندھی جی کی رہائی (اپریل ۱۹۴۴ء۔) اسی زمانے میں ایک روز یک بیک اخبارات میں یہ خبر نظر سے گذری کہ گاندھی جی رہا کر دیئے گئے۔ رہا ہونے کے کچھ عرصہ بعد تک وہ اتنے بیمار رہے کہ کوئی اثر انگیز اقدام اُن کے لئے ممکن نہ تھا کئی ہفتے تک وہ زیر علاج رہے۔ لیکن جیسے ہی حالت سنبھلی انہوں نے متعدد قسم کی سرگرمیاں شروع کر دیں۔

(ص۹۲، ۹۳)

گاندھی جی کا عجیب و غریب بیان گاندھی جی نے حکومت سے از سر نو گفت و شنید کی طرح ڈالی۔ یہ روش ان کے گذشتہ رویہ سے مختلف تھی۔ انہوں نے نیوز کرانیکل لندن میں ایک بیان شائع کر دیا کہ اگر ہندوستان کی آزادی کا اعلان کر دیا جائے تو وہ رضا کارانہ طور پر انگریزوں کا ساتھ دے گا۔ اور مساعیٔ جنگ کی پوری پوری تائید اور پشت پناہی کرے گا، یہ بیان پڑھ کر میں ہونچکا رہ گیا۔

(ص۹۳)

گاندھی جی کی قلابازیاں جب جنگ شروع ہوئی۔ میں نے بڑی کوشش کی تھی کہ کانگریس ایک حقیقت پسندانہ اور مثبت پہلو اختیار کرے۔ گاندھی جی اس وقت اس بات پر اڑ گئے تھے کہ گو بلاشبہ ہندوستان کی آزادی کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے لیکن عدم تشدد کے عقیدہ پر قائم رہنا آزادیٔ ہند سے بھی زیادہ اہم ہے۔ اُن کی طے شدہ پالیسی یہ تھی کہ اگر ہندوستان کو صرف اس طرح آزادی مل سکتی ہے کہ جنگ میں شرکت کرے تو ایسی آزادی کو وہ دور سے سلام کرتے ہیں، لیکن اب

وہی گاندھی جی فرما رہے تھے کہ اگر ہندوستان کی آزادی کا اعلان کر دیا جائے، تو مساعی جنگ میں وہ انگریزوں سے پورا پورا تعاون کرے گا۔ گاندھی جی کے سابقہ خیالات سے یہ نیا خیال بالکل برعکس تھا، اس اظہار خیال نے ہندوستان میں اور ہندوستان سے باہر غلط فہمیاں پیدا کر دیں۔ ہندوستانی اس بیان سے الجھن میں مبتلا ہو گئے۔ انگریزوں پر اس نے جو اثر کیا، وہ بھی ناخوشگوار ہی تھا بہت سے انگریزوں کا خیال تھا کہ جب تک جنگ کا نتیجہ مشکوک رہا گاندھی جی انگریزوں کی امداد سے کتراتے رہے۔ ان کی موجودہ پیش کش کے بارے میں ان کا خیال تھا کہ چونکہ اتحادیوں کی فتح یقینی ہے، لہٰذا وہ مفت میں انگریزوں کی ہمدردی حاصل کر لینا چاہتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ گاندھی جی کو اپنی پیشکش سے جو توقع تھی، وہ رائیگاں گئی۔ برٹش گورنمنٹ نے اس پر ذرا بھی توجہ نہ کی۔

(ص ۹۳-۹۴)

گاندھی جی تشدد اور عدم تشدد کو نظرانداز کر گئے

(جون ۱۹۴۵ء شملہ کانفرنس) ورکنگ کمیٹی نے طویل

بحث مباحثہ کے بعد طے کیا کہ کانفرنس میں چند خاص مسائل پر زور دیا جانے، (مثلاً)

.. برطانوی حکومت نے ہندوستانیوں سے رائے لئے بغیر ہندوستان کے شریک جنگ ہونے کا اعلان کر دیا۔ کانگریس اس پوزیشن کو تسلیم نہیں کرتی، اگر حکومت سے تصفیہ ہوتا ہے اور ایک نئی ایگزیکٹو کونسل تشکیل پاتی ہے تو ضروری ہے کہ ہندوستان کی شرکت جنگ کی اجازت مرکزی اسمبلی سے لی جائے، ہندوستان جاپان کے خلاف جنگ میں ضرور حصہ لے گا لیکن اس لئے نہیں کہ برطانوی حکومت کا یہ فیصلہ ہے بلکہ اس لئے کہ اس کے قومی نمائندوں کی یہ رائے ہے۔

گاندھی جی ورکنگ کمیٹی کے اس جلسہ میں شروع سے آخر تک رونق افروز رہے۔ یہ فیصلہ ان کی رضامندی سے ہُوا تھا۔ اس موقع پر انہوں نے یہ سوال بالکل نہیں اٹھایا کہ شرکت جنگ کے معنی یہ ہیں کہ کانگرس عدم تشدد کے عقیدہ سے دست بردار ہوجائے۔ دوسرے الفاظ میں ایک لمحہ کے لیے بھی انہوں نے تشدد یا عدم تشدد کا سوال نہیں اٹھایا۔

(ص ۱۰۶)

گاندھی جی کی شاباش (۱۹۴۶ء۔ پنجاب میں نئے انتخابات کے بعد مولانا آزاد کانگریس کی مدد سے خضر حیات خاں کو وزیر اعظم بنا دیتے ہیں۔ جواہرلال اصولی طور پر اس کاروائی کی مخالفت کرتے ہیں اور مولانا آزاد کو ملامت کرتے ہیں۔)

گاندھی جی نے پرزور طور پر میری تائید کی۔ انہوں نے کہا اگرچہ کانگریس پنجاب میں ایک اقلیت ہے لیکن اس کی آواز وزارت سازی اور وزارت کی کارگزاری کے سلسلہ میں ایک فیصلہ کن حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس کے نقطہ نظر سے اس سے بہتر کوئی اور فیصلہ ہو ہی نہیں سکتا تھا۔

جب گاندھی جی نے اس طرح صاف اور غیر مبہم طور پر میری حمایت کی، تو ورکنگ کمیٹی کے دوسرے ممبروں نے بھی میری تائید کی، اور جواہرلال نے بھی خاموشی اختیار کرلی۔

(ص ۱۳۰)

گاندھی جی وفاقی دستور کے پرزور حامی (اپریل ۱۹۴۶ء۔ فرقہ وارانہ حل کے سلسلہ میں مولانا ابو الکلام

آزاد نے کابینہ وفد کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ صوبوں کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیئے جائیں۔ اور مرکز کو صرف دفاع، مواصلات اور امور خارجہ، وفد نے اس تجویز کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھا، کہ مسلم لیگ کی بدگمانی اور بداعتمادی کو دور کرنے کا یہی ایک واحد طریقہ تھا، لیکن کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ممبروں نے اس تجویز سے اختلاف شروع کر دیا۔)

حقیقت یہ ہے کہ گاندھی جی نے میرے بارے میں یہ کہہ کر مجھے بہت ممنون کیا کہ میں نے اس فرقہ وارانہ مسئلہ کا ایسا حل دریافت کر لیا جس نے ہر شخص کو پریشان و سرگشتہ کر رکھا تھا۔ انہوں نے میرے بارے میں کہا کہ میرا حل مسلم لیگ کے بدترین فرقہ پرستوں کے اس خوف کو بھی دور کر دے گا، جو ہندو اکثریت سے انہیں ہے، اور دوسری طرف یہ حل قومی نقطہ نظر کا ترجمان ہے نہ کہ فرقہ وارانہ نقطہ نظر کا، گاندھی جی نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان جیسے ملک میں صرف وفاقی دستور ہی کامیاب ہو سکتا ہے۔

(ص ۱۴۱)

گاندھی جی نے میری طرف سے جواب دیا

سردار پٹیل نے مجھ سے دریافت کیا کہ آیا مرکزی حکومت صرف دفاع امور خارجہ اور رسل و رسائل ہی تک محدود رہے گی؟ پھر انہوں نے کہا اور بھی ایسی کئی چیزیں مثلاً سکہ اور مالیات ہیں جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے مرکز کے تابع ہونا چاہئیں انہوں نے یہ بھی کہا کہ تجارت اور صنعت صرف آل انڈیا بنیاد ہی پہ ترقی کر سکتی ہیں، یہی رائے ان کی تجارتی پالیسی کے بارے میں بھی تھی۔

پٹیل کے ان اعتراضات کا جواب مجھے نہیں دینا پڑا۔ گاندھی جی نے خود

بھی میری طرف سے بات صاف کردی۔ انہوں نے کہا، اس اندیشہ کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ صوبائی حکومتیں سکتے اور کسٹم کے معاملہ میں مرکزی حکومت سے مختلف رویہ اختیار کریں گی۔ خود اُن کے مفاد کا تقاضا یہ ہوگا کہ ان معاملات میں متحدہ پالیسی پر کاربند ہوں۔ لہٰذا کوئی ضرورت نہیں ہے کہ سکہ اور مالیات کو مرکز کی لازمی فہرست اختیارات میں شامل کرلیا جائے۔

(ص ۱۴۳)

گاندھی جی کس آسانی سے رائے بدل لیتے تھے

(۱۹۳۷ء میں مولانا آزاد نے یوپی مسلم لیگ کو کانگریس سے اشتراک و تعاون پر آمادہ کرلیا تھا۔ لیکن جواہر لال نے وہ پیش کش مسترد کردی، جو مولانا نے مسلم لیگ کے سامنے رکھی تھی۔)

"جب میں نے دیکھا کہ جواہر لال اپنا فیصلہ بدلنے پر آمادہ نہیں ہوتے تو گاندھی جی کی ہدایت حاصل کرنے میں وارد ہوگیا۔ جب میں نے ساری صورت حال گاندھی جی کے سامنے واضح کی تو انہوں نے میرے ساتھ اتفاق کا اظہار کرلیا، اور فرمایا کہ وہ جواہر لال کو مشورہ دیں گے کہ وہ اپنا فیصلہ بدل لیں بلکہ جواہر لال نے معاملہ کو دوسرے رنگ میں پیش کیا۔ گاندھی جی جواہر لال کے ہم نوا ہوگئے اور اپنے وعدہ کے برخلاف اس معاملہ پر کوئی زور نہیں دیا۔

(ص ۱۴۱، ۱۴۲)

کابینہ وفد کی سفارشات کی پُرزور تائید

(کابینہ وفد کا پلان اور اس پلان کی تجویز صوبائی گروپ بندی کانگریس منظور کرچکی ہے)

آسام کے کانگریسی لیڈروں نے صوبوں کی گروپ بندی پر اعتراض کیا،

انہیں بنگال کی مسلم اکثریت سے خطرہ تھا۔ ان کا کہنا تھا۔ اگر بنگال اور آسام، ایک گروپ میں بندھ گئے تو سارے علاقے پر مسلمانوں کی حکمرانی ہو گی۔ یہ اعتراض آسام کے کانگرسی لیڈروں نے کابینہ وفد کے اعلان کے فوراً بعد اٹھایا۔ گاندھی جی کابینہ وفد کا پلان منظور کر چکے تھے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کابینہ وفد کے پلان میں وہ تخم ہیں جو دکھ کی اس سرزمین کو ایسا خطہ بنا دینگے، جہاں نہ دکھ ہوگا، نہ مصیبت، گاندھی جی نے ہریجن میں یہ بھی لکھا کہ چار روز تک مسلسل دیدہ ریزی کے ساتھ کابینہ وفد کے پلان کا مطالعہ کرنے کے بعد میرا عقیدہ مجھے اس اعتراف پر مجبور کرتا ہے کہ موجودہ حالات میں برطانوی حکومت اس سے بہتر کوئی دستاویز مرتب نہیں کر سکتی تھی۔

گوپی ناتھ باردولائی نے جو آسام
گاندھی جی نے پھر رائے بدل دی، کے وزیر اعلیٰ تھے، اپنا اختلاف جاری رکھا، انہوں نے کانگریس ورکنگ کمیٹی کے سامنے بنگال کے ساتھ آسام کی گروپ بندی کے خلاف ایک میمورنڈم پیش کیا۔ ہم نے محسوس کیا کہ گروپنگ کا مسئلہ از سر نو اب ہمیں نہیں اٹھانا چاہیئے۔

اسی اثناء میں گاندھی نے اپنی رائے تبدیل کر دی اور باردولائی کی حمایت شروع کر دی۔ چونکہ گاندھی جی اب ان کی پشت پر تھے اور ان کی تائید میں بیان پہ بیان شائع کر رہے تھے، لہٰذا انہوں نے ہماری ایک نہ سنی،
(صد ۱۷۲-۱۷۳)

(سنئے وائسرائے لارڈ ماؤنٹ
"مولانا کیا آپ میرا ساتھ دیں گے"؟ بیٹن، جواہر لال اور سردار پٹیل کو تقسیم ہند پر رضامند کر چکے ہیں)

اب کہ سردار پٹیل ہی نہیں جواہر لال تک تقسیم ہند پر راضی ہو چکے تھے میری تنہا امید گاہ ــــ گاندھی جی کی ذات تھی ــــ وہ ۱۲ مارچ ۱۹۴۷ء کو لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے ملنے دہلی آئے، میں فوراً اُن سے ملنے ــــ روانہ ہو گیا انہوں نے مجھے دیکھتے ہی کہا، تقسیم ہند اب ایک خطرہ بن چکی ہے۔ ولبھ بھائی اور صرف وہی نہیں جواہر لال تک سپر انداز ہو چکے ہیں۔ بتائیے مولانا آپ کیا کرینگے؟ آپ میرا ساتھ دینگے یا آپ بھی بدل چکے ہیں۔؟

میں نے جواب دیا، میں تقسیم ہند کا مخالف پہلے بھی تھا، اب بھی ہوں بلکہ اب سے زیادہ اس تخیل کا مخالف میں کبھی نہیں تھا۔ مجھے یہ دیکھ کر بڑا دکھ ہوتا ہے کہ جواہر لال اور سردار پٹیل نے شکست تسلیم کر لی ہے۔ بلکہ آپ کے الفاظ میں سپر انداز ہو گئے ہیں میری واحد اُمید گاہ آپ کی ذات ہے۔ اگر آپ تقسیم کے خلاف آمادہ عمل ہوں۔ تو ہم حالات کو اب بھی قابو میں لا سکتے ہیں، لیکن اگر آپ بھی خاموشی اختیار کر لیں تو مجھے شبہ ہے کہ پھر ہندوستان ہاتھ سے گیا۔!

گاندھی جی نے جواب دیا کہ "یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے؟ اگر کانگرس تقسیم ہند قبول کر لینا چاہتی ہے تو یہ کارروائی میری لاش ہی پر ہو سکیگی؟ جب تک میں زندہ ہوں، میں کبھی بھی تقسیم ہند پر رضامند نہیں ہو سکتا۔ اور نہ میں کانگرس کو ایسا کرنے دونگا۔

"مولانا، میں آپ کا ساتھ نہیں دوں گا" اسی دن گاندھی جی لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے ملے، دوسرے دن دونوں میں پھر ملاقات ہوئی اور ۲، اپریل کو پھر پہلی مرتبہ جب وہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے مل کر واپس آئے تو فوراً ہی سردار پٹیل صاحب ان کے پاس پہنچے اور دو گھنٹے تک ان کے پاس بیٹھے رہے۔ اُن سے ملاقات میں کیا باتیں ہوئیں؟ میں،

نہیں جانتا؛ لیکن حبیب دوبارہ میں گاندھی جی سے ملا تو میں نے ایسا جھٹکا محسوس کیا جو میری زندگی کا اہم ترین حادثہ ہے۔ میں نے دیکھا گاندھی جی بھی بدل گئے جس چیز نے مجھے سب سے زیادہ صدمہ پہنچایا اور حیران کیا وہ یہ تھی کہ اب گاندھی جی بالکل سردار پٹیل کی زبان میں بول رہے تھے، دو گھنٹے تک میں انہیں ہموار کرنے کی کوشش کرتا رہا لیکن ان پر کوئی اثر نہ ڈال سکا۔

آخر کار میں نے ان سے کہا کہ اگر آپ نے بھی یہ خیالات قبول کر لیے ہیں تو پھر مجھے کوئی آس نہیں ہے کہ ہندوستان تباہی سے بچ سکیگا۔

گاندھی جی نے مجھے بتایا کہ پوزیشن ایسی ہے کہ اب تقسیم ہند کو ٹالا نہیں جا سکتا۔

سردار پٹیل کا کرشمہ اب قابل تصفیہ جو بات تھی، وہ صرف یہ کہ تقسیم کس طرح عمل میں آئے۔ یہی سوال تھا جس پر دن رات گاندھی جی کی کٹیا میں بحث ہوتی رہتی تھی میں نے بہت غور کیا، کہ گاندھی جی اتنی پھرتی سے اپنی رائے بدلنے پر کیسے راضی ہو گئے؟ میرا مطالعہ یہ ہے کہ یہ سردار پٹیل کے اثر کا نتیجہ تھا۔

(ص ۱۸۶/۱۸۷)

گاندھی جی کا مرن برت! (دلّی میں مسلمانوں کا قتلِ عام جاری ہے، وزیر داخلہ سردار پٹیل مسلمانوں کی جان و مال کی حفاظت کے لئے کوئی مؤثر قدم نہیں اٹھاتے)

گاندھی جی کی مصیبت روز افزوں ترقی پر تھی، ایک وہ زمانہ تھا کہ اُن کی معمولی خواہش پر قوم لبیک لبیک کہہ رہی تھی۔ اور اب یہ وقت تھا کہ ان کی دل گداز اپیلیں بھی بہرے کانوں سے ٹکرا کر واپس آ جاتی تھیں،

آخر کار حالات کی یہ رفتار اُن کے لیئے ناقابل برداشت ہوگئی، انہوں نے مجھے بلایا اور کہا کہ ان کے پاس ایک ہی ہتھیار یعنی جب تک دہلی میں امن بحال نہ ہو، فاقہ کرنا رہ گیا ہے، جب یہ بات مشہور ہوئی بہت سے لوگ جو ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے تھے ندامت محسوس کرکے آمادۂ عمل ہوگئے۔ انہوں نے محسوس کیا کہ اس عمر اور صحت کے اس عالم میں انہیں فاقہ کشی سے باز رکھنا چاہیئے، انہوں نے گاندھی جی سے اپیل کی کہ وہ فاقہ کشی کا ارادہ ترک کر دیں، لیکن وہ اپنی جگہ چٹان کی طرح جمے رہے۔

(ص ۲۱۵، ۲۱۶)

برت توڑنے کے لئے گاندھی جی کے شرائط بہت سے لوگ گاندھی جی کے پاس آئے، انہوں نے عہد کیا کہ وہ دلی کے گم شدہ امن کو واپس لاکر رہیں گے۔ لیکن گاندھی جی الفاظ کے طلسم میں پھنسنے والے نہیں تھے، تیسرے دن ایک پبلک میٹنگ صورت حال پر غور کرنے اور ایسے وسائل پر غور کرنے کے لئے طلب کی گئی۔ کہ گاندھی جی برت ترک کرنے پر آمادہ ہوجائیں۔

اس جلسہ میں جاتے ہوئے میں گاندھی جی سے ملا، میں نے اُن سے کہا۔ برت توڑنے کے شرائط بتائیے۔ یہ شرائط ہم جلسے میں پیش کرینگے، اور لوگوں کو بتائیں گے کہ اگر گاندھی جی کے یہ شرائط مان لیے جائیں تو وہ برت ترک کر دینگے۔

گاندھی جی نے کہا یہ ہے کاروباری بات! میری پہلی شرط یہ ہے کہ وہ تمام مسلمان جو ہندوؤں اور سکھوں کے حملہ سے مجبور ہوکر دلی چھوڑ گئے ہیں انہیں دوبارہ آنے کی دعوت دی جائے اور انہیں دوبارہ اُن کے گھروں میں بسا

دیا جائے۔

میں نے گاندھی جی کے ہاتھ پکڑ لئے اور ان سے التجا کی کہ اس بات پر اصرار نہ کریں۔ دہلی میں جو ہندو اور سکھ اب مسلمانوں کے گھروں میں رہ رہے ہیں انہیں دوبارہ ادھر ادھر بھٹکنے کے لئے چھوڑ دینا، نہ عملی طور پر ممکن ہے نہ اخلاقی طور پر مستحسن ہے۔ پہلے تو گاندھی جی اڑے رہے پھر نرم پڑ گئے۔ انہوں نے کہا اگر میں اس سے مطمئن ہوں تو وہ بھی مان لیتے ہیں میں نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ گاندھی جی نے برت ترک کرنے کے لئے حسب ذیل شرطیں سکھائیں۔

(۱)

ہندو اور سکھ مسلمانوں پر حملے بند کر دیں، اور مسلمانوں کو یقین دلائیں، کہ آئندہ بھائی بھائی بن کر رہیں گے۔

(۲)

ہندو اور سکھ اس بات کی پوری کوشش کرینگے کہ اندیشہ جان و مال کے باعث کسی مسلمان کو بھی ہندوستان سے جانے پر مجبور نہیں ہونا پڑے گا۔

(۳)

چلتی ٹرین میں مسلمانوں پر حملہ کا سلسلہ بند کیا جائے۔

(۴)

جو مسلمان درگاہ نظام الدین اولیاء، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، نصیر الدین چراغ دہلوی اور دوسرے متبرک مقامات کے نزدیک رہتے تھے اور مجبوراً اپنا گھر چھوڑ کر بھاگ گئے تھے، انہیں واپس اپنے علاقوں میں لایا جائے اور پھر سے بسایا جائے۔

(۵)

درگاہ قطب صاحب کو فسادات میں نقصان پہنچا تھا۔ حکومت آسانی سے اس کی مرمت کر سکتی تھی لیکن اس سے گاندھی جی مطمئن نہیں ہو سکتے تھے ؛ انہوں نے کہا، یہ کام ہندوؤں اور سکھوں کو بطور کفارہ کرنا چاہیئے۔ ہندو اور سکھ فرقے کے لوگ یقین دلائیں کہ ان کے دل بدل چکے ہیں تا کہ دوبارہ انہیں ایسے مسئلہ پر برت نہ رکھنا پڑے۔

عوام کی گاندھی جی سے ہمدردی

میں نے گاندھی جی کو یقین دلایا کہ یہ باتیں طے پا جائیں گی۔ میں جلسہ میں پہنچا اور حاضرین کے سامنے گاندھی جی کی شرطیں رکھیں۔ میں نے کہا میں یہ معلوم کرنے آیا ہوں کہ آیا باشندگانِ دہلی گاندھی جی کو ان کے بارے میں مطمئن کر سکتے ہیں ؟ پچاس ہزار سے زیادہ کے مجمع نے یک زبان ہو کر نعرہ بلند کیا کہ "ہم گاندھی جی کی خواہشات پوری کریں گے"۔ دلی کے ڈپٹی کمشنر نے ہندوؤں اور مسلمانوں کا ایک جتھہ جمع کیا اور انہیں لے کر درگاہ قطب صاحب کی مرمت کے لئے روانہ ہو گیا۔

دوسرے روز صبح میں نے دہلی کے نمائندہ لیڈروں کی ایک میٹنگ طلب کی۔ ہم اس فیصلہ پر پہنچے کہ سب برلا ہاؤس جائیں اور انفرادی طور پر گاندھی جی کو یقین دلائیں۔ میں صبح دس بجے گاندھی جی کے پاس پہنچا۔ میں نے کہا کہ اب میں پورے طور پر مطمئن ہوں کہ ان کا مقصد پورا ہو جائے گا۔ ان کے برت نے ہزاروں دلوں کو بدل دیا اور ان میں از سر نو انصاف اور انسانیت کا احساس پیدا کر دیا۔ میں نے گاندھی جی سے اپیل کی کہ اس یقین دہانی کو مان لیں اور برت توڑ دیں۔

گاندھی جی کے چہرے سے مسرت نمایاں تھی لیکن ابھی تک انہوں نے ہماری درخواست قبول نہیں کی۔ سارا دن بحث و گفت گو اور ترغیب و تحریص میں گزر گیا۔ ان کے وزن اور قوت میں کمی آگئی۔ وہ اس قابل نہیں تھے کہ بیٹھ سکیں۔ وہ بستر پر دراز تھے۔ لیکن انہوں نے ہر ایک کی بات سنی۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ وہ کل صبح جواب دیں گے۔

گاندھی جی نے برت توڑ دیا

دوسرے دن دس بجے صبح پھر ہم ان کے کمرہ میں جمع ہو گئے۔ جواہر لال پہلے ہی پہنچ چکے تھے۔ پاکستان کے ہائی کمشنر زاہد حسین بھی حاضرین میں موجود تھے۔ انہوں نے باقاعدہ ان سے ملنے کی درخواست کی تھی۔ گاندھی جی نے انہیں بلا بھیجا اور وہ بھی آگئے۔ پٹیل کے سوا ساری کابینہ موجود تھی۔ گاندھی جی نے اشارہ کیا کہ جو لوگ ان کے سامنے عہد دہرانا چاہتے ہیں، وہ ایسا کر سکتے ہیں۔ دلی کے پچیس لیڈروں نے جو ہندوؤں اور سکھوں کے مختلف مکاتیب فکر کے نمائندے تھے ایک ایک کر کے عہد کیا کہ وہ ان شرائط کو وفاداری کے ساتھ پورا کرینگے جو گاندھی جی نے رکھی ہیں۔ گاندھی جی نے اشارہ کیا ان کے حلقہ کے مرد اور عورتوں نے رام دھن بھجن گانا شروع کر دیا۔ ان کی پوتی نے نارنگی کا افشردہ پیش کیا۔ انہوں نے اشارہ سے کہا کہ گلاس مجھے دے دیا جائے۔ میں نے گلاس ان کے ہونٹوں سے لگا دیا۔ گاندھی جی نے برت کھول دیا۔

(ص ۲۱۷، ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۰)

گاندھی جی کو دھمکیاں

مرحوم سردار پٹیل ہی گاندھی جی کے برت سے نالاں نہ تھے۔ گاندھی جی بنے جب سے امن

کی مہم شروع کی تھی ہندوؤں کا ایک گروہ ان کے خلاف ہو گیا اور ان لوگوں کی یہ تعداد بھی روز بروز بڑھتی جا رہی تھی یہ گاندھی جی کو اس بات پر ملامت کرتے تھے کہ وہ ہندوؤں کے مفاد کو نظر انداز کئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ان کی پرارتھنا کے جلسوں میں بھی گڑبڑ کی۔ گاندھی جی کے حسب ہدایت پرارتھنا میں قرآن اور بائیبل کی آیتیں اور ہندو شاستر کی عبارتیں پڑھی جاتی تھیں، ان میں سے کچھ لوگوں نے ایجی ٹیشن کی تحریک پرارتھنا کے جلسوں کے خلاف شروع کی، ان کا کہنا تھا کہ قرآن اور بائیبل کی آیتیں کسی طرح بھی سننا منظور نہیں ہیں، انہیں ہندو دشمن ثابت کرنے کے لئے وسیع پیمانہ پر پمفلٹ اور ہینڈبل تقسیم کئے گئے۔ ایک پمفلٹ میں تو یہاں تک لکھا تھا کہ گاندھی جی نے اپنا رویہ نہ بدلا تو انہیں ختم کر دیا جائے گا۔

پرارتھنا کے جلسہ میں بم

گاندھی جی کے برت نے اس گروہ کو اور زیادہ مشتعل کر دیا۔ انہوں نے گاندھی جی کے خلاف اقدام کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ برت کے بعد جب انہوں نے پھر اپنی پرارتھنا کے جلسے شروع کئے تو ان پر ایک بم پھینکا گیا۔ خوش قسمتی سے کوئی مجروح نہیں ہوا، لیکن سارے ہندوستان میں تہلکہ مچ گیا کہ کیا ہندوستان میں کوئی ایسا آدمی بھی ہے جو گاندھی جی پر ہاتھ اٹھا سکتا ہے۔؟

گاندھی جی کی حفاظت سے پٹیل کی بے پروائی

کتنی عجیب بات ہے کہ پولیس یہ سراغ نہ لگا سکی، کہ بم کس طرح برلا ہاؤس میں پہنچایا گیا، مزید تعجب کی بات یہ ہے، کہ اس حادثہ کے بعد بھی گاندھی جی کی حفاظت کے انتظامات نہیں کئے گئے۔ یہ بم اس بات کا ثبوت تھا کہ خواہ کتنی ہی حقیر کیوں نہ ہو۔ لیکن ایک جماعت

ہے، جو گاندھی جی کو مار ڈالنے کا تہیہ کر چکی ہے۔ قدرتی طور پر دہلی کی پولیس (سی، آئی، ڈی) سے یہ توقع تھی کہ گاندھی جی کی حفاظت کے لیے وہ خاص انتظامات کرے گی۔ انتہائی شرم اور افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ابتدائی احتیاطی اقدامات بھی بم کے انتباہی حادثہ کے باوجود عمل میں نہیں لائے گئے۔

چند دن اور گذر گئے۔

گاندھی جی پر مہلک وار

۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو ڈھائی بجے دوپہر کو میں گاندھی جی سے ملنے گیا، بہت سے اہم مسائل تھے، جن پر مجھے گفتگو کرنی تھی۔ میں اُن کے پاس تقریباً ایک گھنٹہ تک رہا، پھر واپس آ گیا۔

ساڑھے پانچ بجے شام کو دفعتاً یاد آیا کہ بعض اہم مسائل پر میں اُن کی صلاح نہیں لے سکا تھا۔ میں فوراً برلا ہاؤس واپس گیا، مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ دروازے بند ہیں، لان پر ہزاروں لوگ کھڑے ہیں اور سڑک پر جم غفیر جمع ہے۔ میں بالکل نہ سمجھ سکا کہ کیا معاملہ ہے؟ لیکن مجمع نے جب میری کار دیکھی، تو راستہ دے دیا۔ میں دروازے پر ۔ ۔ ۔ کار سے اترا اور اندر چلا گیا۔ برلا ہاؤس کے دروازے اندر سے بند تھے۔ کھڑکی کے شیشے سے جھانک کر ایک ملازم نے مجھے دیکھا، پھر وہ آیا اور مجھے اندر لیکر چلا گیا۔ جب میں داخل ہو رہا تھا کسی آدمی نے "بابتیم پرنم کہا۔ گاندھی جی کو گولی مار دی گئی"۔ وہ بے ہوش پڑے ہیں۔

گاندھی جی مر گئے؟ یہ خبر اتنی غیر متوقع اور لرزہ خیز تھی، کہ میں بمشکل ان الفاظ کا مطلب سمجھ سکا، میں کھویا ہوا سا گاندھی جی کے کمرے میں پہنچا، اُن کا بے جان جسم فرش پر رکھا تھا، چہرہ زرد، آنکھیں بند، ان کے دو پوتے پاؤں کے پاس بیٹھے تھے اور رو رہے تھے۔

میں نے گویا خواب کے عالم میں سُنا:۔

"گاندھی جی مر گئے؟

یہ سارا مضمون "بلا تبصرہ" قابلِ مطالعہ ہے۔

---

(۲۵۱)

گاندھی جی سے اندھی عقیدت رکھنے والے رہنما

راجگوپال اچاری مسٹر سی آر داس (علی پور جیل میں) تقریباً ہر روز سیاسی معاملات پر گفتگو کیا کرتے تھے۔ اُن کی رائے تھی کہ گاندھی جی کا راست اقدام ناکام رہا۔ ان کا خیال تھا کہ عوام کا حوصلہ قائم رکھنے کے لئے دوسرے طریقے اختیار کرنا چاہئیں۔ اب سیاسی جنگ مجالسِ آئین ساز کے ایوان میں ہونی چاہیے۔

گیا کانگرس کے زمانۂ انعقاد میں مسٹر داس جیل سے رہا ہوئے مجلس استقبالیہ نے انہیں صدر کانگرس منتخب کر لیا مسٹر داس کا خیال تھا کہ ملک ان کے پروگرام کی پشت پناہی کرے گا۔ اس بات سے ان کی اور حوصلہ افزائی ہوئی کہ موتی لال نہرو، وٹھل بھائی پٹیل اور حکیم اجمل خاں ان کے ہمنوا تھے۔ اپنے خطبۂ صدارت میں مسٹر داس نے تجویز پیش کی کہ کانگرس کو داخلۂ کونسل کا پروگرام قبول کر لینا چاہیے۔ اس موقع پر گاندھی جی جیل میں تھے مسٹر راجگوپال اچاری کی زیر سرکردگی کانگرس کا ایک گروہ اس بنیاد پر مخالفت کر رہا تھا کہ اگر مسٹر داس کا پروگرام قبول کر لیا گیا۔ تو حکومت اس کا یہ مطلب لے گی کہ ہم گاندھی جی کی قیادت کے خلاف ہیں۔

(ص۱۸، ۱۹)

راجندر پرشاد

شری راجگوپال اچاری، ڈاکٹر راجندر پرشاد اور دوسرے لوگوں نے مسٹر داس کی مخالفت کی اور انھیں شکست دے دی۔ گیا کانگرس میں تفرقہ پیدا ہو گیا۔ اور مسٹر داس نے صدارت سے استعفا دے دیا۔

(صـ۱۹)

سردار پٹیل

مسٹر داس، پنڈت موتی لال اور حکیم اجمل خاں اس گروہ کی قیادت کر رہے تھے جو داخلہ کونسل کا حامی تھا۔ راجہ جی، سردار پٹیل اور ڈاکٹر راجندر پرشاد اُن لوگوں کے ترجمان تھے جو داخلہ کونسل کے مخالف تھے۔

(صـ۱۹)

نکتہ چینیوں کی کامیابی داخلہ کونسل کے مخالف گروہ کا سب سے بڑا اعتراض یہ تھا کہ اگر داخلہ کونسل کا پروگرام عمل میں آیا تو گاندھی جی کی قیادت عامہ کمزور پڑ جائے گی۔ لیکن واقعات نے ثابت کر دیا کہ ان لوگوں کی یہ رائے صحیح نہ تھی۔ مرکزی مجلس آئین ساز (سنٹرل لیجسلیچر) میں سوراج پارٹی (داخلہ کونسل کی حامی جماعت جو انتخاب میں کامیاب ہو کر بنمائندہ کانگرس کی حیثیت سے اب اسمبلی کی کارروائیوں میں حصہ لینے لگی تھی) نے ایک ریزولیوشن مرتب کیا جس میں گاندھی جی کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا تھا، قبل اس کے کہ یہ تجویز مرکزی اسمبلی میں منظور ہوتی گاندھی جی رہا کر دیئے گئے۔

(صـ۲۰)

اچاریہ کرپلانی

ورکنگ کمیٹی کے ممبر (جواہرلال کے سوا) گاندھی جی کی مخالفت ایسی صورت میں بھی نہیں کرتے تھے جب کہ وہ ان کے دلائل سے مطمئن نہ ہوں۔ یہ میرے لئے نیا تجربہ نہیں تھا۔ جواہرلال کے علاوہ جو اکثر مجھ سے ہم آہنگ رہتے تھے دوسرے ممبرانِ ورکنگ کمیٹی عام طور پر آنکھ بند کر کے گاندھی جی کے پیچھے چلنے پر قناعت کرتے تھے۔ سردار پٹیل، ڈاکٹر راجندر پرشاد اور اچاریہ کرپلانی جنگ کے بارے میں کوئی سوچی سمجھی رائے نہیں رکھتے تھے۔ شاذ و نادر ہی یہ بذات خود کسی نتیجے پر پہنچتے تھے ورنہ ہر حالت میں یہ اس کے عادی ہو گئے تھے کہ اپنے فیصلے کو گاندھی جی کے فیصلے کا تابع رکھیں۔ اس صورت میں ان حضرات سے بحث و گفتگو قطعاً بے کار ثابت ہوتی تھی۔ ہماری ساری باتیں سننے کے بعد اُن کا قول صرف یہ ہوتا تھا کہ ہمیں گاندھی جی پر اعتقاد رکھنا چاہئے۔

(ص ۷۵)

کیا گاندھی جی جادوگر تھے؟

کانگرس ورکنگ کمیٹی کی تجویز جب شائع ہوئی ـــ (۱۴۔ جولائی ۱۹۴۲ء) تو سارے ملک میں ایسا معلوم ہوا گیا بجلی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ لوگوں نے ذرا بھی اس پر غور نہیں کیا کہ اس تجویز کے مؤثرات کیا ہیں۔ عوام اور ورکنگ کمیٹی کے کچھ ممبران بھی گاندھی جی کی قیادت پر مکمل ایمان رکھتے تھے۔ اُن کا خیال تھا کہ گاندھی جی کے دماغ میں کوئی ایسی تدبیر ہے جو حکومت کو مفلوج کر کے اُسے آمادۂ مفاہمت کر دے گی۔

اس جگہ مجھے اس کا اعتراف کرنا چاہئے کہ ہم میں کچھ ایسے لوگ بھی تھے جن کا خیال تھا کہ گاندھی جی جادو کے زور سے یا مافوق الانسانی حیثیت سے ہندوستان کو آزاد

کرادیں گے۔ اس عقیدہ کے ماتحت یہ لوگ ذاتی طور پر کچھ کرنا مناسب نہیں سمجھتے تھے۔

(صفحہ ۸۰)

آنکھ بند کر کے گاندھی جی کی پیروی

میں ہمیشہ سے یہ محسوس کرتا رہا ہوں کہ میرے اکثر (کانگریسی) دوست اور رفیق بہت سے سیاسی مسائل پر اپنے دماغ کو سرے سے زحمتِ فکر دیتے ہی نہیں تھے۔ یہ آنکھ بند کر کے گاندھی جی کی پیروی کے خوگر تھے۔ جب بھی کوئی مسئلہ پیدا ہوتا یہ اس انتظار میں رہتے تھے کہ گاندھی جی کا ردِ عمل کیا ہوتا ہے۔ میں نہ کبھی پہلے نہ اب گاندھی جی کی تحسین اور محبت میں پیچھے رہا ہوں لیکن میں ایک لمحے کے لئے بھی اس پوزیشن کو تسلیم نہیں کر سکا کہ ہم آنکھ بند کر کے ان کی تقلید کریں۔ یہ ایک کتنی عجیب بات ہے کہ جس مسئلے پر (عدم تشدد کے مسئلے پر) میرے یہ دوست (سردار پٹیل، راجندر پرشاد، اچاریہ کرپلانی) ۱۹۴۰ء میں ورکنگ کمیٹی سے مستعفی ہونے پر تیار ہو گئے تھے۔ ہندوستان کے آزاد ہو جانے کے بعد یہ اس کے خلاف عمل پیرا ہو گئے۔ انھوں نے ایک لمحے کے لئے بھی یہ نہیں سوچا کہ حکومت ہند کو (عدم تشدد کے عقیدہ کے ماتحت) بغیر فوج اور بغیر دفاعی انتظامات کے چلانے کا انتظام کریں۔ نہ انھوں نے جنگ سے ایک پالیسی کی حیثیت سے دستبرداری اختیار کی، ورکنگ کمیٹی میں صرف جواہر لال ایک ایسے شخص تھے جو پورے طور پر میرے ہمنوا تھے۔ اور بالآخر واقعات کی منطق نے ہمارے موقف کو صحیح ثابت کر دیا۔

(صفحہ ۹۵)

خاموش!

(جون ۱۹۴۵ء، شملہ کانفرنس، کانگرس ورکنگ کمیٹی شریکِ جنگ ہونے کا فیصلہ کرتی ہے، گاندھی جی بھی اس موقع پر موجود ہیں)

محکمہ مالیات کی پیش کش کر کے وہ مسلم لیگ کے ہاتھوں کا کھلونا بن گئے ہیں۔ جو تجویز بھی وہ پیش کرتے لیاقت علی خاں یا تو اُسے مسترد کر دیتے یا اس میں اتنی تبدیلی کر دیتے کہ وہ پہچانی نہ جاتی۔ لیاقت علی خاں کی مسلسل مداخلت نے ہر کانگریسی وزیر کو بے کار اور غیر مؤثر کر دیا۔ کابینہ میں اندرونی اختلافات پھوٹ پڑے اور دن بدن بڑھتے ہی چلے گئے

جواہر لال کی طرف سے دعوت

عارضی حکومت کے قیام کے بعد اس بات پر سب متفق ہو گئے تھے کہ جملہ وزرا کابینہ کے جلسے سے پہلے غیر رسمی طور پر آپس میں مل لیا کریں، کیونکہ یہ محسوس کیا گیا تھا کہ اگر ممبران کابینہ غیر رسمی طور پر آپس ہی میں بحث مباحثہ کر لیا کریں تو اس طرح یہ روایت قائم ہو جائے گی، کہ وائسرائے صرف ایک دستوری سربراہ ہے، یہ غیر رسمی اجتماعات باری باری مختلف ممبروں کے کمروں میں ہوا کرتے تھے۔ لیکن اکثر جواہر لال دوسرے ممبروں کو اپنے ہاں چائے پر بلا لیتے۔ عام طور پر یہ دعوت نامہ جواہر لال کا پرائیویٹ سکریٹری جاری کرتا۔

لیاقت علی خاں کی ڈانٹ

لیکن جب مسلم لیگ کابینہ میں شامل ہوئی تو ایگزیکیٹو کونسل کے دوسرے ممبروں کی طرح جواہر لال کے پرائیویٹ سکریٹری نے یہ دعوت نامہ لیگی ممبروں کو بھی بھیج دیا۔ لیاقت علی خاں اس بات پر بگڑ گئے۔ انھوں نے کہا یہ میری توہین ہے کہ جواہر لال کا پرائیویٹ سکریٹری مجھے چائے پر مدعو کرے اس کے علاوہ اُن کا یہ خیال بھی تھا کہ جواہر لال ایگزیکیٹو کونسل کے نائب صدر کی حیثیت سے ایسے غیر رسمی اجتماعات منعقد کرنے کا کوئی حق نہیں رکھتے۔

عدم تعاون کی پالیسی

اگرچہ لیاقت علی خاں نے جواہر لال کا یہ حق تسلیم نہیں کیا لیکن خود مسلم لیگی ممبروں کے غیر رسمی اجتماعات کرنے لگے۔ بظاہر یہ ایک معمولی بات ہے، لیکن اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسلم لیگی نمائندے کانگریس سے عدم تعاون کے راستے پر کتنا آگے جا چکے تھے۔ (۱)

(۱) (صـ ۱۴۷ تا ۱۴۹)

لیاقت علی خاں کا عوامی میزانیہ

(عارضی حکومت کے وزیر مالیات لیاقت علی خاں اسمبلی میں اپنا مرتب کردہ میزانیہ پیش کرتے ہیں جو سرمایہ داروں سے چھینتا ہے اور غریبوں کی جیب بھر دیتا ہے۔ کانگرس کی سرمایہ دارانہ ذہنیت اس بجٹ کو قبول نہیں کرتی)

کانگرس کی یہ طے شدہ پالیسی تھی کہ اقتصادی عدم مساوات ختم کردی جائے ——— اور سرمایہ دارانہ سوسائٹی آہستہ آہستہ اشتراکی سماج کا رُوپ دھار لے۔

سرمایہ داروں کی دُرگت

لیاقت علی خاں نے اپنا بجٹ تیار کیا جو نمائشی طور پر کانگرس کے اعلانات سے ہم آہنگ تھا لیکن درحقیقت نہایت ہوشیاری کے ساتھ اس میں کانگرس کو اس کے کریڈٹ سے محروم کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ لیاقت علی خاں نے ایسے بھاری ٹیکس لگائے جو ہر امیر آدمی کو بھکاری بنا دینے کے لئے کافی تھے۔ اس بجٹ کی رُو سے صنعت اور تجارت کو غیر معمولی نقصان پہنچ سکتا تھا اس بجٹ میں ایک ایسے کمیشن کا قیام بھی شامل تھا جو صنعت کاروں اور تاجروں سے تحقیقات کے بعد وہ تمام ٹیکس وصول کرتا جو انھوں نے چھپا رکھے تھے۔

لیاقت علی نے اپنے جال میں پھانس لیا

ہم خود یہ چاہتے تھے کہ تقسیم دولت زیادہ سے زیادہ مساوی بنیادوں پر ہو اور ٹیکس سے بچنے والے لوگوں کو ہرگز معاف نہ کیا جائے، لہٰذا بنیادی طور پر ہمیں لیاقت علی کی تجویز سے کوئی اختلاف نہ تھا۔ جب انھوں نے کابینہ میں یہ مسئلہ پیش کیا تو کہا کہ اُن کی تجاویز اُن اعلانات پر مبنی ہیں جو ذمہ دار کانگرسی لیڈروں کی طرف سے ہوتے رہے تھے۔ انھوں نے یہ اعتراف بھی کیا کہ یہ اعلانات زیادہ تر جواہر لال کے تھے لیکن انھوں نے کوئی تفصیل بیان نہیں کی۔ عام اساس پر ہم نے ان سے اصولی طور پر اتفاق کر لیا۔

اقدام واحتساب کا شکنجہ

اصولی طور پر ہماری منظوری لینے کے بعد انھوں نے اقدام و احتساب کا شکنجہ تیار کیا، یہ اقدام و احتساب نہ صرف انتہا پسندانہ تھا بلکہ قومی اقتصادیات کے لئے حد درجہ مہلک بھی! ــــ لیاقت علی کے بجیٹ نے ہمارے بعض رفقاء کو غرقِ حیرت کر دیا۔ ہمارے رفقاء میں ایسے لوگ بھی تھے جو صنعت کاروں سے دلی ہمدردی رکھتے تھے، کچھ ایسے لوگ بھی تھے جن کا خیال تھا کہ لیاقت علی کے یہ تجاویز اقتصادی بنیاد پر نہیں سیاسی بنیاد پر مرتب کئے گئے تھے۔ (۲)

لیاقت علی بجیٹ ہندوؤں کیلئے مہلک تھا

راجگوپال اچاری اور خاص طور پر سردار پٹیل اس بجیٹ کے سخت مخالف تھے ان کا خیال تھا کہ لیاقت علی کے پیشِ نظر ملکی مفاد اتنا نہیں ہے جتنا صنعت کاروں اور تاجروں کو خوف زدہ اور ہراساں کرنا ہے۔ ان کا یہ خیال بھی تھا کہ لیاقت علی کا اصل مقصد تاجر پیشہ طبقے کو نقصان پہنچانا ہے کیونکہ اس طبقے کی اکثریت ہندو ہے۔ کابینہ کے اجلاس میں راجہ جی نے کھلے طور پر یہ بات کہی کہ وہ لیاقت علی کے بجیٹ کے مخالف ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ تجاویز فرقہ دارانہ ہیں۔ (۳)

میں لیاقت علی بجٹ کا حامی تھا

میں نے اپنے رفقاء کو بتایا کہ یہ تجاویز کانگرس کے اعلان کردہ مقاصد سے بالکل ہم آہنگ ہیں۔ لہٰذا اصولی طور پر ہم ان کی مخالفت نہیں کر سکتے۔ البتہ ان کی ہمیں اچھی طرح جانچ پڑتال کرلینی چاہئے، جو تجویز ہمارے اصول کے قریب ہو اُسے مان بھی لینا چاہئے۔ (۴)

(ص ۱۷۵، ۱۷۶)

لیاقت علی نے سب کو چکر میں ڈال دیا

(لارڈ ویول جا چکے ہیں، لارڈ ماؤنٹ بیٹن وائسرائے ہو کر آئے ہیں، مارچ ۴۷ء)

محکمہ مالیات کی باگ مسلم لیگ کے ہاتھ میں تھی، گویا نظم و انصرام کی کنجی اس کے

پاس تھی۔ محکمہ مالیات میں چند نہایت قابل اور سینئر مسلم حکام موجود تھے، انھوں نے لیاقت کو ہر ممکن امداد دی۔ اُن کے مشورے سے لیاقت علی ہر اس تجویز کو مسترد یا مؤخر کر دیتے تھے۔ جو ایگزیکٹیو کونسل کے کانگرسی ممبران کی طرف سے پیش کی جاتی تھی۔ سردار پٹیل نے خود ہی یہ انکشاف کیا کہ اگرچہ وہ وزیر داخلہ ہیں لیکن لیاقت علی کی مرضی کے بغیر وہ ایک چپراسی کا تقرر بھی نہیں کر سکتے۔ کانگرسی ممبروں کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اب کیا کریں۔ (۵)

(ص ۱۸۲۔۱۸۳)

---

(۱)

گاندھی جی فلسفہ "عدم تعاون" کے موجد تھے۔ کانگرسی لیڈر خاص طور پر جواہر لال، سردار پٹیل اور راجہ جی وغیرہ اس فلسفے کے ماہر خصوصی تھے۔ چونکہ کانگرسی لیڈروں کی ٹریننگ عدم تعاون سے شروع ہوتی تھی۔ اور عدم تعاون پر ختم ہوتی تھی۔ یہ سب حضرات زندگی بھر اپنے عدم تعاون کی تلوار سے انگریزوں کو ذبح کرتے رہے۔ لیکن لیاقت علی خاں نے جس شان سے عدم تعاون کا مظاہرہ کیا وہ انہی کا حصہ تھا۔ گاندھی جی سے لے کر سردار پٹیل تک سب کہہ اٹھے:

ہم تو مرشد تھے تم ولی نکلے!

مرکز کی عارضی حکومت کا آغاز ہی کانگرس نے مسلم لیگ سے عدم تعاون کی بنیاد پر کیا تھا۔ مسلم لیگ نے بھی جواب باصواب سے دریغ نہیں کیا۔ کانگرسی رفقائے کابینہ کی شکایات کے جواب میں لیاقت علی بجا طور پر کہہ سکتے تھے۔

جو اس کی انتہا ہم ہیں تو اس کی ابتدا تم ہو

(۲)

لیاقت علی نے یہ میزانیہ تیار کر کے کانگرس کو بے نقاب کر دیا۔

جواہرلال غریبوں کی ہمدردی میں اور سرمایہ داروں کی مذمت میں جو کچھ پبلک اسٹیج پر کہتے رہے، لیاقت علی نے عوامی بجٹ تیار کر کے اُن کے قول کو عملی جامہ پہنادیا۔ لیکن چونکہ یہ قول صداقت سے معرا تھا اس لئے میزانیہ جب نظر کے سامنے آیا تو معلوم ہوا عوامی ہمدردی اور سرمایہ داری کی مذمت کا طبل کانگرس جتنا بلند بانگ تھا در اصل اتنا ہی ہیچ تھا۔ بھلا جو لوگ ٹاٹا اور برلا کے مداح اور ممدوح، میزبان اور مہمان محسن اور ممنون ہوں وہ اس عوامی بجٹ کو کس طرح برداشت کر سکتے تھے۔

عوام کے ساتھ کانگرس کا یہ منافقانہ رویہ اور سرمایہ داروں کے ساتھ نیازمندانہ برتاؤ پر اتنی ہزار صفحے کی کتاب لکھ دی جاتی، ملک کے طول و عرض میں شعلہ نوا خطیب اور آتش نوا مقرر تہلکہ مچادیتے - تو بھی وہ اس طرح بے نقاب نہیں ہو سکتے تھے جس طرح لیاقت علی خاں کے چند ورق کے اس میزانیہ نے کردیا۔

ذرا غور تو کیجئے "سیکولر" کانگرس اس عوامی بجٹ کی مخالفت اس زور شور سے کرتی ہے کہ ایوانِ حکومت سے باہر نکل آنے کی دھمکی دے دیتی ہے۔ مولانا آزاد اسے نہ صرف انتہا پسندانہ بلکہ قومی اقتصادیات کے لئے حد درجہ مہلک بھی قرار دیتے ہیں۔

بعض دوسرے کانگرسی لیڈر نجی مجلس میں نہیں علی الاعلان فرماتے ہیں کہ:

"لیاقت کے یہ تجاویز اقتصادی بنیاد پر نہیں سیاسی بنیاد پر مرتب کئے گئے تھے۔"

گویا، سرمایہ داروں کے چنگل سے غریب عوام کو نجات دلانا اقتصادی مسئلہ نہیں سیاسی معرکہ تھا۔

راج گوپال اچاری اور سردار پٹیل جوشِ مخالفت میں اتنے بڑھ گئے کہ فرمانے لگے:

"لیاقت علی کے پیشِ نظر ملکی مفاد اتنا نہیں تھا جتنا صنعت کاروں اور تاجروں کو

ہراساں کرنا۔"

اور صنعت کاروں اور تاجروں کو ہراساں کرنا صرف یہ تھا کہ جنگ کے زمانے میں ان صنعت کاروں نے اربوں روپیہ ناجائز طور پر کما کر جو سرکاری ٹیکس دبالیا تھا وہ اگلوالیا جائے۔

سردار پٹیل اور راجگوپال اچاری نے آخر اپنے چہرے کا نقاب نوچ کر پھینک دیا۔ جب یہ کہا کہ :

"لیاقت علی کا اصل مقصد تاجر پیشہ طبقے کو نقصان پہنچانا ہے کیونکہ اس طبقے کی اکثریت ہندو ہے۔"

راجہ جی نے اور زیادہ صاف الفاظ میں ارشاد فرمایا :

"یہ تجاویز فرقہ وارانہ ہیں۔"

گویا لیاقت علی نے بجٹ اس لئے بنایا تھا کہ برلا، ڈالمیا، سنگھانیہ کو لوٹ کر غریب مسلمانوں کی جھولیاں بھر دیں۔

واقعہ یہ ہے کہ دنیا کی کوئی طاقت پٹیل اور راجگوپال اچاری کے منہ سے وہ الفاظ نہیں نکلوا سکتی تھی جو لیاقت علی خاں کے بجٹ نے نکلوا دئیے۔

(۴)

مولانا کی یہ اخلاقی جرأت واقعی قابلِ داد ہے کہ انھوں نے اپنے رفقا سے کہہ دیا کہ لیاقت علی میر انیس کہ :

"تجاویز کانگرس کے اعلان کردہ مقاصد سے بالکل ہم آہنگ ہیں لہٰذا اصولی طور پر ہم اس کی مخالفت نہیں کر سکتے۔"

یہ دوسری بات ہے کہ مولانا کے رفقا نے اُن کی بات نہیں مانی ـــــــ وہ سُن بھی نہیں سکتے تھے! بلکہ حیرت ہے کہ مولانا کی اس صاف گوئی پر کانگرس نے

اُن کے خلاف تادیبی کارروائی کیوں نہیں کی ؟

(۵)

خودکردہ را علاجے نیست !

---

(۲۷)

قائدِ اعظم محمد علی جناح

گاندھی جی کی بہت بڑی غلطی (۱۹۴۴ء میں جیل سے رہا ہونے کے بعد) گاندھی جی نے ایک نئی کوشش مسلم لیگ سے سمجھوتہ کرنے اور مسٹر جناح سے ملاقات کرنے کی شروع کی۔

میرا خیال ہے اس مرحلہ پر مسٹر جناح تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش گاندھی جی کی بہت بڑی سیاسی غلطی تھی، ان کی اس غلطی نے مسٹر جناح کو نمایاں اہمیت دے دی جس سے بعد میں انہوں نے خوب خوب فائدہ اٹھایا۔ (۱)

گاندھی جی اور مسٹر جناح حقیقت یہ ہے، شروع ہی سے مسٹر جناح کے سلسلہ میں گاندھی جی کا رویہ کچھ عجیب سا رہا ہے۔ سنہ ۲۰ء میں جب مسٹر جناح کانگرس سے علیحدہ ہوئے تو وہ اپنی سیاسی اہمیت کھو چکے تھے، یہ گاندھی جی کی خامکاری اور غلط روی تھی جس کے بعد مسٹر جناح نے ہندوستان کی سیاسی زندگی میں از سرِ نو اہمیت حاصل کرلی۔ حقیقتِ واقعہ یہ ہے کہ مسٹر جناح یہ منزلت کبھی نہیں حاصل کر سکتے تھے اگر گاندھی جی نے انہیں موقع نہ دیا ہوتا، مسلمانوں کا ایک بہت بڑا طبقہ مسٹر جناح کو اور ان کی پالیسی کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھتا تھا لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ گاندھی جی مسٹر جناح کے پیچھے پیچھے گامزن ہیں

رہیں، ان سے تملق کا برتاؤ کر رہے ہیں تو بہت سے مسلمانوں کے دلوں میں از سرِ نو مسٹر جناح کی عظمت پیدا ہوگئی، انہوں نے خیال کیا کہ مسٹر جناح ہی وہ موزوں ترین آدمی ہیں جو فرقہ وارانہ تصفیہ حسب دلخواہ شرائط پر کر سکتے ہیں (۲)

قائدِ اعظم کا لقب

اس جگہ میں ایک اور بات کا بھی ذکر کر دینا چاہتا ہوں، یہ کہ وہ گاندھی جی ہی ہیں، جنہوں نے مسٹر جناح کے لئے قائدِ اعظم کا لقب خوب خوب اچھالا۔ گاندھی جی کے آشرم میں ایک سادہ مزاج اور سادہ لوح خاتون مس امت السلام رہتی تھیں، انہوں نے بعض اردو اخبارات میں مسٹر جناح کے لئے قائدِ اعظم کا لقب پڑھا، جب گاندھی جی نے ملاقات کے لئے مسٹر جناح کو خط لکھا تو امت السلام نے کہا، اردو اخبارات انہیں قائدِ اعظم لکھتے ہیں، آپ بھی اسی لفظ سے انہیں مخاطب کیجئے اس اقدام کے اثرات و نتائج کو یکسر نظر انداز کر کے گاندھی جی نے جھٹ مسٹر جناح کو قائدِ اعظم لکھ دیا، فوراً ہی یہ خط اخبارات میں شائع ہوگیا، جب ہندوستانی مسلمانوں نے دیکھا کہ گاندھی جی بھی مسٹر جناح کو قائدِ اعظم کہہ کے مخاطب کرتے ہیں تو انہوں نے محسوس کیا کہ واقعی وہ قائدِ اعظم ہی ہیں۔ (۳)

آزادیٔ ہند اور مسٹر جناح

جولائی ۱۹۴۴ء میں جب میں نے یہ رپورٹ پڑھی کہ گاندھی جی، مسٹر جناح سے خط و کتابت کر رہے ہیں اور ان سے ملنے کے لئے بمبئی کا رختِ سفر باندھ رہے ہیں تو میں نے اسی وقت اپنے رفقاء سے کہہ دیا کہ گاندھی جی بہت بڑی غلطی کر رہے ہیں، ان کے اس اقدام سے معاملہ سلجھے گا نہیں بلکہ اور زیادہ الجھ جائے گا۔ مسٹر جناح نے صورت حالات سے پورا پورا فائدہ اٹھایا، لیکن اپنے کسی قول و عمل سے آزادیٔ ہند کے مقصد کو انہوں نے ذرا بھی تقویت نہیں پہنچائی (۴)

ص ۹۳ - ۹۴

مسٹر جناح گرفتار فریب نہ ہوئے

دکابینہ پلان والی گروپ بندی کی تجویز منظور کر چکنے کے باوجود گاندھی جی جواہر لال اور کانگرسی لیڈر عارضی حکومت پر قابض ہونے کے بعد اس کی مخالفت کر رہے ہیں، لیگ نے اس پیماں شکنی کے بعد عارضی حکومت میں رہتے ہوئے کابینہ پلان مسترد کر دیا۔)

"لیگ کے استرداد نے ہمیں اضطراب میں مبتلا کر دیا، لیگ کے اعتراض کو رفع کرنے کے لئے ۱۰ اگست کو ہم نے ایک تجویز بھی منظور کی تھی، جس میں یہ اظہار کیا گیا تھا کہ کابینہ پلان کو مکمل طور پر ہم نے منظور کیا ہے، لیکن مسٹر جناح کی اس سے تشفی نہ ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ کانگرس ورکنگ کمیٹی صاف اور واضح الفاظ میں یہ کیوں نہیں کہتی کہ صوبے کابینہ وفد کے پلان کے مطابق گروپ بندی میں شریک ہوں گے۔ برطانوی حکومت اور لارڈ ویول اس حد تک مسلم لیگ سے متفق تھے —" (۵۱)

مسٹر جناح کے دلائل وزنی تھے

اہم ترین اختلاف گروپ بندی کے سلسلہ میں تھا۔ مسٹر جناح کا کہنا تھا کہ دستور ساز اسمبلی پلان کے ڈھانچے میں تبدیلی کرنے کی مجاز نہیں ہے۔ گروپ بندی پلان کا ایک اہم حصہ ہے، اور اس سلسلہ میں کسی طرح کی تبدیلی سمجھوتے کی خلاف ورزی ہے۔ اس پلان میں خود ہی یہ واضح کر دیا گیا ہے کہ دستور بنانے کے بعد گروپ میں شامل کوئی صوبہ بھی اس میں شامل رہنے یا الگ رہنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ مسٹر جناح کا کہنا تھا کہ یہ سہولت ہر صوبے کے اندیشہ کو رفع کر دیتی ہے کہ جس گروپ کے ساتھ وہ وابستہ کیا گیا ہے اس سے الگ ہو جائے۔ آسام کے کانگرسی لیڈروں کا کہنا تھا کہ دستور

سے پہلے بھی ہر صوبے کو گروپ میں شامل ہونے یا نہ ہونے کا پورا پورا حق حاصل ہے۔ وہ اگر چاہے تو اپنا دستور جداگانہ طور پر بھی بنا سکتا ہے کابینہ وفد نے اس خیال کا اظہار کیا کہ گروپ بندی کے سلسلہ میں لیگ کا موقف درست ہے۔ آسام کے کانگرسی لیڈر بہرحال اپنی روش پہ اڑے رہے۔ اور کچھ تامل کے بعد گاندھی جی نے ان کی تائید شروع کر دی۔ معقولیت کا تقاضہ یہ ہے کہ میں یہ اعتراف کروں کہ مسٹر جناح کے دلائل وزنی تھے۔ ۶ دسمبر کو برطانوی کابینہ نے ایک بیان شائع کیا، جس میں گروپ بندی کے سلسلہ میں مسلم لیگ کے نقطۂ نظر کی تائید کی گئی تھی، لیکن اس کے باوجود مسلم لیگ اور کانگرس کے درمیان جو خلیج پیدا ہو چکی تھی وہ پاٹی نہیں جا سکی۔ (۶۱)

(ص ۱۷۴)

مولانا آزاد کی خود نوشت کے مختلف مقامات سے جو مرقع، اس باب کی صورت میں، تیار ہوا ہے، وہ متعدد اعتبارات سے دلچسپ، سبق آموز، اور قابل غور ہے۔ اس ہزار شیوہ بحث کے بعض پہلوؤں پر گفتگو لیا ضروری اور ناگزیر ہے۔

(۱)

قائداعظم کی شخصیت کا صحیح اندازہ کر کے اگر گاندھی جی نے بار بار ان سے ملنے، اور انہیں اپنا ہم خیال بنانے کی کوشش کی، تو اسے بہت بڑی سیاسی غلطی، قرار دینے کے کچھ اسباب بھی مولانا کی نظر میں ہوں گے،

مسٹر جناح نے جو خوب خوب فائدے اٹھائے وہ گاندھی جی کی نیازمندی کے باعث نہیں، اپنے تدبر کے باعث وہ جس طرح ایک سیاست دان تھے۔

اسی طرح ماہر نفسیات بھی تھے، وہ جانتے تھے کس سے کس طرح گفتگو کرنی چاہیے، اسی چیز نے انہیں کامیاب بنایا، انہوں نے جو فائدے بھی اٹھائے، اپنے لئے نہیں، اپنی قوم کے لئے اور ان کا اٹھایا ہوا کوئی فائدہ بھی ایسا نہیں تھا، جسے اخلاقی، اور سیاسی اعتبار سے غلط اور ناواجب قرار دیا جاسکے۔

(۲)

ہندوستان کی سیاسی زندگی میں قائداعظم کو جو اہمیت حاصل ہوئی، اور سیاسیات ہند میں انہیں جو منزلت حاصل ہوئی، نہ وہ گاندھی جی کا عطیہ تھی، نہ گاندھی جی کی خاطر کا نتیجہ،

یہ بھی غلط ہے کہ مسلمانوں کا ہر بڑا طبقہ مسٹر جناح کی پالیسی کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھتا تھا، مسٹر جناح کے مسلک اور خیال سے اختلاف رکھنے والا ایک گروہ تو بے شک مسلمانوں میں ہمیشہ موجود رہا، اور اس گروہ کی تعداد میں کمی بیشی بھی ہوتی رہی لیکن ہندو اور مسلم رہنما، بلا اختلاف جس چیز پر ہمیشہ متحد رہے ہیں، وہ مسٹر جناح کا بے داغ کیریکٹر، ان کی دیانت فکر، اصابت رائے، بے لوثی، اور ان کا دلیرانہ رویہ تھا،

یہ میرا چشم دید واقعہ ہے، تاج محل ہوٹل بمبئی میں ایک عصرانہ تھا اس زمانہ میں مسز نائیڈو اکثر بمبئی میں رہتی تھیں، اور ہوٹل کا ایک کمرہ ان کے لیے مخصوص تھا، عصرانہ میں زیادہ تر کانگریس سربرآوردہ مقامی اور غیر مقامی ——— جو بمبئی میں اس وقت موجود تھے ——— لیڈر شریک تھے۔

مسز نائیڈو، ایک بلند آہنگ خطیبہ، ایک شاعر شیریں نوا، اور کانگریس کی ایک مقتدر رہنما کی حیثیت سے مشہور تھیں، سب ان کا بڑا ادب لحاظ کرتے تھے، لیکن وہ جب کسی محفل میں پہنچ جاتی تھیں، تو جان محفل بن جاتی

تھیں، سب کا مذاق اڑاتی تھیں، حاضر و غائب رہنماؤں کا ایسا خاکہ کھینچتی تھیں، کہ بس ـــ وہ کہیں اور سنا کرے کوئی ـــــــ حد یہ ہے کہ گاندھی جی تک ان کے طنز لطیف کے تیروں سے نہیں بچتے تھے۔ باتوں باتوں میں مسٹر جناح کا ذکر چل نکلا، مخالفانہ اور معاندانہ رنگ میں، کیونکہ حاضرین، بس ان کا ہم نوا شاید ایک ہی آدمی تھا، مخالف سب تھے،

دفعتہً مسز نائیڈو، چپ ہوگئیں، ان پر سنجیدگی طاری ہوگئی، انہوں نے کہا،

"جناح کے بارے میں جو چاہو کہو، لیکن یاد رکھو، وہی ایسا شخص ہے، جو خریدا نہیں جا سکتا، !"

گاندھی جی اس حقیقت کے رمز شناس تھے، زیادہ صحیح حقیقت یہ ہے کہ گاندھی جی قائد اعظم کے کردار و سیرت سے مرعوب تھے، وہ جانتے تھے یہ وہ شخص ہے جس نے بمبئی کے تھار اور جابر گورنر لارڈ ولنگڈن سے اس وقت ٹکر لی اور مدراسے ایسی ایسی سنائیں، اور شیرف آف بمبئی کے طلب کردہ الوداعی جلسہ کو اپنی نو مسلم بیوی کی رفاقت میں اسی شان سے ٹاؤن ہال میں گھس کر، مخالفوں اور سپاہیوں کی مار کھا کر درہم برہم کر دیا، جب کسی معمولی انگریز سارجنٹ کے سامنے بڑے بڑے ہندوستانی سورماؤں کا پتہ پانی ہوتا تھا، وہ جانتے تھے، وہ جناح تھا جس نے ہوم رول کی تحریک اسی شد و مد سے چلائی کہ ـــــــ

ـــــــ تزلزل در ایوان کسریٰ فتاد انہیں یہ بھی معلوم تھا کہ اس کے انہی شاندار اور لازوال کارناموں کی یادگار وہ "جناح میموریل ہال" ہے جو کانگرس نے اپنے صرف سے تعمیر کرایا تھا، اور جس کی تعمیر کے بعد مسز نائیڈو نے مسٹر جناح کو جو لندن میں تھے تار دیا تھا،

"پیمبر کی زندگی ہی میں قوم نے اس کی قدر پہچان لی" !"

یہ وجہ تھی کہ گاندھی جی اس کے پیچھے پیچھے گھومتے تھے، ورنہ مولانا بھی اس "سّر دلبراں" سے واقف ہیں کہ گاندھی جی وہ بت بے پیر تھے جنہوں نے محمد علی جیسے گاندھی ساز، شوکت علی جیسے مسیحائے کانگرس، تریمان اور کھاپرے جیسے فدایان کانگرس سے بیک چشم زدن رشتہ توڑ لیا، اور دوسروں کا کیا ذکر خود مولانا سے ایک بار انہوں نے کہدیا تھا کہ آپ سے نباہ نہیں ہو سکتا استعفا دے دیں، (تفصیل کسی دوسری جگہ نظر سے گذرے گی) بھلا ایسا شخص خواہ مخواہ مسٹر جناح کے پیچھے پیچھے گھوم سکتا تھا؟

اور مولانا نے یہ بڑی دلچسپ و غریب بات لکھی ہے کہ:-

"گاندھی کو مسٹر جناح کا تعاقب کرتے دیکھ کر بہت سے مسلمانوں کے دلوں میں از سر نو مسٹر جناح کی عظمت پیدا ہو گئی"! "

جو مسلمان گاندھی جی کے اتنے عقیدتمند تھے کہ ان کی وجہ سے مسٹر جناح کی عظمت کرنے لگے، انہوں نے براہ راست گاندھی جی کے سامنے سر عقیدت کیوں نہیں جھکا دیا، مولانا نے شاید یہ کہتے وقت یہ نہیں سوچا کہ آخر آج وہ کتنی مہمل بات ارشاد فرما رہے ہیں؟ اس سے یہی نتیجہ تو نکلتا ہے کہ گاندھی جی کی وجہ سے مسلمانوں کے ایک بڑے طبقہ نے مسٹر جناح کو زعیم کبیر مانا، اور مسٹر جناح کی وجہ سے گاندھی جی سے منحرف ہو گئے، مولانا کی قدیم و جدید منطق پر گہری نظر تھی، ان کے یہ ارشاد کس منطق کی ذیل میں آتا ہے؟ یہ وہی بتا سکتے تھے۔

(۳)

گاندھی جی نے مسٹر جناح کو "قائد اعظم" اس لئے لکھا تھا کہ وہ چاہتے تھے قائد اعظم اپنے مراسلات میں انہیں "مسٹر" کے بجائے، مہاتما لکھا کریں، اپنے ایک خط میں گاندھی جی نے دبے الفاظ میں "من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو

کا نظریہ پیش بھی فرمایا تھا، لیکن قائد اعظم نے یہ کہہ کر انہیں ساکت کر دیا،

"گلاب کے پھول کو جس نام سے بھی پکارو، وہ گلاب کا پھول ہی رہے گا،"!

(۴)

قائد اعظم کی پہلی اور آخری شرط یہ تھی کہ تم مسلمانوں کی انفرادیت تسلیم کرلو، ان کا حق خود ارادیت مان لو، اس کے بعد، مسلمانوں کے "جیب کی آخری پائی اور خون کا آخری قطرہ آزادیٔ ہند کی راہ میں لے لو، مسلمانوں سے صلح کیے بغیر بظاہر انگریزوں سے لڑتے ہو، لیکن حقیقتہً مسلمانوں سے برسر پیکار ہو، مسلمان اتنے سادہ لوح نہیں ہیں کہ اس جنگ زندگی میں کسی فریق کا بھی ساتھ دے کر اپنا نقصان کریں اگر دیانت داری کے ساتھ مسلمانوں کی خیر سگالی اور تعاون کے متمنی ہو تو ان کے جائز اور مبنی بر انصاف مطالبات تسلیم کرلو، لیکن ان کے مطالبات تسلیم کئے اور انہیں مطمئن کیے بغیر آزادی کا نام لے کر انہیں دھوکا نہیں دے سکتے کم از کم وہ دھوکا نہیں کھا سکتے، ایک زمانہ تھا کہ وہ الفاظ کے طلسم میں اسیر ہو کر سر دھڑ کی بازی لگا دیتے تھے، لیکن اب وہ دور ختم ہو گیا، اب وہ حقیقت پسند ہیں، اور اپنے مطالبہ میں اتنے ہی سخت اور بے لچک جتنے تم خود ہو۔

(۵)

قائد اعظم کا یہ اعتراض اتنا وزنی تھا کہ اس کا کوئی جواب نہ کانگرس دے سکی، نہ صدر کانگرس مولانا آزاد، اور نہ فدایان کانگرس، گاندھی جی، جواہر لال، اور سردار پٹیل،

قائد اعظم کھرے اور بے لاگ آدمی تھے، ان کا کہنا یہ تھا کہ واقعی مکمل طور پر کانگرس کابینہ اسکیم کو تسلیم کرتی ہے تو اقرار کرے کہ وہ صوبائی گروپ بندی

کو بھی تسلیم کرتی ہے، اور دستور ساز اسمبلی بن جانے کے بعد اس موقف سے انحراف نہیں کرے گی، لیکن یہ اعتراف نہ کرنا، اور منظوری کی رٹ لگائے جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ کانگرس "مکمل" ذہنی تحفظ کے ساتھ اس اسکیم کو منظور کرتی ہے، اور موقع پاتے ہی پھر تاویلات بارده کا سلسلہ شروع کر کے اپنے اس موقف پر آجائے گی کہ ہم گروپ بندی کو تسلیم نہیں کرتے، چنانچہ آخر وقت تک کانگرس نے گروپ بندی تسلیم نہیں کی،

کتنی عجیب بات تھی، آسام جیسے چھوٹے سے صوبہ کے لئے جس کی آبادی چند لاکھ نفوس سے زیادہ نہیں، کانگرس، عارضی طور پر بھی "جبری" طور پر گروپ بندی میں اس کی شرکت پر رضامند نہیں تھی، صرف اسی لئے متحدہ ہندوستان سے دستبردار ہو کر منقسم ہندوستان قبول کرنے پر بامزار ال حسرت والم اسے مجبور ہونا پڑا، لیکن مسلم ہندوستان کو جس کی تعداد ۹ کروڑ کے لگ بھگ تھی، عارضی طور پر نہیں مستقل طور پر، ہندوستان میں شرکت کرنے پر مجبور کر رہی تھی، جو حق اس نے آسام کو دیا تھا وہ حق آج تک اس نے، ۱۲ سال کی طویل مدت گذر جانے کے بعد بھی کشمیر کو نہیں دیا ———— دنیا کی تاریخ میں کوئی جواب ہے اس اصول پرستی کا؟

(۶)

مولانا آزاد نے کہیں تو قائد اعظم کے دلائل میں وزن محسوس کیا ہے ———— شکریہ،

متفق گردید رائے بوعلی بارائے من

---

(۲۸)

لارڈ ماؤنٹ بیٹن

مسٹر ایٹلی کا ہدایت نامہ لارڈ مونٹ بیٹن نے جنگ کے زمانہ میں شہرت حاصل کی، چند ماہ تک وہ ہندوستان میں رہے پھر اپنا ہیڈ کوارٹر سیلون میں منتقل کر لیا۔ جب جنگ ختم ہوئی وہ برطانیہ چلے گئے، پھر لارڈ ویول کے متعفی ہونے کے بعد ہندوستان کے وائسرائے اور گورنر جنرل مقرر ہوئے۔ وہ مسٹر ایٹلی کی اس واضح ہدایت کے ساتھ آئے کہ تیس جون ۴۸ء تک انتقال اختیارات کی کارروائی مکمل ہو جائے۔

کوئی حل پیدا کرو ماؤنٹ بیٹن ۲۲ مارچ کو دہلی پہنچے، ۲۴ مارچ کو انہوں نے ایک مختصر سی تقریر کی، جس میں اس بات پر زور دیا کہ آئندہ چند ماہ کے اندر کوئی نہ کوئی حل پیدا ہو جانا چاہئے۔

ماؤنٹ بیٹن سے میری پہلی ملاقات اس تقریب کے بعد میں پہلے پہل لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے ملا۔ اس ملاقات میں انہوں نے مجھ سے کہا کہ برطانوی حکومت انتقال اختیارات کا تہیہ کر چکی ہے لیکن انتقال اختیارات سے پہلے فرقہ وارانہ مسائل کا تصفیہ ضرور ہو جانا چاہئے، انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ ایک آخری اور فیصلہ کن کوشش اس دشواری کو

حل کرنے کی ضرورت کرنی ہو گی،

ثالثی بہتر تھی لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے متعدد بار مجھے ملنے کا موقع ملا، میں نے محسوس کیا کانگرس اور لیگ کے اختلافات ایسے مرحلے پر پہنچ گئے ہیں کہ اب صرف ثالثی ہی سے مسئلہ طے ہو سکتا ہے میری رائے یہ تھی کہ گروپ بندی کا مابہ النزاع مسئلہ ہم لارڈ ماؤنٹ بیٹن پر چھوڑ دیں لیگ اور کانگرس ان کا فیصلہ تسلیم کر لیں لیکن اس تجویز سے نہ جواہر لال نے اتفاق کیا، نہ سردار پٹیل نے میں نے پھر اس تجویز پر زیادہ زور نہیں دیا۔

حالات نازک تر ہونے لگے اس اثنا میں روز بروز حالات نازک تر ہوتے جا رہے تھے، کلکتہ کے بعد نواکھالی اور بہار پھر بمبئی، بعدازاں پنجاب فرقہ وارانہ ہنگامہ آرائیوں کا مرکز بن گئے۔ ۲ مارچ کو پنجاب کی وزارت عظمیٰ سے خضر حیات خان نے استعفا دے دیا۔ ۴ مارچ کو لاہور میں پاکستان کے خلاف مظاہرے شروع ہو گئے، ۱۳ آدمی ہلاک اور بہت سے مجروح ہوئے۔ بہت جلد فرقہ وارانہ جھگڑے صوبے کے دوسرے مقامات تک پھیل گئے، خاص طور پر امرتسر، ٹیکسلا اور راولپنڈی میں۔

نظم مملکت کی بربادی ایک طرف فرقہ وارانہ جذبات انتہا کو پہنچے ہوئے تھے، دوسری طرف نظم حکومت برباد ہو رہا تھا بعد میں سرکاری ملازمین کا دل کام سے اچاٹ ہو چکا تھا، وہ صرف وقت گزاری کر رہے تھے، ایگزیکٹو کونسل میں مسلم لیگ اور کانگرس کے تعطل نے حالات اور زیادہ ابتر کر دیئے تھے، مرکزی حکومت مفلوج ہو کر رہ گئی تھی۔

(ص ۱۸۱ - ۱۸۲)

محکمہ مالیات کی وجہ سے تقسیم کا پودا بڑھا مسلم لیگ کو محکمہ مالیات سونپ کر کانگرس نے بہت بڑی غلطی کی تھی، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حالات نے بڑی افسوسناک صورت اختیار کر لی، اس جمود نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو تقسیم ہند کے لئے فضا ہموار کرنے میں بڑی مدد دی۔ (۱)

(ص ۱۴۳)

سردار پٹیل کو ماؤنٹ بیٹن نے رام کر لیا لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی جس بات نے سردار پٹیل پر اثر ڈالا وہ یہ تھی کہ صرف مسلم لیگ کے اعتراضات رفع کرنے کے لئے کانگرس ایک کمزور مرکز پر رضامند ہو گئی ہے، اور صوبوں کی مکمل اندرونی آزادی اس نے تسلیم کر لی ہے لیکن ایک ایسا ملک جو زبان، فرقہ اور تہذیب کے لحاظ سے پہلے ہی سے منقسم ہو وہ اگر کمزور مرکز کا حامل ہو گا، وہ ضرور افتراق انگیز رجحان کی حوصلہ افزائی کا موجب ہو گا، لیکن اگر مسلم لیگ میدان سے ہٹ جائے تو ہم ایک مضبوط مرکزی حکومت کا نقشہ بنا سکتے ہیں، ہم ایسا دستور بنائیں گے جو وحدت ہند کے لحاظ سے پسندیدہ ہو گا، لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے کہا کہ بہتر صورت یہ ہے کہ زمین کا ایک چھوٹا سا رقبہ شمال مغرب اور شمال مشرق میں مسلم لیگ کو دے دیا جائے اور پھر ہم ایک متحدہ ہندوستان کی بنیاد استوار کریں، سردار پٹیل ان باتوں سے بہت متاثر ہوئے وہی نہیں جواہر لال بھی، سردار پٹیل نے اپنے بیانات میں ان دلائل کو دہرایا بھی۔ (۲)

(ص ۱۴۷-۱۴۸)

ماؤنٹ بیٹن کا جھوٹ:۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے تقسیم ہند کی اسکیم مکمل کر لی، اسکیم منظور کرانے کے لئے انہوں نے لندن جانے کا فیصلہ کر لیا۔ میں نے

لارڈ ماؤنٹ بیٹن سے کہا کہ تقسیم ملک کے نتائج کو وہ اپنے سامنے رکھیں، ابھی تقسیم عمل میں نہیں آئی ہے، لیکن کلکتہ، نواکھالی، بہار، بمبئی اور پنجاب میں خونریزی کا دور دورہ ہے، ہندو مسلمانوں پر اور مسلمان ہندوؤں پر حملے کر رہے ہیں، اس فضا میں اگر ملک تقسیم ہوا تو ملک کے مختلف اطراف میں خون کے دریا بہنے لگیں گے اور اس کی ذمہ داری صرف انگریزوں پر ہو گی۔

ایک لمحہ بھی تامل کئے بغیر لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے جواب دیا میں آپ کو قطعی یقین دلاتا ہوں کہ ایک قطرہ خون بھی نہیں گرنے دوں گا، نہ فساد ہونے دونگا میں ایک سپاہی ہوں، ایک مرتبہ جب تقسیم کا اصول طے پا گیا میں فوراً ہی احکام نافذ کر دوں گا کہ ملک کے کسی مقام پر بھی فرقہ دارانہ گڑبڑ نہ ہونے پائے۔ میں بری اور ہوائی فوج کو حکم دونگا کہ وہ برسر عمل ہو جائے۔ میں ٹینک اور طیارے استعمال کروں گا تاکہ ہر وہ شخص کچل دیا جائے جو ذرا بھی فساد کرنا چاہے۔"

ساری دنیا جانتی ہے کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے اس دلیرانہ اعلان کا انجام کیا ہوا، جب واقعی طور پر تقسیم ہند عمل میں آگئی تو ملک کے بڑے حصے میں خون کی ندیاں بہنے لگیں، معصوم مردوں، بچوں اور عورتوں کا قتل عام کیا گیا اور کوئی موثر قدم بے گناہ ہندوؤں اور مسلمانوں کو قتل و ہلاکت سے بچانے کے لئے نہیں اٹھایا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ میں یہ خیال کرنے پر مجبور ہوں کہ لارڈ ویول کی رائے درست تھی۔ (۳)

(ص ۱۸۹، ۱۹۰)

آزادیٔ ہند کی قیمت لارڈ ماؤنٹ بیٹن برطانوی حکومت سے تقسیم ہند کی اسکیم منظور کرا کے ۳۰ مئی کو دہلی واپس آئے۔ ۲ جون کو نمائندگان لیگ و کانگرس سے انہوں نے گفتگو کی۔ ۳ جون کو تقسیم

ہند کی تفصیلات کے ساتھ قرطاس ابیض شائع ہو گیا، میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میرے بدترین اندیشے واقعہ بن گئے۔ آزادیٔ ہند کی قیمت دو حکومتوں میں ہندوستان کی تقسیم تھی۔

(صہ ۱۹۱)

ہندو فوجیوں کے کارنامے

(اگست ۴۷ء، ہندوستان تقسیم ہو چکا ہے۔)

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے غصّہ کے لہجہ میں کم، اور افسوس کے لہجہ میں زیادہ مجھ سے کہا کہ مشرقی پنجاب میں فوج کے ہندو ممبر مسلمانوں کے قتل پر آمادہ ہو گئے۔ لیکن انگریز افسروں نے بدقت تمام انہیں اس سے باز رکھا۔ (۴۷)

(صہ ۲۰۲)

قائداعظم کے گورنر جنرل ہونے پر حیرت

(تقسیم ہند کے بعد سوال پیدا ہوتا ہے کہ دونوں ملکوں میں گورنر جنرل کون ہو۔)

ہمارا فیصلہ یہ تھا کہ فوری تغیر بہتر نہیں ہوگا، ہم نے محسوس کیا کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا تقرر پالیسی اور نظم و انصرام کی یکسانیت میں مدد دیگا، عام خیال یہ تھا کہ پاکستان کا انتخاب بھی یہی ہوگا۔

ہم نے اعلان کر دیا کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن ہمارے پہلے گورنر جنرل ہوں گے۔ ہمیں توقع تھی کہ لیگ بھی انہیں کو منتخب کرے گی، لیکن لیگ کے اس اعلان نے ہم سب کو حیرت زدہ کر دیا کہ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل مسٹر جناح ہوں گے، لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے جیسے ہی یہ خبر سنی، انہوں نے ہم سے کہا کہ اب صورت حال بالکل بدل گئی ہے، ان کی تجویز تھی کہ ہم اپنے فیصلہ پر نظر ثانی

کریں اور کسی ہندوستانی کو گورنر جنرل بنا دیں، لیکن ہمیں اپنا فیصلہ بدلنے کی کوئی معقول وجہ نظر نہ آئی، ہم اپنے اس اعلان پر قائم رہے کہ انڈین ڈومینین کے پہلے گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن ہی ہوں گے۔ (۵)

(ص ۲۴۴ - ۲۴۵)

(۱)

جو کام دلائل و براہین سے، افہام و تفہیم سے، عرض و التجا سے نہ ہو سکا، وہ لیاقت علی کے ہاتھ میں محکمۂ مالیات آنے سے چٹکی بجانے میں سرانجام پاگیا۔ ــــــــــ بعض بڑے بڑے تاریخی حوادث کا پس منظر کتنی معمولی سی بات بن جاتی ہے!

(۲)

یکم آزادی کے بعد کا گجرات کا خونیں ہنگامہ، مرہٹہ اسٹیٹ کا مطالبہ، پنجابی صوبہ کے قیام پر اصرار، جنوبی ہند کی اندھرا اور کیرالہ کی صورت میں تقسیم، ماؤنٹ بیٹن اور پٹیل کی خوش فہمی کا مایوس کن جواب ہے۔

دیکھیے اس بحر کی تہ سے اچھلتا ہے کیا
گنبد نیلوفری رنگ بدلتا ہے کیا!

(۳)

ماؤنٹ بیٹن نے امن و امان قائم رکھنے کا وعدہ محض مولانا کے پاس خاطر سے کر دیا تھا، ورنہ ان کا ارادہ وہی تھا، جو انہوں نے کیا، یعنی کچھ نہیں کیا، رہے لارڈ ویول اور خود مولانا، تو بھلا، اٹیلی کے سامنے ویول کی، اور گاندھی جی جواہر لال، پٹیل کے سامنے مولانا کی کیا چل سکتی تھی؟

حریفِ جوششِ دریا نہیں خودداریٔ ساحل
جہاں ساقی ہو تو باطل ہے دعوائے ہوشیاری کا

(۴)

بے شک انگریز افسروں نے فوج کے ہندو ممبروں کو مسلمانوں کے قتل سے باز رکھا ہوگا، لیکن کہیں کہیں، ورنہ بھارت کی راجدھانی دہلی تک میں ان ہندو فوجیوں نے مسلمانوں کو جس طرح کچلا اور غارت کیا، اس کے شاہد عینی خود مولانا بھی ہیں،

(۵)

اگر مسلم لیگ کانگرس کے جال میں آگئی ہوتی اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو اس نے اپنا پہلا گورنر جنرل بنا لیا ہوتا، تو واقعی پاکستان ختم ہو جاتا، ریڈکلف نے تو صرف نشتر لگایا تھا، ماؤنٹ بیٹن کند چھری سے پاکستان کو ذبح کر دیتے، قائد اعظم کے تدبر کا یہ شاہکار ہے کہ وہ اس دام ہمرنگ زمین میں گرفتار نہیں ہوئے!

۲۹

مسٹر ایم این رائے

(صدر کانگرس کا انتخاب ۱۹۳۹ء)

میرا حریف ناکام کانگرس کے منصب صدارت کے لیئے مقابلہ حقیقی نوعیت کا نہیں تھا، میرے مقابلہ میں مسٹر ایم - این - رائے کھڑے ہوئے تھے جو غیر معمولی اکثریت سے ناکام ہوئے۔

صـ۲۱ـ

کمیونسٹوں کی پر فریب تکنیک جب دوسری جنگ عظیم شروع ہوئی تو کمیونسٹ نقصان میں رہے، کیونکہ اسٹالن اور ہٹلر نے باہمی طور پر غیر جارحانہ معاہدہ کر لیا تھا۔ کمیونسٹ نازی سوویت معاہدہ سے پہلے تک ہٹلر پر حملہ کرنے میں اور نازی فلسفۂ حیات کی برائیاں کرنے میں پیش پیش تھے۔ ہندوستان کے کمیونسٹ دل میں اس حقیقت کو اچھی طرح محسوس کرتے تھے کہ اسٹالن نے یہ معاہدہ کر کے بہت بڑی غلطی کی ہے، لیکن دنیا کے دوسرے کمیونسٹوں کی طرح انہیں بھی اتنی اخلاقی جرات نہیں تھی کہ اپنے اختلافات کا اظہار کر سکیں۔ لہٰذا انہوں نے اس معاہدہ کو جنگ کی وسعت محدود کرنے کی ایک کوشش قرار دیا۔ جسے یہ اب تک امپریلزم کی جنگ کہتے چلے آئے تھے۔ اپنے آپ کو بالکل بے بس

محسوس کر کے انہوں نے کہنا شروع کر دیا۔ شہنشاہیت پسندوں کے مقابلہ میں یہ ایک چھوٹی برائی ہے جسے گوارا کر لینا چاہیئے۔ اسی نقطۂ نظر کے ماتحت انہوں نے اتحادیوں کی کوئی مدد نہیں کی اور مساعی جنگ کے سلسلہ میں ہندوستان کی غیر جانبداری کی بہ پر زور تائید کرتے رہے۔ لیکن جب ہٹلر نے روس پر حملہ کر دیا تو کمیونسٹوں نے ایک زبردست قلابازی کھائی۔ انہوں نے اس جنگ کو قومی جنگ کا نام دیا اور دل و جان سے برطانیہ کی امداد و تعاون میں سرگرم کار ہو گئے۔

کمیونسٹ برطانیہ کی گود میں چلے گئے

ہندوستان میں کمیونسٹوں نے علانیہ جنگی پروپیگنڈہ میں حصہ لینا شروع کر دیا، اور مساعی جنگ میں برطانیہ کی ہر طرح سے امداد کی

روپیہ بھی وصول کیا

مسٹر ایم۔ این رائے نے علانیہ حکومت سے روپیہ وصول کیا اور جنگ کی تائید میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا مختلف طریقوں سے کمیونسٹوں نے حکومت کی امداد حاصل کی۔ اب تک کمیونسٹ پارٹی پر پابندی عائد تھی، وہ اٹھ گئی۔ اور یہ لوگ جنگ کی تائید، حمایت میں پروپیگنڈہ کرنے لگے۔

کمیونسٹوں کی موقع پرستی

کانگریس نے جب ہندوستان خالی کر دو کی تحریک شروع کی تو بہت بڑی تعداد میں کانگریسی کارکن گرفتار کر لیے گئے اور کمیونسٹ جو پہلے گرفتار یا روپوش تھے، اپنی پارٹی کا پرچم لے کر اب میدان میں آ گئے!

---

(۳۰)

ڈاکٹر سیّد محمود

ایک غیر متوقع حادثہ

(جون ۱۹۴۴ء کا آغاز، قلعۂ احمد نگر کا جیل)

ایک غیر متوقع حادثہ اسی دوران میں پیش آیا۔ ایک روز چیتیا خاں آیا اور اس نے کہا کہ اسے ڈاکٹر سید محمود کو رہا کر دینے کا حکم ملا ہے۔ ہم سب کو یہ خبر سن کر حیرت ہوئی۔ ہم میں سے کسی کی سمجھ میں بھی یہ بات نہ آئی کہ آخر اس سلوک میں وہ منفرد کیوں ہیں؟

ہیضہ پھوٹ پڑنے کا اندیشہ

چند ماہ پہلے احمد نگر میں وبائی طور پر ہیضہ پھوٹ پڑنے کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ چیتیا خاں نے مشورہ دیا کہ ٹیکہ لگوالیں، ہم میں سے پانچ —— جواہر لال، پٹا بھی سیتارامیہ، آصف علی، ڈاکٹر سید محمود اور میں —— اس کے مشورے پر عمل پیرا ہوئے۔ باقی چار —— سردار پٹیل، اچاریہ کرپلانی، شنکر راؤ دیو اور ڈاکٹر پروفلا گھوش۔ — اپنے ضمیر کے خلاف ٹیکہ لگوانے پر رضامند نہ ہو سکے۔

بیماری کے زمانے میں کیوں رہا نہ ہوئے؟

ٹیکے کے ردعمل کے طور پر مجھے خفیف سی حرارت ہو گئی لیکن ڈاکٹر سید محمود طبعاً ٹیکے کے خوف سے زیادہ حساس تھے۔ انہیں تقریباً پندرہ روز تک بخار نے خوب جھنجھوڑا

ہم سب ان کی صحت کے بارے میں فکرمند تھے، اور جواہر لال اپنی طبعی دوستداری اور اخلاص کے باعث نرس کے فرائض انجام دینے لگے، ان کے مسوڑوں سے جریانِ خون کی شکایت قائم رہی۔

رہائی کے وقت تندرست تھے! چیتا خان ان کے معالج تھے۔ جب ان کی رہائی عمل میں آئی تو وہ بالکل تندرست ہو چکے تھے، لہٰذا اس رہائی کا سبب ان کی علالت بھی نہیں قرار دی جا سکتی تھی۔

رہائی کی اصل علت ہمارا خیال تھا کہ شاید حکومت کی پالیسی کی تبدیلی کی یہ ایک علامت ہے، وہ اب نرم رویہ اختیار کرنا چاہتی ہے، اسی لیے اس نے ڈاکٹر محمود کو رہا کر دیا، بعد میں اس رہائی کی اصلی علت مجھے معلوم ہوئی، لیکن اب اتنے سال بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس ناخوشگوار حادثہ کی تفصیلات میں جانا غیر ضروری سا ہے۔ (۱)

ص ۹۵-۹۶

(۱۹۵۲ء کے عام انتخابات کے بعد وزارت سازی کا مرحلہ!)

تشکیل وزارت کے سلسلہ میں جب میں بہار پہنچا تو مختلف کانگرسی گروہوں کی باہمی رقابت نے صورتِ حالات پیچیدہ کر رکھی تھی، مزید مصیبت یہ تھی کہ بعض سربرآوردہ کانگرسیوں کا باہمی ذاتی عناد بھی اپنا کام کر رہا تھا۔ ڈاکٹر سری کرشنا سنہا اور ڈاکٹر انوگرا نرائن سنہا کی دیرینہ اور مزمن رقابت بھی نقطۂ عروج پر تھی۔ ایک اہم سوال ڈاکٹر سید محمود کا بھی درپیش تھا۔ بعض کانگرسی قلعہ احمد نگر کی جیل سے پراسرار رہائی کے باعث ان کے سخت مخالف تھے، بہر حال آخر کار یہ تینوں اصحاب شریک وزارت کر لیے گئے (۲)

ص ۱۲۷

———•———

(۱)

مولانا کے ایک دوسرے بیان کے مطابق جب احمد نگر کی مدت اسیری دراز سے دراز ہوتی گئی تو سید محمود نے فال سے دلچسپی لینی شروع کی اور ایک مرتبہ فال دیکھنے کے بعد انہوں نے لارڈ ویول کو خط لکھ دیا کہ میں درحقیقت کانگرس ورکنگ کمیٹی سے مستعفی ہو چکا تھا، لیکن قبل اس کے کہ میرے استعفی کا اعلان ہوتا، میں گرفتار کر لیا گیا، یہ انصاف نہیں ہے۔

لارڈ ویول نے رہائی کا فرمان صادر کر دیا۔ ڈاکٹر صاحب بمبئی تشریف لائے۔ اخبارات نے یہی سمجھا اور لکھا کہ ڈاکٹر صاحب کی رہائی 'خرابی صحت' کی بنا پر عمل میں آئی ہے، نمایندگان اخبارات خیریت مزاج دریافت کرنے پہنچے۔ یہ اپنی خیریت کا حال بتاتے رہے۔

لیکن حکومت کانگرس کو رسوا کرنے کا کوئی موقع اس وقت ہاتھ سے دینا نہیں چاہتی تھی۔ ڈاکٹر محمود کے بارے میں جب بمبئی کرانیکل اور ٹائمز آف انڈیا وغیرہ نے یہ رپورٹ شائع کی کہ خرابی صحت کی بنا پر وہ رہا کئے گئے ہیں تو فوراً حکومت ہند نے ایک کمیونکے شائع کر کے پر اسرار رہائی کا راز فاش کر دیا۔ اس کے بعد ڈاکٹر محمود بمبئی نہیں ٹھہرے، سیدھے پٹنہ پہنچ کر دم لیا

(۲) ظاہر ہے اس حرکت سے کانگرسی ہندوؤں کا خفا ہونا بالکل طبعی تھا لیکن کانگرس کو اس جنس نایاب — مسلمان — کی ضرورت بھی تھی، لہذا اگر محمود صاحب کانگرس سے خارج کر دیئے جاتے تو کم از کم بہار کی حد تک وہ کہہ سکتے تھے۔

ہم اُٹھ گئے تو کیا تری محفل میں رہ گیا ؟

لہذا گاندھی جی کی لیپ پوت، اور مولانا کی مہربانی سے انہیں وزارت عارضی طور پر مل گئی! اور بات دب گئی!

---

(۳۱)

بیچارہ نریمان

کانگرس کی فرقہ پرستی اس موقعہ پر (صوبوں میں کانگرس کے وزارت قبول کر لینے کے موقعہ پر) ایک ایسا حادثہ رونما ہوا جس نے صوبائی کانگرس کمیٹی (بمبئی) کے طرزِ عمل کے بارے میں ایک ناخوشگوار فضا پیدا کر دی، کانگرس نے ایک قومی تنظیم کی حیثیت سے نشوونما کے مراحل طے کئے تھے، اس نے مختلف قومیتوں کے افراد کو حصول قیادت کے یکساں مواقع بہم پہنچائے تھے، بمبئی میں مسٹر نریمان، مقامی کانگرس کے تسلیم شدہ زعیم تھے۔ جب صوبائی حکومت کی تشکیل کا سوال پیدا ہوا تو مسٹر نریمان کے مرتبہ اور خدمات کے پیشِ نظر عام توقع یہی تھی کہ وہی وزارت کی تشکیل کریں گے۔ لیکن بہرحال ایسا نہیں ہوا۔ سردار پٹیل اور ان کے رفقا نریمان کو پسند نہیں کرتے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مسٹر بی۔ جی کھیر، صوبہ بمبئی کے پہلے وزیر اعلیٰ بن گئے۔ چونکہ نریمان ایک پارسی تھے اور کھیر ہندو، عام طور پر یہ سمجھا جانے لگا کہ نریمان فرقہ وارانہ بنیاد پر نظر انداز کر دیئے گئے۔ یہ الزام اگر صحیح نہ ہو تو بھی اسے غیر مدلل قرار دینا آسان نہیں ہے۔ (۱)

جواہر لال نے اپیل مسترد کر دی اس فیصلہ نے مسٹر نریمان کو حواس باختہ کر دیا، انہوں نے کانگرس ورکنگ کمیٹی میں یہ سوال چھیڑا۔ جواہر لال اب تک صدر کانگرس تھے۔ اور بہت سے لوگوں کو امید

تھی کہ چونکہ وہ فرقہ وارانہ ذہنیت سے آزاد ہیں لہٰذا آسانی سے اس ناانصافی کا تدارک کرسکیں گے۔ جو زمیان کے ساتھ روا رکھی گئی ہے۔ بدقسمتی سے ایسا نہ ہوسکا، جواہر لال بہت سے معاملات و مسائل میں پٹیل سے مختلف رائے رکھتے تھے، لیکن ان کا خیال تھا کہ سردار پٹیل کا یہ فیصلہ بہرحال صرف فرقہ وارانہ بنیاد پر نہیں ہوسکتا۔ اس سلسلے میں ان کا رویہ غیر ہمدردانہ تھا۔ انھوں نے زمیان کی اپیل مسترد کردی۔ (۲)

گاندھی جی کے دربار میں

جواہر لال کے طرز عمل نے زمیان کو متحیر کردیا اب وہ گاندھی جی کے پاس پہنچے اور کہا، میں اپنا معاملہ آپ کو سونپتا ہوں، گاندھی جی نے صبر و تحمل کے ساتھ زمیان کی باتیں سنیں اور ہدایت کی کہ سردار پٹیل کے رویہ کی تحقیقات کسی غیر جانبدار شخص کے سپرد کی جائے۔

پٹیل تحقیقات میں رکاوٹ بن گئے

چونکہ زمیان ایک پارسی تھے، سردار پٹیل اور ان کے رفقاء نے تجویز پیش کی کہ تحقیقات کا کام کسی پارسی کو سونپا جائے۔ ان لوگوں نے بڑی ہوشیاری سے اپنا کیس تیار کیا، لیکن اس طرح مسئلہ اور زیادہ اُلجھ گیا۔ علاوہ ازیں ان حضرات نے مختلف طریقوں سے اپنا اثر و رسوخ بھی استعمال کرنے سے گریز نہیں کیا تاکہ بیچارہ زمیان تحقیقاتی کارروائی شروع ہونے سے پہلے ہی اپنا کیس ہار جائے۔

زمیان کی پبلک زندگی ختم ہوگئی

واضح طور پر یہ ثابت کرنا مشکل تھا کہ زمیان کو صرف پارسی ہونے کی وجہ سے نظر انداز کیا گیا، لہٰذا فیصلہ یہ ہوا کہ سردار پٹیل کے خلاف کوئی جرم ثابت نہیں ہوا۔ بیچارہ زمیان دل شکستہ ہوگیا اور اس کی پبلک زندگی ختم ہوگئی۔ (۳)

ص ۱۵-۱۶

کانگریس نے غلطی کی جس کا تدارک نہ ہوسکا۔ بہرحال ایک حقیقت میں واضح کردینا

چاہتا ہوں پراونشل کانگرس کمیٹی بمبئی نے مسٹر نریمان کی مقامی قیادت قبول کرنے سے انکار کرکے غلطی کی، اور ورکنگ کمیٹی اتنی مضبوط نہ تھی کہ وہ اس غلطی کا تدارک کرسکتی۔ (۴)

صہ ۲۱

---

(۱)

نریمان کا واقعہ کانگرس کے کٹر ہندو جماعت ہونے کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔

جس زمانہ کا یہ واقعہ ہے، میں بمبئی کا مستقل مکین تھا اور روزنامہ خلافت کے چیف ایڈیٹر کی حیثیت سے، بمبئی کے خلافتی، کانگرسی اور لیگی حلقوں کے حالات سے براہِ راست مجھے واقفیت تھی۔

مسٹر نریمان، گو پارسی تھے، لیکن اپنا سب کچھ انہوں نے کانگرس پر قربان کردیا تھا۔ ہزار ہا روپیہ ماہوار کی پریکٹس ترک کرکے کانگرس کے لیے وقف ہوگئے، بارہا جیل گئے، پولیس کی لاٹھیاں کھائیں، طرح طرح کے مصائب برداشت کیئے۔ جب بمبئی کا طبقۂ خواص اور سرمایہ دار گروہ انگریزوں کا نیاز مند تھا، اور کانگرس سے بے تعلق، یہ نریمان اور عابد علی جعفر بھائی اور یوسف مہر علی تھے، جنہوں نے بمبئی کے عوام میں، کانگرس کی ساکھ پیدا کی۔ جب کبھی سول نافرمانی کا موقع پیش آیا، بمبئی کے عوام قید و بند کے مرحلہ میں پیش پیش رہے۔ پولیس کی لاٹھیاں کھانے میں کسی صوبہ سے پیچھے نہیں رہے۔ جب کبھی کانگرس کا کوئی سیشن یا جلسہ ہوا تو نریمان اور ان کے رفقاء نے، اتنے شاندار انتظامات کیئے کہ مخالف تک دنگ رہ گئے۔

صوبائی وزارت قبول کرنے پر جب کانگرس آمادہ ہوئی تو اصول یہ تھا اور یہی صحیح بھی تھا، کہ اگر صوبہ کانگرس کا صدر، اسمبلی کا ممبر منتخب ہو جائے تو وہی کانگرس پارلیمنٹری پارٹی کا لیڈر ہو گا۔ اور پارلیمنٹری تعامل یہ ہے کہ جو شخص ایوان کی سب سے بڑی پارٹی کا لیڈر رہو، اسی کو تشکیل وزارت کی دعوت دی جاتی ہے۔

نریمان کئی سال سے بمبئی صوبہ کانگرس کے صدر چلے آرہے تھے، کسی بڑے سے بڑے ہندو میں ہمت نہیں تھی کہ وہ ان کی ہردل عزیزی کو چیلنج کر سکے۔ انتخابات میں وہ بڑی آسانی سے ممبر اسمبلی منتخب ہو گئے۔ قدرتاً پارلیمنٹری پارٹی کے لیڈر بھی وہی بنے، اصولاً گورنر نے انہی کو تشکیلِ وزارت کی دعوت دی، جسے انہوں نے قبول کرلیا اور دوسرے دن فہرست پیش کرنے کا وعدہ کر کے چلے گئے

اسی رات کو سردار پٹیل نے یہ فیصلہ اُلٹ کر رکھ دیا۔ ان کی ہندو ذہنیت یہ گوارا نہیں کر سکتی تھی کہ اتنے بڑے صوبہ کا وزیر اعلیٰ کوئی غیر ہندو ہو، سردار پٹیل کے نیاز مند خصوصی کنھیالال منشی (سابق ایجنٹ جنرل حیدرآباد و گورنر یوپی) تھے پٹیل انہی کو چاہتے تھے، لیکن ان کی مخالفت اندرونی طور پر اتنی ہوئی کہ منشی کا وزیر اعلیٰ بننا ناممکن ہو گیا۔

اب پٹیل نے ایک شخص کو راتوں رات کانگرس پارلیمنٹری پارٹی کا لیڈر منتخب کرادیا جسے اب سے پہلے کوئی نہیں جانتا تھا، یعنی مسٹر بال گنگا دھر کھیر، —— کوئی شبہ نہیں کہ مسٹر کھیر بڑے شریف آدمی تھے اور اس منصب کے ہر طرح اہل ثابت ہوئے —— ظاہر ہے، کھیر اور نریمان کا خدمات، استحقاق اور اہلیت کے لحاظ سے کوئی مقابلہ نہیں تھا، لیکن نریمان کو پچھڑنا پڑا، کھیر نے اسکی جگہ لے لی اور اس طرح پہلے ہی مرحلہ میں کانگرس نے ثابت کر دیا کہ وہ بھی اتنی ہی فرقہ پرست ہے جتنی مہاسبھا!

(۲) ایسے مواقع پر جواہر لال کا رویہ اقلیت کے افراد کے ساتھ ہمیشہ یہی رہا ہے۔ اگرچہ وہ غیر متعصب بھی ہیں اور فراخ دل بھی، سی۔ پی کے یوسف شریف کے ساتھ بھی جواہر لال کچھ نہ کر سکے

(۳)

سوال یہ ہے کہ نریمان کو اگر پارسی ہونے کی وجہ سے نظر انداز نہیں کیا گیا تو ان کا جرم کیا تھا؟ —— اگر وہ مجرم تھے تو اب تک کانگرس کے صدر کیوں چلے آرہے تھے؟ اگر دفعتہً ان میں کوئی خرابی پیدا ہو گئی تھی تو کھیر صاحب نے انہیں اپنی کابینہ میں وزارت کیوں پیش کی؟

میرا خیال تو یہ ہے کہ یہ ثابت کرنا بہت مشکل ہے کہ نریمان کو پارسی ہونے کے علاوہ کسی اور وجہ سے نظر انداز کیا گیا!

(۴)

مولانا کا یہ جملہ بڑا بلیغ ہے کہ ورکنگ کمیٹی صوبہ کانگرس کی غلطی کا تدارک اس لیئے نہیں کر سکی کہ وہ "اتنی مضبوط نہ تھی"!

دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب اس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ کانگرس اصول کے مقابلہ میں مصلحت کو ترجیح دینے کی پالیسی پر ہمیشہ سے عامل رہی ہے۔

اس کے مقابلہ میں قائداعظم کو دیکھئے کہ جب اصول کا سوال سامنے آیا تو مسلم لیگ کے وجود تک کو خطرہ میں ڈال کر قائداعظم نے بے تامل فضل الحق، خضر حیات خاں، سر سلطان احمد وغیرہ کو اس طرح لیگ سے نکال دیا جیسے دودھ سے مکھی نکال کر پھینک دی جاتی ہے!

(۳۲)

لارڈ ویول

کرپس کا مشورہ ملاقات سر اسٹیفرڈ کرپس نے متعدد بار لارڈ ویول سے جو کمانڈر انچیف تھے، ملاقات کی انہوں نے مجھے بھی ان سے ملنے کا مشورہ دیا، میں بخوشی آمادہ ہوگیا۔

سپاہی یا سیاست داں؟ کرپس مجھے اور جواہر لال کو لے کر خود لارڈ ویول کے پاس گئے، رسمی تعارف کے بعد وہ رخصت ہو گئے، لارڈ ویول سے گفتگو کا سلسلہ تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہا، اس موقع پر ویول کا انداز گفتگو ایک سپاہی سے زیادہ ایک سیاست داں کا تھا،

(ص ۵٦، ۵۷)

منجھا ہوا سیاست داں گفتگو اس ساری مدت میں جو کمانڈر انچیف سے ہوئی اور جس موقع پر متعدد فوجی حکام بھی موجود تھے، کسی ٹیکنیکل مسئلہ پر بات چیت نہیں ہوئی، گفتگو کا سارا دار و مدار سیاست پر تھا، میں ایک لمحہ کے لئے بھی محسوس نہ کر سکا کہ ایک فوجی ماہر سے گفتگو کر رہا ہوں! کیونکہ لارڈ ویول ایک منجھے ہوئے سیاست داں کی طرح گفتگو کر رہے

تھے۔

(۶۴)

(جون ۱۹۴۵ء، شملہ کانفرنس)

ویول کی مجھ پر مہربانیاں

دس بجے رات کو میں شملہ پہنچا۔ سیسوائے ہوٹل میں میرے قیام کا انتظام کیا گیا، لیکن جب لارڈ ویول نے میری گرتی ہوئی صحت دیکھی تو محسوس کیا کہ ہوٹل میرے لئے مناسب جگہ نہیں ہے انھوں نے وائسرائیگل لاج سے متعلق ایک مکان میرے حوالے کر دیا اور اپنے اسٹاف کو ہدایت کر دی کہ میری راحت و آسائش کا خیال رکھے، میں اس عنایت سے بہت متاثر ہوا میں مزید یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میں نے لارڈ ویول کو بہت زیادہ معقول اور شریف آدمی پایا جسے دوسروں کے دکھ درد کا خیال رہتا تھا۔ (۱)

(۱۰۵)

سیاست داں نہیں سپاہی

وائسرائے کے انداز بیان سے میں نے یہ تاثر لیا کہ وہ صاف گو اور مخلص آدمی ہیں ان کا طرز عمل ایک سیاست داں کا نہیں ایک سپاہی کا تھا۔ دوران گفتگو میں کسی طرح کا ایچ پیچ ظاہر کئے بغیر براہ راست وہ اصل موضوع پر آ گئے۔ میں نے محسوس کیا کہ ان کا رویہ سر اسٹیفرڈ کرپس سے بالکل مختلف ہے۔ کرپس نے اپنے تجاویز زیادہ سے زیادہ خوش گوار الفاظ میں امیدوں کا سبز باغ دکھاتے ہوئے پیش کئے تھے، لارڈ ویول نے اس طرح کی کوئی بات نہیں کی۔ سیدھے سادھے الفاظ میں اپنا مدعا بیان کر دیا۔ انھوں نے بغیر کسی تامل کے یہ تسلیم کر لیا کہ جنگ اب تک جاری ہے اور جاپان ایک ناقابل تسخیر دشمن ہے، ان حالات میں برطانوی حکومت کوئی دور رس قدم نہیں اٹھ سکتی، ایسے اقدام کے لئے اختتام جنگ کا

کا انتظار کرنا ہو گا لیکن دور رس تغیرات کی بنیاد اب اور ابھی رکھی جا سکتی ہے۔ ایگزیکٹو کونسل مکمل طور پر ہندوستانی ممبروں پر مشتمل ہو گی۔ ایک مرتبہ جب یہ ہو گیا تو ایک بالکل نئی صورت حالات پیدا ہو جائے گی اور اختتام جنگ کے بعد ترقی پسندانہ اقدام آسانی کے ساتھ ممکن ہو گا۔

ویول کے طلسمی الفاظ

لارڈ ویول سے میرے اس انٹرویو نے ایک بالکل نئی فضا پیدا کر دی اسی شب انہوں نے سرکاری طور پر شاندار ڈنر کا اہتمام کیا، میرے کانوں تک یہ خبر پہنچی کہ ڈنر کے دوران میں میرے متعلق انہوں نے بڑے اچھے الفاظ استعمال کئے۔ وائسرائے کا یہ ریمارک سارے شملہ میں مشہور ہو گیا، سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں اس نے ایک ہلچل سی پیدا کر دی، بہت سے لوگ جو اب تک سرد مہر نظر آ رہے تھے، اور میرے وجود کو تسلیم کرنے پر تیار نہیں تھے، دفعتاً پرجوش نیاز مند بن گئے۔ تحفے لے لے کر میرے پاس آنے لگے اور مجھ پر اثر ڈالنے کی کوشش کی کہ ہم تو سدا دل و جان سے کانگرس کے ساتھ رہے ہیں۔

میں ویول پیش کش کا موید تھا

۲۴ جون کو سردار ہرنام سنگھ کے دولت کدے پر جہاں گاندھی جی مقیم تھے ورکنگ کمیٹی کا جلسہ ہوا۔ وائسرائے سے ملاقات کرنے کے بعد میں نے کہا کہ گو یہ تجاویز، تجاویز کرپس سے مختلف نہیں ہیں تاہم ہمیں چاہیے کہ انہیں قبول کر لیں، کیونکہ یورپ میں جنگ ختم ہو چکی ہے اور جاپان کی جنگ بھی جلد ختم ہو جائے گی اور پھر برطانوی حکومت کے لئے ہمارے تعاون کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہ جائے گی۔

وائسرائے کا ہمت افزا جواب

(شملہ کانفرنس جون ۱۹۴۵ء) لارڈ ویول کی اختتامی تقریر کے بعد میں نے کانگرس ورکنگ کمیٹی کا نقطۂ نظر پیش کیا۔ میرے پیش کردہ نکات سہ گانہ کا وائسرائے نے جو جواب دیا وہ ہمت افزا تھا۔

(ص ۱۰۹)

ویول سے میرا مطالبہ

(جون ۱۹۴۵ء شملہ کانفرنس) کانگرس کی ضد کہ وہ مسلمانوں کی نامزدگی کا حق رکھتی ہے اور قائد اعظم کا اصرار کہ یہ حق صرف مسلم لیگ کو ہے۔)

میں نے لارڈ ویول سے (کانفرنس کے اجلاس میں) مطالبہ کیا کہ وہ صاف اور واضح الفاظ میں بتائیں، آیا مسلم لیگ کا مطالبہ معقولیت پر مبنی ہے؟۔

لارڈ ویول نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہرگز مسلم لیگ کے مطالبہ کو معقولیت پر مبنی نہیں سمجھتے۔

(ص ۱۱۲)

مسٹر جناح سے ویول کی مایوسی

وائسرائے نے مجھ سے کہا کہ انہوں نے اپنی طرف سے پوری کوشش کر لی لیکن مسٹر جناح کو ہموار کرنے میں ناکام رہے ہیں انہیں اس پر اصرار تھا کہ تمام مسلمان ممبر صرف لیگ ورکنگ کمیٹی کے نامزد کردہ ہوں، وائسرائے یہ مطالبہ نہیں منظور کر سکتے تھے، لہٰذا اس نتیجہ پر پہنچے کہ اب ان کی پیش کش پر مزید کاروائی جاری رکھنا بے سود ہے۔

(ص ۱۱۵)

ویول کی تعریف

(ستمبر ۱۹۴۵ء ببمبئی کانگرس ورکنگ کمیٹی کا جلسہ مولانا آزاد کی تقریر۔)

اگرچہ شملہ کانفرنس ناکام ہوگئی لیکن ہمیں اس جذبہ کی تعریف کرنی چاہیے۔ جس کا مظاہرہ لارڈ ویول نے کیا تھا۔

(صفحہ ۱۲۰)

عفو عمومی کا اعلان وائسرائے کی طرف سے

میں ابھی گلمرگ ہی میں تھا کہ لارڈ ویول نے ہندوستان میں عام انتخابات کا اعلان کیا، میں نے انہیں لکھا، اب وقت آگیا ہے کہ اسیران کانگرس کو عام معافی دی جائے۔ اگر حکومت ایک نئی سیاسی فضا پیدا کرنا چاہتی ہے تو چاہیے کہ جملہ اسیران سیاسی کو رہا کرے۔

لارڈ ویول نے تار سے جواب دیا، انہوں نے لکھا میں آپ کی رائے سے اتفاق کا اظہار کرتا ہوں اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کے احکام صادر کر رہا ہوں۔

انہوں نے اسیران کانگرس کی بڑی تعداد رہا کر دی لیکن بائیں بازو کا کانگرسی گروپ بدستور اسیر زنداں رہا جس میں، جے پرکاش نارائن خاص طور پر قابل ذکر ہیں،

میں نے ایک طویل اور مفصل خط پھر لارڈ ویول کو لکھا جس میں تحریر کیا کہ اگر وہ ملک میں اچھی فضا پیدا کرنے کے متمنی ہیں تو اسیران کانگرس کے سلسلہ میں انہیں عفو عمومی کا اعلان کرنا چاہیے، آخر کار لارڈ ویول نے میری بات مان لی اور تمام قیدیوں کو رہا کر دیا۔

صفحہ ۱۲۰ - ۱۲۱

میرے لئے ویول کی ہدایت

عام انتخابات جب منعقد ہو چکے تو صوبوں میں وزارت سازی کا مسئلہ پیش آیا،

میرے لئے ضروری ہو گیا کہ ہر صوبہ کے دارالحکومت میں جاؤں اور تشکیل وزارت اپنے سامنے کراؤں، میرے پاس وقت بہت کم تھا، جنگ کے زمانہ میں تمام فضائی سروسیں حکومت نے اپنے کنٹرول میں لے لیں تھیں حتیٰ کہ مسافروں کی نشستوں کی الاٹ منٹ بھی حکومت کرتی تھی، لارڈ ویول نے ہدایات جاری کیں کہ مجھے ہر سہولت دی جائے۔ اور اب میرے لئے آسانی سے یہ ممکن ہو گیا۔ کہ ہر صوبے کے دارالحکومت تک بسہولت پہنچ سکوں،

(ص ۱۲۷)

نیشنل آرمی کے ماخوذین سے ویول کا شریفانہ رویہ

(برطانوی فوج کے جو ہندوستانی سپاہی سنگاپور، ملایا اور برما میں جاپانیوں کے ہاتھ گرفتار ہوئے انہوں نے سوباش چندر بوس کی قائم کی ہوئی انڈین نیشنل آرمی میں شرکت کرلی، پھر جب برطانیہ نے اپنے ان متروکہ مقامات پر دوبارہ قبضہ کیا تو انڈین نیشنل آرمی کے افسروں کو گرفتار کر کے غداری کے الزام میں ان پر مقدمہ چلایا!)

"کانگریس نے یہ فیصلہ کیا کہ اگر حکومت انڈین نیشنل آرمی کے افسروں پر مقدمہ چلانا چاہتی ہے تو یہ کارروائی کھلی عدالت میں ہونی چاہیے تاکہ کانگریس انہیں ضروری قانونی امداد مہیا کرنے کا انتظام کر سکے، میں نے اس مسئلہ میں لارڈ ویول کو ایک خط لکھا اور ان پر زور دیا کہ وہ کانگریس کا نقطہ نظر تسلیم کرلیں۔ لارڈ ویول نے میری رائے سے اتفاق کیا اور احکام صادر کر دیئے کہ لال قلعہ کے اندر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے۔ اس مقدمے

نے عوام میں بڑا جوش پیدا کر دیا، آخر کار تمام افسران رہا کر دیئے گئے، یا تو عدالت کے حکم سے، یا وائسرائے کی طرف سے ازراہِ رحم و کرم،

(۱۳۳)

جواہر لال کیلئے ویول کا خاص طیارہ (کابینہ وفد ہندوستان میں مقیم ہے جواہر لال کو مہاراجہ کشمیر نے گرفتار کر لیا ہے۔)

میں نے وائسرائے سے ملاقات کی اور ان سے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ ایسا انتظام کر دے کہ میں جواہر لال سے فون پر گفتگو کر سکوں جو ایک ڈاک بنگلے میں نظر بند ہیں، بہت جلد کنکشن مل گیا، میں نے جواہر لال سے کہا میری رائے ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو وہ دہلی واپس آجائیں، موجودہ مرحلے پر مناسب نہیں ہے کہ وہ قانون شکنی کر کے داخلے پر اصرار کریں۔ میں نے انہیں یقین دلایا کہ صدر کانگرس کی حیثیت سے میں خود اس معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لوں گا اور کوشش کروں گا کہ شیخ عبداللہ اور ان کے رفقاء رہا کر دیئے جائیں۔

"شروع میں تو جواہر لال نے میری اس درخواست پر اعتراض کیا لیکن تھوڑی دیر کی بات چیت اور میری یقین دہانی کے بعد وہ راضی ہو گئے میں نے لارڈ ویول سے درخواست کی کہ وہ ایک ہوائی جہاز کا انتظام کر دیں جو جواہر لال اور آصف علی کو واپس لے آئے سات بجے شام کو میں نے یہ درخواست کی تھی، تھوڑی دیر کے بعد وائسرائے نے طیارہ روانہ کر دیا، جو تقریباً دس بجے رات کو سری نگر پہنچ گیا، اور جواہر لال و آصف علی کو لے کر دو بجے رات کو دہلی واپس آگیا۔

اس سارے معاملہ میں لارڈ ویول کا رویہ بالکل دوستانہ رہا اور میں اسے سراہنے پر مجبور ہوں۔ (۲)

(ص ۱۴۸-۱۴۹)

ویول اور اٹیلی کا اختلاف

دکانگرس اور مسلم لیگ کے اختلافات دور نہیں ہوتے کانگرس اپنی پیمان شکنی پر بضد ہے۔ مسلم لیگ نے عارضی حکومت میں تعطل پیدا کر رکھا ہے اور دستور ساز اسمبلی میں شرکت سے انکار کر دیا ہے :)

مسٹر اٹیلی کا خیال تھا کہ اب وقت آگیا ہے کہ تذبذب کی پالیسی ترک کر دی جائے ضروری ہے کہ صاف اور واضح فیصلہ کر دیا جائے، چنانچہ انہوں نے طے کر لیا کہ ہندوستان سے برطانوی حکومت کے انتقال اختیارات کی ایک تاریخ معین کر دیں لارڈ ویول کو اس رائے سے اتفاق نہیں تھا، ان کی خواہش تھی کہ کابینہ وفد کے پلان پر قائم رہا جائے، کیونکہ ہندوستانی مسائل کا اس سے بہتر حل کوئی اور ممکن نہیں ان کا یہ بھی خیال تھا کہ برطانوی حکومت اپنے فرائض میں کوتاہی کی مرتکب ہوگی، اگر فرقہ وارانہ مسئلہ طے کرنے سے پہلے اس نے اقتدار حکومت منتقل کر دیا۔ ہندوستان میں جذبات اس شدت سے بھڑک چکے ہیں کہ ذمہ دار لوگ تک اس دھارے میں بہتے چلے جا رہے ہیں، اس ماحول میں برطانوی حکومت کا اقتدار سے دست بردار ہو جانا ہندوستان گیر فساد اور بدامنی پر منتج ہوگا لہٰذا ان کا مشورہ یہ تھا کہ موجودہ صورت حالات برقرار رکھی جائے اور پوری کوشش لیگ اور کانگرس کے اختلافات رفع کرنے کی ہونی چاہیئے ان کا یہ پختہ عقیدہ تھا کہ یہ بڑی خطرناک اور نامناسب بات ہوگی، اگر کانگرس، لیگ مفاہمت کے بغیر انگریز ہندوستان سے رخصت ہو گئے۔

ایٹلی نے ویول کی بات نہیں مانی مسٹر ایٹلی نے اس رائے سے اتفاق نہیں کیا، ان کا خیال تھا کہ انتقال اختیارات کی تاریخ اگر مقرر کر دی جائے تو ذمہ داری کا بوجھ خود ہندوستانیوں پر آ پڑے گا۔ جب تک یہ نہیں ہوتا کوئی حل تلاش نہیں کیا جا سکتا، مسٹر ایٹلی کو اندیشہ تھا کہ اگر موجودہ انتظام برقرار رکھا گیا، تو ہندوستانیوں کا برطانوی حکومت پر سے اعتماد اُٹھ جائے گا، اب دو ہی صورتیں ممکن ہیں، یا تو سختی کے ساتھ حکومت کی جائے اور ہر طرح کی بدامنی کو دبا دیا جائے یا ہندوستانیوں کو اختیارات منتقل کر دیے جائیں۔ برطانوی حکومت اپنے دورِ حکومت میں توسیع کر سکتی ہے۔ لیکن اس کا انجام یہ ہوگا کہ (دوسری جنگ عظیم کی تباہ کاریوں کے باعث) برطانیہ کی تعمیرِ نو مشکل ہو جائے گی، لہٰذا بہتر یہی ہے کہ انتقالِ اختیارات کی تاریخ مقرر کر دی جائے، اور ذمہ داری کا سارا بوجھ ہندوستانیوں کے کندھے پر ڈال دیا جائے۔

ویول کے استعفے کا سبب لارڈ ویول ان دلائل سے مطمئن نہیں ہوئے، وہ اب تک یہ کہے جا رہے تھے کہ فرقہ وارانہ مشکلات نے تشدد کی صورت اختیار کی تو تاریخ برطانیہ کو کبھی معاف نہیں کرے گی انگریزوں نے سو سال سے زیادہ ہندوستان پر حکومت کی، اب اگر شورش، تشدد اور بدنظمی اس کی دست برداری کے باعث پیدا ہوتی ہے تو اس کی ذمہ داری انگریزوں ہی پر ہوگی، جب انھوں نے دیکھا کہ وہ مسٹر ایٹلی کو قائل نہیں کر سکتے، تو انھوں نے استعفا دے دیا،

(۱۷۷)

تاریخ ویول کے ساتھ ہے، کوئی شخص بھی یقین کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتا کہ لارڈ ویول کی رائے غلط تھی، ان کی چشم دور بین نے جن خطرات کا مشاہدہ کیا تھا وہ

حقیقی تھے اور بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا کہ ان کا مشاہدہ غلط نہ تھا، یہ
کہنا بہت مشکل ہے کہ وہ راستہ جو اٹیلی نے اختیار کیا، اور وہ جس پر لارڈ ویول
قائم تھے غلط یا صحیح تھا اگر لارڈ ویول کا مشورہ قبول کر لیا جاتا اور ہندوستان
کے مسئلہ کا حل سال دو سال کے لئے ملتوی کر دیا جاتا تو ممکن تھا حزب مخالف
کی حیثیت سے مسلم لیگ تھک جاتی بلکہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر مسلم لیگ کوئی
مثبت رویہ نہ اختیار کرتی تو ہندوستان کے مسلمان عوام مسلم لیگ کی منفی پالیسی کے
خلاف اٹھ کھڑے ہوتے اور عین ممکن تھا کہ تقسیم ہند کا المیہ رونما نہ ہوتا، یقین کے
ساتھ تو کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن کسی قوم کی تاریخ میں سال دو سال کی مدت کچھ زیادہ
اہمیت نہیں رکھتی، یقیناً تاریخ کا فیصلہ یہ ہوتا کہ لارڈ ویول کے مشورہ پر عمل کرنا
ہی بہترین پالیسی تھی۔

جواہر لال ویول کے خلاف تھے

جب یہ بات مشہور ہو گئی کہ لارڈ ویول رخصت ہو رہے ہیں تو میں نے ایک
بیان شائع کیا جس سے ان کے بارے میں میرے خیالات کی ترجمانی ہوتی ہے
مجھے معلوم تھا کہ جواہر لال اور میرے دوسرے رفقا۔ مجھ سے متفق نہیں ہیں۔
یہ لوگ لارڈ ویول کے خلاف تھے۔

میں نے اپنے بیان میں کہا تھا:۔

منظر سے پس منظر میں

"ہندوستان اور انگلستان کے تعلقات کی تاریخ
کا نیا باب لارڈ ویول نے شروع کیا تھا،
مجھے افسوس ہے کہ وہ اب منظر سے پس منظر میں واپس جا رہے ہیں۔

ویول کے خلوص سے انکار نہیں کیا جا سکتا

مجھے نہیں معلوم کہ لارڈ ویول اور
حکومت برطانیہ کے مابین مذاکرات

کی نوعیت کیا تھی؛ بہر حال کچھ اختلافات تھے جو استعفیٰ پر منتج ہوئے، ہم لارڈ ویول کے انداز فکر و رائے سے اختلاف کر سکتے ہیں لیکن ان کے خلوص سے انکار نہیں کر سکتے، کرپس مشن کی ناکامی کے بعد چرچل گورنمنٹ نے فیصلہ کر لیا تھا کہ زمانہ جنگ تک کے لئے ہندوستان کا مسئلہ کھٹائی میں ڈال دیا جائے، لیکن یہ کارنامہ صرف لارڈ ویول ہی کا ہے جنہوں نے بند دروازہ کھولا برطانیہ کی مخلوط وزارت کے مخالفانہ طرز عمل کے باوجود وہ لارڈ ویول ہی تھے جنہوں نے ترغیب و تحریص سے کام لے کر نئی پیش کش پر حکومت برطانیہ کو آمادہ کیا جس کا نتیجہ شملہ کانفرنس کی صورت میں ظاہر ہوا، بلاشبہ شملہ کانفرنس ناکام ہوئی لیکن اس کے بعد سے اب تک جو کچھ ہوا ہے وہ لارڈ ویول کے دلیرانہ اقدام کا منطقی نتیجہ ہے، مجھے یقین ہے کہ لارڈ ویول کی یہ شاندار خدمت ہندوستان کبھی فراموش نہ کر سکے گا۔

میرے بارے میں ویول کے تاثرات

جس روز لارڈ ویول ایگزیکٹو کونسل کے ممبروں کو الوداع کہہ کر رخصت ہو رہے تھے، ایک ڈنر کا اہتمام ہوا وہ میرے بیان سے بہت متاثر تھے، ایک دوست سے انہوں نے کہا "مجھے مسرت ہے کہ ہندوستان میں کم از کم ایک آدمی تو ایسا ہے جس نے میرے موقف کو سمجھنے کی کوشش کی۔"

آخری اثر انگیز تقریر

جانے سے ایک روز پہلے لارڈ ویول نے آخری مرتبہ کابینہ کی صدارت کی جب کارروائی ختم ہو گئی تو انہوں نے ایک مختصر سی تقریر کی جس نے مجھ پر گہرا اثر چھوڑا، لارڈ ویول نے کہا میں نہایت سخت اور نازک موقعہ پر ہندوستان کا فرمانروا بنا، میں نے اپنی ذمہ داری کو زیادہ سے زیادہ خوبی کے ساتھ انجام دینے کی کوشش کی، بہر حال ایسے حالات پیدا

ہو گئے کہ مجھے استعفیٰ دینا پڑا، اس کا فیصلہ تاریخ ہی کرے گی کہ میں نے استعفا دے کر صحیح قدم اٹھایا ہے یا نہیں، آپ حضرات سے میری اپیل یہ ہے کہ جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہ کیجیے، آپ سب کے تعاون کا میں شکر گذار ہوں۔"

ویول کی رخصت کا منظر

اس تقریر کے بعد لارڈ ویول نے جلدی جلدی اپنے کاغذات سمیٹے اور ہم میں سے کسی کو کچھ کہنے کا موقع دیئے بغیر چلے گئے، دوسرے دن وہ دہلی سے رخصت ہو گئے۔

(۔ص ۱۷۸، ۱۷۹، ۱۸۰ / ...

---

(۱)

مولانا اسی سلوک کے مستحق تھے، لیکن اگر اتفاق سے یہ سلوک مائونٹ نے قائداعظم سے کیا ہوتا، تو کیا کیا کچھ نہ کہا جاتا؟ کیا یہ ثابت نہ کر دیا جاتا کہ وہ انگریزوں کے اور انگریز ان کے دست راست ہیں؟

(۲)

لارڈ ویول کے اس طرز عمل سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ کانگرس سے اور کانگرس رہنماؤں سے کتنے زیادہ متاثر تھے؟ جو بات بھی صدر کانگرس نے کہی بیچارے نے بے چون و چرا مان لی، ذرا سا اشارہ صدر کانگرس کا پایا، اور اسیران کانگرس کو رہا کر دیا، پھر صدر کانگرس کی فرمائش پر، تشدد کے مجرم اسیران کانگرس بھی رہا کر دیئے گئے، پھر صدر کانگرس کے ارشاد پر، نیشنل آرمی کے ماخوذین پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلانا بھی منظور کر لیا، اور جنہیں سزا ملی، اپنے اختیارات خصوصی کو کام میں لاکر انہیں پروانۂ رہائی بھی عطا کر دیا، صدر کانگرس کا مزاج ناساز دیکھا تو وائسرائیگل

کا ایک مکان ارزانی فرما دیا، صدر کانگرس کو وزارت سازی کے لئے سفر میں دشواری پیش آئی تو ہوائی جہاز کی سہولتیں عطا کر دیں، صدر کانگرس نے جواہر لال کے لئے طیارہ سری نگر بھیجنے کی استدعا کی وہ منظور کرلی، راتوں رات طیارہ سری نگر گیا اور اسی وقت جواہر لال کو لئے ہوئے واپس آگیا۔

کتنی عجیب بات ہے ان تمام باتوں کا صلہ بیچارے کو یہ ملا کہ جواہر لال بھی ان سے خفا، پٹیل صاحب بھی ان سے نالاں، گاندھی جی بھی ان سے ناخوش، عجیب چیز ہیں یہ کانگریسی لیڈر بھی،

کام اس سے آپڑا ہے کہ جس کا جہاں میں
لیوے نہ کوئی نام ستمگر کہے بغیر"!

(۳۳)

سردار ولبھ بھائی پٹیل

پٹیل کے بیٹے کا دوست مرکز کا وزیر (اگست ۴۶ء جواہر لال نے مرکز میں عارضی حکومت قائم کر لی ہے مولانا آزاد تجویز پیش کرتے ہیں کہ ایک پارسی بھی وزیر بنایا جائے)

"کچھ بحث مباحثہ کے بعد میرے رفقا اس تجویز پر رضامند ہو گئے چونکہ پارسی فرقہ زیادہ تر بمبئی میں مرتکز ہے۔ ہم نے خیال کیا کہ سردار پٹیل کسی پارسی نمائندہ کے انتخاب کے سلسلہ میں زیادہ بہتر طور پر ہمیں مشورہ دے سکیں گے۔ یہ معاملہ ہم نے ان کے سپرد کر دیا کچھ عرصہ بعد انہوں نے مسٹر سی ایچ بھابھا کا نام پیش کیا۔ بعد میں ہمیں معلوم ہوا کہ مسٹر بھابھا سردار پٹیل کے فرزند دار جمند کے دوست ہیں۔ اور کسی طرح بھی انہیں پارسی فرقہ کا لیڈر یا نمائندہ تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ ہمارا انتخاب غلط ثابت ہوا۔ آخر انہیں کابینہ سے رخصت کر دیا گیا۔

(صفحہ ۱۶۴)

تقسیم کی تجویز سب سے پہلے پٹیل نے منظور کی (مارچ ۴۷ء نئے وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن مصروف کار ہیں)۔

"یہ بات میں ریکارڈ پر لے آنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان میں سب سے پہلے جس شخص

نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی تقسیم ہند کی تجویز پر سر جھکایا، وہ سردار پٹیل تھے۔

لیاقت کی وجہ سے سردار پٹیل کو تقسیم پر ایمان لانا پڑا

ایگزیکٹو کونسل میں مسلم لیگ کے پیدا کردہ تعطل نے سردار پٹیل کو اتنا پریشان اور بدحواس کر دیا تھا کہ اب تقسیم ہند پر وہ مکمل ایمان لے آئے تھے، مسلم لیگ کو محکمہ مالیات تفویض کرنے کی ذمہ داری سردار پٹیل پر تھی، قدرتاً دوسرے لوگوں کے برعکس لیاقت علی خان کے سامنے اپنے آپ کو بے بس محسوس کر کے وہ بہت زیادہ چڑ جاتے تھے، جب لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے تقسیم ہند کی تجویز یہ کہہ کر پیش کی کہ موجودہ مشکل کا حل صرف تقسیم ہند ہی ہے تو سردار پٹیل نے فوراً آمنّا وصدّقنا کہنا شروع کر دیا۔ وہ اب علانیہ کہنے لگے تھے کہ اگر لیگ سے ان کی گلوخلاصی صرف اسی طرح ہو سکتی ہے کہ ہندوستان کا کچھ حصّہ اسے دے دیا جائے تو وہ بسر و چشم اس کے لئے تیار ہیں۔

سردار پٹیل اخروٹ کی طرح تھے

لارڈ ماؤنٹ بیٹن غیر معمولی طور پر ذہین آدمی ہیں۔ وہ اپنے تمام ہندوستانی رفقا کے دل کا حال پڑھ چکے تھے، جب انہوں نے دیکھا کہ پٹیل ان کی تجویز سے قریب آ گئے ہیں۔ تو انہوں نے سردار کو جیت لینے کے لئے اپنی شخصیت کی ساری سحر طرازی اور قوّت داؤ پر لگا دی، اپنی نجی گفتگو میں سردار پٹیل کے متعلق وہ کہا کرتے تھے کہ سردار صاحب اخروٹ کی طرح ہیں جس کا خول نہایت سخت ہوتا ہے لیکن گودا نہایت ملائم۔

(صفحہ ۱۸۳)

پٹیل نے دو قومی نظریہ بھی مان لیا

میں نے سردار پٹیل سے دو گھنٹے تک بحث کی، میں نے کہا کہ اگر ہم نے تقسیم ہند قبول کر لی تو ہم ہندوستان کے لئے مستقل دشواریاں پیدا کر لیں گے، تقسیم ہند سے فرقہ وارانہ مسئلہ

حل نہیں ہوگا۔ بلکہ مستقل اور پائدار صورت اختیار کرے گا۔ مسٹر جناح نے دو قومی نظریہ کا نعرہ بلند کیا۔ تقسیم ہند قبول کر لینے کے معنی دو قومی نظریہ قبول کر لینے کے ہیں، کانگرس کس طرح اس پر متفق ہو سکتی ہے کہ ہندو مسلم بنیاد پر ملک کی تقسیم قبول کر لے؟

مجھے بڑی حیرت ہوئی اور بڑا دکھ پہنچا جب سردار پٹیل نے کہا۔ خواہ ہم پسند کریں یا ناپسند، ہندوستان میں دو قومیں تو ہیں! اب ان کا یہ خیال تھا کہ ہندو اور مسلمان ایک قوم نہیں بن سکتے۔ اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں، ہندو مسلم جھگڑا صرف اسی طرح ختم ہو سکتا ہے۔ انہوں نے مزید یہ بھی کہا کہ اگر دو بھائی ایک ساتھ نہیں رہ سکتے، تو وہ جائیداد تقسیم کر لیتے ہیں۔

(صفحہ ۱۸۵)

لیاقت کے خطِ تنسیخ نے پریشان کر دیا (تقسیم ہند کے بعد جو ہولناک حوادث پیش آئے ان کا ذکر اور ان پر تبصرہ)

کانگریسی لیڈروں میں تقسیم کے سب سے بڑے حامی سردار پٹیل بن گئے۔ لیکن خود ان کا بھی یہ یقین اور عقیدہ نہیں تھا کہ ہندوستانی مسائل کا بہترین حل تقسیم ہے۔ انہوں نے اپنا پورا وزن تقسیم کی حمایت میں ڈال دیا، لیکن برہمی اور ناکامی کے باعث! ہر قدم پر لیاقت علی خان کا خطِ تنسیخ انہیں پریشان اور ان کی تجویز کو ناکارہ بنا دیتا تھا، انتہائی غیظ و غضب کے عالم میں انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ اگر کوئی اور چارہ کار نہیں ہے تو تقسیم قبول کر لینی چاہیے۔

پٹیل کو یقین تھا پاکستان نہیں چل سکے گا (سردار پٹیل کو یقین کامل تھا کہ پاکستان کی نئی حکومت اپنا بوجھ نہیں سنبھال سکے گی۔)

لہٰذا زیادہ دن نہیں چل سکے گی۔ ان کا خیال تھا کہ اگر کانگرس نے پاکستان قبول کر لیا تو یہ مسلم لیگ کے لئے ایک تلخ سبق ہوگا۔ بہت مختصر مدت میں پاکستان کی عمارت زمین پر آ

رہے گی۔ اور اس کے ملحقہ صوبے ناگفتہ بہ مشکلات و مصائب میں گرفتار ہو جائیں گے۔

(صفحہ ۲۰۷)

دلّی کا قتلِ عام

(دلّی میں مسلمانوں کا قتلِ عام ہو رہا ہے۔ مسلمانوں کے قتل و غارت میں فوج کے سپاہی اور اسپیشل مجسٹریٹ بھی حصہ لے رہے ہیں)

"گاندھی جی نے یہ ساری مدت سخت ذہنی اضطراب کی حالت میں گذاری، وہ ہندو مسلمانوں کے تعلقات بہتر بنانے اور مسلمانوں کی جان و مال کی حفاظت کرنے میں سر دھڑ کی بازی لگائے ہوئے تھے۔

گاندھی جی کو اس بات سے بڑا دکھ ہوتا تھا جب وہ دیکھتے تھے کہ ان کی جد و جہد کا بہ حسب دلخواہ برآمد نہیں ہوتا، اکثر وہ جواہر لال، سردار پٹیل اور مجھے بلا بھیجتے، اور ہم سے پوچھتے کہ دلّی کی صورتِ حال اب کیا ہے؟ ان کا دکھ اور بھی بڑھ جاتا جب وہ یہ دیکھتے کہ ہم لوگ آپس میں اس درجہ مختلف ہیں کہ دلی کے حوادث کے سلسلہ میں ہمارا بیان بھی یکساں نہیں رہے۔

ہم باہم مختلف تھے

ایک طرف سردار پٹیل تھے، دوسری طرف جواہر لال اور میں۔ مقامی نظم پر بھی اس کا برا اثر پڑتا تھا۔ یہ بات بالکل نمایاں تھی کہ دلّی میں حکام بھی دو گروہوں میں بٹے ہوئے تھے، بڑا گروہ وزیر داخلہ سردار پٹیل کے اشارۂ چشم و ابرو پر چلتا تھا، اور انہیں خوش رکھنے کی کوشش کرتا تھا۔ ایک بہت چھوٹا سا گروہ جواہر لال کے اور میرے ساتھ تھا، یہ جواہر لال کے احکامات کی تعمیل کرتا تھا۔

دلّی کا پولیس چیف کمشنر

دلی کے چیف کمشنر ایک مسلمان خورشید احمد خاں تھے یہ صاحبزادہ آفتاب احمد کے بیٹے تھے، یہ مضبوط افسر نہیں تھے، پھر یہ دھڑکا بھی لگا ہوا تھا کہ اگر کوئی سخت قدم اٹھایا تو الزام لگایا جائے گا

کہ مسلمانوں کی طرف داری کرتے ہیں، نتیجہ یہ ہوا کہ صرف برائے نام سربراہ انتظام رہ گئے۔ سارے کام اپنی مرضی سے ڈپٹی کمشنر کرتا تھا۔

سکھ ڈپٹی کمشنر کے مسلمان مداح یہ ایک سکھ تھا لیکن سکھوں کے رسم ورواج کا پابند نہ تھا، اس نے داڑھی منڈا لی تھی، سر کے بال ترشوا لئے تھے، بہت سے سکھ اسے لامذہب سمجھنے لگے تھے۔ یہ قبل از تقسیم کے وقت سے دہلی کا ڈپٹی کمشنر چلا آرہا تھا۔ ۱۵ اگست سے پہلے ایک تجویز یہ زیر غور آئی کہ اس کی مدت پوری ہو چکی ہے، اسے پنجاب واپس بھیج دیا جائے، دلی کے سربرآوردہ شہریوں نے خاص طور پر مسلمانوں کے ایک بڑے طبقہ نے اس تجویز کے خلاف پرجوش احتجاج کیا، ان کا خیال تھا کہ یہ ایک کھلے دماغ اور مضبوط کردار کا افسر ہے، اور ان نازک دنوں میں اس کا کوئی موزوں بدل نہیں مل سکے گا۔

سکھ ڈپٹی کمشنر فرقہ پرست بن گیا چنانچہ اسے اس کے عہدہ پر برقرار رکھا گیا، لیکن فرقہ وارانہ کھچاؤ کے زمانہ میں یہ سابقہ رویہ برقرار نہ رکھ سکا، مجھے برابر اطلاعات ملتی رہتی تھیں، کہ بلوائیوں کے خلاف یہ کوئی موثر قدم نہیں اٹھاتا، وہ مسلمان جنہوں نے سال بھر پہلے مطالبہ کیا تھا کہ اسے دہلی سے نہ بھیجا جائے اب وہ مجھ سے آکر شکایت کرتے تھے کہ یہ مسلمانوں کی حفاظت میں ذرا بھی دلچسپی نہیں لیتا۔ یہ رپورٹ سردار پٹیل تک پہنچائی گئی۔ لیکن انہوں نے کوئی توجہ نہیں کی۔

جواہر لال کی بیچارگی سردار پٹیل وزیر داخلہ تھے، چنانچہ دلی کا نظم و انصرام براہ راست انہی کے ماتحت تھا، قتل و غارت کی فہرست جب زیادہ وسیع ہوئی تو گاندھی جی نے پٹیل کو بلایا، اور پوچھا کہ اس کشت و خون کے تدارک کیلئے کیا کر رہے ہیں؟ سردار پٹیل نے انہیں یقین دلایا کہ جو اطلاعیں ان تک پہنچ رہی ہیں، وہ مبالغہ آمیز اور غلط ہیں، بلکہ انہوں نے تو یہاں

بلکہ کہہ دیا کہ مسلمانوں کو شکایت کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ مجھے خوب اچھی طرح یاد ہے
ایک مرتبہ ہم تینوں گاندھی جی کے پاس بیٹھے تھے' جواہر لال نے بڑے غم انگیز لہجہ میں
کہا کہ دلی کا حال زار اب برداشت نہیں کیا جاتا' مسلمان کتے اور بلی کی طرح قتل کئے جا
رہے ہیں' انہیں یہ کہتے شرم آتی ہے کہ وہ بے بس ہیں اور مسلمانوں کو بچا نہیں سکتے' ان کا
ضمیر ایک لمحہ بھی انہیں چین سے نہیں بیٹھنے دیتا۔ ان جگر خراش حوادث کی رپورٹیں لے
کر لوگ جب ان کے پاس آتے ہیں تو وہ کیا جواب دیں؟

جواہر لال کا ضمیر جواہر لال نے کئی مرتبہ کہا کہ صورتِ حالات اب ناقابل
برداشت ہے۔ اور ان کا ضمیر انہیں چین سے نہیں
بیٹھنے دیتا۔

سردار پٹیل کا دم خم جواہر لال کی ان باتوں کے جواب میں سردار پٹیل کا ردِ عمل دیکھ
کر ہم سب دنگ رہ گئے' جبکہ اس وقت جب روز
روشن میں دلّی کے گلی کوچے مسلمانوں کے خونِ ناحق سے لالہ زار ہو رہے تھے' سردار پٹیل نے
بڑے ٹھنڈے انداز میں گاندھی سے کہا۔ جواہر لال کی شکایات قطعاً ناقابل فہم ہیں۔
ہو سکتا ہے کچھ اِکّا دُکّا واقعات ہوئے ہوں' لیکن حکومت ہر ممکن اقدام مسلمانوں کے جان
و مال کی حفاظت کیلئے کر رہی ہے ——————— اور اس سے زیادہ کچھ نہیں
کیا جا سکتا۔ درحقیقت اس طرح سردار پٹیل نے یہ ظاہر کر دیا کہ وزیر اعظم کی حیثیت سے
جواہر لال حکومت کے رویہ پر ناپسندیدگی کا اظہار نہیں کر سکتے۔

مسلمانوں کے بارے میں پٹیل کا انکشاف چند لمحوں تک جواہر لال گم سم بیٹھے رہے
پھر مایوسی کے عالم میں گاندھی جی
سے کہا۔ اگر سردار پٹیل کے خیالات یہ ہیں تو وہ کچھ نہیں کہنا چاہتے۔ اس زمانہ میں
ایک دوسرا واقعہ رونما ہوا جس نے یہ منکشف کر دیا کہ سردار پٹیل کا دماغ کس نہج پر کام کر رہا ہے

انہوں نے محسوس کیا ہوگا کہ مسلمانوں پر ہر روز جو حملے ہو رہے ہیں ان کی کچھ توجیہ تو کرنی ہی چاہیئے۔ چنانچہ انہوں نے یہ نظریہ پیش کیا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں مسلمانوں کے گھروں سے مہلک ہتھیار برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے خیال ظاہر کیا، کہ دلی کے مسلمانوں نے ہندوؤں اور سکھوں پر حملہ کے لئے یہ ہتھیار جمع کئے تھے۔ اور اگر سکھوں اور ہندوؤں نے حملے میں پہل نہ کی ہوتی تو مسلمان ان کا قیمہ کر ڈالتے۔

مسلمانوں سے چھینے ہوئے ہتھیاروں کی نمائش

پولیس نے قرول باغ اور سبزی منڈی میں مسلمانوں کے گھروں سے جو ہتھیار برآمد کئے، سردار پٹیل کے حسب الحکم یہ ہتھیار گورنمنٹ ہاؤس میں کیبنٹ روم کے سامنے والے کمرے میں رکھ دیئے گئے۔ ایک مرتبہ جب ہم سرکاری کمیٹی میں بیٹھے ہوئے تھے تو سردار پٹیل نے کہا کہ بہتر یہ ہوگا کہ پہلے ہم مسلمانوں سے چھینے ہوئے ہتھیار چل کر دیکھ لیں، ہم ہتھیاروں کی نمائش گاہ میں پہنچے ہم نے دیکھا کہ میز پر کئی درجن ترکاری کاٹنے والے چاقو رکھے ہیں، ان پر زنگ چڑھ چکا تھا، کچھ جیبی چاقو بھی تھے اور کچھ قلمتراش بھی۔ بعض پر دستے لگے ہوئے تھے، بعض پر نہیں، کچھ نوک دار لوہے کی سلاخیں تھیں جو پرانے مکانوں کے کاٹھ کباڑ سے برآمد کی گئی تھیں۔ کچھ لوہے کے ڈھلے ہوئے واٹر پائپ سردار پٹیل کے خیال میں یہ وہ ہتھیار تھے جنہیں دلی کے مسلمانوں نے ہندوؤں اور سکھوں کا صفایا کرنے کے لئے جمع کر رکھا تھا۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ایک چاقو اٹھایا۔ اور مسکراتے ہوئے کہا۔ "ان ہتھیاروں سے دلی فتح کر لینے کا خواب جو لوگ دیکھ رہے تھے واقعی انہیں ماہرین جنگ میں شمار کرنا چاہیئے۔"

(صفحہ ۲۱۳-۲۱۴-۲۱۵)

گاندھی جی کے برت کا سبب پٹیل تھے

(دلی کے مسلمانوں کے قتل عام سے متاثر ہو کر گاندھی جی نے مرن برت

دیکھنے کا اعلان کر دیا)

اس فیصلہ کا ایک بڑا محرک سردار پٹیل کا رویہ تھا۔ مسٹر پٹیل کا شمار گاندھی جی کے اندرونی حلقہ کے لوگوں میں ہوتا تھا۔ وہ گاندھی جی کے چہیتے تھے حقیقت یہ ہے کہ سردار پٹیل کا سیاسی وجود صرف گاندھی جی کا رہین منت تھا، کانگرس کے رہنماؤں میں متعدد ایسے لوگ تھے جو گاندھی جی کے سیاسی میدان میں نمودار ہونے سے پہلے اپنی مستقل سیاسی زندگی رکھتے تھے۔ صرف دو آدمی ایسے تھے، سردار پٹیل اور راجندر پرشاد جو تمام تر گاندھی جی کی تخلیق تھے، تحریک عدم تعاون سے پیشتر گجرات کے بہت سے وکیلوں میں ایک وکیل وہ بھی تھے۔ انہیں ملک کی عوامی زندگی میں نہ کوئی مقام حاصل تھا، نہ وہ خود اس سے دلچسپی رکھتے تھے۔ گاندھی جی نے جب احمد آباد میں مستقل سکونت اختیار کی انہوں نے پٹیل کو چن لیا، اور ان کی تعمیر شروع کر دی۔ پٹیل ان کے دل و جان سے حامی بن گئے۔ میں کئی مواقع پر بتا چکا ہوں کہ اکثر ایسا ہوا ہے کہ جوش عقیدت میں لیے سمجھے بوجھے انہوں نے گاندھی جی کے سُر سے اپنا سُر ملا دیا۔ وہ گاندھی جی تھے جنہوں نے پٹیل کو کانگرس ورکنگ کمیٹی کا ممبر بنایا۔ پھر جب ۱۹۳۱ء میں وہ کانگرس کے صدر منتخب ہوئے تو یہ بھی گاندھی جی کی مہربانی تھی، گاندھی جی کے لئے یہ بات بڑی تکلیف دہ تھی کہ پٹیل نے وہ پالیسی اختراع کی تھی جو ان تمام باتوں کے برعکس تھی، جن کے لئے وہ میدان میں آئے تھے۔

پٹیل کے خلاف گاندھی جی کا خاموش احتجاج

گاندھی جی نے کہا کہ خود ان کی آنکھوں کے سامنے دہلی کے مسلمان قتل ہو رہے ہیں، اور یہ اس وقت ہو رہا ہے جب ان کے خاص الخاص ساتھی ولبھ بھائی پٹیل گورنمنٹ آف انڈیا کے وزیر داخلہ ہیں۔ اور صوبہ کے نظم و انصرام کے ذمہ دار ہیں،

پٹیل نہ صرف مسلمانوں کی حفاظت کرنے میں ناکام رہے تھے، بلکہ نہایت سرد مہری کے ساتھ اپنے حضور میں پیش کئے گئے اس سلسلہ کے شکایات کو مسترد بھی کر دیتے تھے۔ گاندھی جی نے کہا۔ اب ان کے لئے صرف یہی چارہ کار رہ گیا ہے کہ اپنا آخری ہتھیار یعنی برت استعمال کریں۔ انہوں نے ۱۱ جنوری ۱۹۴۸ء کو برت شروع کر دیا۔ اس احساس کے ساتھ کہ یہ سردار پٹیل کے رویّہ کے خلاف ایک خاموش احتجاج ہے اور پٹیل بھی جانتے تھے کہ یہ ہتھیار انہیں کی دبہ سے بے نیام ہوا ہے۔ ہم نے گاندھی جی کو برت سے باز رکھنے کی ہر ممکن کوشش کر ڈالی۔

پٹیل کی گاندھی جی سے گستاخانہ گفتگو

جس دن گاندھی جی نے برت شروع کیا شام کو جواہر لال، پٹیل اور میں ان کے بستر سے لگے بیٹھے تھے۔ سردار پٹیل دوسرے دن صبح بمبئی کے دورے پر جا رہے تھے، انہوں نے گاندھی جی سے بالکل رسمی لب لہجہ میں گفتگو کی اور شکایت آمیز انداز میں کہا، بغیر کسی معقول وجہ کے انہوں نے برت رکھ لیا ہے، کوئی وجہ اس اقدام کو جائز نہیں ٹھہراتی، انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان کا یہ برت حکومت کے خلاف اور خاص طور پر خود ان کے خلاف ایک الزام ہے، انہوں نے بڑے تلخ لہجے میں کہا کہ گاندھی جی کے اس اقدام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے قتل عام کا ذمہ دار سردار پٹیل ہے۔

پٹیل کو گاندھی جی کا جواب

گاندھی جی نے حسب معمول ٹھنڈے لب و لہجہ میں کہا۔ میرا قیام چین میں نہیں دہلی میں ہے، نہ میں چشم و گوش سے محروم ہوں، اگر تم مجھ سے یہ کہتے ہو کہ اپنے مشاہدہ اور اپنی سماعت پر یقین کرنے سے انکار کر دوں اور یہ کہ مسلمانوں کے لئے کوئی وجہ شکایت نہیں ہے تو نہ میں تمہیں قائل کر سکتا ہوں اور نہ تم مجھے قائل کر سکتے ہو۔ ہندو اور سکھ میرے بھائی

ہیں، وہ میرے جسم و جان کا حصہ ہیں، اور اگر انتقام نے انہیں اندھا کر دیا ہے تو میں انہیں ملامت نہیں کرتا۔ لیکن بہر حال اپنے تاثرات کا اظہار خود اپنی ذات پر دکھ جھیلتے ہوئے کر سکتا ہوں، مجھے امید ہے، میرا یہ برت ان کی آنکھیں کھول دے گا۔ اور وہ حقیقت کو دیکھنے لگیں گے۔

پٹیل سے میری التجا

سردار پٹیل ایک لفظ کہے بغیر اس طرح اٹھ کھڑے ہوئے جیسے واپس جا رہے ہیں، میں نے انہیں روکا اور کہا کہ اپنا پروگرام منسوخ کر دیجئے۔ اور دہلی سے باہر نہ جائیے، کوئی نہیں کہہ سکتا، واقعات کیا رُخ اختیار کرتے ہیں۔ گاندھی جی کے برت کے دوران میں آپ کو یہیں رہنا چاہیئے۔

پٹیل کی گاندھی جی پر خفگی

پٹیل نے چیخ کر کہا۔ میرے ٹھہرنے سے کیا فائدہ؟ گاندھی جی میری سننے کو تیار نہیں ہیں، انہوں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ دنیا کے سامنے ہندوؤں کے نام پر سیاہی پھیر کر رہیں گے۔ اگر ان کا رویہ یہ ہے تو میں ان کے کیا کام آسکتا ہوں! میں اپنے پروگرام میں تبدیلی نہیں کر سکتا۔ میں بمبئی ضرور جاؤں گا۔

پٹیل کا تکلیف دہ لب لہجہ

الفاظ سے زیادہ سردار پٹیل کے لب و لہجہ نے مجھے تکلیف پہنچائی، میں سوچنے لگا۔ ان الفاظ اور اس لب لہجہ کا دیکھنا چاہیئے، گاندھی جی پر کیا اثر پڑتا ہے۔ ہم نے محسوس کیا کہ اب کچھ کہنا بے کار ہے۔ سردار پٹیل چلے گئے۔

گاندھی جی کیلئے پٹیل کا دل پتھر ہو گیا تھا

سردار پٹیل نے گاندھی جی کے لئے اپنا دل پتھر بنا لیا تھا لیکن دہلی کے باشندوں کا یہ حال نہیں تھا۔ جیسے ہی خبر پھیلی کہ گاندھی جی نے برت رکھ لیا

ہے، نہ صرف دلّی میں بلکہ سارے ملک میں تھلکہ مچ گیا، دہلی میں تو اس برت کا اثر یہ ہوا جو برقی رو کا ہوتا ہے، وہ گروہ جو اب تک گاندھی جی کی علانیہ مخالفت کر رہے تھے آگے بڑھے اور انہوں نے کہا کہ گاندھی جی کی قیمتی جان بچانے کے لئے وہ سب کچھ کرنے کو تیار ہیں ۔

(صفحہ ۲۱۵-۲۱۷)

گاندھی جی نے پٹیل کو معاف کر دیا (دلّی کے ہندوؤں اور سکھوں نے گاندھی جی کے شرائط منظور کر کے ان کا برت تڑوا دیا)

"برت کھولنے کے بعد توانائی کے بحال ہونے میں کئی دن لگ گئے ۔ سردار پٹیل ممبئی سے واپس آکر گاندھی جی سے ملنے گئے ۔ اس موقع پر میں بھی موجود تھا ۔ گاندھی جی کی عظمت ایسے ہی موقعوں پر نمایاں ہوا کرتی تھی، انہوں نے پٹیل کا استقبال تپاک اور مہربانی سے کیا ۔ ان کے انداز و اطوار میں کسی طرح کی خفگی و برہمی کا نشان تک نہ تھا ۔

پٹیل کی بے چینی پٹیل نمایاں طور پر بے چین نظر آرہے تھے" ان کا طرز عمل اب بھی خشک اور رسمی تھا، وہ گاندھی جی سے خوش نہیں تھے گاندھی جی نے بحالی امن داماں کے لئے جو کچھ کیا تھا اسے کبھی وہ پسند نہیں کرتے تھے ۔

(صفحہ ۲۲۱)

پٹیل کی موت کا سبب گاندھی جی کی موت کو مشکل سے دو مہینے گذرے ہوں گے کہ سردار پٹیل کو دل کا دورہ پڑا ۔ میرا اندازہ یہ ہے کہ یہ اس جھٹکے کا نتیجہ تھا جو گاندھی جی کی موت سے انہیں پہونچا

تھا جب تک گاندھی جی زندہ رہے ان کے خلاف پٹیل کا غصہ بھی قائم رہا، جب
گاندھی جی مار ڈالے گئے۔ اور لوگوں نے علانیہ سردار پٹیل پر غفلت اور فرض
ناشناسی کا الزام لگایا تو وہ غم اور شرم محسوس کئے بغیر نہ رہ سکے، اس کے
علاوہ ان کے لئے یہ فراموش کرنا بھی آسان نہ تھا کہ ان کے پاس جو کچھ بھی تھا وہ
گاندھی جی کا دیا ہوا تھا، گاندھی جی مسلسل پٹیل کے ساتھ جس مہر و محبت کا برتاؤ
کرتے رہے تھے اس نے یہ صورت حال پٹیل کے لئے اور زیادہ تکلیف دہ بنا
دی، یہ تمام تاثرات ان کے دماغ میں گردش کر رہے تھے، اور انہیں مبتلائے
رکھا تھا۔ یہاں تک کہ تھرامبوسس کا مرض انہیں چھاپ بیٹھا، وہ تقریباً چار
مادر زندہ رہے، لیکن اپنی گمشدہ صحت نہ حاصل کر سکے۔

(صفحہ ۲۲۵)

سردار پٹیل کے بارے میں مولانا نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے، اس میں کسی
اضافہ اور حاشیہ کی ضرورت نہیں

کشش حرفوں کی ایسی ہے کہ ہم بھی صاد کرتے ہیں۔

---

(۳۴)

انگریزی میں مولانا ابوالکلام آزاد کی خود نوشت "آزادی ہند (INDIA WINS FREEDOM) کے نام سے شائع ہوئی، میں نے اخبارات میں اس کا ذکر پڑھا۔ پھر بعض اخبارات میں اس کے کچھ حصے بھی نظر سے گذرے، اشتیاق پیدا ہوا کہ اسے دیکھوں۔ لیکن یہ اشتیاق مایوسی سے بدلنے لگا۔ دفعتاً ۴ مئی ۱۹۵۹ء کو ایک دوست کے ہاتھ میں یہ کتاب نظر آئی، اشتیاق نے بے قراری کی صورت اختیار کر لی۔ میں ضبط نہ کر سکا، خلاف عادت یہ کتاب مستعار مانگ لی، اس زمانہ میں کراچی سے ایک نہایت بے تکلف دوست آئے ہوئے تھے، جن کے ساتھ شب و روز کا اکثر حصہ صرف ہوتا تھا۔ کتاب لا چکنے کے باوجود اسے پڑھنے کا وقت نہ ملا۔ ۶ مئی کو وہ رات کی گاڑی سے تشریف لے گئے اور میں کتاب لے کر بیٹھ گیا۔ ۷ مئی کی شب تک کتاب ختم ہو چکی تھی!

اس کتاب کے بارے میں خیال یہ تھا کہ پاکستان اور قائداعظم کے خلاف ہے، اس قابل نہیں کہ اسے پاکستان میں درآمد کیا جائے، لیکن اس کے مطالعہ کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ یہ ان لوگوں کی رائے ہے جنہوں نے قطعاً یہ کتاب نہیں پڑھی ہے۔

بے شک اس کتاب میں پاکستان، مسلم لیگ اور قائداعظم کے خلاف زہر چکانی ہے، لیکن بہت مختصر، کتاب کی ضخامت، انڈکس سمیت، ۲۵۷ صفحے

ہیں، ایک صفحہ میں ۳۰ سطریں ہیں، اس میں مسلم لیگ پاکستان اور قائداعظم کے خلاف جو
کچھ ہے وہ مجموعی حیثیت سے زیادہ سے زیادہ بارہ پندرہ صفحات پر مشتمل ہے۔ باقی جو کچھ
ہے وہ نہایت دلچسپ، سبق آموز اور عبرت انگیز انداز میں چہرہ کشائی
ہے، کانگریس کی بے اصولیوں کی، متعدد کانگریسی لیڈروں کے رازِ درون پردہ کی۔
جب مولانا کانگریس کی بے اصولیوں اور ہٹ دھرمیوں کی داستان بیان کرتے ہیں تو
کہیں کہیں ایسا معلوم ہوتا ہے قائداعظم کی زبان انہوں نے مستعار لے لی ہے۔

اس کتاب میں مولانا نے کسی کو نہیں بخشا ہے، شاید انہیں یہ احساس ہو گیا
تھا کہ کاروانِ حیات منزل کے قریب پہنچ گیا ہے، ذرا بھی لگی لپٹی کے بغیر انہوں نے
اپنے تاثرات نہایت صفائی اور جرأت کے ساتھ بیان کر دیئے ہیں۔ بڑے سے بڑے
اختلافی اور نزاعی مسئلہ پر مولانا کا عام اصول تھا کہ وہ لب کشائی سے احتراز کرتے تھے۔
اسی لیے مولانا محمد علی مغفور نے ان کا نام "ابوالکلام" کے بجائے "ابوالسکوت" رکھ دیا تھا
لیکن اس کتاب میں سود در سود سمیت مولانا نے سارا حساب چکتا کر دیا ہے۔ نہ کسی کو
بخشا ہے، نہ کسی کے ساتھ رعایت کی ہے۔ خواہ وہ گاندھی جی ہوں یا سردار پٹیل، راجندر
پرشاد ہو یا راج گوپال اچاری، جواہر لال ہوں یا ڈاکٹر محمود، سب کی غلطیاں بتائی ہیں
سب کے پول کھولے ہیں، سب کی اصول پروری کی نقاب کشائی کی ہے، لطف آجاتا
ہے یہ واقعات پڑھ کر ـــ ذکر اس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا

اس کتاب کے چند خصوصی پہلوؤں پر وضاحت کے ساتھ گفتگو کرنا چاہتا ہوں

(۱) مولانا نے کانگریسی زعماء کے جو پوست کندہ حالات لکھے ہیں، کوئی شبہ
نہیں وہ بہت دلچسپ ہیں اور بالکل نئے ہیں۔ اگر مولانا نے یہ کتاب نہ لکھی ہوتی
تو شاید یہ اہم ترین واقعات جو دستاویز کی حیثیت رکھتے ہیں اور مستقبل کے مورخ کے
لیے حوالہ کا کام دیں گے، پردہ خفا میں مستور رہ جاتے ہیں۔ یہ کتاب لکھ کر اور یہ واقعات

پراگندہ نقاب کر کے مولانا نے بہت بڑی خدمت انجام دی ہے۔

اس سلسلہ میں پنڈت جواہر لال نہرو کی یہ وسعتِ قلب اور عالی ظرفی قابلِ داد ہے کہ مولانا کے انتقال کے بعد یہ کتاب اگرچہ آسانی کے ساتھ دبائی جا سکتی تھی اور چونکہ وفاداری سے متاثر ہو کر اس کتاب کو انگریزی میں منتقل کرنے والے مسٹر ہمایوں کبیر نے پنڈت نہرو سے استدعا بھی کی تھی کہ اسے اب شائع نہ کیا جائے، لیکن پنڈت جی نے یہ استدعا منظور نہیں کی، اور کتاب شائع کر دی، حالانکہ اس کی اشاعت ذاتی طور پر نہ ان کے لیے خوشگوار ہو سکتی تھی، نہ کانگرس کے لیے نہ ہندوستان کی ہندو اکثریت کے لیے، اس لیے کہ سب ہی کو آئینہ دکھایا گیا ہے۔ پاکستان کو خاص طور پر مولانا کا، اور پنڈت کا شکر گذار ہونا چاہیئے کہ مولانا نے یہ قابلِ قدر کتاب لکھی، اور پنڈت نہرو نے، اہم ترین تاریخی دستاویز شائع کرنے کی اجازت دے دی۔ ورنہ بڑے قابلِ قدر اور کام آنے والے معلومات سے ہم محروم رہ جاتے۔

(۳) کوئی شخص بھی جب کتاب لکھنے بیٹھتا ہے تو وہ دوسروں کی ترجمانی نہیں کرتا اپنی کرتا ہے، مولانا نے بھی اس کتاب میں اپنی ترجمانی کی ہے۔ لہذا کسی کتاب کو ہمیں اس اعتبار سے نہیں دیکھنا چاہیئے کہ ہمارے جذبات و احساسات سے کس درجہ ہم آہنگ ہے، اس اعتبار سے دیکھنا چاہیئے کہ لکھنے والے نے خود اپنے ساتھ کہاں تک دیانت برتی ہے؛ اگر وہ کتاب اس کی زندگی اور عمل سے ہم آہنگ ہے تو وہ سزاوارِ تحسین ہے، اگرچہ پڑھنے والوں کو اس کے بعض مندرجات، خیالات، دلائل اور تعبیر سے کتنا ہی سخت و شدید اختلاف کیوں نہ ہو!

میں اگر گاندھی جی سے یا جواہر لال سے یا سردار پٹیل سے شکوہ کرتا کہ آپ نے تقسیمِ ہند کیوں قبول کر لی؟ تو میرا یہ سوال یا تو منافقت پر مبنی ہوتا یا دیوانگی پر، اس لیے کہ مجھے تقسیم سے کبھی اختلاف نہیں تھا، پھر تقسیم قبول کرنے والوں کا مجھے شکر گذار ہونا

چاہیئے نہ کہ گلہ مند!

لیکن اگر مولانا، جو کانگریس کی وفاداری اور وحدت ہند کے عشق میں

میر کے دین و مذہب کو کیا پوچھو ہو اب ان نے تو
قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا کب کا ترک اسلام کیا

کے مصداق بن گئے تھے۔ ایک روز صبح بیدار ہوکر یہ دیکھیں کہ ان کے تمام ہندو رفقا، اور ساتھی تقسیم ہند کے نہ صرف حامی بلکہ پرجوش مبلغ اور داعی بن گئے ہیں اور کانگریس کے کیمپ میں وہ بالکل تنہا رہ گئے ہیں تو انہیں شکوہ کا حق بھی تھا اور نکتہ چینی کا بھی اور راز درون پردہ آشکارا کرنے کا بھی اور یہ کہنے کا بھی کہ

"ان لوگوں نے تقسیم ذہنی تحفظ کے ساتھ قبول کی تھی"

یہ ارشاد فرمانے کا بھی کہ

"یہ پاکستان کے ہندوؤں کا انتقام ہندوستان کے مسلمانوں سے لینے کا فیصلہ کر چکے تھے۔

اس راز کو فاش کرنے کا بھی کہ

"ان کانگرسی رہنماؤں نے مسلمانان ہند کو یرغمال بنا لیا تھا۔

اور اگر دیانت داری سے غور کیا جائے تو ماننا پڑے گا، اپنے اس طرز عمل میں وہ حق بجانب تھے۔

بھلا اس شخص کی ذہنی کوفت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے جس نے دوستوں کی رفاقت میں اپنی عزت، اپنا وقار، اپنا علم، اپنی مشیخت، اپنی بزرگی، اپنی سجادگی، اپنا امام الہند ہونے کا مرتبہ، اپنی "حزب اللہ" کی دعوت، ہر چیز داؤں پر لگا دی ہو ایک روز رات کو وہ حسب معمول اطمینان سے سوئے، اور صبح جب اٹھے تو محسوس کرے کہ واقعی ان ساتھیوں کی نظر میں اس کی حیثیت "شو بوائے" کی تھی۔ وہ اس قابل بھی نہ تھا کہ اس کے جذبات کا

پاس ولحاظ کیا جاتا، اس کی بات پوچھی جاتی، اس کی جس رائے کو اب تک وحیُ الہام کا درجہ دیا جاتا رہا تھا اب اسے کچھ بھی وقعت واہمیت نہیں دی جاتی، یقیناً اس کے دل سے آہ کا دھواں اُٹھ رہا ہو گا

ایک ہم ہیں کہ ہوئے ایسے پشیمان کہ بس
ایک وہ ہیں کہ جنہیں چاہ کے ارماں ہوں گے!

اس کی کتاب پر یہ جو کالے کالے حروف نظر آتے ہیں، یہ حروف نہیں اس کی آہ جگر سوز کا دھواں ہے۔

۳۔ کانگرس، گاندھی جی، اور دوسرے رہنمایانِ کانگرس کی ہٹ دھرمی، بے اصولی، پیمان شکنی، تلون کیشی اور بدخوئی کو مولانا نے تفصیل سے بیان کیا ہے۔ لیکن جواہر لال پر جہاں اعتراض کرتے ہیں یا ان کی خامیوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں تو لب و لہجہ بدل جاتا ہے۔ —— کہیں چھپتی ہے محبت کی نظر پیار کی آنکھ

۴۔ اس کتاب میں مولانا کا 'انا' غبار خاطر سے بھی زیادہ نمایاں ہے، !

جس طرح مردی اور نامردی، طنز اور ابتذال، مذاق اور پھکڑپن میں قدرے فاصلہ ''وارد'' کا معاملہ ہے، اسی طرح انا اور انانیت کا معاملہ ہے،

انا سے دامن بچانا کسی طرح ممکن نہیں جب تک ''میں (انا) ہوں'' اس وقت تک اپنی انفرادیت اور شخصیت سے کس طرح دستبردار ہو سکتا ہوں؟ کوئی ادیب ہو، یا خطیب، شاعر ہو یا واعظ، سپہ سالار ہو یا سپاہی، وزیر ہو یا فقیر، شاہ جم جاہ ہو یا فقیر بے نوا، صوفی صافی ہو یا رندِ مے آشام، عالم تیمی ہو یا فاضل اجل، انا سے کوئی دامن نہیں بچا سکتا۔

لیکن انا کا استعمال بہت نازک ہے، ذرا سا بھونڈا پن آجائے تو پھر انا، انا نہیں رہتا، چھچھورا پن بن جاتا ہے۔ نعلی کی صورت اختیار کر لیتا ہے، خود پسندی اور خود نمائی

کا پیکر نظر آنے لگتا ہے، لیکن اگر اس انا میں ٹھہراؤ ہو، رکھ رکھاؤ ہو، وقار ہو، دبدبہ ہو، تو یہ بڑی شاندار چیز ہے، پھر اس کے سامنے بڑے بڑوں کے سر جھکنے لگتے ہیں۔

مولانا کے انا میں یہی بات تھی، — ان کا انا سمندر کی طرح گہرا، ہمالیہ کی طرح اونچا اور چاند کی طرح خوب صورت تھا!

لوگ اپنے انا کو سات پردوں میں چھپاتے ہیں، لیکن پکڑے جاتے ہیں، وہ سر جھکاتے ہیں، منہ بناتے ہیں، اپنے لیے غلام، خادم، ہیچ میرز، خاکسار، ذرۂ بے مقدار، ننگ اسلاف، بندۂ عاصی اور اسی طرح کے بہت سے لاحقوں کے ساتھ انا کی پردہ پوشی کرتے ہیں۔ لیکن وہ ایک جرم کی طرح ظاہر ہو ہی جاتا ہے — کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے جو چھپائے نہ بنے"!

لیکن مولانا کا انا بے پردہ ہے، بے پروا ہے، خود سر ہے، خود بیں ہے، مغرور ہے، متکبر ہے، — لیکن نہایت دلکش، اس میں جلال و جمال کی ایسی آمیزش ہے کہ اس انا کی غلطیاں اور کوتاہیاں بھی دل کا دامن اپنی طرف کھینچتی ہیں۔

جس کانگریس میں گاندھی جی "انا ربکم الاعلیٰ" کا نعرہ لگاتے ہیں، اور سب سر بسجود ہو جاتے ہیں، جس کانگریس میں جواہر لال کی زبان گاندھی جی کو باپو کہتے کہتے سوکھتی ہے، جس کے سامنے راج گوپال اچاری جیسا منجھا ہوا سیاست داں سر کے بل حاضر ہوتا ہے، اور پٹیل اور راجندر پرشاد جیسے لوگوں کے سامنے مگر وہ دن کو رات کہتا ہے تو یہ — "اینک ماہ و پروین" کا نعرہ لگانے لگتے ہیں جس کے سامنے کانگریس کے بڑے سے بڑے نیتا، مہاسبھا کے لیڈر، جن سنگھ کے رہنما، گورنر جنرل اور وائسرائے ہند، برطانوی کابینہ کے وزراء، برطانیہ کا وزیر اعظم، جمعیتہ علمائے ہند کے علماء کرام سر نیاز خم کرتے ہیں، وہاں ابوالکلام کہتا ہے،

میں ——

اور اس "میں" کا بانکپن سب کو اپنی طرف متوجہ کر لیتا ہے۔ اس کا "میں"
گاندھی جی کو مہاتما نہیں کہتا، جواہر لال کو پنڈت جی نہیں کہتا، راجندر پرشاد اور پٹیل
کو وہ ذرۂ بے مقدار سمجھتا ہے، اس کا انا بڑے سے بڑا اعزاز جو گاندھی سے لے کر جواہر
لال تک کو دے سکا، وہ "شریک کار" COLLEAGUE کا لفظ تھا!

ساری کتاب پڑھ جائیے، معلوم ہوگا کانگرس کے تمام اہم فیصلے "انا" کی غیر رسا
کا نتیجہ ہیں۔ تمام اہم تجویز و نکا مسودہ "انا" کا لکھا ہوا، یا لکھوایا ہوا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا
ہے، اس کا انا ایسا ڈکٹیٹر ہے جس کے سامنے کسی کو مجال دم زدن نہیں۔ اس انا کی پشت
پر اگر کوئی قوت ہوتی تو شاید اس کی دلکشی ختم ہو جاتی۔ لطف تو یہ ہے کہ صاحب "انا"
ایک ایسا شخص ہے جو اقلیت کا ایک فرد ہے، جس کی قوم نہ صرف یہ کہ اس کی پشت پناہ
نہیں، بلکہ اس سے بیزار ہے، جو بہت بڑا لیڈر ہے لیکن جس کے متبعین انگلیوں پر گنے جا سکتے
ہیں، جو کوئی بات اپنی قوم سے نہیں منوا سکتا، جو ایک عرصۂ دراز سے اپنی قوم کے [illegible]
عامہ میں نہ شرکت کرتا ہے نہ تقریر، جو اگر کانگرس سے الگ ہو جائے تو پرِ کاہ کے برابر
اسے نقصان نہیں پہنچا سکتا، شامل رہے تو پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں، فائدہ ذرا
بھی نہیں، وہ بھی اپنی اس کمزوری سے واقف ہے، اور اس کے شریک کار COLLEAGUE
بھی، لیکن پھر بھی دم خم کا یہ عالم ہے کہ اس کا "انا" ان لوگوں کو بھی خاطر میں نہیں لاتا جو
اپنی عظیم اکثریت رکھنے والی قوم کے مہاتما ہیں، شاہ بے تاج ہیں، جن کے ایک اشارہ
پر خون کی ندیاں بہہ سکتی ہیں، جن کے ایک لفظ پر انقلاب آ سکتا ہے، جن کا ایک
بول بغاوت برپا کرا سکتا ہے، جن کے پاس دولت بھی ہے، سرمایہ دار اور مالکان مل
بھی ہیں، لیکن اس انا کی جیب خالی ہے۔ کسی سرمایہ دار سے اس کا یارانہ نہیں، کسی
مل مالک سے اسے سروکار نہیں، اور اگر [illegible] اس کی خودداری ان سے استمداد
کو اپنی توہین سمجھتی ہے [illegible] انا کی یہ جرأت

یہ ادا، یہ دھاندلی دیکھیے کہ سب سے اونچا بیٹھتا ہے، سب سے اونچا رہتا ہے۔ حریفان رزم آرا کے ساتھ اگر یہ اصول تھا کہ

نخوت سے جو کوئی پیش آیا
کج اپنی کلاہ ہم نے کرلی!

تو ایک بات بھی تھی، لیکن بالادست اور با اقتدار رفیقان بزم و انجمن سے بھی لس کا معمول یہی تھا — ہر طرح کے نظری اور سیاسی اختلافات کے باوجود دلکش ہے یا نہیں؟

اب کہ آپ کتاب ختم کر رہے ہیں، میں چاہتا ہوں، آئیے ہم سب ہاتھ اٹھا کر مولانا کے حق میں دعائے خیر کریں۔ **اذکروا موتاکم بالخیر** ارشاد نبوی ہے کہ مرنے والوں کا ذکر اچھائی کے ساتھ کیا کرو!

مولانا کی آخری زندگی، مسلمانوں کے ملی نقطۂ نظر سے کتنی ہی تکلیف دہ تھی، انہوں نے کانگرس اور جواہر لال کی دوستی میں حقائق سے آنکھیں چشم پوشی کی اور واقعات کو اکثر بہت زیادہ غلط اور مغالطہ آمیز رنگ میں پیش کیا۔ اور یقیناً یہ کوئی قابل قدر کارنامہ نہیں تھا، ایک معمولی آدمی کے لیے بھی نہیں نہ کہ ان جیسے بطل جلیل کے لیے، لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ ہم نے انھیں معاف بھی نہیں کیا، انہیں ٹوکا، روکا، ان پر نکتہ چینی کی، تنقید کی، انہیں ہدف ملامت بنایا۔ اب اس سے بڑھ کر عبرت ناک واقعہ کیا ہوگا کہ جس قوم نے پورے انشراح قلب کے ساتھ انہیں اپنا امام اور مقتدا بنالیا تھا، وہی قوم، جب وہ کانگرس کے "شوبوائے" بن گئے تو ان سے بیزار اور بے تعلق ہوگئی، ان میں ہمت نہیں تھی کہ اسے مخاطب کر سکیں، !

لیکن اب کہ ہم ان کے اعمال کا محاسبہ کر چکے ہیں، ضروری ہے کہ ان کے بعض حسنات کو بھی عیب ہی گفتی و ہنرش نیز بگو کے مصداق یاد کر لیں۔

اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ مسلمانان متحدہ ہندوستان کی مذہبی اور
سیاسی بیداری تین اصحاب کی مرہونِ منت ہے۔

(۱) محمد علی کی خالص اسلامی سیاست، نیز ایثار و قربانی جرأت و دلیری، خوف
غیر اللہ سے بے نیازی، طاغوت کے مقابلہ میں بے سرو سامانی کے باوجود جوکھم جنگ
لڑنے اور سجن و زنداں کیا، دار و رسن تک کا خیر مقدم کرنے کی ہمت

(۲) اقبال کی دل میں اتر جانے والی " غبارِ راہ حجاز ہو جا! والی شاعری،
"چنگیزی افرنگ" کے خلاف جہاد، اور "لاکھیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کے قلب و جگر کی تعلیم
کا، ابو الکلام نے اعتراف نہیں کیا، محمد علی نے حسب عادت صاف الفاظ میں اقرار
کر لیا کہ وہ اقبال کا درسِ حیات ہی تھا۔ جس نے مسلمانوں میں، مسلمانوں کے اکابر
اور خود ان میں اسلام کو سر بلند کرنے اور اس کی عزت و ناموس پر مر مٹنے کا جذبہ پیدا

(۳) تیسری چیز اس سلسلہ میں، ابو الکلام کی صحافت اور خطابت ہے، الہلال
کی آواز بانگِ صور تھی جس سے قبر کے مردے زندہ ہو گئے۔ یہ آواز مذہب کا
خانقاہ، مدرسہ، حجرہ، مکتب، سکریٹریٹ، شہر، دیہات ہر جگہ پہنچی اور خاطر خواہ
طور پر اثر انداز ہوئی۔

محمد علی آخر وقت تک، اپنے مسلک پر قائم رہے۔ اور "حدی را تیز تر می خواں
چوں محمل را گراں بینی" پر عمل کرتے رہے۔ لندن میں جہاد کرتے ہوئے، وہ مرتبہ شہادت
پر فائز ہوئے۔ بیت المقدس کی مسجد عمرؓ میں سپردِ خاک ہوئے۔

اقبال کی دعوت کا رنگ بھی مرورِ ایام کے ساتھ ساتھ نکھرتا گیا، یہ دعوت زیادہ
سے زیادہ پرجوش اور ولولہ خیز بنتی گئی اور اس کا انجام ہوا،

بہ مصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر بہ او نہ رسیدی تمام بولہبی است!

اقبال کی آخری دعوت یہی تھی، اسی پر ان کا انتقال ہوا، لاہور میں ان کا انتقال ہوا اور شاہی مسجد کے دامن میں دفن ہوئے، وہ آسودۂ خواب ہیں جہاں بڑے اور چھوٹے آتے ہیں اور نذر عقیدت پیش کر کے جاتے ہیں، اور جہاں پہنچکر ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے وہ اپنا یہ مصرعہ گنگنا رہے ہوں:

میں جانتا ہوں مآل سکندری کیا ہے!

ابو الکلام کی دعوت محمد علی اور اقبال کے مقابلہ میں بہت زیادہ پرخروش بلکہ ...تی، وہ دنیا کے ہر مسئلہ کو "اسلام" کے رنگ میں دیکھتے تھے، دنیا کی ہر مشکل ...ن کے نزدیک "قرآن" تھا، دین ہو یا سیاست، نظام کائنات ہو یا دستور آزادی اور غلامی کا مسئلہ ہو یا اقوام غالب اور زیردست کے نزاعات ان ...ن کی رہنمائی کافی تھی، وہی تھے جنہوں نے، طرابلس، مشہدِ مقدس اور مسجدِ ...المیہ پر صفِ ماتم بچھائی تھی اور ہندوستان کے طول وعرض میں ایسا ... پیدا ہو گیا تھا کہ مثال نہیں ملتی، وہی تھے جنہوں نے مسئلہ خلافت کو علمائے ...ہند کے ذہن نشین کرایا تھا، وہی تھے جنہوں نے تعلیم دی تھی کہ وطنیت دراصل ...بت پرستی ہے اور اسلامیت انسانیت کی معراج خیال، لیکن زمانہ کی ...ش کے ساتھ ساتھ ان کے خیالات میں انقلاب آتا گیا۔ اور ملت سے کٹ کر وہ صرف وطن کے ہو رہے۔ اور یہ خود نوشت بتاتی ہے کہ وطن نے بھی انہیں کلیجہ سے نہ لگایا، ان کی قدر نہ کی، ان کا دل دکھایا، ان کی توہین کی، ان کا دل توڑا، انہیں بدگمانی کا ہدف بنایا، انہیں وہ مقام نہ دیا جس کے وہ مستحق تھے، وہ زندگی بھر خاموش رہے، لیکن موت سے کچھ پہلے، اپنی خود نوشت میں جسے "اعترافات" کا نام دینا زیادہ مناسب ہوگا، اپنے ابنائے وطن کے کارنامے نقش کر گئے۔ اس کارگاہ حیات میں اگر واقعی مکافاتِ عمل کوئی چیز ہے تو ماننا چاہیئے کہ ملت سے کٹ کر وطن کے دامن میں پناہ

لینے کی سزا مولانا کو خود اہل وطن اور دیرینہ کار ساتھیوں اور رفیقوں کے ہاتھ
گئی۔

ہم نے جہاں ان کی غلطیوں اور کوتاہیوں کا پردہ چاک کیا ہے، وہاں
ہے، اگر ایک نظر بازگشت ان صفحات پر بھی ڈال لیں جو بہرحال تاریخ کا ایک حصہ
— ناقابل فراموش،،!

بہرحال وہ دور ختم ہوگیا، مولانا اس دنیا سے رخصت ہوگئے، جس کا لگا
وہ رونق تھے، اس نے انہیں بھلا دیا، جن ہندؤں کے وہ دوست تھے
انہیں فرقہ پرست کہہ رہے ہیں، جن رفیقوں پر انہیں ناز تھا، آج وہ ان کے
خیالات کو حیرت انگیز قرار دے رہے ہیں، مولانا بھی عالم بالا میں خوش
اچھا ہوا

حسن غمزہ کی کشا کش سے چھٹا میرے بعد،
بارے آرام سے ہیں اہل جفا میرے بعد
اور جہاں تک قدیم کانگرسی مسلمانوں کا تعلق ہے ان میں بھی
منصب شیفتگی کے کوئی قابل نہ رہا
ہوئی معزولیٔ انداز و ادا میرے بعد!

صفحہ ۱۹۳ تا ۵۰۰، امرت الیکٹرک پریس لاہور میں چھپی۔